بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ
کہ بیان ان تحریرات افادات فضل
ارشاد سلطان تحریر عجائب سید عرائب ابی الطیب
مقبول بارگاہ شاہنشاہ کون و مکان حضرت محمد رسول اللہ
مستفیض بہ

مجموعۂ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

جلد اوّل — اٹھارہ پارے

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحب

ساکن چھمبہ شریف ضلع بہاولپور
صوبہ سرحد پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب وھدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعۂ صلوات الرسول

مقدمہ

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلاں

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبدالرحمٰن صاحب

ساکن چھوھر شریف ضلع ھری پور
صوبۂ سرحد پاکستان



روضۂ مبارک غوث الزّماں خلیفۂ شاہِ جیلاں حضرت خواجہ محمد عبد الرحمان چھوھروی رحمۃ اللہ علیہ
دربار عالیہ قادریہ چھوھر شریف

مدرسہ طیبیّہ سُنیّہ چٹاگانگ (اندرونی منظر)



مدرسہ طیبیّہ اسلامیہ سُنیہ چٹاگانگ (بیرونی منظر)



روضۂ مبارک قلبِ زماں خواجہ احمد شاہ سرکوٹی رح خلیفہ غوث الزماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمۃ اللہ علیہ (شتالو شریف سرکوٹ)

دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ

نام کتاب _____ مجموعہ صلوات الرسول

مولف _____ غوث زماں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ

مترجم _____ شیخ الحدیث مولانا محمد اشرف سیالوی مدظلہ

پروف ریڈنگ _____ ممتاز احمد سدیدی

طبع _____ چہارم (۱۴۱۶ھ / ۱۹۹۵ء)

باہتمام

۱) حضرت سید محمد طاہر شاہ صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ
سریکوٹ شریف ہزارہ

۲) الحاج صاحبزادہ پیر سید صابر شاہ صاحب مدظلہ العالی سابق وزیر اعلیٰ سرحد

مدرسہ طیبیہ ودودیہ سُنّیہ ۔ چندرگھونا ۔ چٹاگانگ

مدرسہ قدوسیہ طیبیہ محمدپور ۔ ڈھاکہ

فہرست مجموعہ صلوات الرسول

حمد و ثناء ..... بقلم حضرت علامہ عصمت اللہ سریکوٹی ... ص ۷

فضائل درود و سلام ..... بقلم شیخ الحدیث علامہ محمد اشرف سیالوی ... ص ۱۳

تذکرہ حضرت غوث زمان چھوہروی ..... بقلم شیخ الحدیث علامہ محمد اشرف سیالوی .... ص ۵۵

مختصر حالات و کمالات
حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی
مقدمہ مجموعہ صوات الرسول
بقلم علامہ سید عصمت اللہ سریکوٹی ..... ص ۵۹
بقلم علامہ سید عصمت اللہ سریکوٹی ..... ص 〃

فضائل درود شریف ..... بقلم علامہ سید عصمت اللہ سریکوٹی ..... ص ۷۵

حالات شیخ المشائخ حضرت علامہ سید احمد قادری سریکوٹی (عربی / اردو) ..... ص ۸۷

شجرہ عالیہ قادریہ ..... ص ۹۳

الجزء الاول (پہلا پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور و ظہور کے بارے میں ..... ص ۱۰۳

الجزء الثانی (دوسرا پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلاۃ و سلام کے بارے میں ..... ص ۱۸۷

الجزء الثالث (تیسرا پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن اور اعضاء کے بارے میں ..... ص ۲۷۱

الجزاء الرابع (چوتھا پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس کے بارے میں ..... ص ۳۳۵

الجزء الخامس (پانچواں پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حسب و نسب کے بارے میں ... ص ۴۳۹

الجزء السادس (چھٹا پارہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف اور عظمت کے بارے میں ... ص ۵۲۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد و ثناء

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ط **ترجمہ:** زمین و آسمان میں جتنی مخلوق ہے سب اللہ سبحانہٗ کی پاکی بیان کرتی ہے وہ زبردست حکمت والا ہے۔ "وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ" **ترجمہ:** جاندار و غیر جاندار موجودات سب کے سب اللہ کی پاکی حمد کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔ مگر تم ان کے طریقہ عبادت و محبت کو نہیں سمجھتے ہو۔ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ۔ **ترجمہ:** اگر زمین کے تمام درخت قلم ہوں اور موجودہ دریا سیاہی ہوں جن و انس و ملک کاتب ہوں اور یہ سب لوگ خدا کی خوبیاں اور حمد و ثنا لکھیں پھر موجودہ دریا ختم ہو کر دوسرے ایسے سات دریا تحریر حسن و جمال محبوب کے لیے مدد کریں۔ غرض ان تمام قلموں اور ساری سیاہیوں سے اللہ کی باتیں لکھی جاویں پھر بھی خدا کی حمد و ثنا کی باتیں خلاص نہ ہوں۔ بلاشک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ **ترجمہ:** اے نبی لوگوں سے کہہ دو کہ اگر میرے پروردگار کی ملاحتِ صفاتی و کمالِ ذاتی کی باتیں لکھنے کے لیے سمندر کا پانی سیاہی کی جگہ ہو تو بھی دریا سیاہی کا خلاص ہو جائے قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں خلاص ہوں اگرچہ ہم اس کے مثل دوسرا دریا اس کی مدد کے لیے لاویں۔ ذات واجب الوجود اعنی ہویّت محجت معرّا عن الصفات وراء الوراء عن الادراک ہے۔ قوۃ عقلیہ انسانیہ ناسوتیہ و قوتِ عقلیہ ملکیہ نوریہ و قوتِ عقلیہ جنیۂ ناریہ اس کے کنہہ کے ادراک سے عاجز ہے لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَقَدْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰى نَفْسِكَ فَهُوَ تَعَالٰى وَرَاءَ جَمِیْعِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ وَوَرَاءَ جَمِیْعِ الشُّیُوْنِ وَالْاِعْتِبَارَاتِ وَوَرَاءَ

الظُّهُوْرِ وَالْبُطُوْنِ وَوَرَاءَ الْبُرُوْنِ وَالْكُمُوْنِ وَوَرَاءَ التَّجَلِّيَاتِ وَالظُّهُوْرَاتِ وَوَرَاءَ الْمُشَاهَدَاتِ وَالْمُكَاشَفَاتِ وَوَرَاءَ كُلِّ مَحْسُوْسٍ وَّمَعْقُوْلٍ وَوَرَاءَ كُلِّ مَوْهُوْمٍ وَّمُتَخَيَّلٍ فَهُوَ سُبْحَانَهٗ وَرَاءَ الْوَرَاءِ ثُمَّ وَرَاءَ الْوَرَاءِ ؎

اے برادر بے نہایت در گہیست
ہر چہ بروے میرسی بروے مائیست

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔

ترجمہ: اور جب موسیٰ ہمارے وقت مقررہ پر کوہِ طور پر آئے اور ان کے پروردگار نے ان سے باتیں کیں تو موسیٰ نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار تو اپنے کو دکھا کہ میں تیری طرف ایک نظر دیکھوں تو خداوند نے فرمایا تم ہم کو ہرگز نہ دیکھ سکو گے مگر ہاں اس قوی وسخت طور پہاڑ کو دیکھو اس پر اپنے حسن کا پرتو نمودار کرتا ہوں اگر وہ میری ملاحت کو دیکھ کر ہوش وقرار قائم رکھ سکا تو تم بھی میرے حسن وجمال کو عنقریب دیکھ لوگے۔ پھر جب موسیٰ کے رب نے پہاڑ کو اپنے جمال کا جلوہ دکھا دیا تو پہاڑ کو اس نے چکنا چور کر دیا پہاڑ کی بیقراری پہاڑ کا وجد وجذبۂ عشقیہ دیکھ کر موسےٰ بے قرار و مدہوش ہو کر گر پڑے ؎

جسمِ خاک از عشق بر افلاک شد — کوہ در رقص آمد و چالاک شد
عشق جانِ طور آمد عاشقا — طور مست و خرّ موسیٰ صاعقا
کوہِ طور از نورِ موسیٰ شد برقص — صوفیِ کامل شد درست او ز نقص
یا الٰہی چشمِ بینائے بدہ — در سرم از عشق سودائے بدہ

آتش افگن در دلم مانند طور
شعلہ برخیزد بگردد زنگ دور

نعتِ سرورِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

ترجمہ: اے لوگو خدا کا رسول تم نوعِ انسان میں سے ہو کر تمہارے پاس آیا جس بات سے تم تکلیف میں پڑو وہ

بات ان کو ناگوار ہے۔ تمہارے دارینی بھلائیوں کے آرزومند ہیں۔ خاص کر ایمان والوں پر تو نہایت شفیق ومہربان ہیں ؛ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ **ترجمہ:** ہم نے تیری ذات بابرکات کو اے نبی تمام مخلوق کے لیے اپنی محبت ورحمت کا نمونہ بنا کر ان کی طرف بھیجا ہے ؛ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ **ترجمہ:** ہم نے تیرے قلب سے حُجُبِ ظلمانی نورانی اٹھا کر آپ کو ایسا انشراح صدر عطا کیا کہ جس سے علوم اولین وآخرین نصیب ہوئے جس ثقالت بشری وکثافت عنصری نے آپ کے کمرِ ہمت کو قبل از نبوت توڑ دیا تھا، بعد از نبوت ان اوزار وحجب کو اٹھا کر ایسی نورانیت وہمت عطا فرمائی کہ جملہ انبیاء وملائکہ پر سبقت لے گئے یعنی معراج نصیب ہوئی اور ہم نے تیرے جمال ظاہری و کمالِ باطنی کو بآوازِ بلند تمام عالم میں شہرت دے دی ؛ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ **ترجمہ:** اے نبی ہم نے بذریعۂ نور وتوحید کے ایسی قوت روحانی آپ کو عطا کی ہے کہ نری جسمانی طاقت کو اس نے صاف طور پر مفتوح ومغلوب کر دیا ہے حتّٰی کہ اسی جذبۂ توحیدیہ کے ذریعہ قبل از نبوت بشری وعنصری جتنی کمزوریاں آپ میں موجود تھیں اللہ نے سب دور کریں۔ اور اللہ نے اپنی نعمت کو یعنی علوم اولین وآخرین اجمالاً وتفصیلاً کامل طور پر آپ کو عطا کئے۔ صراطِ شریعت کاملہ جو قوت روحانی وقوتِ جسمانی ہر دو کا منبع وسرچشمہ ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھایا اور صراطِ مستقیم کے اتباع کے باعث اللہ پاک نے آپ کو زبردست نصرت وغلبہ عطا کیا ؛ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ **ترجمہ:** اللہ پاک اور اس کے فرشتے اظہار محبت کے لیے تحفۂ درود بھیجتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی اِکمال ایمان وغفرانِ معاصی واظہارِ محبت کے لیے تحفۂ درود وسلام اس نبی پر ضرور بھیجا کرو ؛ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۝ **ترجمہ:** لوگو محمد صلی اللہ علیہ وسلم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں مگر اللہ پاک کے رسول ہیں اور تمام نبیوں کے نگینہ ہیں ؛ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ وَّاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ **ترجمہ:** اے نبی بیشک آپ کے لیے اس تبلیغ رسالت پر ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں اور بلاشک آپ اخلاقِ حسنہ کے اعلیٰ سے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں ؛ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ **ترجمہ:** اور عنقریب اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا رب آپ کو ایسی نعمت عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے ؛ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ **ترجمہ:** اے نبی نزدیک ہے وہ وقت کہ تیرا رب تجھ کو مقامِ محمود میں کھڑا کرے گا ؛ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ **ترجمہ:** اے نبی اللہ پاک نے آپ پر قرآن حکیم اتارا اور آپ کو وہ وہ علوم سکھائے جن کو آپ قبل از نبوت نہیں جانتے تھے اور اللہ کا فضل و کرم آپ پر بہت زیادہ ہے ۞ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ **ترجمہ:** اے نبی سب لوگوں کو کہہ دو کہ اگر تم اللہ کے ساتھ رشتہ محبت کو جوڑنا چاہتے ہو تو میری تابعداری کرو پھر اللہ پاک بھی تم کو پیار کرے گا اور تمہارے گناہوں کو بخش دے گا ۞ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۝ **ترجمہ:** اے نبی تمام اولادِ آدم کو کہہ دو کہ مجھے اللہ پاک نے تم سب کی طرف ہدایت کے لیے بھیجا ہے ۞ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ **ترجمہ:** جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کی تعریف کو یہ لوگ اپنے پاس توریت و انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں نیک باتوں کا انہیں حکم کرتے ہیں اور بُری باتوں سے انہیں روکتے ہیں اور پاک چیزوں کو ان کے لیے حلال خبیث چیزوں کو ان پر حرام کرتے ہیں اور اہلِ کتاب پر ان کی شریعت میں جو بڑا بوجھ اور تکالیفِ شاقہ لادے گئے تھے یہ نبی ان سے اٹھاتے ہیں تو ایسے موصوف بہمہ اوصافِ حمیدہ پیغمبر پر جو لوگ ایمان لائے اور ان کی حمایت و مدد کی اور جو نورِ ہدایت قرآن ان پر اتارا گیا اس کی اتباع کی ایسے خوش نصیب لوگ پوری فلاح پانے والے ہیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کیسے تھے آپ نے فرمایا تم نے قرآن نہیں پڑھا ہے۔ جو کچھ قرآن میں ہے وہی خُلق و عادتِ محمدی ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ عالمِ اجسام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم صفتِ علمیہ الٰہیہ کا مجسم نمونہ ہیں اہل توحید و معرفت کا بھی یہی مذہب ہے کہ ذاتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ظہورِ کنز مخفی و بطن بطون کے لیے من حیث العلم تعینِ اوّل ہیں۔ آپ مرتبۂ امکان میں بشر ہیں آپ عبد ہیں۔ آپ امّی ہیں آپ مسکین ہیں آپ صاحبِ حصیر و کارہ تخت و سریر ہیں آپ صاحبِ کلام اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ ہیں آپ دائرۂ انبیاء و رسل و ملائکۂ مقربین کے مرکز و قطب ہیں آپ صاحب معراج ہیں آپ صاحبِ مقامِ محمود ہیں۔ آپ صاحبِ شفاعت کبریٰ ہیں آپ صاحبِ کوثر ہیں آپ ہی رحمۃٌ لِّلعٰلمین ہیں آپ قرآنِ ناطق ہیں آپ باعثِ اِرسالِ رُسُل ہیں آپ باعثِ اِنزالِ قرآن توریت و زبور و صحف باقی ہیں۔ آپ عرش کرسی

بیت المعمور، مسجد اقصےٰ، مسجد حرام سے افضل ہیں آپ کو باعتبار علم کے جبرائیل، میکائیل، عزرائیل، اسرافیل پر ایسی فضیلت و ترجیح ہے جیسے بحر محیط کو قطرہ پر آپ صاحبِ علومِ اوّلین و آخرین ہیں آپ مصاحبِ فقراء و مساکین ہیں آپ استادِ دنیا و دین ہیں آپ لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ کے مخاطب ہیں آپ صاحب لیلۃ القدر ہیں آپ یوسف علیہ السلام سے زیادہ حسین ہیں آپ کنواری پردہ داروں سے زیادہ شرمگین ہیں آپ حورانِ جنان کے محبوبِ نازنین ہیں آپ وجوب و امکان کے برزخ ہیں آپ ہویتِ بحت کے صفتِ اولےٰ ہیں آپ دائرۂ امکان کے ہیولےٰ ہیں ؎

مرحبا اے فیضِ بخشِ کائنات — یافت ترکیب از وجودِ تو حیات
اے کہ بودی در حریمِ لامکان — چوں جدا گشتی بگو رازِ نہاں
مرحبا اے بُلبلِ باغِ کہن — از گُلِ رعنا بگو با ما سخن
غرق بودی در محیطِ ذاتِ پاک — از تو روشن شد چرا این تیرہ خاک
در زماں ہفت آسماں را طے کنی
مرکبِ حرص و ہوا را پے کنی

آپ تخمِ نخلِ مراد ہیں آپ ہی نخلِ مراد و مقصود کے پھل ہیں آپ معلولِ اول واجب تعالیٰ کے ہیں آپ علّتِ تامّۂ ممکنات ہیں آپ حسنِ احد کے خال احمد ہیں آپ آئینہ جمالِ ذات کے محمّد ہیں۔ آپ مرکزِ وجوب کے دائرۂ اولیٰ ہیں آپ دائرۂ امکان کے قطبِ اعلیٰ ہیں ؎

آفریدہ حق ترا از نورِ ذات — تا شناسم ذاتِ او را از صفات
يَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَا سَيِّدَ الْبَشَرْ — مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ
لَا يُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ — بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر!

فضائل درود شریف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفٰى وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى خُصُوْصًا عَلٰى اَفْضَلِ رُسُلِهٖ وَسَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْبَرَرَةِ التُّقٰى وَالنُّقٰى وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِالْاِحْسَانِ اِلٰى يَوْمِ الْجَزَاءِ۔ اَمَّا بَعْدُ! اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط

نبی اکرم رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا بہت بڑی عبادت بھی ہے اور سعادت بھی۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تقرب کا ذریعہ و وسیلہ ہے تو بارگاہِ رسالت میں حضور و شہود کا بھی۔ ربِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے رفعتِ درجات، محوِ سیئات اور حصولِ حسنات کا موجب ہے تو محمد کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی طرف سے حصولِ دیدار اور جوابی تسلیمات و دعوات کا اور روزِ محشر اللہ تعالیٰ کے سایۂ عرش میں راحت و سکون کے حصول کا باعث ہے تو رحمتِ مجسم کے قرب اور ظلِ عاطفت کے حصول کا بھی ہم سطور ذیل میں صلوٰۃ و سلام کی اہمیت۔ اس کے فضائل و فوائد اور ثمرات و برکات اور نہ پڑھنے کی نحوست اور محرومی۔ اس کے پڑھنے کے موزوں و مناسب مقامات نیز غیر موزوں اور نامناسب مقامات اور اس کے صیغوں کے خصوص و عموم اور تعین یا اذن عام کے متعلق مختصراً عرض کریں گے تاکہ اس عظیم عبادت و سعادت کے دلدادگان کے لیے مزید ترغیب و تحریص کا سامان مہیا ہو تو اہل غفلت و کسالت اور محروموں کے لیے توبہ و انابت کا موجب ہو وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ.

صلوٰۃ و سلام کی اہمیّت و ضرورت اور وجوہِ فضیلت

اوّل:

صلوٰۃ و سلام کی اہمیّت و ضرورت اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں واضح فرمادی ہے۔ پہلے اپنا عمل اور اپنے تمام

ملائکہ کا عمل انتہائی تاکیدی انداز میں بیان فرما کر اور اس پر مداومت اور مواظبت بیان فرما کر پھر اہل اسلام و ایمان کو خطاب کر کے فرمایا کہ میرے نبی پر صلوٰۃ بھیجو اور سلام جیسے کہ سلام بھیجنے کا حق ہے تو اس سے اس امر کی اہمیت اور قدر و قیمت روز روشن کی طرح نمایاں ہو جاتی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ جو ان کا خالق و مالک اور معبود و مسجود ہے اور نوری اور معصوم ملائکہ جو بلند و بالا مقامات و مناصب اور درجات و مراتب کے مالک اور آسمان آشیاں ہیں وہ درود بھیجتے رہتے ہیں تو تم جو ان سے ایمان و ایقان کی خیرات لینے والے ہو اور ان کی غلامی کے صدقے دینوی اور اخروی فوز و فلاح حاصل کرنے والے ہو تمہارے لیے ان پر درود و سلام بھیجنا انتہائی اہم فریضہ ہے اور لازمی امر ہے۔

دوم :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے روحانی مربی ہیں اور حیاتِ قلب و روح عطا کرنے والے ہیں بلکہ حیاتِ ابد اور اخروی راحتوں اور نعمتوں کے حصول کے وسیلہ و ذریعہ اور شریعتِ مطہرہ میں جسمانی حیات اور بدنی تربیت کرنے والے والدین کے ساتھ احسان و مروت سے پیش آنا اور ان کی خدمت کرنا لازم ہے کَمَا قَالَ تَعَالٰی وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا اور ان کے لیے دعائیں کرنا کَمَا قَالَ تَعَالٰی حِکَایَۃً عَنْ نُوْحٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ الْاٰیَۃ وَقَالَ تَعَالٰی اٰمِرًا قُلْ رَّبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا۔ تو اس عظیم محسن و مربی کی خدمت اور آپ کے لیے درود و سلام کی صورت میں دعا کرنا لازم و ضروری ہے تاکہ ان کے عظیم احسانات کا کچھ نہ کچھ شکریہ ادا ہو جائے۔

سوم :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ جب عوام الناس کے عام قسم کے احسانات پر ان کا شکر ادا کرنا لازم ہے تو سید الخلق علی الاطلاق کے عظیم ترین اور ان گنت احسانات کا شکریہ ادا کرنا بطریق اولیٰ لازم و ضروری ٹھہرا اور جب عوام الناس کے احسانات کا شکر ادا نہ کرنے والا رب تبارک و تعالیٰ کی ادائیگی شکر سے محروم ہے تو اس محسنِ خلائق اور محبوبِ خداوند تعالیٰ کا شکر ادا نہ کرنے والا یقیناً حرماں نصیب ہو گا اور آپ کے شکریہ کی بہترین صورتوں میں سے صلوٰۃ و سلام کا نذرانہ پیش کرنا بھی ہے لہٰذا آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیجنا لازمی اور ضروری ہے۔

چہارم :

درود و سلام اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے کیونکہ اس میں اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ توسل ہے اور خود اس نے توسل کا حکم دیا کما قال "وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ" اور کوئی وسیلہ محبوب

کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے قریب تر اور اس کے ہاں عظیم تر نہیں ہے۔ مطالع المسرات میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی۔ یَا مُوْسٰی اَتُرِیْدُ اَنْ اَکُوْنَ اَقْرَبَ اِلَیْکَ مِنْ کَلَامِکَ اِلٰی لِسَانِکَ وَمِنْ وَسْوَاسِ قَلْبِکَ اِلٰی قَلْبِکَ وَمِنْ رُوْحِکَ اِلٰی بَدَنِکَ وَمِنْ نُوْرِ بَصَرِکَ اِلٰی عَیْنِکَ قَالَ نَعَمْ یَا رَبِّ قَالَ فَاَکْثِرِ الصَّلٰوۃَ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اے موسیٰ کیا تمہاری خواہش و آرزو ہے کہ میں تجھ سے زیادہ قریب ہوں بنسبت تمہارے کلام کے تمہاری زبان سے اور بنسبت تمہارے قلبی خیالات کے تمہارے قلب سے اور بنسبت تمہاری روح کے تمہارے بدن سے اور بنسبت تمہارے نور نگاہ کے تمہاری نگاہ و بصر سے تو انہوں نے عرض کیا ہاں اے میرے پروردگار تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ سے زیادہ درود و صلوٰۃ بھیجا کرو۔

نیز درود و سلام اللہ تعالیٰ کے ہاں اس قدر مقبول وسیلہ ہے کہ جس دعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھا جائے وہ وہ فوراً اس کی بارگاہ میں قبولیت پاتی ہے ورنہ زمین و آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے اور اُوپر جا ہی نہیں سکتی چہ جائیکہ شرف قبولیت پائے جیسے کہ حضرت عمر فاروق اور حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دُعَاءٍ اِلَّا بَیْنَہٗ وَبَیْنَ السَّمَاءِ حِجَابٌ حَتّٰی یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فَاِذَا فُعِلَ ذٰلِکَ انْخَرَقَ الْحِجَابُ وَدَخَلَ الدُّعَاءُ وَاِنْ لَّمْ یُفْعَلْ ذٰلِکَ رَجَعَ الدُّعَاءُ اَخْرَجَہُ الْاَصْبَھَانِیُّ۔ (خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۶۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر دعا اور آسمان کے درمیان حجاب حائل ہوتا ہے جب تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود و صلوٰۃ نہ بھیجی جائے اور جب درود بھیجا جائے تو وہ حجاب پھٹ جاتا ہے اور دعا مقام قبولیت میں داخل ہو جاتی ہے ورنہ واپس لوٹ آتی ہے۔

عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَلدُّعَاءُ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ فِیْہِ شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّکَ اَخْرَجَہُ التِّرْمِذِیُّ خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۶۵۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دعا زمین و آسمان کے درمیان روک دی جاتی ہے بالکل اُوپر نہیں چڑھ سکتی۔ جب تک اے دعا مانگنے والے تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجے اور یہی مضمون قاضی اسماعیل نے حضرت سعید بن مسیّب سے نقل کیا ہے۔

سوال : تقرب الی اللہ اس کے حق کے ساتھ ہونا چاہیئے نہ کہ حق غیر کے ساتھ جبکہ صلوٰۃ و سلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

کا حق ہے۔ لہٰذا اس میں مشغولیت سے تقرب الٰہی کا حصول کیونکر ہو سکتا ہے۔

جواب اوّل :

چونکہ صلوٰۃ وسلام کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور اسے ایمان پر معلق فرما کر تقاضائے ایمان قرار دے دیا اور صلوٰۃ بھیجنے اور ملائکہ کے صلوٰۃ بھیجنے کا ذکر کر کے اقتداء و اتباع کی ترغیب دی ہے لہٰذا اس میں مشغولیت اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تعمیل و امتثال ہے اور موجبِ تقرب جیسے کہ ملائکہ کا آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنا حکم باری تعالیٰ کا امتثال تھا اور موجب تقرب اور ابلیس لعین کا اس سے اباء و امتناع موجبِ حرمان و خسران کذا فی مطالع المسرات

جواب ثانی :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام میں چونکہ اللہ تعالیٰ سے رحمت اور لطف و کرم اور سلامتی و عافیت کی طلب و دعا ہوتی ہے اور دعا عین عبادت بلکہ روح اور جانِ عبادت ہے کَمَا قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَلدُّعَاءُ ھُوَ الْعِبَادَۃُ وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَۃِ۔ تو اس طرح صلوٰۃ و سلام میں مشغولیت گویا اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغولیت ہے لہٰذا یہ تقرب حق باری تعالیٰ میں مشغولیت کے ذریعے ہی پایا گیا۔

جواب ثالث :

درود و سلام میں جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہوتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کا بھی ذکر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ذکر وہی ہوتا ہے جس میں اس کے محبوب کا ذکر بھی اس کے ساتھ کیا جائے جیسے کہ ابن عساکر نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ اللہ تعالیٰ نے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا قَرَنْتُ اسْمَکَ مَعَ اسْمِیْ فَلَا اُذْکَرُ فِیْ مَوْضِعٍ حَتّٰی تُذْکَرَ مَعِیْ۔ خصائص کبریٰ جلد ثانی ص۱۹۳۔ میں نے تمہارے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملا دیا ہے لہٰذا میں کسی بھی مقام میں ذکر نہیں کیا جاؤں گا حتّٰی کہ تم میرے ساتھ ذکر کئے جاؤ گویا تمہارے ذکر کے بغیر اپنا ذکر قبول ہی نہیں کروں گا۔ اور ابن جریر۔ ابن ابی حاتم۔ ابو یعلیٰ۔ ابن حبان اور ابو نعیم نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے جبرئیل امین نے "وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ" کی تفسیر و توضیح میں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِذَا ذُکِرْتُ ذُکِرْتَ مَعِیْ۔ جب مجھے یاد کیا جائے گا تو تمہیں میرے ساتھ یاد کیا جائیگا یعنی ہم دونوں کا ذکر اکٹھا ہوگا۔ اور ابو نعیم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا لَا اُذْکَرُ اِلَّا ذُکِرْتَ مَعِیْ خصائص جلد ثانی ص۱۹۶ و ۱۹۷۔ میرا ذکر نہیں کیا جائے گا مگر تمہارا ذکر میرے ساتھ کیا جائے گا بلکہ اللہ تعالیٰ اپنا ذکر قبول ہی اس وقت کرے گا جب محبوب کا ذکر اس کے ساتھ ہوگا۔

تو اس صورت میں بھی درود و سلام کے ساتھ تقرب کا حصول یقینی ہے اور اسے حق غیر کے ساتھ اشتغال قرار دینا غلط ہے۔

جواب رابع :

نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم پر صلوٰۃ وسلام اللہ تعالیٰ کے ذکر و شکر پر بھی مشتمل ہے اور اس کے ارسال رسل اور بعثت انبیاء اور بالخصوص سید انبیاء کی بعثت و ارسال کے انعام عمیم اور احسان عظیم کی معرفت پر مشتمل ہے اور اس کے شکریہ پر کہ ان کی بدولت رب تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوئی اور اس کے اسماء و صفات کی اور اس کی رضامندی کے اسباب کی اور اخروی اجور و انعامات کی تو اس طرح صلوٰۃ و درود گویا کل ارکانِ ایمان کو محیط ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے وجوب وجود کا اقرار ہے جس سے دعا کی جا رہی ہے اور اس کے جاننے۔ سننے کا بھی اور اس کی قدرت اور ارادہ و مشیت کا بھی اور کلام و دیگر صفات کا بھی اور ارسال رسل اور ان کی تصدیق کا بھی اور ان سے کمال محبت کا بھی اور یہ سبھی اصول ایمان ہیں اور مدارِ اسلام تو اس طرح صلوٰۃ وسلام افضل ترین عبادت ہے۔" کَذَا قَالَ ابْنُ الْقَیِّمِ فِیْ جِلَاءِ الْاَفْھَامِ"۔ لہٰذا اس کے ساتھ تقرب حق باری تعالیٰ میں اشتغال و مصروفیت کے ذریعے ہی تقرب ہے۔

جواب خامس :

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کا اور آپ کے لیے درود و سلام کا محرک و باعث اور سبب و موجب چونکہ آپ کا منصب نبوت و رسالت ہے اور اس جہت سے آپ کا ذکر اور آپ کی محبت اور تعظیم و توقیر اور اکرام و احترام اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے اور اس کی محبت اور اسی کی تعظیم و تکریم اور اسی کی عبادت کما قال تعالیٰ: "وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰہِ فَاِنَّھَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ"، جو شخص اللہ تعالیٰ کے شعائر کی تعظیم و تکریم کرے تو وہ دلوں کے تقویٰ اور توحید و ایمان میں سے ہے۔ اور اسی حیثیت میں آپ کا بولنا اللہ تعالیٰ کا بولنا ہے " وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی"، اور آپ کی بیعت اللہ تعالیٰ کی بیعت ہے اور آپ کا ہاتھ گویا اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہے۔ قَالَ تَعَالٰی: "اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ" اور آپ کا مارنا اللہ تعالیٰ کا مارنا۔ کَمَا قَالَ تَعَالٰی: "وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی" اور آپ کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔ کما قال تعالیٰ: "وَمَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ" اور آپ کی نافرمانبرداری اللہ تعالیٰ کی نافرمانبرداری کی طرح موجب ضلالت و گمراہی ہے "وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًا"۔ اور آپ کی اتباع اللہ کے ہاں محبوب بننے اور گناہوں کی میل کچیل سے پاک و صاف ہونے کی ضمانت ہے کَمَا قَالَ تَعَالٰی: فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَغَیْرَ

ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ" تو اس لحاظ سے بھی صلواۃ وسلام کے ساتھ تقرب کا جواز اور اس کا حصول شک و شبہ اور ریب و تردد سے بالاتر ہے۔

پنجم :

صلواۃ وسلام میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے اور جب کسی ہستی کا ذکر کثرت کے ساتھ کیا جائے تو اس کے ساتھ مناسبت اور قلبی ربط و تعلق اور محبت و الفت پیدا ہوتی ہے اور مناسبت کاملہ اور محبت و الفتِ تامہ حاصل ہونے پر محبوب کے ساتھ روحانی قرب اور جمعیت حالی حاصل ہو جاتی ہے تو اس طرح درود و صلوات اور تسلیمات کی وجہ سے دنیا و آخرت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب خاص اور ان کی معیت خاصہ کا شرف حاصل ہو جائے گا اور یہ معیت اور قرب عظیم سعادت ہے جیسے کہ حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ کو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مانگ جو مانگنا ہے تو انہوں نے عرض کیا "اَسْئَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ" میں آپ سے یہ طلب کرتا ہوں کہ مجھے جنت میں اپنی رفاقت کا شرف بخشیں تو آپ نے فرمایا اَوَغَيْرَ ذٰلِكَ قَالَ هُوَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اس سے افضل اور بہتر کوئی شئے معلوم ہوتی ہے تو وہ مانگ لو تو انہوں نے عرض کیا نہیں میرا مطلوب و مدعا وہی ہے کہ آپکی رفاقت و معیت جنت میں بھی حاصل ہو جیسے کہ یہاں حاصل ہے ؎

تجھ سے مانگوں میں تجھی کو کہ سبھی کچھ مل جائے ۔۔۔ سو سوالوں سے یہی ایک سوال اچھا ہے

اور درحقیقت یہی مدعا و مطلوب تمام مطالب و مقاصد سے ارفع و اعلیٰ ہے کیونکہ اس طرح بندہ اللہ تعالیٰ کے ان انوار و تجلیات سے بھی بہرہ ور اور مشرف ہو جائے گا جن کی اہلیت و صلاحیت صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے اور براہ راست کوئی ان کا متحمل نہیں ہو سکتا مگر آپ کی معیت و رفاقت کے حصول سے یہ عظیم شرف اور فضیلت بھی حاصل ہو جائے گی جیسے کہ حضرت سعدی نے ناچیز مٹی کی زبانی جمال یار سے امتیازی مقام پر فائز ہونے کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا ؎

گلے خوشبوئے در حمام روزے ۔۔۔ رسید از دست محبوبے بدستم
بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری ۔۔۔ کہ از بوئے دل آویزے تو مستم
بگفتا من گل ناچیز بودم ۔۔۔ ولیکن مدتے با گل نشستم!
جمال ہمنشیں در من اثر کرد ۔۔۔ وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

اسی بلند و بالا مقام و مرتبہ کا مژدہ سناتے ہوئے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً" اخرجہ الترمذی وابن حبان عن ابن مسعود وایضاً اخرجہ احمد عنہ در منثور ج ۵ ص ۲۱۸ اور خصائص کبریٰ جلد ثانی ص ۲۵۹۔ بیشک سب لوگوں سے میرے قریب تر قیامت کے دن وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود و صلواۃ بھیجنے والا ہوگا۔

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر جمعہ کو مجھ پر بکثرت درود و صلواۃ پڑھا کرو "فَاِنَّ صَلٰوةَ اُمَّتِيْ تُعْرَضُ عَلَيَّ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ فَمَنْ كَانَ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً كَانَ اَقْرَبَهُمْ مِنِّيْ مَنْزِلَةً" اخرجہ البیہقی بسند حسن۔ خصائص ص ۲۶۱ ج ۲۔ کیونکہ میری اُمت کے درود و صلوات مجھ پر ہر جمعہ کو پیش کئے جاتے ہیں تو جو شخص سب سے زیادہ صلواۃ پڑھنے والا ہوگا وہ از روئے منزلت و مقام سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔

فائدہ جلیلہ :

پہلی روایت میں قیامت کے دن قریب تر ہونے کا ذکر ہے اور دوسری مطلق ہے جو دُنیا و آخرت دونوں میں قرب اور رفاقت و معیت کی دلیل ہے اور پہلی روایت میں قرب کی روز قیامت سے تخصیص کی حکمت ظاہر ہے کہ اس دن یہ قرب اور رفاقت و معیت ہر ایک پر ظاہر ہوگی اور کسی کے لیے شک و تردد کی گنجائش نہیں ہوگی جیسے کہ آپ نے فرمایا "اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" حالانکہ آپ اب بھی سب کے سردار اور آقا ہیں اور اللہ تعالیٰ نے بھی اسی لیے اپنے آپ کو "مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ" فرمایا۔ حالانکہ وہ روز اول سے ہر شئی کا مالک ہے۔ الغرض بکثرت صلواۃ پڑھنے والے کو دنیا و آخرت دونوں میں یہ معیت اور رفاقت اور قربِ معنوی اور روحانی حاصل ہونا لازم ہے کیونکہ آپ تمام صفات الٰہیہ سے متصف ہیں اور ان کا مظہر اتم اور ان صفات و کمال میں سے یہ صفت بھی ہے "اَنَا جَلِيْسُ مَنْ ذَكَرَنِيْ"۔ جو مجھے یاد کرے میں اس کا ہمنشین ہوتا ہوں۔

شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوت کے تکملہ میں بعض عارفین (غوث کبیر شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہ العزیز) کی زبانی اس ربط و تعلق اور حضور و شہود کو بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ ص ۶۲۱ ج ۲ مدارج النبوت

ذکر کن اورا و درود بفرست بروے صلی اللہ علیہ وسلم و باش در حال ذکر گویا حاضر است پیش تو در حالت حیات و می بینی تو اورا متادب با جلال و تعظیم و ہیبت و حیاء۔ بدانکہ وے صلی اللہ علیہ وسلم مے بیند و مے شنود کلام ترا زیرا کہ وے متصف است بصفات اللہ تعالیٰ و یکے از صفات الٰہی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی و پیغمبر را صلی اللہ علیہ وسلم نصیب وافر است ازیں صفت زیرا کہ عارف وصف او و وصف معروف اوست سبحانہ و وی صلی اللہ علیہ وسلم اعرف الناس باللہ تعالیٰ است۔

ترجمہ: رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ذکر کرو اور ان پر درود بھیجو اور حالت ذکر وصلوٰۃ میں یوں سمجھو کہ آپ تمہارے سامنے اپنی حالت حیات میں موجود ہیں اور تم آپ کی زیارت کر رہے ہو با ادب ہو کر کامل تعظیم و تکریم اور آپ کی ہیبت و جلالت کو ملحوظ رکھتے ہوئے شرم وحیا کے ساتھ۔ یقین جانو کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم تمہیں دیکھ رہے ہیں اور تمہارا کلام سن رہے ہیں کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کمال کے ساتھ متصف ہیں اور ان صفات میں سے ایک صفت یہ ہے کہ میں اپنا ذکر کرنے والے کا ہمنشین ہوتا ہوں اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کو اس صفت سے وافر حصّہ حاصل ہے کیونکہ آپ کی صفت ہے عارف اور وصف باری تعالیٰ آپ کا معروف ومعلوم ہے اور آپ سب لوگوں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا عرفان رکھتے ہیں۔

علاوہ ازیں بندۂ محبوب کے متعلق زبان رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا "کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهِ الْحَدِیْث" کہ میں بندہ محبوب کے کان۔ آنکھ اور ہاتھ پاؤں اور زبان اور دل ودماغ بن جاتا ہوں اور محدثین کرام اور علماء اعلام نے اس کی تشریح وتوضیح میں فرمایا کہ گویا اللہ تعالیٰ اپنے آپ کو بندے کے اعضاء وجوارح اور قوائے فاعلہ ومؤثرہ بنا دیتا ہے۔ فتح الباری ص۲۹۵ ج۱۱۔ اللہ تعالیٰ کا نور اس کے کان اور آنکھ اور ہاتھ بن جاتا ہے تو وہ قریب وبعید کو یکساں دیکھتا اور سنتا ہے اور قریب وبعید اور مشکل وآسان میں تصرف پر قادر ہوتا ہے۔ تفسیر کبیر ص۴۶۷ ج۵ اور نفلی قرب کے ثمرات سے یہ ہے کہ "صفات بشریہ سالک سے زائل ہو جاتے ہیں اور صفاتِ حق وہاں پر جلوہ گر ہو جاتے ہیں۔ امداد السلوک حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ص۳۰

الغرض جب غلامی کی وجہ سے منصبِ محبوبیت حاصل کر کے بندے نورانی بھی ہو جائیں اور صفات الٰہیہ کا مظہر بھی تو جو ہستی پاک محبوب گر ہیں اور تمام محبوبین کے آقا ومولیٰ اور سب انبیاء ورسل اور اغواث واقطاب اور ابدال واوتاد وغیرہم کے واسطہ فیض تو ان کا مقام اس سے بھی ارفع واعلیٰ ہوگا اور کیوں نہ ہو جبکہ ان کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" کہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم مومنین کے لیے ان کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں اور فرمایا۔ "وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ" محبوب کریم علیہ السلام تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں اور فرمایا "رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ" میری رحمت ہر شئی کو محیط ہے۔ علی قاری شرح شفا میں فرماتے ہیں "اِنَّ دُخُوْلَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَاضِرَةٌ فِیْ بُیُوْتِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ شرح شفاء ص۴۶۴ ج ۳۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس اہل اسلام کے گھروں میں موجود ہوتی ہے لہٰذا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تو تمام اہل ایمان واسلام کے ساتھ قرب معنوی اور روحانی ونورانی نہایت ہے اور ہر لمحہ وہر آن اور ہر زمان ومکان میں حاصل ہے، بُعد اور دوری تھی تو بندوں

کی طرف سے اور اس کے زائل کرنے کی موثر ترین اور زود اثر صورت یہی کثرت ذکر اور کثرت درود وسلام ہے شیخ محقق فرماتے ہیں۔

آیا نمی بینی تو او را صلّی اللہ علیہ وسلّم کہ میگوید دو وے اصدق القائلین است "اَكْثِرُوْا عَلَیَّ صَلٰوةً اَقْرَبُكُمْ اِلَیَّ (الی) وایں بجہت آنست کہ مصلی تعلق میگیرد خاطر وے بجمال آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم پس عاشق میگردد دل وے بر صورت روحانیۂ وے پس قریب میگردد بوے پس میبا شد نزدوے وبا وے اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (مدارج ص۶۲۳ ج ۲)

ترجمہ: کیا دیکھتے نہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں اور وہ سب سے سچے ہیں کہ تم میں سب سے زیادہ درود پڑھنے والا سب سے زیادہ میرے قریب ہے۔ اور یہ اس وجہ سے ہے کہ درود بھیجنے والے کا قلبی تعلق آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے جمال باکمال سے ہو جاتا ہے پس اس کا دل آپ کی روحانی صورت پر عاشق ہو جاتا ہے اور بدیں وجہ آپ کے قریب ہو جاتا ہے پس آپ کے نزدیک ہوتا ہے اور آپ کے ساتھ (جیسے کہ حدیث شریف میں ہے) ہر شخص اپنے محبوب کے ساتھ ہوتا ہے۔

وصیت میکنم ترا اے برادر بدوام ملاحظۂ صورت ومعنیٰ او اگرچہ باشی تو متکلف ومتحضر پس نزدیک است کہ الفت گیرد روح تو بوے پس حاضر آید ترا وے صلّی اللہ علیہ وسلم عیانا ویا بی اورا وحدیث کنی با وے وجواب دہد ترا وچوں حدیث گوئی با او وخطاب کند ترا فائز شوی بدرجۂ صحابۂ عظام ولاحق شوی بایشاں ان شاء اللہ تعالیٰ۔ (مدارج ص۶۲۳ ج ۲۔)

ترجمہ: اے بھائی میں تجھے وصیت کرتا ہوں ہمیشہ کے لیے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی صورت ومعنیٰ کے ملحوظ خاطر رکھنے کی اگرچہ تو اس ملاحظہ واستحضار میں کلفت وشدّت سے ہی دوچار کیوں نہ ہو کیونکہ عنقریب تیری روح آپ کے ساتھ انس اور الفت حاصل کرے گی تو آپ بلا حجاب اور آشکارا طور پر تیرے سامنے حاضر وموجود ہوں گے اور تو آپ کو محسوس کرے گا اور چشم سر سے دیکھے گا اور آپ سے بات کرے گا اور آپ تجھے جواب مرحمت فرما دیں گے اور جب تو آپ سے بات کرے گا اور آپ تجھ سے خطاب فرمائیں گے تو معنوی طور پر تو صحابۂ عظام کے درجۂ ومرتبہ پر فائز ہو جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ لاحق ہو جائے گا۔

شیخ ابو عبداللہ ساحلی بغیۃ السالک میں فرماتے ہیں اور علامہ محمد مہدی فاسی مطالع المسرات ص۳۰ پر نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم پر درود وصلوٰۃ کے عظیم وجلیل ثمرات وفوائد سے یہ فائدہ وثمرہ بھی ہے۔ اِنْطِبَاعُ صُوْرَتِهِ الْكَرِیْمَةِ فِی النَّفْسِ اِنْطِبَاعًا كَامِلًا تَامًّا مُّتَّصِلًا وَذٰلِكَ بِالْمُدَاوَمَةِ عَلَی الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاِخْلَاصِ الْقَصْدِ وَتَحْصِیْلِ الشُّرُوْطِ وَالْاٰدَابِ وَتَدَبُّرِ الْمَعَانِیْ حَتّٰی یَتَمَكَّنَ

حُبُّہٗ مِنَ الْبَاطِنِ تَمَکُّنًا خَالِصًا صَادِقًا یَصِلُ بَیْنَ نَفْسِ الذَّاکِرِ وَ نَفْسِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ یُوَلِّفُ بَیْنَھُمَا فِیْ مَحَلِّ الْقُرْبِ وَ الصَّفَا تَالِیْفًا بِحَیْثُ تُمَکِّنُ حُبُّہٗ مِنَ النَّفْسِ فَالْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَ یَجِبُ الْاِتِّبَاعُ لِلْمَحْبُوْبِ وَ الْاِتِّبَاعُ یُؤْذِنُ بِالْوِصَالِ" قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی "مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا" وَالْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَۃٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْھَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاکَرَ مِنْھَا اخْتَلَفَ۔

ترجمہ: کہ آپ کی صورت کریمہ درُود وصلواۃ پڑھنے والے کے نفس میں نقش کامل ودائم کی طرح منقش ہوجاتی ہے اوراس نعمت عظیمہ کا حصول درُود وصلواۃ پرخلوص نیّت کے ساتھ مداومت اورشرائط وآداب کے ملحوظ رکھنے اور معانی میں تدبر وتفکر کی بدولت ہوتا ہے حتّٰی کہ آپ کی محبّت اس بندے کے نفس وقلب میں پوری طرح جاگزین ہوجاتی ہے درآنحالیکہ صاحب ذکر کے نفس وروح اورنبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نفس وروح کے درمیان وصل واتصال اور الفت ومناسبت پیدا ہوجاتی ہے مقام قرب واتصال اورصفاء واخلاص میں توجب محبّت دل وجان میں اس طرح متمکن ہوجائے تو محبوب سے معیت حاصل ہوجاتی ہے اورمحبّت محبوب کی اتباع کی موجب بنتی ہے اور اتباعِ محبوب وصال محبوب والے مقصد سے بہرہ ور ہونے کا اعلان کررہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ جواللہ تعالیٰ اور رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اطاعت کرے تووہ ان کی معیت میں ہوگا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء وصدیقین اور شہداء وصالحین اوروہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں۔ اور (حدیث شریف میں ہے) روحیں الگ الگ جماعتوں اور گروہوں میں منقسم ہیں جن میں باہم تعارف ہوگیا ان میں الفت اورموانست پیدا ہوجاتی ہے اورجن میں اجنبیت قائم رہتی ہے ان میں باہم اختلاف رہتا ہے۔

اقول۔ یہی مقام فناء فی الرسول اور بقاء بالرسول کا ہے جس طرح ذکر خداوند تبارک وتعالیٰ سے فنافی اللہ اور بقاء باللہ کا مقام حاصل ہوجاتا ہے اسی طرح ذکر رسول صلّی اللہ علیہ وسلم سے فنافی الرسول اور بقاء بالرسول کا مقام حاصل ہوگا بلکہ درُود وصلواۃ چونکہ دونوں ذکروں پر مشتمل ہے تو گویا یہ ان دونوں مقامات کی تکمیل کا سبب موجب اوران عظیم ثمرات وفوائد کے حصول کا باعث ہے۔ لہٰذا یہ انتہائی اہم عبادت ہے۔

ششم:

نبی مکرم رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درُود وصلواۃ جب اللہ تعالیٰ بھی بھیجتا ہے اوراس کے ملائکہ بھی تو بندوں کے درود وسلام کی آپ کو ضرورت نہیں ہوسکتی نیز ہماری صلواۃ کا مطلب طلب رحمت ہے اورانہیں اللہ تعالیٰ نے تمام

جہانوں کے لیے سراپا رحمت بنایا ہے تواس وجہ سے بھی ہماری صلوات کے آپ محتاج نہیں ہیں تو پھر تمام اہل ایمان کو درود وسلام کا پابند کرنے کا صرف اور صرف یہ مقصد ہے کہ وہ اس کے ثمرات وبرکات سے مستفیض ومستفید ہوں جس طرح اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ بندوں پر یہ انوار منعکس ہوں اور وہ خود منزہ ومقدس ہوجائیں تواسی طرح یہاں بھی مقصود حقیقی یہی ہے کہ صلواۃ وسلام کی بدولت وہ رحمت وعنایت اور سلامتی اور عافیت کے حقدار ہوجائیں اور یہ بہت اہم اورعظیم مقصود ومطلوب بھی ہے۔ اور فائدہ وثمرہ بھی۔

(۱) اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ عَلَیَّ زَکٰوۃٌ لَّکُمْ اَخْرَجَہُ الْقَاضِیْ اِسْمٰعِیْل وَالْاَصْبَھَانِیُّ فِی التَّرْغِیْبِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ ۔ مجھ پر درُود بھیجو کیونکہ تمہارا مجھ پر درُود بھیجنا تمہاری طہارت وپاکیزگی کا موجب ہے۔

(۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ عَلَیَّ کَفَّارَۃٌ لَّکُمْ (خصائص کبریٰ ص۲۶۰ ج ۲) مجھ پر صلواۃ بھیجو کیونکہ تمہاری صلواۃ تمہارے لیے کفارۂ ذنوب وآثام ہے

(۳) اصبھانی نے ترغیب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اَفْضَاکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْ اَھْوَالِھَا وَمَوَاطِنِھَا اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا صَلٰوۃً، اِنَّہٗ قَدْ کَانَ فِی اللّٰہِ وَمَلَائِکَتِہٖ کِفَایَۃٌ وَّلٰکِنْ خَصَّ الْمُؤْمِنِیْنَ بِذٰلِکَ لِیُثِیْبَھُمْ عَلَیْہِ۔ (خصائص کبریٰ۔ تفسیر درمنثور ص۲۱۹ ج۵) بیشک تم سب سے زیادہ قیامت کی ہولناکیوں اوران کے مقامات سے نجات پانے والا وہ شخص ہوگا جو دارالدنیا میں مجھ پر تم سب سے زیادہ صلواۃ ودرُود بھیجا کرے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اوراس کے ملائکہ (کا صلواۃ بھیجنا ہی) کافی تھا لیکن مومنین کو خصوصی حکم اس لیے دیا تاکہ اس صلواۃ کی بدولت انہیں عظیم اجر وثواب عطا کرے۔

(۴) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَرْفُوْعًا اِذَا فَرَغَ اَحَدُکُمْ مِّنْ طُھُوْرِہٖ فَلْیَشْھَدْ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ثُمَّ لِیُصَلِّ عَلَیَّ فَاِذَا قَالَ ذٰلِکَ فُتِحَتْ لَہٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَۃِ اَخْرَجَہُ الْاَصْبَھَانِیُّ (خصائص کبریٰ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ جو شخص وضو سے فارغ ہوکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی شہادت دے اور محمّد صلّی اللہ علیہ وسلم کی عبدیتِ خاصہ اور رسالت کی شہادت دے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود وصلواۃ بھیجے تواس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیے جائیں گے۔

(۵) امام احمد نے مسند میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔ مَنْ صَلّٰی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلَائِکَتُہٗ بِھَا سَبْعِیْنَ صَلٰوۃً فَلْیُقِلَّ الْعَبْدُ مِنْ ذٰلِکَ اَوْ

لِیُکَثِّرَ۔ (خصائص کبریٰ)

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام ملائکہ اس کے بدلے اس پر ستّر دُرود وصلوٰۃ بھیجیں گے تو بندے کی مرضی تھوڑا دُرود پڑھے یا زیادہ۔

ف، یہ موقوف روایت حکم مرفوع میں ہے کیونکہ ایسی تقدیرات وتحدیدات اپنے قیاس اور گمان سے ممکن نہیں ہیں بلکہ یہ صرف رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کا ہی منصب ہے۔

(۶) عَنْ سَعْدِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَادِقًا مِنْ نَفْسِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَرَفَعَہٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَکَتَبَ لَہٗ بِھَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ۔

سعد بن عمیر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس نے مجھ پر خلوص دل سے ایک مرتبہ درود بھیجا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا اور اس کے دس درجے بلند کرے گا اور دس نیکیاں اس کے بدلے اس کے لیے ثبت فرمائے گا۔

(۷) اَخْرَجَہُ الْقَاضِیْ اِسْمَاعِیْلُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحٰی عَنْہُ عَشْرَ سَیِّئَاتٍ وَرَفَعَ لَہٗ عَشْرَ دَرَجَاتٍ (خصائص) اس روایت میں دس گناہ معاف کئے جانے کی تصریح ہے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت میں اس کی تصریح ہے جسے عبدالرزاق نے ذکر کیا ہے۔ اور ابن ابی شیبہ۔ احمد۔ عبد بن حمید اور ترمذی نے بھی ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت نقل کی ہے جس میں صحابہ کرام کی طرف سے عرض کیا گیا یارسول اللہ ہم آپ کے چہرۂ انور میں بڑی فرحت وشادمانی کے آثار دیکھ رہے ہیں (اس کی وجہ کیا ہے؟) تو آپ نے فرمایا میرے پاس رب تبارک وتعالیٰ کی طرف سے فرشتہ آیا ہے اور اس نے کہا ہے۔ جس اُمتی نے تم پر ایک مرتبہ دُرود وصلوٰۃ بھیجی اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور دس گناہ معاف فرمائے گا اور دس درجے بلند فرمائے گا اور اس پر دس دُرود بھیجے گا۔ (در منثور ص۲۱۹ ج ۵)

فائدہ جلیلہ:

جس بدبخت نے حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی طرف ایک عیب کی نسبت کی تھی اور آپ کو مجنون کہا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کے دس عیب بیان کئے کما قال تعالیٰ "وَلَا تُطِعْ کُلَّ حَلَّافٍ (الی) بَعْدَ ذٰلِکَ زَنِیْمٍ سَنَسِمُہٗ عَلَی الْخُرْطُوْمِ۔ تو جب اس بارگاہِ والاجاہ میں اساءت وبے ادبی کا بدلہ دس گناہ ہے جبکہ عام قاعدہ کے مطابق وَمَنْ جَاءَ بِالسَّیِّئَۃِ

فَلَا یُجْزٰی اِلَّا مِثْلَھَا برائی کی جزاء اس کی مانند ہے تو لامحالہ اس محبوب کے لیے کلمہ خیر اور ادب ونیاز اور خلوص ودفا پر مشتمل کلمات کی جزاء بھی عام قاعدہ "مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشْرُ اَمْثَالِھَا" یعنی ایک کے بدلے دس سے زائد ہوگی جیسے کہ روایاتِ عدیدہ کی رو سے ستّر مرتبہ درود وصلوٰۃ ستر مرتبوں دس نیکیوں کے حصول اور دس درجات کی بلندی اور دس گناہوں کی معافی سے واضح ہے گویا سو گنا اجر اور نیکی حاصل ہوگی۔ وَاللّٰہُ یُضَاعِفُ لِمَنْ یَّشَاءُ

الغرض دُرود وسلام کے لزوم ووجوب کا بنیادی مقصد نبی رحمت کے طفیل ان کے غلاموں کو ان رحمتوں اور خیرات وبرکات سے نوازنا ہے اور یہ امر صلوٰۃ وسلام کے اہم اور افضل ترین مقاصد سے ہونے کا روشن برہان ہے۔

ہفتم:

درود وسلام میں چونکہ اللہ تعالیٰ سے نبی رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے شایان شان رحمت بھیجنے کی دُعا ہے اور آپ کے لیے گویا سفارش ہے اور ہر نیکی اور خیر خواہی کا بدلہ اس کی مانند ہوتا ہے "ھَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ" تو اس کا لازمی ثمرہ ونتیجہ اور فائدہ یہ ہوگا کہ اس بندے کو محبوبِ کریم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم کی شفاعت نصیب ہوگی کیونکہ آپ سے بڑھ کر لجپال اور کریم کوئی نہیں تو لامحالہ آپ کی طرف سے عظیم شفاعت اور کمال شفقت وعنایت نصیبِ عبد ہوگی اور سرورِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے درود وسلام پڑھنے والوں کو یہ مژدہ خود سنایا ہے۔

(۱) اَخْرَجَ الطَّبْرَانِیُّ بِسَنَدٍ جَیِّدٍ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِیْنَ یُصْبِحُ عَشْرًا وَحِیْنَ یُمْسِیْ عَشْرًا اَدْرَکَتْہُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کے وقت مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھے اور شام کے وقت دس مرتبہ تو قیامت کے دن میری شفاعت اس کو حاصل ہوگی اور اس کا احاطہ کئے ہوئے ہوگی۔

(۲) اَخْرَجَ الْبَیْھَقِیُّ فِی الشُّعَبِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْثِرُوا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ کُنْتُ لَہٗ شَھِیْدًا اَوْ شَافِعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا مجھ پر جمعہ کے دن اور اس کی رات بکثرت درود بھیجا کرو اور جو شخص بکثرت دُرود وصلوٰۃ بھیجے گا تو میں اس کے لیے قیامت کے دن گواہ ہوں گا اور شفاعت کروں گا۔

(۳) طبرانی نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آپ نے خواب میں دیکھا اَنَّ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِیْ یَرْعَدُ عَلَی الصِّرَاطِ کَمَا تَرْعَدُ السَّعْفَۃُ فَجَاءَتْہُ صَلٰوتُہٗ عَلَیَّ فَسَکَنَتْ رَعْدَتُہٗ۔ کہ میری

اُمّت سے ایک شخص پل صراط پر کھڑا لرز رہا ہے جیسے کھجور کی شاخ لرزتی ہے تو اس نے جو صلواۃ مجھ پر بھیجی تھی وہ اس کے پاس پہنچ گئی تو اس کا لرزہ ختم ہو گیا اور اسے سکون و قرار نصیب ہو گیا۔

(۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے قریب عرش کے ساتھ کشادہ مقام پر کھڑے ہوں گے اور سبز حلہ اور پوشاک زیب تن کئے ہوں گے۔ ان کی بلند ترین کھجور کی مانند بلند و بالا قامت ہو گی ان کی اولاد سے جو جنّت کی طرف لے جایا جائے گا اسے بھی دیکھ رہے ہوں گے اور جو دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا اسے بھی دیکھتے ہوں گے اسی دوران ان کی نظر اچانک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک اُمّتی پر پڑے گی جسے دوزخ کی طرف لے جایا جا رہا ہو گا تو آپ کو پکار کر کہیں گے اے احمد اے احمد آپ کہیں گے لبیک اے ابوالبشر تو وہ کہیں گے۔ یہ آپ کا اُمّتی ہے جس کو دوزخ میں پھینکنے کے لیے لے جایا جا رہا ہے آپ فرماتے ہیں۔

فَاَشُدُّ الْمِیْزَرَ وَاَهْرَعُ فِیْ اَثَرِ الْمَلَائِكَةِ وَاَقُوْلُ یَا رُسُلَ رَبِّیْ قِفُوْا فَیَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الْغِلَاظُ الشِّدَادُ الَّذِیْنَ لَا نَعْصِی اللّٰهَ مَا اَمَرَنَا وَنَفْعَلُ مَا نُؤْمَرُ۔ میں اپنی چادر مضبوطی سے باندھوں گا اور ملائکہ کے پیچھے دوڑوں گا اور کہوں گا اے میرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ملائکہ ٹھہر جاؤ، تو وہ کہیں ہم وہ سخت طبع اور قوی و توانا ہیں جو امر الٰہی کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور جو حکم ہوتا ہے پورا کرتے ہیں۔

جب آپ ان سے مایوس ہوں گے تو اپنا بایاں ہاتھ اپنی ڈاڑھی مبارک پر رکھیں گے اور چہرہ انور عرش اعظم کی طرف کر کے اللہ تعالیٰ سے عرض کریں گے رَبِّ قَدْ وَعَدْتَنِیْ اَنْ لَّا تُخْزِیَنِیْ فِیْ اُمَّتِیْ اے میرے رب تو نے میرے ساتھ پختہ وعدہ کیا ہوا ہے کہ مجھے اُمّت کے معاملہ میں پریشان اور شرمندہ نہیں کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائے گا "اَطِیْعُوْا مُحَمَّدًا وَرُدُّوْا هٰذَا الْعَبْدَ اِلَی الْمَقَامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کرو اور اس بندے کو سابقہ قیامگاہ کی طرف لوٹا دو۔ فَاُخْرِجُ مِنْ حَجْزَتِیْ بِطَاقَةً بَیْضَاءَ كَالْاَنْمِلَةِ فَاُلْقِیْهَا فِیْ كَفَّةِ الْمِیْزَانِ الْیُمْنٰی وَاَنَا اَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ فَتَرْجِحُ الْحَسَنَاتُ عَلَی السَّیِّئَاتِ فَیُنَادٰی سَعُدَ جَدُّهٗ وَ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ اِنْطَلِقُوْا بِهٖ اِلَی الْجَنَّةِ۔ تو میں اپنے کمر بند سے اُنگلی کے پورے کی مانند ایک سفید کاغذ نکالوں گا اور اسے میزان کے دائیں پلڑے میں بسم اللہ پڑھ کر رکھ دوں گا تو اس کی نیکیاں برائیوں پر بھاری ہو جائیں گی تو ندا دی جائے گی یہ بندہ نیک بخت ہو گیا اور اس کی محنت بار آور ہو گئی اور اس کا پلڑا نیکیوں والا وزنی ہو گیا ہے لہٰذا اسے جنّت کی طرف لے جاؤ۔

تو وہ بندہ کہے گا اے اللہ کے رسول ٹھہرو میں اللہ تعالیٰ کے ہاں مکرم و معظم ترین اس ہستی سے ایک سوال کر لوں تب وہ کہے گا بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا اَحْسَنَ وَجْهَكَ وَاَحْسَنَ خُلُقَكَ مَنْ اَنْتَ فَقَدْ اَقْلَتَنِیْ عَثْرَتِیْ وَرَحِمَتْ عَبْرَتِیْ۔ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ کا چہرہ کتنا حسین ہے اور اخلاق کتنے حسین ہیں آپ کون ہیں؟ آپ نے میری لغزشوں سے درگزر کرائی ہے اور میرے بہتے آنسوؤں پر ترس کھایا ہے۔ تو آپ فرمائیں گے۔ اَنَا نَبِیُّكَ مُحَمَّدٌ وَهٰذِهٖ صَلٰوتُكَ الَّتِیْ كُنْتَ تُصَلِّیْ عَلَیَّ وَاَفْتَكَ اَحْوَجَ مَا تَكُوْنُ اِلَیْهَا ——— خصائص ص ۲۶۱

میں تیرا نبی محمد ہوں اور سفید نورانی کاغذ کا پرزہ تیری صلواۃ تھی جو مجھ پر پڑھتا تھا اس نے تجھے پالیا اور تیرے ساتھ وفا کی جبکہ تو اس کی امداد و اعانت کی طرف بہت محتاج تھا۔

(۵) حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم موذن کو اذان دیتے سنو تو وہ کلمات دہراؤ جو وہ کہتا ہے۔ ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا۔ پھر مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجے گا ثُمَّ سَلُوا اللّٰهَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ فَاِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِی الْجَنَّةِ لَا یَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَنَا هُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ حَلَّتْ عَلَیْهِ الشَّفَاعَةُ۔ (رواہ مسلم۔ مشکوٰۃ باب الاذان)

پھر میرے لیے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرو کیونکہ وہ جنّت میں ایک منزل و مقام ہے جو بندگانِ خدا وند تعالیٰ میں سے صرف ایک بندہ کے شایانِ شان ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ میں ہی وہ عبد خاص ہوں گا تو جو شخص میرے لیے وسیلہ والے مقام کا سوال کرے گا تو اس کے حق میں مجھ پر شفاعت لازم ہو گی۔

فائدہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام وسیلہ پر فائز ہونے کو بصورت رجاء اور اُمید ظاہر فرمایا ہے اور یہ محض بارگاہِ خداوندی میں ادب و نیاز اور تواضع کا اظہار ہے اور درحقیقت جزم اور یقین کے ساتھ اس کے حصول کا بیان ہے۔ چہ رجائے حبیب در حضرت مجیب ہرگز خیبت نپذیرد۔ اشعۃ اللمعات جلد اول ص ۳۳۶۔ کیونکہ حبیب مکرم کی بارگاہِ مجیب الدعوات جل و علیٰ میں رجاء و امید ہرگز ناتمام اور تشنہ تکمیل نہیں رہ سکتی۔ اقول۔ اور اس جزم و یقین کی وجہ سے حدیث جابر رضی اللہ عنہ میں اس مقام کے حصول کو وعدہ سے تعبیر کیا اور فرمایا وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اور انہیں مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے اور باری تعالیٰ کے وعدہ کا خلاف محال ہے۔

الغرض جب وعدہ ہو چکا اور اس کا خلاف بھی محال ہے تو پھر اُمّت کو اس کے متعلق دُعا کرنے اور اللہ تعالیٰ سے اس کا سوال کرنے کا حکم دینا صرف اور صرف اس لیے ہے کہ آپ کی طرف سے اظہار عبدیت ہو جائے اور اُمّت اس

دُعا اور سوال کی بدولت اور خیر خواہی و اخلاص کی بدولت اس مقام وسیلہ اور مقام محمود کے برکات اور فیوضات سے مشرف ہو جائے اور اگرچہ ہر اُمتی آپ کی شفاعت سے بہرہ ور ہو گا مگر ایسے مخلصین خصوصی شفاعت کے حقدار ہونگے اور اپنے لیے خصوصی استحقاق اور اہلیت ثابت کرلیں گے۔ اور اسی سے ہمارا مدعا و مقصود روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ جب آپ خود مجسم رحمت ہیں اور سب عالمین کو آپ کی رحمت محیط ہے اور اللہ تعالیٰ اور ملائکہ آپ پر صلوٰۃ بھیجتے رہتے ہوں اور بھیجتے رہیں گے تو پھر اُمّت کو اس کا حکم اور اس کی مختلف اسالیب اور عناوین سے ترغیب صرف اسی لیے ہے کہ وہ ان صلوات کے ثمرات اور فوائد اور ان کے انوار و برکات سے مستفید ہوں اور اس خلوص و خیر خواہی کے عوض شفاعت کے حق دار بن جائیں ؎ پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

ہشتم :

اللہ تعالیٰ نے زبانِ رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلّم پر فرمایا کَانَ اللّٰہُ فِیْ حَاجَۃِ الْعَبْدِ مَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ حَاجَۃِ اَخِیْہِ۔ (مشکوٰۃ شریف) اللہ تعالیٰ بندے کی امداد و اعانت میں رہے گا جب تک بندہ اپنے بھائی کی امداد و اعانت اور اس کے معاملات سدھارنے میں مصروف رہے گا۔ جب عام بندے کے ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی کا نتیجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے کے معاملات کا کفیل و ضامن بن جائے اور اپنی قدرتِ قاہرہ سے اس کی امداد و اعانت کرے تو اس کا کوئی مدعا و مقصود اور غرض و مطلب تشنۂ تکمیل نہیں رہ سکتا تو اس پس منظر میں اس بندے کو اپنے معاملات اور مقاصد میں ناکامی اور نامرادی کیونکر ہو سکتی ہے جو اپنے تمام امور پر نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے درود و صلوٰۃ اور سلام نیاز کو ترجیح دے اور اپنے تمام اوقاتِ عزیز کو اس محبوب مکرم اور محمود خلائق اور محمود الٰہی کی خیر خواہی اور آپ کے لیے طلبِ رحمت اور دعائے رفعت میں صرف کردے اور اسی حقیقت کو خود نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم نے واضح کرتے ہوئے فرمایا جیسے کہ

(۱) قاضی اسماعیل نے فضل الصلوٰۃ میں یعقوب بن زید بن طلحہ تیمی سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتہ آیا اور اس نے کہا کہ جو شخص آپ پر درود بھیجے گا تو اس کے عوض اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجے گا تو ایک صحابی نے اُٹھ کر عرض کیا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَجْعَلُ نِصْفَ دُعَائِیْ لَکَ قَالَ اِنْ شِئْتَ قَالَ اَلَا اَجْعَلُ ثُلُثَیْ دُعَائِیْ لَکَ قَالَ اِنْ شِئْتَ قَالَ اَجْعَلُ دُعَائِیْ لَکَ کُلَّہٗ قَالَ اِذًا یَکْفِیْکَ اللّٰہُ ھَمَّ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ ——— خصائص کبریٰ ص۲۵۹ ج ۲ و منثور ص۲۱۸ ج ۵ بروایۃ عبدالرزاق۔ یارسول اللہ کیا میں اپنی ذات کے لیے مختص اوقات دُعا میں سے نصف وقت آپ (پر صلوٰۃ)

کے لیے نہ مختص کردوں آپ نے فرمایا اگر چاہے تو اس طرح کرلے۔ تو اس نے عرض کیا کہ دو تہائی وقت دُعا کے اوقات سے آپ کے لیے مختص کردوں؟ آپ نے فرمایا تیری مرضی اگر اس سے زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا کیا میں اپنے تمام اوقاتِ دُعا آپ کی صلوات کے لیے مختص نہ کردوں؟ تو آپ نے فرمایا تب تو اللہ تعالیٰ تیری دنیاوی اور اخروی تمام مہمات میں کفایت فرمائے گا۔

(۲) ترمذی اور حاکم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ پر بکثرت درود پڑھتا ہوں تو کتنا وقت آپ پر صلوٰۃ بھیجنے میں صرف کروں آپ نے فرمایا جتنا قدر تو چاہے میں نے عرض کیا چوتھائی حصّہ اوقاتِ اوراد و وظائف سے؟ آپ نے فرمایا جتنا قدر تو مناسب سمجھے لیکن زیادہ کرے تو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا آدھا وقت اس میں صرف کروں تو آپ نے فرمایا جتنا قدر تیری مرضی ہو اگر اس سے زیادہ وقت درود و صلوٰۃ میں صرف کرے تو تیرے لیے زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا دو تہائی وقت؟ تو آپ نے فرمایا تیری مرضی مگر زیادہ کرے تو بہتر ہے تو فرماتے ہیں میں نے عرض کیا اَجْعَلُ لَکَ صَلٰوتِیْ کُلَّھَا قَالَ اِذًا تُکْفٰی ھَمَّکَ وَیُغْفَرُ لَکَ ذَنْبُکَ۔ خصائص ص۲۵۹ ج ۲۔ میں اپنے تمام اوقاتِ دُعا اور اوراد و وظائف کی ساعات آپ پر صلوات پڑھنے میں صرف کروں گا تو آپ نے فرمایا تب یہ صلوات تیری ہر مہم اور مشکل میں کفایت کریں گی اور تمہارا ہر گناہ بخش دیا جائے گا۔

(۳) اصبہانی نے حضرت خالد بن طہمان سے روایت نقل کی ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً قُضِیَتْ لَہٗ مِائَۃُ حَاجَۃٍ۔ خصائص۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا تو اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی۔

(۴) بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابن عساکر اور ابن منذر نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ اَقْرَبَکُمْ مِنِّیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فِیْ کُلِّ مَوْطِنٍ اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً فِی الدُّنْیَا، مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ قَضَی اللّٰہُ لَہٗ مِائَۃَ حَاجَۃٍ سَبْعِیْنَ مِنْ حَوَائِجِ الْاٰخِرَۃِ وَثَلَاثِیْنَ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا ثُمَّ یُوَکِّلُ اللّٰہُ بِذٰلِکَ مَلَکًا یُدْخِلُہٗ فِیْ قَبْرِیْ کَمَا یُدْخَلُ عَلَیْکُمُ الْھَدَایَا یُخْبِرُنِیْ بِمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ بِاسْمِہٖ وَنَسَبِہٖ اِلٰی عَشِیْرَۃٍ فَاُثْبِتُہٗ عِنْدِیْ فِیْ صَحِیْفَۃٍ بَیْضَاءَ۔ (درمنثور ص۲۱۹ ج ۵)

ترجمہ: بیشک تم میں سے میرے قریب تر قیامت کے دن ہر مقام میں وہی شخص ہو گا جو دُنیا میں مجھ پر بکثرت درود و صلوٰۃ بھیجتا رہا ہو گا جو شخص مجھ پر جمعہ کے دن اور اس کی رات سو مرتبہ درود و صلوٰۃ بھیجے گا اللہ تعالیٰ

اس کی سو حاجتیں برلائے گا ستر اخروی حاجات اور تیس دنیوی پھر اللہ رب العزت ان صلوات پر ایک فرشتہ مقرر فرماتا ہے جو انہیں میری قبر میں مجھ پر پیش کرتا ہے جیسے کہ تم پر ہدیے اور تحفے پیش کئے جاتے ہیں۔ جس نے مجھ پر وہ درُود پڑھا ہوتا ہے اس کا نام تبلاتا ہے اور دس پشتوں تک اس کا نسب بھی تو میں اس درُود وصلواۃ کو اور اس کے نام و نسب کی تفصیل کو اپنے ہاں سفید اور نورانی صحیفہ اور کاغذ پر لکھ لیتا ہوں اور محفوظ کر لیتا ہوں۔

نہم :

درُود و صلواۃ بندہ کی طرف سے بہترین ہدیہ اور تحفہ ہے جو بارگاہِ رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلم میں پیش کیا جاتا ہے اور ہدیہ و تحفہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ فَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا جب تمہیں کوئی ہدیہ پیش کیا جائے تو اس سے بہتر تحفہ دو یا اسی کو واپس کر دو یعنی اگر بہتر دینے کی گنجائش نہیں ہے لیکن نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم جیسے رحمت مجسم اور رءوف و رحیم نبی کے متعلق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے دنیا و آخرت کے خزائن پر تصرف میں مختار و ماذون محبوب کے متعلق یہ تصور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ بہتر بدلہ دینے سے قاصر ہوں یا بہتر بدلہ دینے پر قدرت کے باوجود اس سے اجتناب فرمائیں تو لامحالہ وہ کریم و بےچال اور اُمّت کا ہمدرد و غمخوار نبی انہیں اپنی شان کے لائق بہترین تحفہ اور ہدیہ سے نوازے گا۔ جس کی ایک صورت یہ ہے کہ اس کے حق میں شفاعت فرما کر دوزخ کی دہکتی آگ سے بچا لیں اور دوزخ کے ملائکہ سے اسے واپس لے لیں گے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ اسے اپنے ساتھ رکھیں گے اور اپنے ظلِ عاطفت میں جگہ دیں گے جیسے کہ اس مضمون کی روایات ذکر کی جا چکی ہیں۔ تیسری صورت یہ ہے کہ اس بندے نے چونکہ حکم خداوند تعالیٰ کی تعمیل میں درُود و سلام پیش کیا تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیوی و اخروی حاجات برلائے، اس پر درُود بھیجے، اس کے درجے بلند فرمائے اور گناہ معاف فرمائے جن کی تفصیل نظر نواز ہو چکی اور یہ سب عنایت و کرمنوازی محبوب کریم علیہ الصلواۃ کے صدقہ میں ہوتی ہے تو یہ بھی گویا ان کی طرف سے ہی جوابی تحفہ اور ہدیہ ٹھہرا۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ جب بندہ بطور خطاب درود و سلام عرض کرے تو خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جواب عطا فرماتے ہیں جیسے کہ ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے "مَامِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّ عَلَیْهِ السَّلَامَ۔ جو مسلمان بھی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھ پر میری روح کو لوٹاتا ہے حتّٰی کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں (مشکواۃ باب الصلواۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم) محبِ مخلص اور نیاز کیش غلام کے لیے یہ کتنا بڑا مژدہ ہے اور عظیم بشارت ہے کہ محبوب خدا، سید انبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کو زبان اقدس سے جواب مرحمت فرمائیں اور وہ بھی ہر سلام کا اور اس زبان حقیقت ترجمان سے جس سے سرزد ہونے والا ہر لفظ کن کی کنجی اور

تیر قضا ہوتا ہے۔ اس لیے آپ کے پروانے تڑپ کر عرض کرتے ہیں ؎

بہر سلام مکن رنجہ درجواب آں لب ۔ کہ صد سلام مرا بس یکے جواب از تو

یا رسول اللہ ہر سلام کے جواب میں ہونٹوں کو جواب میں جنبش کی زحمت دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ہمارے سینکڑوں سلاموں کے جواب میں ایک مرتبہ ہی آپ کا وعلیک السلام فرما دینا کافی ہے۔

بلکہ ان سوختگانِ محبت کے لیے تو فقط یہ مژدہ ہی آبِ حیات ہے اور نئی زندگانی کا موجب کہ اس بارگاہ والاجاہ میں اس کا نام لیا جائے اور اس کا نسب بیان کیا جائے اور اس کے درُود و سلام پیش کرنے کا تذکرہ ہی ہو جائے جیسے کہ حدیث پاک میں ذکر ہو چکا ہے ؎ لَكَ الْبِشَارَةُ فَاخْلَعْ مَا عَلَيْكَ فَقَدْ ذُكِرْتَ ثَمَّ عَلٰى مَا فِيْكَ مِنْ عِوَجٍ تیرے لیے بشارت اور مژدہ جانفزا ہے اپنے اُوپر سے ہر گرانی کو اتار پھینک کیونکہ تمامتر کجرویوں اور کوتاہیوں کے باوجود اس بارگاہ عرش آستاں میں تیرا ذکر کیا گیا ہے ؎

جاں میدہم در آرزوئے قاصد آخر باز گو ۔ در مجلس آں نازنین حرفے کہ از ما میرود

چہ جائیکہ جوابِ میں سلام بھی مرحمت ہو اور وہ بھی ہر سلام کے جواب میں جو یقیناً مقبول اور موجب فلاح ہے۔ ازینجا میتواں دانست کہ سلام بر آنحضرت چہ فضیلت دارد و سلام گوینده بر آنحضرت خصوصاً بسیار گوینده را چہ شرف است، اگر سلام تمام عمر را یک جواب آید سعادت است چہ جائے آنکہ ہر سلام را جواب شنود۔ (اشعۃ اللمعات جلد اول صـ ۴۴۱ و صـ ۴۳۶)

بس بود جاہ و احترام مرا ۔ یک علیک از تو صد سلام مرا (علامہ حقی۔ روح البیان)

فائدہ جلیلہ :

جب بندہ نماز میں دست بستہ قیام کرتا ہے پھر بارگاہ کے نیچے دوتا پشت ہونے کا رکوع کی صورت میں عملی اظہار کرتا ہے اور پھر تواضع اور انکساری کی انتہاء کرتے ہوئے اشرف الاعضاء کو ارذل الاشیاء پر رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے حریم ناز میں داخل ہونے کا اسے اذن بخشتا ہے اور وہ مسندِ کرامت پر بٹھائے جانے کے بعد ہدیہ پیش کرنے لگتا ہے۔ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ ۔ اور مناجات و ہمکلامی سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں تو اسے متنبہ کیا جاتا ہے کہ اس مقام بالا اور منصب عالی تک رسائی نبی رحمت کی برکت متابعت اور ان کے طفیل حاصل ہوئی ہے تو وہ ادھر متوجہ ہوتا ہے اِذِ الْحَبِیْبُ فِیْ حَرَمِ الْحَبِیْبِ حَاضِرٌ فَاقْبِلُوْا عَلَیْهِ قَائِلِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔ فتح الباری جلد ثانی صـ ۲۵۹، عمدۃ القاری جـ ۱۱ صـ ۱۱۱ و کذا فی مدارج النبوہ جلد اول

ناگاہ کیا دیکھتا ہے کہ حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حبیب جل وعلیٰ کے حریم قدس میں حاضر ہیں تو وہ ادھر متوجہ ہوتے ہیں اور بطور خطاب و بالمشافہ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ. عرض کرتے ہیں نیز اہل عرفان کی بیان کی ہوئی اس وجہ خطاب سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں پیش کیا ہوا بندوں کا تحفہ بھی اس وقت تک قبول نہیں فرماتا جب تک وہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیۂ اخلاص و نیاز پیش نہ کریں اسی لیے نماز کے درمیانی اور آخری تشہد میں اپنے تحیات کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سلام اور صلوٰۃ کو ملا دیا ہے۔ علاوہ ازیں یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز جس طرح اللہ تعالیٰ کے حریم ناز تک رسائی کا ذریعہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالیہ تک رسائی کا ذریعہ بھی ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دونوں کی بارگاہ دراصل ایک ہی ہے اور دونوں اکٹھے ہوتے ہیں فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذَالِكَ۔

وہم :

علامہ اسماعیل حقی نے روح البیان ص۲۲۶ پر فرمایا کہ نفس انسانی بدنی علائق اور طبعی موانع وعوائق میں ڈوبا رہتا ہے اوصاف ذمیمہ اور اخلاق رذیلہ میں غرق رہتا ہے اور فیاض اقدس جل وعلیٰ انتہائی منزہ و مقدس ہے تو نفس انسانی اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی مناسبت نہ ہوئی (جبکہ فیض رسانی اور حصول فیض کے لیے عادت جاریہ اور قانون قدرت یہی ہے کہ باہم مناسبت و موافقت ہو) تو اللہ تعالیٰ سے فیض کا حصول انسانوں کے لیے صرف اسی واسطہ و وسیلہ کے ذریعے ممکن ہوگا جو دوہری صلاحیت و استعداد کا مالک و حامل ہو یعنی تجرد و نورانیت سے موصوف ہو اور اس میں مادیت اور بشریت بھی ہو جیسے آگ اور ترایندھن کے درمیان خشک لکڑی اور ہڈی اور گوشت کے درمیان غضروف یعنی ہڈیوں کے سرے جو نرمی میں گوشت کے مناسب اور شکل میں ہڈی کے موافق ہوتے ہیں وَتِلْكَ الْوَاسِطَةُ حَضْرَةُ صَاحِبِ الرِّسَالَةِ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَيْثُ يَسْتَفِيضُ مِنْ جِهَةِ تَجَرُّدِهٖ وَيُفِيضُ مِنْ جِهَةِ تَعَلُّقِهٖ اور وہ واسطہ و وسیلہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہے جو اپنے تجرد و نورانیت کی رو سے اللہ تعالیٰ سے فیض حاصل کرتے ہیں اور تعلق یعنی بشریت کی رو سے ہمیں فیض پہنچاتے ہیں فَالصَّلٰوةُ عَلَيْهِ وَاجِبَةٌ عَقْلًا كَمَا اَنَّهَا وَاجِبَةٌ شَرْعًا اَيْ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ۔ لہٰذا آپ پر درود و صلوٰۃ بھیجنا از روئے عقل بھی واجب و لازم ہے جیسے کہ اس آیت کریمہ کی رو سے شرعاً واجب و لازم ہے یعنی درود و صلوٰۃ وسیلہ بن جاتا ہے اس ذات مقدسہ کے ساتھ رابطہ و تعلق کا اور وہ وسیلہ ہیں اللہ کے فیض کا تو اس طرح درود و صلوٰۃ اس فیض قدس کے حصول کا ذریعے ہونے کی وجہ سے واجب و لازم ٹھہرا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

درُود وسلام نہ پڑھنے کی مذمت

جتنا قدر درود وسلام پڑھنا اہم اور ضروری ہے اور فضائل و کمالات کا موجب ہے اتنا قدر ہی اس کا نہ پڑھنا محرومی اور بدنصیبی کا موجب ہوگا کیونکہ اتنی کریم و رحیم اور محسن و مہربان ہستی کے لیے صرف زبان ہلانا بھی گوارا نہ ہو تو اس سے زیادہ حرمان نصیبی اور سیاہ بختی کیا ہو سکتی ہے جبکہ اس میں سراسر اپنی بھلائی اور بہتری ہو اور فلاح و کامرانی اور سرخروئی اور فائز المرامی ہو۔ اسی لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غافلی و کاہلی اور ناسپاسی اور احسان ناشناسی سے دور رکھنے کے لیے مختلف اسالیب اور طرق سے ڈرایا اور متنبہ فرمایا۔

۱۔ مسند امام احمد اور ترمذی میں حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ بڑا بخیل ہے وہ شخص جس کے پاس میرا ذکر کیا گیا پس اس نے مجھ پر درُود نہ بھیجا۔

۲۔ ابن ماجہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
مَنْ نَسِيَ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ اَخْطَأَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ۔ جو مجھ پر درُود وصلوٰۃ کو بھول گیا (اور اس کا تارک ہوگیا) تو وہ راہِ جنت سے بھٹک گیا۔

۳۔ امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بسند حسن نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ۔ نہیں بیٹھتی کوئی قوم ایسی مجلس میں کہ جس میں وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کریں اور نہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیجیں مگر ان کا وہاں بیٹھنا سراسر حسرت ہوگا (قیامت کے دن) پھر اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو بخش دے۔

۴۔ امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ ثُمَّ تَفَرَّقُوْا عَنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللهِ وَصَلٰوةٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامُوْا عَنْ اَنْتَنِ جِيْفَةٍ۔ نہیں جمع ہوتی کوئی قوم اور پھر منتشر ہوتی بغیر اللہ کے ذکر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود بھیجنے کے مگر (گویا) وہ اُٹھتے ہیں انتہائی بدبودار مردار پر سے یعنی وہ اسلام و ایمان بلکہ انسانیت کے تقاضوں سے

دُور رہے اور گدھوں کے ساتھ لاحق ہو گئے۔

۵ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا یَجْلِسُ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَا یُصَلُّوْنَ فِیْہِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْھِمْ حَسْرَۃً وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّۃَ لِمَا یَرَوْنَ مِنَ الثَّوَابِ۔ اَخْرَجَہُ النَّسَائِیُّ وَابْنُ اَبِیْ عَاصِمٍ وَاَبُوْبَکْرٍ فِی الْغِیْلَانِیَّاتِ وَالْبَیْھَقِیُّ فِی الشُّعَبِ۔

جو قوم ایک جگہ مل بیٹھے اور اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ نہ بھیجے تو یہ امر ان کے لیے قیامت کے دن سراسر حسرت و ارمان کا موجب ہو گا خواہ جنت میں داخل ہو بھی جائیں جبکہ وہ اس صلوٰۃ (اجتماعیہ) کے ثواب کو دیکھیں گے۔

۶۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ فَقَالَ رَغِمَ اَنْفُ امْرِئٍ ذُکِرْتَ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیْکَ۔ اَخْرَجَہُ الْبَیْھَقِیُّ فِی الشُّعَبِ

جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے تو کہا اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے پاس تمہارا ذکر کیا گیا مگر اس نے آپ پر درود نہ بھیجا۔

۷۔ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

کَفٰی بِہٖ شُحًّا اَنْ یَّذْکُرَنِیْ قَوْمٌ فَلَا یُصَلُّوْنَ عَلَیَّ۔ اَخْرَجَہُ الْقَاضِیْ اِسْمَاعِیْلُ۔

بخیلی کی انتہاء کو پہنچنے کے لیے یہی کافی ہے کہ ایک قوم میرا ذکر کرے مگر مجھ پر درود و صلوٰۃ نہ بھیجے۔

۸۔ امام بخاری نے الادب المفرد میں حضرت جابر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک ہی مضمون کی دو روایتیں نقل کی ہیں کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر شریف کی تین سیڑھیوں میں سے ہر ایک پر قدم مبارک رکھتے وقت آمین آمین آمین کہی جب اس کا سبب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔ میں نے پہلے درجہ پر قدم رکھا تو جبرئیل نے کہا۔ بدبخت و نامراد ہو وہ شخص جس نے رمضان کو پایا مگر وہ گزر گیا اور اس کی مغفرت کا سامان نہ ہو سکا میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا بدبخت و نامراد ہو وہ شخص جس نے والدین کو یا ان میں سے ایک کو پایا مگر انہوں نے اس کو جنت میں داخل نہ کیا میں نے کہا آمین۔ پھر اس نے کہا "شَقِیَ عَبْدٌ ذُکِرْتَ عِنْدَہٗ وَلَمْ یُصَلِّ عَلَیْکَ فَقُلْتُ اٰمِیْنَ بدبخت و نامراد ہو وہ شخص جس کے پاس آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہ بھیجا تو میں نے کہا آمین۔

(تفسیر درمنثور ص ۲۱۷ و ص ۲۱۸ ج ۵)

صلوٰۃ وسلام کا فقہی حکم

اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو خطاب فرما کر صلوٰۃ وسلام کا امر فرمایا اور از روئے اصولِ فقہ اور قواعدِ شرعیہ امر وجوب کے لیے ہوتا ہے اور جمہور علماء اسلام اور ائمۂ اسلام نے بھی وجوب کا قول کیا ہے، جیسے کہ علامہ آلوسی نے فرمایا۔ اَلْاَمْرُ فِی الْاٰیَۃِ عِنْدَ الْاَکْثَرِیْنَ لِلْوُجُوْبِ بَلْ ذَکَرَ بَعْضُھُمْ اِجْمَاعَ الْاَئِمَّۃِ وَالْعُلَمَاءِ عَلَیْہِ۔ کہ اکثرین نے اس امر و حکم کو وجوب و فرضیت پر محمول کیا ہے بلکہ بعض نے اس پر ائمہ و علماء کا اجماع ذکر کیا ہے ماسوائے محمد بن جریر طبری کے جو اس کو استحباب پر محمول کرتے ہیں مگر ان کا قول مؤول ہے یا پھر مردود۔

لیکن اس میں پھر اختلاف ہے کہ عمر بھر میں صرف ایک مرتبہ فرض و واجب ہے کیونکہ مطلق امر تکرار کو نہیں چاہتا اور مامور بہ کی نفس ماہیت فرد واحد کے ضمن میں متحقق ہو جاتی ہے۔ جمہور علماء اُمت بمع امام ابوحنیفہ اور امام مالک اسی کے قائل ہیں اور بعض نے کہا تشہد میں واجب ہے خواہ فرائض و واجبات ہوں یا سنن و نوافل اور بعض نے بکثرت صلوٰۃ وسلام پڑھنے کو واجب کہا بغیر کسی عدد کی تعیین و تخصیص کے اور یہی قاضی ابوبکر بن بکیر کا مختار ہے اور بعض نے کہا کہ ہر مجلس میں ایک مرتبہ واجب ہے خواہ آپ کا ذکر مبارک بار بار ہوتا رہے اور بعض حضرات نے کہا کہ جب بھی آپ کا ذکر کیا جائے درود و سلام واجب و لازم ہے اور علماء احناف کی ایک جماعت اسی کی قائل ہے جن میں امام طحاوی بھی شامل ہیں جیسے کہ فرمایا تَجِبُ کُلَّمَا سَمِعَ ذِکْرَہٗ مِنْ غَیْرِہٖ اَوْ ذَکَرَہٗ بِنَفْسِہٖ اور علماء مالکیہ میں سے طرطوشی۔ ابن عربی اور فاکھانی وغیرہم اس کے قائل ہیں اور شوافع حضرات میں امام حلیمی۔ استاذ ابواسحاق اسفرائنی اور شیخ ابوحامد اسفرایینی وغیرہم اسی کے قائل ہیں اور اس قول کی تائید و تقویت کے لیے وہ احادیث مبارکہ کافی ہیں جن میں ذکرِ حبیب کے بعد درود و سلام ذکر نہ کرنے پر مختلف وعیدات ذکر کی گئی ہیں اور کسی فعل کے ترک پر وعید کا ذکر اس کے وجوب کی علامت ہے۔ کما ہو مختار اکثر العلماء والتفصیل فی روح المعانی ص ۷۵ و ۷۶ جلد ۲۲

اقول وجوب فرض کے معنی میں آتا ہے اور فرض و سنت کے درمیانی مرتبہ پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے یعنی جس کا انکار کفر تو نہ ہو لیکن ترکِ عمل پر عذاب ترکِ فرض کی مانند ہو۔ تو ایسی صورت میں عمر بھر میں ایک دفعہ اس کا پڑھنا فرض ہو گا مانند کلمۂ توحید کے اور تشہد صلوات میں اور مجالس میں ذکر پاک آنے پر واجب ہو گا نہ کہ فرض ہذا واللہ ورسولہ اعلم

افضل الصلوات و التسلیمات

علماء اسلام کا اس میں بھی اختلاف ہے کہ سب سے افضل درود کونسا ہے بعض نے نماز میں پڑھے جانے والے دُرود کو افضل قرار دیا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعلیم دی اور ظاہر ہے کہ آپ نے افضل و اعلیٰ کیفیت ہی اپنے لیے اختیار فرمائی ہوگی۔ اسی لیے نووی علیہ الرحمہ نے کہا کہ اگر کوئی حلف اُٹھائے کہ میں نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم پر افضل ترین دُرود پڑھوں گا تو اس کی قسم صرف اسی درود کے پڑھنے سے پوری ہوگی لیکن دوسرے علماء اسلام نے ان سے اختلاف کیا ہے۔

۱۔ رافعی نے مروزی سے نقل کیا ہے کہ قسم اس دُرود کے پڑھنے سے پوری ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَکَ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمدؐ کریم اور آل محمد پر ہر بار کہ اہل ذکر تیرا ذکر کریں اور ہر بار کہ ان سے اہل غفلت غفلت برتیں۔

۲۔ قاضی حسین فرماتے ہیں قسم پوری ہونے کی صورت یہ ہے کہ یہ دُرود پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ اے اللہ محمدؐ کریم پر دُرود بھیج جیسے کہ وہ اس کے لائق اور مستحق ہیں

۳۔ علامہ بارزی نے کہا کہ افضل ترین درود یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ اے اللہ محمدؐ و آل محمدؐ پر افضل ترین درود بھیج اپنے (لامحدود) معلومات کے مطابق۔

۴۔ علامہ کمال بن الہمام حنفی نے فرمایا کہ درود شریف کے متعلق منقول تمام کیفیات اور صیغے اس درود میں آجاتے ہیں لہٰذا یہ سب سے افضل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِنَا عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ تَسْلِیْمًا وَّزِدْہُ شَرَفًا وَّتَکْرِیْمًا وَّاَنْزِلْہُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ اے اللہ ہمیشہ اپنا افضل ترین درود بھیج ہمارے سردار اپنے عبدِ خاص اور نبی و رسول محمدؐ پر اور آپ کی آل پر اور سلام بھیج اور ان کے شرف و کرامت میں اضافہ فرما اور قیامت کے دن انھیں اپنے قریب ترین منزل میں جگہ عطا فرمانا۔

۵۔ صحابہ کرام اور تابعین بالاحسان کی عظیم جماعت سے یہی منقول ہے کہ نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر صلواۃ بھیجنے میں

منصوص کیفیت پر انحصار و توقف نہیں ہے بلکہ جس کو اللہ تعالیٰ نے فصاحت و بلاغت سے نوازا ہو اور وہ ان معانی و مطالب کو فصیح اور صریح عبارات سے ادا کر سکتا ہو جو آنحضور کے کمال شرف اور عظمتِ حرمت پر مشتمل ہوں تو اسے یہ حق حاصل ہے اور اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ روایت ہے جسے عبدالرزاق۔ عبد بن حمید۔ ابن ماجہ اور ابن مردویہ نے آپ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جب نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و صلواۃ بھیجو تو اچھی سے اچھی صلواۃ بھیجو کیونکہ تمہیں کیا معلوم کہ ہو سکتا ہے وہ آپ پر پیش کی جائے تو عرض کیا گیا کہ آپ ہی ہمیں ایسی عمدہ صلواۃ سکھلاؤ تو آپ نے فرمایا اس طرح عرض کیا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَرَحْمَتَکَ وَبَرَکَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَائِدِ الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَۃِ، اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا یَّغْبِطُہٗ بِہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اے اللہ اپنی صلوات اور رحمت و برکات نازل فرما سید المرسلین۔ امام المتقین اور آخر الزمان نبی محمدؐ پر جو تیرے عبدِ خاص ہیں اور خیر و بھلائی کی طرف رہبر و قائد ہیں اور سراپا رحمت رسول ہیں۔ اے اللہ ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کی وجہ سے اولین و آخرین ان کے ساتھ رشک کریں گے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر جیسے تو نے صلواۃ نازل فرمائی ابراہیم و آل ابراہیم پر بیشک تو ہمیشہ کے لیے سراہا ہوا ہے اور بزرگ و برتر ہے

(روح المعانی ص۷۷ جلد ۲۲)

۶۔ دارقطنی نے افراد میں اور ابن نجار نے تاریخ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ میں بارگاہ نبوی علیٰ صاحبہا الصلواۃ والسلام میں حاضر تھا کہ ایک آدمی حاضر خدمت ہوا، اس نے سلام پیش کیا اور آپ نے اس کا جواب عنایت فرمایا بڑی خندہ پیشانی سے پیش آئے اور اپنے پہلو میں بٹھایا جب وہ اپنا مدعا پورا کر کے رخصت ہوا تو آپ نے فرمایا، اے ابوبکر یہ وہ شخص ہے کہ جس کا ہر روز تمام روئے زمین والوں کے برابر عمل اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا یہ کیسے اور کیونکر ہوتا ہے تو آپ نے فرمایا کہ جب بھی یہ صبح کرتا ہے تو دس مرتبہ تمام مخلوق کے برابر درود بھیجتا ہے میں نے عرض کیا وہ کیسے تو آپ نے ارشاد فرمایا یہ کہتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ۔ (درمنثور ص۲۱۶ ج ۵۔)

اے اللہ صلواۃ و رحمت کاملہ نازل فرما نبی محمدؐ پر مطابق تعداد اپنی مخلوق میں سے صلواۃ بھیجنے والوں کے اور

صلواۃ نازل فرمائی محمدؐ پر جیسے کہ ہمارے لیے مناسب ہے کہ ہم ان پر درود و صلواۃ بھیجیں اور اپنے نبی محمدؐ پر درود و صلواۃ بھیج جیسے کہ تو نے ہمیں ان پر صلواۃ کا حکم دیا۔

۷۔ ابن عدی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے اور ابو داؤد۔ ابن مردویہ اور بیہقی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسے یہ امر خوشی و مسرت عطا کرے کہ اسے کامل اکمل پیمانہ کے ساتھ پوری پوری جزاء دی جائے جبکہ وہ ہم اہل بیت پر درود و صلواۃ بھیجے تو چاہیئے کہ وہ یوں کہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

حضرت ابوہریرہ کی روایت میں یہ کلمات ہیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ درمنثور ص۲۱۸ ج ۵ اور یہ امر واضح ہے کہ اگر یہ درود افضل ترین نہ ہوتا تو کامل و اکمل پیمانہ کے ساتھ پوری پوری جزاء کا موجب نہ ہوتا۔

۸۔ عبدالرزاق اور عبد بن حمید نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا کہ آپ جب درود و صلواۃ پڑھتے تو یوں کہتے۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدِنِ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَاءَ وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى كَمَا اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى۔ اے اللہ محمد کریم کی شفاعتِ کبریٰ قبول فرما اور ان کا درجہ عالیہ بلند فرما۔ اور ان کا مطلوب و مدعا دنیا و آخرت میں عطا فرما جیسے کہ تو نے حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کو ان کا مطلوب اور مدعا عطا فرمایا۔

۹۔ علامہ آلوسی نے فرمایا فِيْ عِدَّةِ طُرُقٍ عَنْ عِدَّةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ اَنَّهُمْ لَمَّا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالُوْا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ۔ متعدد اسانید سے مختلف صحابہ کرام علیہم الرضوان سے مروی ہے کہ وہ جب عرض کرتے یا رسول اللہ تو ساتھ ہی عرض کرتے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ۔

اقول نیز تمام محدثین و مفسرین اور فقہاء و اصولیین اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں اور دوران تقریر و تکلم ہر مقرر اور متکلم کہتا ہے صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اور اسم گرامی آئے اور صحابہ کرام علیہم الرضوان حاضر خدمت ہوتے وقت السلام علیک یا رسول عرض کرتے تھے اور تشہد میں منقول و منصوص الفاظ استعمال نہیں کرتے تھے تو صرف درود ابراہیمی کو افضل ترین صلواۃ ماننے سے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے عہد سے لے کر آج تک تمام اُمّت کا ترکِ افضل پر اجماع لازم آئے گا اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف

سے افضل ترین صلواۃ کی قولی اور تقریری طور پر مخالفت بھی لازم آئے گی جس کا بطلان واضح ہے۔ لہٰذا یہ امر تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں کہ سلام کے وہ مخصوص الفاظ اور صلواۃ کی وہ مخصوص کیفیت صرف نماز سے متعلق ہے عام نہیں ہے اور روایات سے بھی یہی تخصیص ثابت ہے لہٰذا اس کی افضلیت نماز تک محدود ہے۔

۱۰۔ ابن خزیمہ۔ حاکم اور بیہقی نے حضرت ابومسعود عقبہ بن عمرو سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا اَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا عَلَيْكَ فِيْ صَلٰوتِنَا۔ لیکن سلام پیش کرنے کا طریقہ تو ہم نے جان لیا تو درود و صلواۃ کس طرح بھیجیں جب ہم آپ پر نماز میں صلواۃ بھیجیں یہ سوال سن کر آپ خاموش رہے پھر فرمایا جب صلواۃ بھیجو تو یوں کہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ (درمنثور ص۲۱۰ ج ۵)

علامہ ابن قیم نے جلاء الافہام میں ذکر کیا کہ ... اِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا فِيْ صَلٰوتِنَا والے اضافہ کو امام احمد نے نقل کیا ہے اور اس کو ابن خزیمہ اور حاکم نے اپنی اپنی صحیح میں اسی اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کو علی شرط مسلم تسلیم کیا ہے۔ اور اس سند میں محمد بن اسحاق کی وجہ سے جو جرح کی جاتی ہے اس کا جواب دیتے ہوئے کہا

اِنَّ ابْنَ اِسْحَاقَ ثِقَةٌ لَمْ يُجْرَحْ بِمَا يُوْجِبُ تَرْكَ الْاِحْتِجَاجِ بِهٖ وَقَدْ وَثَّقَهُ كِبَارُ الْاَئِمَّةِ وَاَثْنَوْا عَلَيْهِ بِالْحِفْظِ وَالْعَدَالَةِ الَّذِيْنَ هُمَا رُكْنَا الرِّوَايَةِ ص۵

ابن اسحاق ثقہ ہے اس پر ایسی جرح نہیں کی گئی جس سے اس کی روایت کے ساتھ استدلال کا ترک لازم ہو جائے جبکہ اکابر ائمہ نے اس کی توثیق کی ہے اور حفظ و عدالت کے ساتھ اس کی ثناء کی ہے جو روایت کے رکن ہیں نیز محمد بن اسحاق کی روایت میں تدلیس کا اندیشہ ہوتا ہے اور اس روایت میں اس کی طرف سے سماع کی تصریح موجود ہے لہٰذا یہ اندیشہ اور توہم بھی ختم ہو گیا۔

نیز علامہ موصوف نے ہی دوسرے مقام پر فرمایا "قَدْ صَحَّحَ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْحُفَّاظِ مِنْهُمُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَابْنُ حِبَّانَ وَالْحَاكِمُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ ص۲۰۸ یعنی صحابی رسول حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے استفسار اور ابومسعود انصاری بدری صحابی کی روایت میں مذکور اس اضافہ کی "کہ جب ہم نماز میں آپ پر صلواۃ بھیجیں تو کس طرح بھیجیں" کی توثیق حفاظ حدیث کی جماعت نے فرمائی ہے جن میں ابن خزیمہ، ابن حبان، حاکم، دارقطنی اور بیہقی رحمہم اللہ تعالیٰ شامل ہیں۔ وکذا فی فتح الباری للعسقلانی ص۴۰۹ ج ۸

علاوہ ازیں صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا "هٰذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَكَيْفَ الصَّلٰوةُ عَلَيْكَ" ۔ یہ مامور بہ سلام تو ہم پیش کرنے کا طریقہ جان چکے فرمائیں صلواۃ پیش کرنے کی کیفیت کیا ہے وَمِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّ السَّلَامَ الَّذِیْ عَلِمُوْهُ هُوَ قَوْلُهُمْ فِی الصَّلٰوةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَوَجَبَ اَنْ تَكُوْنَ الصَّلٰوةُ الْمَقْرُوْنَةُ هِیَ فِی الصَّلٰوةِ ۔ جلاء الافہام ص۱۹۹

اور یہ امر معلوم و مسلم ہے کہ جو سلام انھیں معلوم تھا وہ یہی نماز میں ان کا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہنا ہی تھا لہٰذا ضروری ٹھہرا کہ اس استفسار پر جو صلواۃ کی کیفیت سکھلائی گئی اس کا تعلق بھی نماز سے ہی ہو۔

علامہ ابن القیم حنبلی نے ہی جلاء الافہام ص۲۰۸ پر فرمایا

مزید وضاحت اس دعویٰ کی اس امر سے ہو جاتی ہے کہ اگر اس صلواۃ اور سلام سے مراد نماز سے باہر کی کیفیت کا بیان ہوتا تو ہر صحابی بوقت سلام ہی عرض کرتا۔۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ "وَمِنَ الْمَعْلُوْمِ اَنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا يَتَقَيَّدُوْنَ فِی السَّلَامِ عَلَيْهِ بِهٰذِهِ الْكَيْفِيَّةِ ۔ اور یہ بھی کو معلوم ہے کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم سلام پیش کرتے وقت اس کیفیت خاصہ کی پابندی نہیں کرتے تھے بلکہ کوئی حاضر خدمت ہوتا تو السلام علیکم عرض کرتا اور بعض "اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ" کہتے اور کچھ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" عرض کرتے نیز صحابہ کرام ابتداء اسلام سے آپ کو سلام پیش کرتے چلے آرہے تھے جو اسلام میں ان کو سکھلایا گیا تھا اور بعد ازاں ان کو جو سکھلایا گیا وہ نماز کا سلام تھا۔

الغرض یہ حقیقت مہر نیمروز کی طرح روشن ہو گئی کہ یہ طریقہ صلواۃ بھیجنے کا نماز سے مخصوص ہے اور صلواۃ کو علیٰ الاطلاق اس کیفیت مخصوصہ میں مقید ٹھہرانا نص قطعی کے اطلاق کو منسوخ کرنے کے مترادف ہے جبکہ ظنی روایت اور خبر واحد کے ساتھ قطعی کا نسخ بالکل جائز نہیں ہے۔

نیز اس خبر واحد میں کوئی حصر اور تخصیص کا کلمہ بھی نہیں کہ فقط یہی الفاظ ادا کئے جائیں دوسرے الفاظ سے صلواۃ کی ادائیگی درست نہیں۔ پھر تمام صحابہ کرام اور تابعین و تبع تابعین کے عہد سے آج تک اس درود و سلام پر بھی عمل چلا آرہا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم" اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مختلف صیغے مروی و منقول ہیں اور صحابہ کرام نے اپنے طور پر بھی مختلف انداز سے درود و سلام پڑھے اور پڑھنے کا حکم دیا اور مشائخ کرام نے درود و سلام کے صیغوں پر مشتمل کتابیں تصنیف فرمائیں جو ہزاروں درودوں اور سلاموں پر مشتمل ہیں اور سلاسل اربعہ میں ان کا پڑھنا مروج اور معمول ہے اور مشائخ اپنے متعلقین کو بھی ان کے پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں اور مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی نے بھی شہاب ثاقب

ص۶۶ پر دلائل الخیرات شریف وغیرہ کے متعلق علماء دیوبند کے معمولات میں سے ہونے اور اپنے متعلقین کو بھی اس کے پڑھنے کی تلقین کی تصریح کی ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ "وہابیہ خبیثہ کثرت صلواۃ و سلام و درود بر خیر الانام علیہ الصلواۃ والسلام اور قرأت دلائل الخیرات و قصیدہ بردہ و قصیدہ ہمزیہ وغیرہ اور اس کے پڑھنے اور استعمال کرنے اور ورد بنانے کو سخت قبیح و مکروہ جانتے ہیں (تا) حالانکہ ہمارے مقدس بزرگان دین اپنے متعلقین کو دلائل الخیرات وغیرہ کی سند دیتے رہے ہیں اور ان کو کثرت درود و سلام و تحزیب و قرأت دلائل الخیرات وغیرہ کا امر فرماتے رہے ہیں۔ ہزاروں کو مولانا گنگوہی و مولانا نانوتوی نے اجازت فرمائی اور مدتوں خود بھی پڑھتے رہے۔ شہاب ثاقب ص۶۶

علامہ اسماعیل حقی رحمہ اللہ نے روح البیان جلد سابع ص۳۳۳ پر فرمایا۔

وَاعْلَمْ اَنَّ الصَّلَوَاتِ مُتَنَوِّعَةٌ اِلٰی اَرْبَعَةِ اٰلَافٍ وَفِیْ رِوَايَةٍ اِلٰی اِثْنَیْ عَشَرَ اَلْفًا عَلٰی مَا نُقِلَ عَنِ الشَّيْخِ سَعْدِ الدِّيْنِ مُحَمَّدِ الْحَمَوِیِّ قُدِّسَ سِرُّهٗ كُلٌّ مِنْهَا مُخْتَارُ جَمَاعَةٍ مِنْ اَهْلِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ بِحَسْبِ مَا وَجَدُوْهُ رَابِطَةَ الْمُنَاسَبَةِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَهِمُوْا فِيْهِ الْخَوَاصَّ وَالْمَنَافِعَ۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ درود و صلوات چار ہزار انواع و اقسام ہیں اور ایک روایت کے مطابق بارہ ہزار اقسام جیسے کہ شیخ سعد الدین محمد حموی قدس سرہ سے منقول ہے جن میں سے ہر ایک درود شرق و غرب کے اخیار و اصفیاء اور کاملین کی ایک جماعت کا مختار ہے جس کی بنائے اختیار اس درود و صلواۃ کی بدولت ان کے اور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قائم ہونے والے ربط اور روحانی تعلق پر ہے اور ان خواص اور منفعتوں پر جو انہیں ان درودوں اور صلوات میں معلوم ہوئیں (اپنے نور فراست اور کشف کے ذریعے اور اپنے تجربات و مشاہدات کی بدولت)

منها قوله "اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَ اللّٰهِ (الی) اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ ۔ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَحَمَلَةِ عَرْشِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلَيْكَ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

ایں صلوات را صلوات فتح گویند چہل کلمہ است صلوات مبارکست و نزد علماء معروف و مشہور و بہر مرادے کہ خواند حاصل گردد، ہر کہ چہل بامداد بعد از ادائے فرض بگوید کار بستہ او بکشاید و بر دشمن ظفر یابد و اگر در حبس بود حق تعالیٰ سبحانہ او را رہائی بخشد و خواص او بسیار است ص۲۳۶ ج ۷ ۔ ان درودوں اور صلوات میں سے یہ درود و صلواۃ بھی ہے۔ اس کو صلوات فتح کہتے ہیں جو چالیس کلمات (ندائیہ) پر مشتمل ہے۔ بہت بابرکت درود ہے اور علماء کرام کے نزدیک مشہور و معروف اور جس مرام و مقصد کے لیے اسے پڑھیں وہ ضرور حاصل ہو گا جو شخص چالیس روز صبح کی نماز فرض ادا کرنے کے بعد یہ درود

پڑھے تو اس کی مشکل حل ہو جائے گی اور اسے دشمن پر ظفر و کامیابی حاصل ہوگی اور اگر قید و حبس میں ہو تو اللہ سبحانہ و تعالےٰ اس کو رہائی اور خلاصی بخشے گا اور علاوہ ازیں بھی بہت خواص ہیں ۔ منہا قولہ " اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْحَرَمَيْنِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اِمَامَ الْخَافِقَيْنِ (الی) عَلَيْكَ وَعَلٰى عِتْرَتِكَ وَاُسْرَتِكَ وَاَوْلَادِكَ وَاَحْفَادِكَ وَاَزْوَاجِكَ وَاَفْوَاجِكَ وَخُلَفَائِكَ وَنُقَبَائِكَ وَنُجَبَائِكَ وَاَصْحَابِكَ وَاَحْزَابِكَ وَاَتْبَاعِكَ وَاَشْيَاعِكَ سَلَامُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۔ این را تسلیمات سبعہ گویند کہ ہفت سلام است ہر کہ بکارے درماند و مہمات او فروبستہ باشد ہفت روز بعد از ادائے نمازے یازدہ بار صلوات فرستد پس این تسلیمات را ہفت بار بخواند مہم کفایت شود و حاجت روا گردد ص ۲۳۶

انہیں تسلیمات سبعہ کہتے ہیں کیونکہ سات (صیغے) سلام کے ہیں، جو شخص کسی کام میں عاجز آجائے اور اس کے اہم معاملات میں رکاوٹ پیدا ہو جائے تو سات دن نماز ادا کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پڑھے پھر یہ سات سلام سات مرتبہ پڑھے تو اس کی مشکل دور ہو جائے گی اور حاجت روا ہو جائے گی ۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی چشتی صابری قدس سرہ العزیز نے سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کرنے کے لیے جو درود و صلوات تلقین فرمائی ہیں وہ بھی صیغۂ نداء پر ہی مشتمل ہیں ۔ فرماتے ہیں "طریق زیارت صلی اللہ علیہ وسلم"

بعد نمازِ عشا با طہارت کامل و جامۂ نو و استعمال خوشبو با ادب تمام روبسوئے مدینہ منورہ بنشیند و ملتجی از جناب اقدس حقیقت محمدی برائے حصول زیارت جمال مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شود و دل را از جمیع خطرات خالی کردہ صورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلباس بسیار سفید و عمامۂ سبز و چہرۂ منور مثل بدر بر کرسی تصور کند و الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ راست ۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ چپ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ در دل خود ضرب کند این درود شریف را ہر قدر کہ تواند پے در پے تکرار کند بعد ازاں این ہر سہ درود ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضَاهُ ۔ ہر قدر کہ تواند بعد طاق بخواند و بوقت نخفتن بست و یکبار سورۂ اذا جاء نصر اللہ خواندہ بتصور جمال مبارک درود گویاں سر بسوئے قطب و رو بقبلہ و بر دست راست بخسپد الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ خواندہ برکف راست دمیدہ و زیر سر نہادہ بخسپد این عمل شب جمعہ یا شب دوشنبہ بکند، چند بار بعمل آرد ان شاء اللہ تعالےٰ بمطلوب خواہد رسید (ضیاء القلوب ص ۸۱)

نماز عشاء کے بعد کامل طہارت کے بعد نئے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر کامل ادب کے ساتھ منہ مدینہ منورہ کی طرف کر کے بیٹھے اور حقیقت محمدیہ کی بارگاہ اقدس میں جمال مبارک کی زیارت کی التجاء کرے اور دل کو تمام خیالات و وساوس سے خالی کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مبارک کا تصور اس طرح کرے کہ آپ بہت سفید لباس زیب تن فرمائے، سبز عمامہ سر انور پر باندھے چودھویں کے چاند جیسے چمکتے چہرہ انور کے ساتھ میرے سامنے کرسی پر جلوہ افروز ہیں اور پھر الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ دائیں جانب متوجہ ہو کر ۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ بائیں جانب متوجہ ہو کر اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ دل کی طرف متوجہ ہو کر پڑھے اور اس درود کو پے در پے جس قدر بھی استطاعت و قدرت ہو بار بار پڑھے ۔ اس کے بعد یہ تین درود جتنا قدر ممکن ہو اس قدر زیادہ تعداد میں طاق مرتبہ پڑھے اور سوتے وقت اکیس مرتبہ سورۂ اذا جاء نصر اللہ پڑھے اور جمال مبارک کا تصور کرتے ہوئے درود پڑھتے پڑھتے سر قطب شمال کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف کر کے لیٹے اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کر کے اسے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے اور یہ عمل جمعہ کی رات یا سوموار کی رات کرے اگر کئی مرتبہ اس پر عمل پیرا ہو گا تو انشاء مطلوب حاصل ہو جائے گا ۔

اور دوسرے مقام پر اسی سعادت کے حصول کا طریقہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں ۔

"ذکر کشف روح مبارک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم"

صورت مثالیہ آنحضرت را تصور نمودہ درود خواند و بطرف راست یا احمد و چپ یا محمد و در دل یا رسول اللہ ضرب کند ہزار بار بگوید علانیہ یا در خواب از دولت دیدار مبارک مشرف شود (ضیاء القلوب ص ۵۸)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مثالیہ کا تصور کرتے ہوئے درود پڑھے اور دائیں جانب یا احمد (الصلوٰۃ والسلام علیک یا احمد) اور بائیں جانب (الصلوٰۃ والسلام علیک) یا محمد اور دل پر ضرب لگاتے ہوئے (الصلوٰۃ و والسلام علیک یا رسول اللہ ہزار مرتبہ کہے ۔ بیداری میں یا خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہو جائے گا ۔

علامہ ابن القیم نے جلاء الافہام ص ۲۵۸ اور علامہ حافظ شمس الدین سخاوی نے القول البدیع ص ۱۷۳ پر حضرت شبلی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مقبولیت اور آپ کی ان پر نظر التفات اور نگاہ لطف و کرم کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھتے تھے " لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۔ اور پھر تین مرتبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ پڑھتے تھے ۔

چنانچہ جب حضرت شبلی حضرت ابوبکر بن مجاہد کے پاس ان کی مسجد میں تشریف لائے تو وہ ان کے استقبال کو اُٹھے اور انھیں گلے لگایا اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا تو ابو بکر محمد بن عمر نے ان سے عرض کیا "یَا سَیِّدِیْ تَفْعَلُ هٰذَا بِالشِّبْلِیْ اَنْتَ وَجَمِیْعُ مَنْ بِبَغْدَادَ یَتَصَوَّرَانِهٖ مَجْنُوْنًا؟ فَقَالَ فَعَلْتُ بِهٖ كَمَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ بِهٖ۔ اے میرے مخدوم و مولیٰ تم شبلی کے ساتھ اس طرح تعظیم و تکریم سے پیش آرہے ہو حالانکہ تم خود اور تمام اہلِ بغداد ان کو مجنون سمجھتے ہیں تو انہوں نے فرمایا میں نے ان کے ساتھ ویسے ہی سلوک کیا ہے جیسے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ان کے ساتھ کرتے دیکھا ہے۔

پھر اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ میں خواب میں دیدار مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مشرف ہوا اور دیکھا کہ شبلی آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہے ہیں تو آپ ان کے لیے اُٹھے اور ان کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ جب میں نے عرض کیا کہ آپ ان سے یہ مہربانی کیوں فرما رہے ہو تو فرمایا یہ ہر نماز کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے اور اس کے بعد یہ تین مرتبہ "صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْكَ یَا مُحَمَّدُ" پڑھتا ہے چنانچہ جب شبلی میرے پاس تشریف لائے تو میں نے ان کے نماز کے بعد والے ورد و وظیفہ کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے اس وقت بھی وہی کیفیت بیان کی۔

اور علامہ سخاوی نے مزید کہا کہ امام ابوبکر بن مجاہد نے کہا "اَلَا اَقُوْمُ لِمَنْ یُعَظِّمُهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ" کیا میں اس کے لیے قیام کیوں نہ کروں جس کی رسول پاک تعظیم کریں پھر فرمایا کہ مجھے رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلّم نے خواب میں دیدار سے مشرف فرمانے کے بعد کہا کہ کل تیرے پاس ایک جنتی شخص آئے گا لہٰذا اس کے آنے پر اس کی تعظیم و تکریم کرنا۔ جب میں نے تعمیل ارشاد میں حضرت شبلی کی تعظیم و تکریم کی تو دو تین رات بعد پھر آپ نے دولت دیدار سے مشرف فرمایا "اَكْرَمَكَ اللّٰهُ كَمَا اَكْرَمْتَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ۔ اللہ تعالیٰ تجھے بزرگی و برتری بخشے جیسے کہ تو نے ایک جنتی آدمی کی تعظیم و تکریم کی ہے۔ جب میں نے اس کرمنوازی اور بندہ پروری کا سبب دریافت کیا تو فرمایا یہ وہ شخص ہے جو اسّی سال سے ہر نماز کے بعد یہ عمل کرتا چلا آرہا ہے "اَفَلَا اُكْرِمُ مَنْ یَّفْعَلُ هٰذَا"۔ تو کیا ایسے پاکیزہ عمل والے شخص کی میں تعظیم نہ کروں۔

اگر یہ دُرود کسی فضیلت و برتری کا حامل نہ ہوتا تو اس کا پڑھنے والا اس قدر تعظیم و تکریم اور جنّت کی بشارات کا مستحق کیونکر ہوتا؟ گویا یہ دُرود اس قدر مقبول بارگاہِ رسالت اور مقبول بارگاہِ خداوند تعالیٰ ہے کہ ہر مراد بر آتی ہے ہر مشکل حل ہوتی ہے اور دولتِ دیدار جیسی عظیم نعمت بھی اس کی بدولت حاصل ہوتی ہے اور چشم بخت وا ہو جاتی ہے اور دل کی میل دھل جاتی ہے اور آئینہ قلب اس قدر صاف اور اجلا ہو جاتا ہے کہ آفتاب حقیقت محمدیہ کے جلوے اس میں جھلکنے

لگتے ہیں اور دیدۂ بصیرت اور دیدۂ بصر حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے دیدار والی نعمت عظمیٰ سے مشرف ہو جاتے ہیں اور نبی الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم ایسے دُرود پڑھنے والوں کی خود بھی تعظیم و تکریم فرماتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کا حکم دیتے ہیں۔ اگر یہ درود اور صلوٰۃ ہی نہ ہوتے اور ان کا پڑھنا بدعت اور ناجائز ہوتا تو یہ فوائد عظیمہ کیونکر ان کی بدولت حاصل ہوتے۔ جب اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کریم کو یہ سب دُرود و سلام پسند ہیں تو پھر کسی دوسرے سے اس کے جواز کی سند حاصل کرنے کی ضرورت ہی کیا ہو سکتی ہے۔

"کیا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سپیکری دُرود ہے"

آج کل بعض بے باک اور گستاخ لوگ الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کو سپیکری دُرود اور بریلی کے دُرود سے تعبیر کر کے اس کی اہمیت کو کم کرنے بلکہ اس کو ناجائز ثابت کرنے کی سعی ناپاک کرتے ہیں تو ان کی توجہ کے لیے عرض ہے کہ ان اقوال کو غور سے پڑھیں تاکہ حقیقتِ حال واضح ہو جائے اور اس درود و سلام کے فوائد عظیمہ اور اس کی شانِ قبولیت کھل کر سامنے آجائے اور یہ توہم بیخ و بن سے اکھڑ جائے۔ نیز مزید توضیح بھی پیش خدمت ہے ہو سکتا ہے باعث ہدایت اور موجب انابت ہو۔

علامہ حافظ شمس الدین سخاوی فرماتے ہیں "ذَهَبَ الْجُمْهُوْرُ اِلَى الْاِجْزَاءِ بِكُلِّ لَفْظٍ اَدَّى الْمُرَادَ مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَالَ بَعْضُهُمْ لَوْ قَالَ فِیْ اَثْنَاءِ التَّشَهُّدِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ اَجْزَاَهُ" ـــــ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ ہر وہ لفظ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ کے مقصد کو پورا کردے وہ کافی ہے حتّٰی کہ بعض نے کہا کہ اگر تشہد کے دوران "اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ" کہہ دے تو یہ نمازی کے لیے کافی ہے یعنی صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا پر اس صورت میں عمل ہو گیا اور تعمیل فرمان ہو گئی۔

اور علامہ حسین احمد دیوبندی شہاب ثاقب میں تصریح کرتے ہیں کہ دُرود کے ضمن میں ندائے یارسول اللہ جائز ہے یعنی الصلوٰۃ والسّلام علیک یارسول اللہ چنانچہ فرماتے ہیں۔ وہابیہ خبیثہ یہ صورت نہیں نکالتے اور جملہ انواع کو منع کرتے ہیں چنانچہ وہابیۂ عرب کی زبان سے بارہا سُنا گیا کہ وہ "الصلوٰۃ والسّلام علیک یارسول اللہ" کو سخت منع کرتے ہیں اور اہلِ حرمین پر سخت نفریں اس نداء اور خطاب پر کرتے ہیں اور ان کا استہزاء اڑاتے ہیں اور کلمات ناشائستہ استعمال کرتے ہیں حالانکہ ہمارے مقدس بزرگانِ دین اس صورت اور جملہ صورت درُود شریف کو اگرچہ بصیغۂ نداء و خطاب کیوں نہ ہوں مستحب اور مستحسن جانتے ہیں اور اپنے متعلقین کو اس کا امر کرتے ہیں۔ شہاب ثاقب ص۶۵

اس اقتباس سے واضح ہوگیا کہ یہ صرف بریلی کا درود نہیں بلکہ دراصل اہلِ حرمین کا ہے اور صدیوں پہلے کے اکابر نے اس کو جائز بھی کہا اور اس پر عمل پیرا بھی رہے اور علمائے دیوبند بھی کل تک ان اہل حرمین سے متفق تھے اور اس درود کے منکروں کو خبیث اور پلید سمجھتے تھے مگر اب وہی خبیث اسی روش و کردار اور نظریہ و عقیدہ پر ہوتے ہوئے طیب اور پاک ہوگئے ہیں تو اس کا سبب موجب اور باعث بیان کرنا اخلافِ دیوبند کی ذمہ داری ہے؛ اَلَیْسَ مِنْکُمْ رَجُلٌ رَّشِیْد۔

نیز اس فرق کا بطلان بھی واضح ہو گیا کہ روضۂ اقدس پر تو الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ جائز ہے مگر دور سے جائز نہیں کیونکہ حسین احمد مدنی صاحب نے خود بھی دور سے پڑھنے کو جائز رکھا اور اہل مکہ کا پڑھنا بھی تسلیم کیا اور ظاہر ہے کہ وہ دوری اور نداء غائبانہ کی صورت ہی ہے اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ یا بقول بعض علماء "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ" جو تشہد میں پڑھتے ہیں وہ بعید سے بھی پڑھا جاتا ہے لہٰذا یہ تفرقہ بھی غلط ہے۔

"مقاماتِ کراہتِ صلوٰۃ وسلام"

اگرچہ صلوٰۃ وسلام کا حکم مطلق ہے اور از روئے قواعد و اصول مطلق کو اپنے اطلاق پر رکھا جانا لازم ہے تاوقتیکہ تقیید و تخصیص پر کوئی دلیل اسی پائے کی موجود نہ ہو مگر اللہ تعالیٰ نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی تعظیم و توقیر اور اجلال و تکریم کا حکم دیتے ہوئے فرمایا "لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ وَتُسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا" تاکہ تم ایمان لاؤ اللہ کے ساتھ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور اس رسول کی تکریم و توقیر کرو اور صبح و شام ان کی طہارت و تقدیس بیان کرو اور فرمایا وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰہِ فَاِنَّھَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ۔ اور جو اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرے تو وہ دلوں کے تقویٰ و طہارت سے ہیں اور اس آیت کریمہ کے انداز بیان سے واضح ہے کہ ان کی تعظیم و تکریم کا خلاف تقویٰ و ایمانداری کے منافی ہے لہٰذا کسی ایسے مقام پر درود و سلام پڑھنا جو عظمت رسالت اور آداب نبوت کے مطابق اور شایان شان نہ ہو تو وہ درست نہیں ہوگا علمائے اسلام نے ایسے مقامات کی تصریح کرتے ہوئے فرمایا:

(۱) اِنَّمَا یُصَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِنِیَّۃِ الْقُرْبَۃِ وَالْاِحْتِسَابِ وَقَصْدِ التَّعْظِیْمِ وَرَجَاءِ الثَّوَابِ وَلِھٰذَا کَرِہَ الْعُلَمَاءُ الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَبْعَۃِ مَوَاضِعَ وَھِیَ الْجِمَاعُ وَحَاجَۃُ الْاِنْسَانِ وَشَھْوَۃُ الْبَیْعِ وَالْعِشْرَۃُ وَالتَّعَجُّبُ وَالذَّبْحُ وَالْعُطَاسُ عَلٰی خِلَافٍ فِی الثَّلَاثَۃِ الْاَخِیْرَۃِ وَذَکَرَ

الشَّیْخُ یُوْسُفُ بْنُ عُمَرَ الْاَکْلَ بَدْلَ شُھْرَۃِ الْمَبِیْعِ وَزَادَ الرَّصَاعُ مَا یَصُدُّ مِنَ الْعَوَامِ فِی الْاَعْرَاسِ وَ غَیْرِھَا مِنَ اشْتِھَارِھِمْ اَفْعَالَھُمْ لِلنَّظْرِ اِلَیْھَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَعَ زِیَادَۃِ عَدَمِ الْوَقَارِ وَالْاِحْتِرَامِ بَلْ بِضِحْکٍ وَلَعِبٍ ثُمَّ ذَکَرَ مِنَ الْمَوَاضِعِ الَّتِیْ نُھِیَ عَنِ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ فِیْھَا الْاَمَاکِنَ الْقَذِرَۃَ وَاَمَاکِنَ النَّجَاسَۃِ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ۔ (مطالع المسرات ص۲۶)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام عبادت اور رضا الٰہی کے حصول، تعظیم و تکریم کے ارادہ اور حصول ثواب کی اُمید و رجاء پر بھیجا جائے اور اسی لیے علماء کرام نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر سات مقامات میں درود و صلوٰۃ کو مکروہ قرار دیا ہے۔ جماع کے وقت، قضاء حاجت کے دوران قابل فروخت شئی کی تشہیر کے لیے اور لغزش کھانے پر اور بوقت تعجب اور ذبح اور چھینک کے اگرچہ ان آخری تین کی کراہت میں علماء کا باہم اختلاف ہے اور شیخ یوسف بن عمر نے قابل فروخت چیز کی تشہیر کی جگہ کھانے کا ذکر کیا ہے اور رصاع نے ان پر اضافہ کرتے ہوئے اس صلوٰۃ کا بھی ذکر کیا ہے جو عوام شادی بیاہ وغیرہ کے موقعہ پر اپنے افعال لہو و لعب کی تشہیر اور لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے کہتے ہیں جس میں بہت بے توقیری اور ترک احترام ہوتا ہے بلکہ ہنسی مزاح اور کھیل کود کی صورت ہوتی ہے۔ پھر مزید برآں ان مقامات میں سے جن میں درود و صلوٰۃ مکروہ و ممنوع ہے ان مقامات کو بھی شمار کیا جن میں پلیدی اور نجاست موجود ہو واللہ اعلم۔

(۲) علامہ اسماعیل حقی روح البیان میں فرماتے ہیں اور چھینک آنے پر بعض کے نزدیک درود شریف پڑھے اور اکثر علماء نے اس کو مکروہ کہا ہے جیسے کہ شرعۃ اور اس کی شرح میں مذکور ہے کہ چھینک کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نہ کرے بلکہ الحمد للہ کہے اور نہ ذبح کے وقت حتّٰی کہ اگر بوقت ذبح بسم اللہ واسم محمدؐ کہے گا تو وہ جانور حلال نہیں ہوگا کیونکہ یہ ذبح خالص اللہ تعالیٰ کے لیے نہیں رہے گی اور اگر بسم اللہ وصلی اللہ علیٰ محمدؐ کہے تو یہ مکروہ ہے اور نہ تعجب کے وقت درود بھیجے کیونکہ تعجب کے وقت سبحان اللہ کہنا چاہیئے۔ ص۲۳۲ ج ۷۔

درود و سلام کے جائز مقامات

قبل ازیں عرض کیا جا چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" مطلق ہے اور وہ اپنے اطلاق کے لحاظ سے تمام اوقات اور احوال کو شامل ہے جس طرح کہ صلوٰۃ وسلام کے معنیٰ پر مشتمل ہر صیغہ کو لہٰذا کسی مقام میں اس کی ممنوعیت اور عدم جواز مفتاح ثبوت ہے نہ کہ اس کا جواز اور اباحت یا استحباب لہٰذا جس جگہ علماء اسلام

نے عدم جواز کی تصریح کی ہو اور اس کا دارو مدار بھی کسی قطعی دلیل پر ہو تو وہ قول قابل قبول ہوگا اور حجت و سند جس طرح قبل ازیں عرض کیا گیا ہے کہ جو مقامات آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر اور اجلال و تکریم کے منافی ہیں وہاں مکروہ ہے اور جہاں یہ امر مانع متحقق نہ ہوگا وہاں پر جائز ہوگا جن میں بعض میں واجب، بعض میں سنّت اور بعض میں مستحب و مستحسن ہوگا علامہ ابن القیم نے چالیس سے زیادہ مقامات کا ذکر کیا ہے جن میں صلوٰۃ و سلام واجب ہے یا تاکیدی مستحب و مستحسن اور علامہ سخاوی نے اٹھائی سے زیادہ ایسے مقامات کی تصریح کی ہے لیکن حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے صحابہ کرام کے حق میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مژدہ سنایا اور بشارت دی کہ پھر تو تمہاری تمام مشکلات حل ہو جائیں گی اور سب حاجات پوری ہو جائیں گی جب انہوں نے عرض کیا تھا کہ ہم اپنا تمام وقت دیگر اوراد و وظائف کی بجائے صرف آپ پر درود و صلوٰۃ پڑھنے میں ہی صرف کریں گے تو اس سے روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ صلوٰۃ و سلام کا حکم اپنے اطلاق اور عموم پر ہے اور فرائض و واجبات کے بعد تمام اوقات عزیزان میں صرف کرنا بہت بڑی عبادت اور سعادت ہے۔ لہٰذا ان حضرات نے جو مقامات ذکر کئے ہیں وہ وجوب یا استحباب موکد کے مقامات ہیں نہ یہ کہ جواز و اباحت ان میں ہی منحصر ہے اور ان کے علاوہ مقامات میں جائز ہی نہیں۔

اذان سے پہلے اور اس کے بعد درود و صلوٰۃ کا حکم

بدقسمتی سے آج کل یہ مسئلہ انتہائی اختلافی بن چکا ہے اور ایک فریق شب و روز اس کی حرمت اور عدم جواز کو بیان کرنا اور اس سے لوگوں کو دور رکھنا اپنا فرض اوّلین سمجھنے لگا ہے اور پڑھنے والوں پر بڑے سخت الفاظ میں تنقید کرنے لگے ہیں۔ حالانکہ مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مروی حدیث جو قبل ازیں ذکر ہو چکی ہے اس میں اذان کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود درود و صلوٰۃ پڑھنے کا حکم دیا ہے اور ساتھ ہی یہ مژدہ بھی سنایا کہ تمہارے ایک درود کے بدلے اللہ تعالیٰ تم پر دس درود بھیجے گا اور یہی حدیث بروایت مسلم مشکوٰۃ شریف میں بھی مذکور ہے لہٰذا اذان کے بعد درود و صلوٰۃ سے منع کرنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو رد کرنے کے مترادف ہے اور امت کو اللہ تعالیٰ کی صلوات سے محروم کرنے کا موجب بھی جو کسی مسلمان کے بھی شایان شان نہیں چہ جائیکہ علماء اعلام وارثان انبیاء کے۔

سوال۔ وہ حکم تو صرف سامعین کے لیے ہے نہ کہ اذان کہنے والے کے لیے جبکہ کلام مؤذنوں کے صلوٰۃ پڑھنے میں ہے؟

جواب۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مؤذن ہم سے اجر و ثواب میں بڑھ گئے اور ہم اس ثواب اور فضیلت سے محروم رہ گئے جو مؤذن کو حاصل ہوتی ہے تو اس کے تدارک اور اسی قدر اجر و ثواب حاصل کرنے کا طریقہ بیان کرتے

ہوئے آپ نے فرمایا کہ مؤذن کے ساتھ ساتھ اذان کے کلمات دہراتے چلے جاؤ (ما سوائے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے کیونکہ یہاں پر "لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہنے کا حکم ہے) تو تمہیں بھی وہ اجر و ثواب حاصل ہو جائے گا لیکن درود اور دعائے وسیلہ کا حکم یہ سب کو شامل ہے۔ ورنہ یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ مؤذن کے لیے دعائے وسیلہ مانگنا بھی منع ہے حالانکہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں ہے اور نہ ہو سکتا ہے کیونکہ اس دعا پر استحقاق شفاعت کا مژدہ ہے اور اسے مؤذن کے حق میں ممنوع ٹھہرا کر اسے استحقاق شفاعت سے محروم کرنا لازم آئے گا اور اسی طرح درود و صلوٰۃ پڑھنے سے روکنا بھی اللہ تعالیٰ کے دس گنا درود و صلوٰۃ سے محروم کرنے کو مستلزم ہے اور علمی اصطلاح میں اس انداز بیان کو صنعت استخدام سے تعبیر کیا جاتا ہے یعنی قُوْلُوْا مِثْلَ مَا یَقُوْلُ الْمُؤَذِّنُ کی ضمیر سے سامعین مراد ہیں اور دوبارہ اعادہ کی صورت میں مؤذن اور سامع سبھی مراد لیتے ہوئے ثُمَّ صَلُّوْا عَلَیَّ اور ثُمَّ سَلُوا اللّٰہَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ فرما دیا نیز درود و صلوٰۃ دعا سے قبل مسنون ہے اور دعا مؤذن کے لیے مسنون تو درود بھی مسنون۔

اسی طرح اذان سے قبل درود و صلوٰۃ کہنے کا حکم مخصوص اگرچہ وارد نہیں لیکن عمومات و اطلاقات نصوص اس کو بھی شامل ہیں اور اس میں کوئی بے ادبی اور بے توقیری بھی نہیں بلکہ مؤذن پاک جگہ میں بدن پاک اور لباس پاک کے ساتھ درود پڑھتا ہے لہٰذا اس کو ناجائز اور ممنوع ٹھہرانے کی کوئی وجہ نہیں ہو سکتی۔

سوال۔ اس طرح اذان میں اضافہ لازم آتا ہے اور وہ جائز نہیں ہے۔

جواب۔ اضافہ تو آخر میں پڑھنے سے بھی لازم آ جاتا ہے لیکن وہ سنّت ہے لہٰذا اضافہ کا بہانہ مشترک ہے مگر آخر میں اس دلیل کا مدلول اور نتیجہ متخلف ہے اور اس حکم یعنی عدم جواز کا دعویٰ باطل ہے لہٰذا اس شبہ کا قطعاً کوئی اعتبار نہیں ہے علی الخصوص جبکہ اذان کا لب و لہجہ اور انداز الگ ہوتا ہے اور درود شریف کا اس سے بالکل مختلف۔

نیز حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے متعلق ابوداؤد شریف "باب الاذان فوق المنارہ" کے تحت حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے بنو النجار کی صحابی انصاری عورت سے مروی و منقول ہے کہ میرا مکان مسجد نبوی کے اطراف میں سب مکانوں سے بلند تر تھا لہٰذا حضرت بلال فجر کی اذان اس پر دیتے تھے چنانچہ آپ پچھلی رات آ کر مکان کی چھت پر بیٹھ جاتے اور طلوع فجر کا انتظار کرنے لگتے۔ جونہی فجر طلوع ہوتی تو اٹھ کھڑے ہوتے پھر کہتے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَحْمَدُکَ وَ اَسْتَعِیْنُکَ عَلٰی قُرَیْشٍ اَنْ یُّقِیْمُوْا دِیْنَکَ۔ قَالَتْ ثُمَّ یُؤَذِّنُ قَالَتْ وَاللّٰہِ مَا عَلِمْتُہٗ کَانَ تَرَکَھَا لَیْلَۃً وَاحِدَۃً ھٰذِہِ الْکَلِمَاتِ۔ (ابوداؤد شریف جلد اوّل ص۷۷)

اے اللہ میں تیری حمد کرتا ہوں اور تجھ سے قریش پر مدد طلب کرتا ہوں کہ وہ تیرے دین کو قائم کریں۔ انصاریہ

فرماتی ہیں کہ پھر اذان کہتے اور بخدا ان کا ان کلمات کو کسی بھی رات میں ترک کرنا میرے علم میں نہیں ہے یعنی ہمیشہ یہ کلمات فجر کی اذان سے پہلے کہا کرتے تھے ...

فائدہ عظیمہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا یہ روزمرہ کا معمول تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام صحابہ کرام جو مدینہ منورہ میں موجود تھے ان کے علم میں تھا لیکن نہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اذان میں اضافہ معلوم ہوا اور نہ صحابہ کرام کو اور نہ خود حضرت بلال کو اور نہ ہی کسی نے ان کو منع فرمایا تو گویا ان کا یہ عمل حدیث تقریری اور اجماع صحابہ اور اجماع اہل مدینہ اور اجماع عترت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیل سے ٹھہرا جس کے بعد کسی مسلمان کے لیے اس قسم کے کلمات حمد اور دُعا کے جواز میں شک وشبہ اور تردد وتذبذب کی گنجائش نہیں ہو سکتی تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر حمد خداوند تعالےٰ اور قریش کی ہدایت اور ان کے لیے خدمتِ اسلام کی توفیق کی دُعا جائز ہے اور یقیناً جائز ہے تو درُود مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کیونکر ناجائز اور ممنوع ہو سکتا ہے؟ اور اسے اذان میں اضافے کے بہانے ناجائز کیونکر کہا جا سکتا ہے۔

اذان کے درمیان درُود وصلوٰۃ

فقہائے کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ جب موذن "اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ" پہلی مرتبہ کہے تو سامعین کہیں "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" اور دوسری دفعہ کہے تو "قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" کہے علامہ اسماعیل حقی نے روح البیان میں فرمایا "ثُمَّ اِنَّ لِلصَّلٰواتِ وَالتَّسْلِيْمَاتِ مَوَاطِنَ. مِنْهَا اَنْ يُصَلِّيَ عِنْدَ سَمَاعِ اسْمِهِ الشَّرِيْفِ فِي الْاَذَانِ" قَالَ الْقُهَسْتَانِيُّ فِيْ شَرْحِهِ الْكَبِيْرِ نَقْلًا عَنْ كَنْزِ الْعِبَادِ اِعْلَمْ اَنَّهُ يُسْتَحَبُّ اَنْ يُّقَالَ عِنْدَ سَمَاعِ الْاُوْلٰى مِنَ الشَّهَادَةِ .. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعِنْدَ سَمَاعِ الثَّانِيَةِ .. قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ثُمَّ يَقُوْلُ .. اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ .. بَعْدَ وَضْعِ ظُفُرِ الْاِبْهَامَيْنِ عَلَى الْعَيْنَيْنِ فَاِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ قَائِدًا لَّهُ اِلَى الْجَنَّةِ انتهى. (رُوحُ البیان جلد ۷ صـ ۲۲۸)

خلاصہ مفہوم یہ کہ صلوات وتسلیمات کے بہت سے مقام ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اذان میں آپ کا نام مبارک سنتے پر صلوٰۃ پڑھے علامہ قہستانی نے شرح کبیر میں کنز العباد سے نقل کیا ہے کہ جان لو کہ مستحب یہ ہے کہ شہادت رسالت کا کلمہ پہلی مرتبہ سننے پر "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" کہے اور دوسری مرتبہ سننے پر دونوں ہاتھ کے انگوٹھوں کے ناخنوں کو آنکھوں پر رکھ کر کہے "قُرَّةُ عَيْنِيْ بِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" یعنی میری آنکھوں کی ٹھنڈک آپ کی بدولت ہے اے رسول باری تعالیٰ کیونکہ اس طرح کہنے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت تک رسائی کے لیے اس کی قیادت اور

دستگیری فرمادیں گے۔ اور یہی مضمون طحطاوی علی مراقی الفلاح میں موجود ہے۔ ملاحظہ ہو صـ ۱۲۲
علامہ شامی نے ردالمحتار حاشیہ درمختار میں ذکر فرمایا ہے ملاحظہ ہو جلد اوّل صـ ۳۷۰

اذان اور اقامت کے درمیان صلوٰۃ وسلام

جماعت کے قیام کا قرب بیان کرنے کے لیے جو کلمات استعمال کئے جاتے ہیں انھیں تثویب کہتے ہیں اور اس میں کسی خاص علامات کو معین کر لینا جائز ہے مثلاً تنحنح (کھنکھورنا) اقامت قامت (نماز شروع ہو رہی ہے) اَلصَّلٰوةُ اَلصَّلٰوةُ (نماز کی طرف آؤ) وَلَوْ اَحْدَثُوْا اَعْلَامًا مُّخَالِفًا لِّذٰلِكَ جَازَ (اور اس کے علاوہ علامات مقرر کر لیں تو بھی جائز ہے۔ کذا فی النھر عن المجتبیٰ شامی جلد اوّل صـ ۳۶۲ لہٰذا اگر صلوٰۃ وسلام کو بطور تثویب اور اطلاع کی نیت سے پڑھا جائے تو بھی جائز ہوگا۔

سلطان صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دور حکومت میں امراء وسلاطین پر مروج سلام کو ترک کرا کر سرور عالم صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کا حکم دیا اور علماء کرام نے اسی کو اختیار کیا در مختار میں فرمایا "اَلتَّسْلِيْمُ بَعْدَ الْاَذَانِ حَدَثَ فِيْ رَبِيْعٍ الْاٰخِرِ سَنَةَ سَبْعِ مِائَةٍ وَّاِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ فِيْ عِشَاءِ لَيْلَةِ اِثْنَيْنِ ثُمَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ بَعْدَ عَشْرِ سِنِيْنَ حَدَثَ فِي الْكُلِّ اِلَّا فِي الْمَغْرِبِ ثُمَّ فِيْهَا مَرَّتَيْنِ وَهُوَ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ" ــــــــــ یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اذان کے بعد سلام پیش کرنے کا طریقہ ۷۸۱ھ ربیع الثانی میں شروع ہوا پہلے پہل صرف سوموار کی عشاء کو سلام پیش کیا جاتا تھا پھر جمعہ کے دن بھی یہ سلام مروج ہو گیا اور دس سال بعد ۷۹۱ھ میں مغرب کے علاوہ تمام نمازوں میں اذان کے بعد (اور جماعت سے قبل) رواج پذیر ہو گیا پھر نماز مغرب میں بھی دو دفعہ کہا جانے لگا اور یہ بدعت حسنہ ہے۔ اور علامہ شامی نے فرمایا کہ جو تاریخ صاحب درمختار نے ذکر کی ہے وہی نہر فائق میں سیوطیؒ کی کتاب حسن المحاضرہ سے منقول ہے ثُمَّ نَقَلَ عَنِ الْقَوْلِ الْبَدِيْعِ لِلسَّخَاوِيِّ اَنَّهُ فِيْ سَنَةِ ۷۹۱ھ وَاَنَّ اِبْتِدَاءَهُ كَانَ فِيْ اَيَّامِ السُّلْطَانِ النَّاصِرِ صَلَاحِ الدِّيْنِ بِاَمْرِهِ. پھر علامہ سخاوی کی کتاب القول البدیع سے نقل فرمایا کہ اس کا آغاز ۷۹۱ھ میں ہوا اور اس کی ابتداء سلطان ناصر صلاح الدین کے حکم سے ہوئی۔ اگرچہ سو سال سے زائد عرصہ کے علماء اعلام شوافع اور احناف کے نزدیک وہ بدعت حسنہ ہے اور کار ثواب اور ممنوع ومکروہ نہیں ہے تو اب اس کے خلاف شور وشر اور نزاع و خلاف قطعاً زیبا نہیں ہے اور اس کو روکنے کی کوشش کرنا دین میں مداخلت کے مترادف ہے کیونکہ بدعت شرعیہ صرف بدعت سیئہ ہے یعنی جو قرآن وحدیث کے خلاف ہو اور اس کے عموم واطلاق اور دلالت النص یا اشارۃ النص اور

اقتضاء النص سے ثابت نہ ہو وہ ناجائز ہے اور جو عموم واطلاق میں داخل ہو یا دلالت واشارت اور اقتضاء کے طور پر ثابت ہو تو اس پر عمل قرآن وحدیث پر عمل ہے اور اسے بدعت کہنا محض لغوی لحاظ سے ہے جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تراویح کی نماز باجماعت ایک امام کے پیچھے بدعت حسنہ قرار دیتے ہوئے فرمایا "نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ" یہ اچھی اور بہترین بدعت ہے۔ علامہ سخاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا "قَدْ اَحْدَثَ الْمُؤَذِّنُوْنَ الصَّلٰوةَ وَالسَّلَامَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" القول البدیع ص۱۹۲ یعنی موذنوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام کو اذان کے بعد جاری کر دیا۔ پانچوں فرائض کی اذانوں میں ماسوائے فجر اور جمعہ کے کہ ان میں اذان سے پہلے صلوٰۃ وسلام کہتے ہیں اور ماسوائے مغرب کے کہ اس کو وقت کی تنگی کی وجہ سے ترک کر دیتے ہیں (تا) وَقَدِ اخْتُلِفَ فِيْ ذٰلِكَ هَلْ هُوَ مُسْتَحَبٌّ اَوْ مَكْرُوْهٌ اَوْ بِدْعَةٌ اَوْ مَشْرُوْعٌ وَاسْتَدَلَّ لِلْاَوَّلِ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَافْعَلُوا الْخَيْرَ وَمَعْلُوْمٌ اَنَّ الصَّلٰوةَ وَالسَّلَامَ مِنْ اَجَلِّ الْقُرَبِ لَا سِيَّمَا وَقَدْ تَوَارَدَتِ الْاَخْبَارُ عَلَى الْحَثِّ عَلٰى ذٰلِكَ (الی) وَالصَّوَابُ اَنَّهٗ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ يُؤْجَرُ فَاعِلُهٗ بِحُسْنِ نِيَّتِهٖ ص۱۹۳ اور اس میں اختلاف کیا گیا ہے کہ آیا وہ مستحب ہے یا مکروہ یا بدعت یا جائز اور مستحب ہونے پر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے استدلال کیا گیا ہے کہ نیکی اور بھلائی کے کام کرو اور یہ ہر ایک کو معلوم ہے کہ صلوٰۃ وسلام عظیم وجلیل عبادات کے قبیل سے ہے خصوصاً جبکہ روایات کثیرہ میں اس کی طرف ترغیب دلائی گئی ہے (تا) اور صواب وصحیح یہی ہے کہ وہ بدعت حسنہ مستحبہ ہے اس پر کاربند شخص کو اس کے حسن نیت کی وجہ سے اجر وثواب عطا کیا جائے گا۔ وکذا فی النہر الفائق ورد المحتار ص۳۶۲ جلد ۱

تنبیہ: اگرچہ صلوٰۃ وسلام بعض مقامات میں مباح بلکہ مستحب ہوتا ہے مگر جب اس کی اباحت اور استحباب کا انکار کیا جائے اور حرمت وکراہت کا قول کیا جائے تو اس کی اباحت اور استحباب کو برقرار رکھنے کے لیے وہ مؤکد ہو جاتا ہے جیسے وضو حوض سے کرنا مباح ہے لیکن معتزلہ نے جب اسے ناجائز قرار دیا تو علمائے اہل سنّت نے اس کو مستحب مؤکد قرار دے دیا تاکہ ترک عمل کی وجہ سے لوگوں کے ذہن میں عدم جواز اور ممنوعیت راسخ نہ ہو جائے۔ وَالتَّوَضِّيْ مِنَ الْحَوْضِ اَفْضَلُ مِنَ النَّهْرِ رَغْمًا لِلْمُعْتَزِلَةِ اَيْ لِاَنَّ الْمُعْتَزِلَةَ لَا يُجِيْزُوْنَهٗ مِنَ الْحِيَاضِ فَتَرْغَمُهُمْ بِالْوُضُوْءِ مِنْهَا قَالَ فِي الْفَتْحِ وَهٰذَا اِنَّمَا يُفِيْدُ الْاَفْضَلِيَّةَ لِهٰذَا الْعَارِضِ فَفِيْ مَكَانٍ لَا يَتَحَقَّقُ يَكُوْنُ النَّهْرُ اَفْضَلَ (درمختار مع شامی ص۱۷۲)

ترجمہ: اور وضو حوض سے کرنا نہر کی نسبت افضل ہے معتزلہ کی تذلیل کے لیے یعنی اس لیے کہ معتزلہ اس کو حوضوں سے جائز نہیں رکھتے لہٰذا تم حوض سے وضو کے ذریعے ان کی تذلیل اور مقصد میں ناکامی کا سامان کیا کرو۔ علامہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں فرمایا کہ حوض کو نہر پر افضلیت اس امر عارض کی وجہ سے ہے لہٰذا جہاں پر یہ امر عارض موجود نہیں ہوگا تو وہاں پر نہر سے

وضو کرنا بنسبت حوض کے افضل ہوگا۔

اور اس قاعدہ کو علمائے دیوبند نے اس طرح بے دریغ استعمال کیا کہ زاغ معروفہ کا کھانا جہاں برا سمجھا جاتا ہو وہاں اس کے کھانے کو مستحب اور کار ثواب بنا دیا ملاحظہ ہو فتاوی رشیدیہ از شیخ رشید احمد گنگوہی ص۱۶۲ جلد ۲۔ لہٰذا اس ضابطہ اور قاعدہ کے تحت جہاں اذان کے بعد اور دعائے وسیلہ سے قبل اسے ناجائز کہا جائے تو اس کی سنیت زیادہ مؤکد ہو کر درجہ وجوب تک پہنچ جائے گی کیونکہ وہ صریح حدیث کا انکار ہے اور بطور تثویب پڑھنے یا اذان سے پہلے پڑھنے سے مطلقاً منع کیا جاتا ہو تو وہاں بھی اس کا پڑھنا مستحب مؤکد ہو جائے گا کیونکہ کالا کوا کھانا اگر بذات خود علمائے دیوبند کے نزدیک مباح تھا مگر اہل سنّت کی مخالفت میں کار ثواب بن گیا تو صلوٰۃ وسلام تو پہلے ہی اہم عبادت اور قربت تھا اور موجب سعادت اور باعث ترقی درجات اور حصول شفاعت تو اس کا استحباب مزید مؤکد ہو جائے گا اور یہ مقدر کی بات کہ کوئی صلوٰۃ وسلام بارگاہ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کر کے ثواب ودرجات حاصل کرتا ہے اور کوئی کالے کوّے کھا کھا کر ؎

گلیم بخت کسے کہ بافند سیاہ — بآب زمزم وکوثر سفید نتواں کرد

هٰذَا مَا تَيَسَّرَ لِهٰذَا الْعَبْدِ الضَّعِيْفِ عَلٰى سَبِيْلِ الْاِرْتِجَالِ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْكُرَمَاءِ وَاَصْحَابِهِ الْبَرَرَةِ التُّقٰى وَالنُّقٰى وَالتَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰى يَوْمِ الْجَزَاءِ۔

ابوالحسنات محمد اشرف سیالوی

۶—۱—۱۹۹۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت خواجہ محمد عبد الرحمٰن صاحب چھوہروی قدس سرہ العزیز کی صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل عظیم ترین کتاب کے پڑھنے اور مطالعہ کرنے کا شرف حاصل ہوا اور ساتھ ہی ترجمہ کرنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔

یہ مقدس کتاب درود وصلوات پر مشتمل تمام تر کتابوں کا نسخۂ جامعہ ہے اور ہر کتاب میں متفرق طور پر مذکور صلوات کو محیط ہے اور مؤلف موصوف نے صرف صلوات کے جمع کرنے پر ہی اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوّل المخلوقات ہونے اور وجود نورانی کے لحاظ سے اوّل الموجودات ہونے کو انوکھے انداز میں بیان فرمایا، ولادت باسعادت کے روح پرور کیفیات اور حالات، اخلاق عالیہ اور صفحات کاملہ، اختصاصات وامتیازات، معجزات اور خوارق عادات، معراج شریف اور دیگر مدارج عالیہ کے بیانات سے بھی مزین فرما کر اس کو کُتب سیرت اور کُتب خصائص کا مجموعہ بنا دیا ہے۔

سیّد عالم و عالمیان صلّی اللہ علیہ وسلّم کے احکام شرع سے متعلق ارشادات کو اس میں درج کر کے اسے کُتب کلامیہ اور کتب فقہ کا خلاصہ بنا دیا ہے۔ زہد اور فقر اختیاری پر مشتمل فرمودات کو اس میں شامل فرما کر اسے کُتب تصوف خلاصہ بنا دیا ہے۔ انتہائی مشکل اور پیچیدہ عبارات اور عجیب وغریب تشبیہات اور استعارات درج فرما کر عربی ادب کا گرانقدر خزانہ بنا دیا ہے۔ مسائل تصوف کی باریکیوں اور اصطلاحی پیچیدگیوں کو دیکھ کر حضرت ابن عربی کا رنگ ڈھنگ نظر آتا ہے اور فلسفہ ومنطق اور ریاضی کی اصطلاحات کے بے تکلفانہ استعمال سے حکماء وفلاسفہ کا عقل دنگ معلوم ہوتا ہے۔

بایں ہمہ یہ معلوم کر کے کہ حضرت خواجہ محمد عبد الرحمٰن قدس سرہ العزیز اُمّی تھے اور ایک دن بھی مدرسہ گئے نہ کسی کے سامنے زانوئے تلمذ نہ کیا زبان سے بیساختہ اس حقیقت کا اظہار ہوتا ہے ؎

دل چوں روشن شد کتاب ودفترے درکار نیست

آپ کی ذات اقدس میں عطاء اعلام اور ارباب حقیقت کے اس دعویٰ کی صداقت وحقانیت کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ تحصیل علم کے محتاج صرف وہ لوگ ہیں جو قوۃ قدسیہ سے محروم ہیں۔ جنہیں فیاض اقدس جل وعلیٰ نے قدسی نفوس اور قویٰ سے بہرہ ور فرما دیا ہو اور اس نعمت سے مالا مال کر دیا ہو علوم اکتسابی ان کے سامنے دست بستہ حاضر رہتے ہیں اور معارف وحقائق ان کے سامنے محسوسات ومشاہدات کی صورت میں آموجود ہوتے ہیں اور معانی ومطالب اور اسرار ورموز جسمانی شکل وصورت میں ان کے پیش نظر ہوتے ہیں۔

حضرت علامہ محمدؐ عبدالحکیم سیالکوٹی المعروف فاضل لاہوری نے اسی لیے فرمایا:

فان ما عرفه علماء الظواهر منها بأفكارهم قليل بالنسبة الى ما عرفه الاولياء۔ حاشیہ بیضاوی ص۱۱ یعنی علمائے ظاہر کے علوم کی علمائے باطن اور ارباب روحانیت کے علوم کے مقابل کوئی حیثیت نہیں بلکہ وہ اقل قلیل ہیں۔

شُبہ کا ازالہ

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ رسمی علوم میں کامل دسترس حاصل کیے بغیر ولایت حاصل نہیں ہوسکتی، ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول معظم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلِيًّا جَاهِلًا" اللہ تعالیٰ نے کسی جاہل کو اپنا ولی نہیں بنایا اور غالباً اسی لیے حضرت سعدیؒ نے فرمایا ہے ؎

پئے علم چوں شمع باید گداخت
کہ بے علم نتواں خدا را شناخت

یعنی علم کو حاصل کرنے میں اپنے آپ کو شمع کی طرح پگھلانا چاہیئے کیونکہ بے علم شخص اللہ تعالیٰ کو پہچان نہیں سکتا۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ محض رسمی علوم پر اللہ تعالیٰ کا عرفان اور ولایت کا حصول موقوف ہے اور اس کے بعد ہی روح کی جلاء اور آئینۂ قلب کی صفائی حاصل ہوتی ہے بلکہ جب عنایت ازلی شامل حال ہوتی ہے۔ اور مبدء فیاض کا بحر جود و کرم جوش پر آتا ہے تو خوش بخت اور سعادتمند بندوں کے دل و دماغ اور قلوب و ارواح انوار الٰہیہ سے منوّر کر دئے جاتے ہیں اور انہیں خدائی علوم و ادراکات کا مظہر بنا دیا جاتا ہے، حضرت آدم علیہ السّلام کو اپنے تصرّف الوہیت سے مجمع العلوم والمعارف بنا کر جنات و ملائکہ پر علم میں فائق بنا دیا اور امام الانبیاء والمرسلین صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اُمّی ہونے کے باوجود ولی گر بنایا بلکہ انبیاء و رسل کا استاد اور مربی اور مرشد و رہبر بنایا اور ان کی شریعتوں پر خطِ نسخ کھینچنے والا اور ان کی کتابوں کو منسوخ فرمانے والا ؎

یتیمے کہ ناکردہ قرآن درست
کتب خانۂ چند ملت بشست

آپ صرف اپنی اُمّت کے لیے کتاب و حکمت کے معلّم نہ بنے بلکہ تمام انبیاء و رسل کے لیے بھی معلم حقائق و معارف بنے اور استاذ الاساتذہ اور استاذ الکل قرار پائے ؎

نگارِ من کہ بمکتب نرفت و خط ننوشت
بغمزہ مسئلہ آموزِ صد مدرس شد

لہٰذا اس میں تعجّب اور اچنبھے کی کیا بات ہوسکتی ہے کہ عالم اسباب اور معمول و عادتِ جاریہ سے ہٹ کر کرشمۂ قدرت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ رب العزّت نبی رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے طفیل رسمی علوم کی تحصیل کے بغیر ہی بعض ازلی سعادتمندوں اور جواں بختوں کو علم و حکمت اور عرفان کے خزائن عطا فرمادئے اور انہیں حقائق آگاہ اور معارف پناہ اولیاء بنادے یعنی ولایت کا حصول ان علوم رسمیہ کے حصول کے بعد ہو لیکن طریقۂ حصول رسمی نہ ہو۔

آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ظاہری فیض صحبت سے جس طرح صحابہ کرام علیہم الرضوان نے فیوض و برکات اور معارف و حقائق کے خزائن حاصل کئے اور امی ہونے کے باوجود خلائق کے امام اور ہادی و رہبر بن گئے اور ولایت کے اعلیٰ مدارج پر فائز ہوگئے اسی طرح آپ کے باطنی اور روحانی فیض صحبت سے اتباع اور قیام قیامت تک فیوض و برکات اور معارف و حقائق کے خزائن تقسیم ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے اور کئی خوش نصیب اور جواں بخت آپ کی صفت اُمیت کے مظہر بن کر مخزن علوم و معارف اور مصدر فیوض و برکات بنے اور بنتے رہیں گے۔

حضرت خواجہ محمدؐ عبدالرحمان صاحب قدس سرہ العزیز بھی انہیں مقدس طینت، منزہ فطرت اور ارباب قوائے قدسیہ میں سے ہیں اور آپ کی یہ عظیم کتاب آپ کے فیضان قدسی کا مظہر اتم ہے اور اُمّت محمدیہ علی صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام کے لیے عظیم خزانۂ فیض ہے اور سامان رشد و ہدایت۔ بلاشبہ یہ کتاب جہاں ہزاروں درودوں اور صلوات کا ذخیرہ و خزانہ ہے وہیں عقائد و اعمال اور اخلاق و عادات کی اصلاح کے لیے کتاب رشد و ہدایت بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی بارگاہ عالیہ اور رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب مقدسہ میں شرف قبولیت بخشے، مسترشدین و مستفیدین کو بالخصوص اور جملہ اہلِ اسلام کو بالعموم اس سے استفادہ و استفاضہ کی سعادت بخشے ؎ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

وصلی اللہ علیٰ خیر خلقه محمد وآله وصحبه وذریته واولیاء امته اجمعین ط

احقر الخلائق

ابوالحسنات **محمد اشرف سیالوی** کان اللہ لہٗ

مختصر حالات و کمالات

شہسوارِ عاشقاں و سالارِ قافلۂ محبوباں خواجۂ خواجگاں حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب چھوہروی قدس اللہ سرہ العزیز

مُصنّف و مؤلفِ کتاب محیّر العقول فی بیانِ اوصافِ عقل العقول المسمّٰے بہ

مجموعۂ صلوٰۃ الرّسول صلی اللہ علیہ وسلم

من چہ گویم وصفِ آں عالی جناب نیست پیغمبر دے دارد کتاب
من چہ گویم شرحِ وصفِ آں جناب آفتاب است آفتاب است آفتاب

منبعِ معارفِ لدُنیہ مخزنِ علوم الہیہ واقفِ علوم شریعت مرشدِ طریقت کاشفِ اسرارِ حقیقت استاذِ علوم تفصیلیہ امکانیہ و معلمِ حقائقِ وجوبیہ قدیمہ ازلیہ اجمالیہ و مفسرِ معارفِ توحیدیہ و مبیّنِ رموزِ حروفِ مقطعاتِ قرآنیہ صاحبِ قوتِ روحانی عالمِ ربانی عارفِ لاثانی صاحبِ حکمتِ لقمان آصف ہذا الزمان خلیفہ شاہ جیلان فخرِ متاخرین بقیۂ سلف صالحین متخلق باخلاق اللہ متصف باوصافِ رسولِ اللہ نمونہ اصحابِ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم غوثِ اعظم مرکزِ عالم مولانا و مرشدنا و وسیلتنا فی الدارین خواجہ خواجگان جناب حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب چھوہروی قدس اللہ سرہ العزیز۔ آپ علوی ہیں نسباً حقی ہیں مذہباً قادری ہیں مشرباً جائے ولادت موضع چھوہر شریف ہے جو شہر ہری پور کے قریب ضلع ہزارہ صوبہ سرحد میں واقع ہے آپ کی عمر شریف تقریباً اسّی سال کی تھی۔ حضور پُرنور کا وصال یکم ذی الحج ۱۳۴۲ھ میں بروز شنبہ بعد نماز مغرب ہوا۔ حضور پُرنور کے والد بزرگوار عالی تبار اپنے زمانہ کے فقرائے اخیار و اولیائے کبار میں سے تھے نوجوانی کی عمر میں رات کے وقت تنہائی میں کچھ گا رہے تھے کہ یکایک ایک نہایت خوبصورت شخص عمدہ لباس پہنے ہوئے آپ کے پاس موجود ہوئے اور فرمانے لگے گانا سُناؤ جب آپ گانا سنا چکے تو وہ شخص کہنے لگے مجھے پہچانتے ہو

میں کون ہوں آپ نے عرض کیا میں آپ کو نہیں پہچانتا ہوں وہ فرمانے لگے میں خضر ہوں تمہاری خوش آوازی کے سبب تمہارے پاس آیا ہوں۔ آئندہ بھی آیا کروں گا اس کے بعد حضرت خضر علیہ السلام کے خاص توجہ و محبت کے سبب آپ مدارجِ فقر کو طے کر کے مقامِ غوثیتِ کبریٰ و ولایتِ عظمیٰ کے عالی مقام پر متمکن ہوئے حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو حکم فرمایا کہ میں نے آپ کی تکمیل کر دی ہے مگر بیعت سنت ہے کسی بزرگ سے جا کر بیعت ہو جاؤ جب آپ اپنے ہادیِ طریقت سے بیعت ہو گئے تو وہیں قیام پذیر ہوئے اپنے مرشد کے ساتھ جب کبھی آپ تفریح کے واسطے بوقتِ عصر یا بوقت صبح نکلتے تو دونوں برابر ہو کر چلتے ایک دن کسی نے پیر و مرشد قدس اللہ سرہ العزیز سے پوچھا کہ حضرت ضلع ہزارہ کے درویش کے ساتھ جب آپ سیر کو نکلتے ہیں تو دونوں برابر چلتے ہیں نہ وہ آگے ہوتے ہیں نہ آپ آگے ہوتے ہیں حضور والا نے فرمایا کہ یہ درویش اس وقت کا غوثِ اعظم ہے اس واسطے ادباً میں ان کے آگے نہیں چل سکتا ہوں اور یہ اس واسطے آگے نہیں ہوتے ہیں کہ خوش قسمتی سے میں ان کا پیر بن گیا ہوں اس لیے آپ کا لقب خضری تھا۔ آپ کے دردِ عشق کا یہ حال تھا کہ سینہ تبے کینہ میں سات زخم ہو گئے تھے روزانہ ہلدی کو گھی میں تل کر ان زخموں پر پھایا لگایا جاتا برف باری کے ایام میں عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے نہایت نرم و گرم بستر سے میں آپ آرام فرماتے اور ہمیشہ عشاء کے وضو سے صبح کی نماز ادا فرماتے خدا جانے کیا چیز تھی جو نیند سے مانع تھی ؎

اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز — کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد
ایں مدعیاں در طلبش بیخبر انند — کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

آپ اُمّی تھے جب آپ سے کوئی مسئلہ پوچھا اگر معلوم ہوتا بتا دیتے اگر نہ معلوم ہوتا فرماتے تھوڑا صبر کرو میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر کے جواب دوں گا آنکھیں بند نہ کرتے مراقب نہ ہوتے تھوڑی دیر کے بعد فرماتے میں نے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کر لیا ہے ایسا نہیں ایسا ہے جب حضور کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کی عمر شریف آٹھ سال کی ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ ایک میان میں دو تلواریں نہیں آ سکتیں اب اپنا وقت قریب آ گیا۔ آپ کے کمالات ظاہری و باطنی اور کرامات و خرق عادات لاتعداد و حدِ شمار سے باہر ہیں مشتے نمونہ از خروار اس تھوڑے سے بیانِ حال شیریں مقال پر اکتفا کر کے اصل مقصد کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ جب حضور پُرنور حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کی عمر شریف تقریباً آٹھ سال کی ہوئی آپ کے والد بزرگوار عالی مقدار حضرت خواجہ خضری قدس اللہ سرہ العزیز دارِ فانی سے تشریف فرمائے عالم جاودانی ہوئے تو اسی خرد سالی و نابالغی کی حالت میں آپ نے چلہ کا ارادہ فرمایا آپ نے مکان میں دریافت فرمایا

کہ میری خدمت کون کرے گا قریبی رشتہ داروں میں سے کسی نے وعدہ کیا کہ آپ کی خدمت میں کروں گا آپ نے فرمایا میرے پاس ایک برتن رکھ دو چنانچہ روزانہ وقتِ مقررہ پر آپ اپنے منہ مبارک کو اس برتن کی طرف جھکا کر خون قے کر لیتے کھانا پینا بند تھا ہر روز آلایشات عناصر اربعہ و کدورات قوائے بہیمیہ اور ثقالت و کثافت جسمانی کا اخراج بذریعہ خونی قے کے فرماتے کچھ ایام تک خون آتا رہا جب بدن مبارک میں خون خلاص ہو گیا تو قے میں پانی آنا شروع ہو گیا یہاں تک کہ چالیس دن پورے ہو گئے یوں بھی آپ گناہوں سے پاک نابالغ و معصوم بچے تھے اسپر اس غضب کا چلہ کہ اولیاء اللہ میں نہ کسی نے ایسا چلہ کیا نہ سنا اس ریاضتِ شاقہ کے ذریعہ سے جسمِ عنصری کی ثقالت و کثافت و اخلاق بہیمیہ کے ظلمات من کلّ الوجوہ مستہلک و محو ہو کر لطافتِ کلی و روحانیت تامہ نصیب ہوئی ؎

اس چلّہ کے بعد جب بدن مبارک میں قوت آئی تو آپ حضرت اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس سوات تشریف لے گئے حضرت اخون صاحب قدس اللہ سرہ العزیز اپنے زمانہ میں خاندانِ قادریہ کے اولیائے کبار میں سے تھے۔ جب آپ بمعیت چند رفقا سید و شریف حضرت اخون صاحب کے دربار گہربار میں پہنچے خلق اللہ کا ہجوم و ازدحام دیکھ کر آپ کے رفقائے طریق کہنے لگے کہ اس محبوب کی ملاقات غیر ممکن ہے پٹھان لوگ اندر جانے کی کوشش کرتے ہیں مگر مار کھا کھا کر محروم واپس کئے جاتے ہیں جب یہ لوگ اس محبوب کے دیدار سے محروم ہیں تو ہم لوگ کس گنتی میں ہیں بہتر یہ ہے کہ صبح سویرے بلا ملاقات و دیدار محروم واپس مکان چلے جاویں حضور پرنور نے اپنے ہمراہیوں کے مشورہ کو قبول فرمایا رات گذر گئی بوقت صبح ان سب نے تقاضا شروع کیا کہ صاحب زادہ صاحب اپنے وعدہ کو پورا فرمایئے اور چلئے واپس مکان چلیں ؎

دور سے آئے تھے ساقی سن کے میخانے کو ہم
بس ترستے ہی چلے افسوس پیمانے کو ہم

حضور پُرنور نے اپنے ہمراہیوں سے فرمایا کہ تھوڑا صبر کرو حضرت اخون صاحب چاشت کے وقت اپنی مسجد کی اونچی سیڑھی پر بیٹھ کر دور سے اپنا دیدار خلق اللہ کو دکھائیں گے ہم لوگ بھی دُور سے اس محبوب کو ایک نظر دیکھ کر چلے جائیں گے بوقت چاشت حضرت اخون صاحب کے خادم نے آپ کے خلوت خانہ کا دروازہ کھولا آپ نے اس کو حکم فرمایا کہ باہر جا کر ان مسافروں میں ضلع ہزارہ کا ایک شخص ہو گا تلاش کر کے اس کو میرے پاس لے آؤ اس خادم نے باہر جا کر بآواز بلند پکارا کہ ضلع ہزارہ کا کوئی شخص ہے صاحب نے یاد فرمایا ہے چونکہ خلق اللہ کا ہجوم تھا۔ خادمانِ اخون صاحب ہر چہار طرف شور مچانے لگے اس دُرِّ یتیم کے ہمراہیوں نے آپ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ آپ فرما دیویں کہ میں

ہوں ضلع ہزارہ کا باشندہ حضور پُرنور نے فرمایا ضلع ہزارہ کے بہت لوگ یہاں ہوں گے ہم کس گنتی میں ہیں جس کو حضرت اخون صاحب طلب کرتے ہیں آپ ڈھونڈلیں گے ہم اپنے مُنہ سے کچھ نہ کہیں گے ..... تلاش کرتے کرتے خادمانِ اخون صاحب قدس اللہ سرہ العزیز غصّہ ہونے لگے کہ جس شخص کو صاحب نے یاد فرمایا ہے وہ اپنے کو ظاہر کیوں نہیں کرتے حضور پرنور کے رفقاء میں سے ایک نے اشارہ سے بتایا کہ یہ بچّہ ضلع ہزارہ کا باشندہ ہے خادمان اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضور پُرنور قدس اللہ سرہ العزیز کو گود میں اُٹھا کر حضرت اخون صاحب کے خلوت خانہ میں لے گئے حضرت آخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے جب اس آفتابِ ولایت کو دیکھا تو جوش میں آکر فرمانے لگے دغہ دی دغہ دی دغہ دی اپنی پشتو زبان میں تین بار فرمایا یہی ہے یہی ہے یہی ہے جس کو میں تلاش کرتا ہوں جب ہمارا دریکتا غوثِ ہر دو سرا یتیم بچہ حضرت اخون صاحب کے روبرو رونق افروز ہوئے تو حضرت اخون صاحب نے فرمایا کہ اے درِ یتیم دعا کرو حضور فرماتے ہیں کہ جب اخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دست مبارک دُعا کے لیے اٹھائے تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ ساتوں آسمان کا بوجھ میرے اُوپر آگیا ہے اور جب دُعا سے فارغ ہوئے تو وہ بوجھ وسعت وفرحت انبساط کے ساتھ بدل دیا گیا ؎

یک زمانہ صحبتے با اولیاء — بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا
گر تو خواہی ہمنشینی باخدا — گو نشین اندر حضورِ اولیاء
چشم روشن کن زخاکِ اولیاء — تا بہ بینی ز ابتداء تا انتہا

حضرت آخون صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے آپ سے فرمایا کہ رات کو خواب میں کچھ دیکھا ہے آپ نے فرمایا جس مقام پر چلہ کیا کرتا ہوں وہ جگہ دیکھی ہے حضرت اخون صاحب نے فرمایا کہ اسی جگہ میں جاکر قیام پذیر ہو جئے کہیں مت جایئے آپ کے پیر صاحب آپ کے مکان پر آکر مرید فرمالیں گے پھر آپ حضرت اخون صاحب سے رخصت ہو کر اپنے مکان پر تشریف لائے اور اپنے خلوت خانہ میں بیٹھ کر یادِ خدا میں مشغول ہوئے۔ کچھ ایام کے بعد حضور پُرنور شہنشاہِ ولایت مرشد برحق نور مطلق جناب مولانا ووسیلتنا فی الدارین حضرت یعقوب شاہ صاحب گن چھتری قدس اللہ سرہ العزیز ملک کشمیر سے ضلع ہزارہ رونق افروز ہوئے خاص مقام چھوہر میں تشریف لاکر وہاں کے باشندے سے دریافت فرمایا کہ تمہارے گاؤں میں کوئی کم سن بچہ عبدالرحمٰن نام ہے لوگ آپ کو آپ کے فرزند ارجمند کے عبادت خانہ میں لے گئے آپ کو جب خبر ہوئی اپنے ہادی اپنے مرشد کے استقبال کے لیے آگے بڑھے بعد اس کے حضرت شاہ صاحب قدس اللہ سرہ العزیز آپ کو آپ کے خلوت خانہ میں لے جاکر بیعت فرمائی ۔اور حضور نے بے حد مہربانیان

اپنے دریکتا وگوہر بے بہا فرزند ارجمند کے حال پر مبذول فرمائیں۔ حضور پُرنور حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز اُمّی تھے فقط قرآن پاک آپ نے اُستاد سے پڑھا تھا باقی علوم مروجہ علم حدیث تفسیر فقہ اصول منطق وغیرہ علوم آپ نے کسی استاد سے نہیں سیکھے نہ خط آپ نے کسی سے سیکھا تھا آپ نابالغ کم عمر تھے کہ اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ خضری صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے جانشین ہو کر مقام غوثیت کبریٰ وقطبیت علیا پر متمکن ہوئے حضرت خواجہ عبدالرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے آپ کے مرض الموت میں کسی شخص نے دریافت کیا کہ قطب عالم یعنی غوث اعظم اس وقت کا کون شخص ہے آپ نے فرمایا حضور پُرنور شاہ جیلاں رضی اللہ عنہ کے بعد کوئی شخص اس مرتبۂ علیا کا دنیا میں نہیں آیا آپ کی جگہ خالی رہی زمانۂ دراز کے بعد ایک لڑکا پیدا ہوا کم سنی میں وہ لڑکا یتیم ہو گیا وہ اسی حالت یتیمی وکم سنی میں شاہنشاہ اکوان شاہِ جیلان سیدنا وسید کل حضرت عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا حقیقی جانشین ہوا اور ابھی تک وہی شخص مدبر ومتصرف وغوثِ عالم ہے۔ حضور پُرنور نے ایک مرتبہ مجھے فرمایا کہ غوثیت کبریٰ خاندانِ قادریہ کے ساتھ مخصوص ہے اگر خاندان قادریہ میں کوئی شخص اس لائق نہ نکلا تب دوسرے خاندان میں سے غوثِ اعظم لیا جاتا ہے حضور پرنور نے یہ بھی فرمایا کہ بڑے شرم کی بات ہے کہ ہماری نالائقی کے سبب ہمارے گھر کی چیز دوسروں کو دی جائے۔

ایک مجلس پاک میں حضور پُرنور نے فرمایا کہ میں نے اللہ پاک سے دُعا مانگی ہے کہ جب تک میں دنیا میں رہوں مجھے کوئی نہ پہچانے نیز جو لوگ میرے پاس آویں مساکین، فقراء وعلمائے دین ہوں امراء واغنیاء پر میرے یہاں کا دروازہ بند ہو پھر حضور پرنور نے فرمایا کہ اللہ پاک نے میری دُعا کو قبول فرمالیا ہے ایک صاحب طریقت نے ایک مرتبہ حضور پُرنور کو فرمایا کہ آپ کے مہمان زیادہ آتے ہیں اور آمدنی کم ہے میں آپ کو فلاں وظیفہ کی اجازت دیتا ہوں اس کے پڑھنے سے آمدنی زیادہ ہو گی آپ چپ رہے حضرت پیر صاحب نے مکرر سہ کرر اپنے خیال کا اظہار فرمایا تو حضور پرنور نے فرمایا کہ پیر صاحب خدا سے شرم آتی ہے کہ باہر سے لوگ پیر خیال کرکے آویں اور اندر پیسوں کے لیے وظیفہ پڑھا جاوے حضور پرنور کم سخن تھے لاف زنی و اظہار مشیخت اور کثرت کلام سے متنفر تھے مگر جب کچھ کلام فرماتے مخاطب کا خیال کرکے نہایت شیریں ولذیذ پیرایہ میں سلسلۂ کلام کو جاری رکھتے۔ اثنائے کلام میں تصنع ومبالغہ نہ فرماتے مدعیانِ فقر کی طرح جوش وخروش کے کلمات زبانِ پاک پر کبھی نہ لاتے منطق وفلسفہ کے پیچیدہ مسائل میں ایک عالم پریشان تھے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ ان مسائل کا حل فرمایا جاوے حضور پُرنور نے نہایت سادہ وسہل طریقہ سے ان کے شکوک کو رفع فرمایا اور مولوی صاحب کو کہہ دیا کہ میری تقریر کا حال کسی کو نہ کہنا۔ میں نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ

مرید جب خواب میں اپنے مرشد کو اس طور پر دیکھے کہ وہ مجھے کچھ ہدایت فرما رہے ہیں تو پیر کو بھی اس خواب کی خبر ہوتی ہے یا نہیں ہوتی حضور نے فرمایا ہر پیر کو نہیں ہوتی بلکہ اس پیر کو خبر ہوتی ہے جس کو اللہ پاک علوم اولین و آخرین عطا کر دیتا ہے حضور پر نور نمونہ اصحاب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مجلس پاک میں ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ مشہور ہے اولیاء اللہ قدس اللہ اسرارہم ہمیشہ بیت اللہ میں نماز ادا کرتے ہیں یہ بات صحیح ہے آپ نے فرمایا جسمانی حاضری کمال ہے نہ کہ روحانی حضور آپ کی مراد یہ تھی کہ جسم عنصری کا حضور بوقت صلواۃ خمسہ اماکن مقدسہ میں قابل اعتبار ہے صرف روحانی حاضری معمولی بات ہے۔ حضور پُر نور متصرف و مدبّر عالم تھے کتاب "مُحَیِّرُ الْعُقُوْلِ فِیْ بَیَانِ کَمَالَاتِ عَقْلِ الْعُقُوْلِ اَلْمُسَمّٰی بِمَجْمُوْعَہ صَلٰوۃُ الرَّسُوْلُ" میں آپ نے اپنے تصرفات و تدابیر عالم اجسام و عالم ارواح کو مختلف طرق سے نہایت وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے علمائے حقانی و فقرائے ربانی جب اس کتاب کو نظر غور سے مطالعہ فرمائیں تو حضور والا کے کمالات خود ان پر ظاہر ہو جائیں گے آپ کے تصرفات میں بڑی خوبی یہ ہے کہ فطرتُ اللہ و سنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے موافق ہیں جذبات و جلالیت سے محفوظ ہیں ربوبیت و رحمانیت کے رنگ میں آپ کے تصرفات مصبوغ ہیں "صِبْغَۃَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً" آپ کے تصرفات میں قیومیتِ تامہ کارفرما ہے میں نے ایک مرتبہ عرض کیا کہ ولی کا آخری درجہ "تَخَلَّقُ بِاَخْلَاقِ اللّٰہ" ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں ولی کا آخری مقام قدرت کاملہ ہے رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ط ؎

اے برادر بے نہایت در گہیست
ہر چہ بروے می رسی بروے مایست

یہ بات میں سابق بھی عرض کر چکا حضور پُر نور شاہنشاہ چھوروی اپنے کمالات کو چھپاتے تھے اس بارہ میں اللہ پاک نے آپ کو ایسا ملکہ عطا کیا تھا کہ آپ کا ورد آپ کا عشق آپ کا عرفان آپ کے کمالاتِ ظاہری و باطنی میں من کل الوجوہ پردۂ اخفا میں رہے اپنی زبان مبارک سے کبھی نہیں فرمایا کہ میں کچھ جانتا ہوں اولیاء اللہ کی عادت ہوتی ہے کہ احیاناً جذبہ میں آکر کچھ نہ کچھ زبان سے کہہ دیتے ہیں دُعا یا بد دُعا کر دیتے ہیں جس سے ان کے جذبات و کمالات ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور مخلوق ان کی معتقد ہو جاتی ہے۔ مگر حضور پُر نور اپنے افعال اپنے صفات اپنے جذبات اور اپنے تمام کمالات کے اظہار و عدم اظہار پر قدرتِ تامہ رکھتے تھے ؎

تو مباش اصلا کمال این است و بس — تو در و گم شو وصال این است و بس
تا تو ئی کے یار گردد یارِ تو — چون نباشی یار باشد یارِ تو

گشت واصل چوں بدریا آب جو — آبِ جو را باز از دریا مجوے

اکثر اوقات آپ فرماتے ہیں اُمّی ہوں جب ہر کوئی شخص آپ سے مسئلہ دریافت کرتا آپ مسکراتے ہوئے فرماتے ہیں نے کتابیں نہیں پڑھی ہیں کسی عالم سے دریافت کر لو۔ یہ کتاب مُحیِّر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول برسوں سے تیار ہو چکی تھی مگر حضور نے اپنی زندگی میں اس کو چھپائے رکھا ایام وصال آپ کے جب قریب پہنچے تو مجھے بذریعہ خط کے حکم فرمایا کہ میں نے ایک کتاب مجموعہ صلوات الرسول تالیف کی ہے جو بخاری کے طرز پر تیس پاروں پر مشتمل ہے ہر پارہ قرآن شریف کے پاروں سے کچھ بڑا ہے اگر ممکن ہو تو تم وہاں کے لوگوں سے چندہ کر کے اس کتاب کو چھپوا دو تاکہ خلق اللہ کو اس سے فائدہ ہو خلاصہ یہ کہ آپ نے اپنے کمالات کو تا حین حیات پوشیدہ رکھا اور اس اخفائے راز میں کمال فراست سے کام لیا لوگ اظہار کمالات کے لیے طرح طرح کے مکر و فن کرتے ہیں اور میرے محبوب نے اپنے حسن و جمال اور اپنے کمالات کے اِخفا کے لیے طرح طرح کے مکر و حیلے ایجاد فرمائے وَمَکَرُوْا وَ مَکَرَ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ ط ؎

من چہ گویم یک رگم ہشیار نیست — شرحِ آں یارے کرا و را یار نیست
شرحِ ایں ہجراں ایں خونِ جگر — ایں زماں بگذار تا وقتِ دگر

آپ کے اخلاق نمونۂ اخلاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم تھے نشست و برخاست اکل و شرب لباس وغیرہ تمام امور میں پوری اتباعِ سنّت ملحوظ رہتی حدیث کی کتابیں زیر مطالعہ ہوتیں جو جو کام حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلّم نے کئے ہیں وہ تمام مستحبات آپ نے ادا کئے ہیں ایک مرتبہ آپ کتاب دیکھ رہے تھے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلّم نے مسجد کی چٹائی سیکر درست فرمائی ہے آپ بھی کتاب چھوڑ کر اپنی مسجد کی چٹائی سی رہے تھے کہ اُوپر سے ایک بزرگ شاہ ولی بابا تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ اُٹھو ہمیں اندر سے مکھن لا دو حضور نے چٹائی سینے میں کچھ دیر لگائی تو شاہ ولی بابا برجستہ فرمانے لگے کہ تمام چٹائی کا سینا سنت نہیں ہے سنت ادا ہو گئی اُٹھو مکھن لا دو مجھے دیر ہوتی ہے حضور نے فرمایا مجھے شاہ ولی بابا کی صفائی پر ہنسی آگئی اور اندر جا کر ان کے لیے مکھن لے آیا حضور پُر نور شاہنشاہ ولایت کے رہنے کا مکان کچا تھا۔ جس کی دیواریں جا بجا گری ہوئی تھیں چھت کا یہ حال تھا کہ ایام بارش میں باہر پانی کم ہوتا اور اندر مکان پانی سے بھر جاتا رات کو گھر کے لوگ سوئے رہتے اور آپ اندر کا پانی برتن میں بھر بھر کر باہر پھینکتے۔

علماء فقراء اور اپنے مہمانوں کی خدمت اپنے دستِ مبارک سے کیا کرتے تھے جب گھر میں روٹی تیار ہو جاتی

مسجد سے گھر میں جا کر مہمانوں کے لیے ایک دستِ مبارک میں ترکاری کا برتن اور دوسرے میں روٹی اُٹھا کر لے آتے اور جو ترکاری روٹی مسافر کھاتے خود بھی تناول فرماتے رات کی بچی ہوئی روٹی اگر مل جاتی تو نہایت خوشی کے ساتھ تناول فرما لیتے اور تازہ روٹی کی طرف التفات نہ فرماتے اور جو کچھ تیار ہوتا مہمانوں کے سامنے رکھ دیتے جیسا اس وقت کے پیر لوگ اپنے لنگر کو نہایت دھوم دھام اور تکلیف کے ساتھ دیا کرتے ہیں حضور پرنور کے یہاں ان باتوں کا نام و نشان بھی نہ تھا شہرت طلبی سے آپ بیزار تھے۔ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ کا پورا پورا نمونہ تھے رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا وَّبِمُرْشِدِیْ ھَادِیًا مَّھْدِیًّا طالب علموں کے ساتھ آپ کو دلی محبت تھی حضور پرنور قدس اللہ سرّہ العزیز کے مدرسہ اسلامیہ ہری پور کے طلباء کے لیے لنگر سے روٹی جایا کرتی تھی ایک مرتبہ عشاء کے وقت ایسی زور کی بارش برسنے لگی کہ گھر سے باہر نکلنا دشوار تھا خانقاہ شریف میں جو لوگ موجود تھے آپ نے ان کو فرمایا کہ مدرسہ میں روٹی لے جاؤ مگر کسی کو ہمت نہیں ہوئی آپ نے جب دیکھا کہ مدرسہ میں طلباء بھوکے ہوں گے یہ لوگ بھی نہیں جاتے ہیں تو خود روٹی ترکاری لے کر مدرسہ تشریف لے چلے مدرسہ اسلامیہ خانقاہ شریف سے ایک میل سے زیادہ فاصلہ پر ہے رات اندھیری بارش نہایت زوروں پر تھی راستہ میں ایک گہرا نالہ پانی کا آتا ہے جو نہایت دشوار گزار جگہ ہے جب حضور پرنور وہاں پر پہنچے اُوپر سے نالے کے اندر گر پڑے تمام کپڑے پانی اور کیچڑ میں خراب ہو گئے روٹی ترکاری پانی میں بہہ گئی آپ اس حالت میں واپس تشریف لائے اس زمانہ کے پیروں مریدوں میں جو بدعات و خرافات مروج ہو گئی ہیں حضور پرنور کے یہاں ان مخترعاتِ خلافِ شرع کا نام و نشان تک نہ تھا وہاں کے غیر مقلدین امتحاناً حضور کے یہاں ہفتہ ہفتہ تک اس خیال سے مقیم رہتے کہ دیکھیں یہ شخص سنّت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کوئی کام کرتے ہیں یا نہیں کرتے آپ کا پاجامہ نصف ساق تک ہوتا کرتا لمبا بٹن کھلا ہوتا عموماً موٹا کھدر پہنتے

حضور پُرنور نے دو چیزوں سے توبہ کر لی تھی ایک کشف سے دوسری اپنی ضروریات زندگی کے خیال سے ایک مرتبہ حضور پرنور مُتَوَکِّلٌ بِاللّٰہِ نے گھر میں کہہ دیا کہ میرے واسطے دوہری چادر سیاہ رنگ کی بنا دو یہ فرما کر گھر سے باہر تشریف لے گئے تھوڑی دیر بعد پھر گھر میں تشریف لائے اور گھر میں منع فرما دیا کہ میرے واسطے چادر مت بناؤ دوسرے دن ایک شخص آیا اُس نے سوت لا کر دیا رنگائی اور بنوائی کے پیسے بھی حضور کو دیئے اور عرض کرنے لگا کہ میں کہیں باہر جاتا ہوں آپ اپنے لیے دوہری چادر تیار کروا لیجئے کہ سردی کے دن قریب آ گئے ہیں حضور فرماتے ہیں میں نے توبہ کر لی ہے کہ اپنے لیے کسی چیز کا خیال بھی نہ کروں گا اس روز سے

اللہ پاک سرما کے کپڑے موسم سرد میں اور گرما کے کپڑے موسم گرم میں بلا خیال و طلب عنایت کر دیتا ہے حضور فرماتے ہیں ایک جگہ بیٹھا ہوا تھا ایک شخص آیا اور غسل کیا جب فارغ ہوا تو میں نے اس کو کہا تم نے زنا کیا ہے اول تو منکر ہوا جب میں نے اس کو پکڑا تو زنا کا اقرار کیا اور معافی مانگنے لگا میں نے دل میں خیال کیا کہ اللہ پاک اپنے بندوں کے گناہ دیکھ کر پردہ پوشی فرماتا ہے اور میں صاحب کشف ہوا تو خلق اللہ کی پردہ دری کرتا ہوں اس روز سے کشف سے بھی توبہ کر لی ہے

آپ متواضع تھے نہایت خلیق و حلیم اور غایت درجہ کے بردبار و خاکسار تھے محب و جلیسِ فقراء تھے علماء و فقراء جب آپ کے مجلس پاک میں حاضر ہوتے تعظیماً کھڑے ہو جاتے آپ کی نشست گاہ میں کوئی فرش فروش کا سامان نہ تھا نہ آپ کے ملاقات کے لیے کوئی وقت مقرر تھا نہ آپ کے یہاں کوئی پر تکلف مکان تھا اکثر آپ کا قیام مسجد میں ہوتا ضرورت کے وقت مکان میں بھی تشریف لے جاتے خلق اللہ کے ہجوم سے یا خلاف طبع کوئی بات ہو جاتی خفا نہ ہوتے مگر ایک مرتبہ بہت خفا ہوئے حضرت صاحبزادۂ ذی شان جناب حاجی محمد فضل سبحان صاحب نے کسی کے سکھانے سے حضور پُرنور کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ آپ کے بعد آپ کا گدی نشین کون ہو گا حضور پُرنور نہایت غضب ناک ہو کر فرمانے لگے گدی پر تو گدھے بیٹھتے ہیں ہم چٹائی پر بیٹھنے والے ہیں۔ آپ کا قد مبارک قدرے چھوٹا تھا دست و قدم مبارک اور ان پر اُنگلیاں چھوٹی چھوٹی تھیں سینہ پاک از کینہ وسیع و مضبوط تھا چہرہ مبارک خوبصورت تھا نہ بالکل بے نمک سفید اور نہ سانولا تھا بلکہ گندم گوں و ملاحت آمیز تھا آنکھیں بہت خوبصورت تھیں ہر وقت مست اور خمار بھری ہوئی لال ڈوریوں سے مزین رہا کرتی تھیں داڑھی مبارک نہایت گھنی و گنجان اور گول تھی سفید اور نہایت خوبصورت تھی ؎

قامت است ایں یا الف یا سرو یا نخلِ مراد — یا مگر گلدستۂ باغ جناں آراست ایں
چشم تو جادوست یا آہوست یا صیاد خلق — یا دو بادام سیہ یا نرگسِ شہلاست ایں

اگر کسی کو شوق ہو کہ حضور پُرنور کے جسم الطف و اطہر کو بعد وصال دُنیا میں پھر ملاحظہ کرے تو اس کو چاہیئے کہ شاہزادۂ ذی شان حضرت مولانا و مرشدنا فضل الرحمان صاحب عرف چن پیر مدظلہ العالی کو دیکھ لے گویا ہو بہ ہو حضور پُرنور مرکز عالم غوثِ اعظم کو دیکھ لیا۔ اللہ پاک اس مکمل شبیہ اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ کو عمرِ دراز عطا فرماوے آمین گذشتہ سال جب میں وطن کو گیا حضور پُرنور کے وصال کو ایک مہینہ ہو چکا تھا دربار گھربار میں مریدین و مخلصین جمع تھے ایک شخص میرے قریب رو رہا تھا انہوں نے مجھ سے دریافت کیا تم کہاں سے آئے ہو میں نے کہا رنگون سے آیا ہوں

وہ اشارہ کرکے فرمانے لگے کہ اس درخت کو جب دیکھتا ہوں مجھے رونا آجاتا ہے میں نے سبب دریافت کیا تو وہ ذیل کا قصہ فرمانے لگے کہ حضور پُرنور متصرفِ عالم قدس اللہ سرہ العزیز نے ایک مرتبہ مجھ کو بلا کر حکم فرمایا کہ تم میری طرف سے تحائف وہدایا لے کر حجِ بیت اللہ وزیارتِ روضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جاؤ اور یہ اشیاء وہاں پر فلاں فلاں لوگوں کو دے دو میں حیران ہوا کہ خداوندا یہ کام مجھ سے کیوں کر سرانجام ہوگا میں تو بہت سوتا ہوں مجھے کوئی ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے جب بھی بیدار نہیں ہوتا ہوں یہ تو دور دراز کا سفر ہے مگر آپ کے سامنے انکار نہ کرسکا حضور پرنور نے سفر کا سامان تیار کرکے مجھے رخصت کرنے کے لیے چند قدم رنجہ فرمائے جب اس توت کے درخت کے پاس حضور پہنچے تو اس کو مخاطب کرکے فرمانے لگے کہ اے توت تو اس شخص کی نیند کو اپنے پاس امانت رکھ لو پھر آپ نے میرے لیے دُعا فرمائی میں آپ سے رخصت ہو کر حسن ابدال ریلوے اسٹیشن پر پہنچا وہاں سے بمبئی کا ٹکٹ لیا ریل پر سوار ہو کر بمبئی پہنچا سفر ریل میں اونگھنی آجاتی جس سے میری طبیعت آسودہ ہو جاتی مگر یہ اونگھنی دو تین منٹ سے زیادہ نہ ہوتی بمبئی سے جہاز پر سوار ہو کر جدہ مکرمہ پہنچا جدہ سے مکہ معظمہ بیت اللہ شریف میں تمام ضروریات سے فارغ ہو کر مدینہ منوّرہ پہنچا روضہ اقدس میں چند ایام قیام کرکے آپ کے تحائف لوگوں کو دے کر واپس بیت اللہ شریف سے جدہ پہنچا ان چند مہینوں کے سفر میں میری نیند مفقود تھی خلاصہ یہ کہ جدہ سے بمبئی بمبئی سے آستانہ پاک پھلور شریف پہنچا جب حضور سے ملاقات ہوئی آپ نے فرمایا تم نے اپنی امانت لے لی اتنا فرمانا تھا کہ مجھے نیند نے پکڑا مسجد میں جاکر سو گیا نیند کے غلبہ سے چند وقت کی نماز قضا ہو گئی آدھی رات کو حضور نے آن کر جگایا کہ اُٹھو روٹی کھا کر پھر سو جاؤ اس سے معلوم ہوا کہ غیر ذوی العقول اور نباتات وغیرہ مخلوقات بھی آپ کے تصرف میں منسلک تھے

احمد الدین برادر یوسف مرحوم ترکھان سکنہ چھوہر نے ایک مرتبہ حضور پُرنور کے سفر حج کا عجیب وغریب قصہ میرے سامنے بیان کیا وہ کہتے ہیں حضور نے فرمایا کہ میں اور ایک پیر صاحب سفر حج میں ایک ساتھ ہو گئے عرب شریف جب پہنچے تو ایک درویش نے ہم دونوں کے پاس آکر فریاد کی کہ میں فلاں گاؤں میں رہتا ہوں اور میری عادت ستار بجانے کی ہے میرے گاؤں میں ایک عالم رہتے ہیں انہوں نے مجھ پر کفر کا فتویٰ دے دیا ہے آپ دونوں مہربانی کرکے میرے ساتھ تشریف لے چلیں اور اس عالم کو سمجھا دیں کہ مجھے کافر نہ کہیں میں ان کے اس فتویٰ سے بہت تنگ ہوں میں اور پیر صاحب دونوں درویش صاحب کے ساتھ ہو کر ان کے گاؤں میں عالم صاحب کے مکان پر پہنچے عالم صاحب سے پیر صاحب نے دریافت کیا کہ آپ نے اس درویش پر کفر کا فتویٰ کیوں دیا ہے عالم نے فرمایا یہ ستار بجاتے ہیں اس واسطے میں نے ان پر کفر کا فتویٰ دیا ہے پیر صاحب نے چاہا کہ درویش صاحب کو ستار بجانے سے روک دیں اور عالم صاحب اپنا

فتویٰ واپس لے لیں حضور فرماتے ہیں میں نے پیر صاحب سے کہہ دیا کہ آپ فی الحال ان کے درمیان فیصلہ نہ کریں جب ہم لوگ واپس آجائیں گے تب ان کا فیصلہ کیا جائے گا حضور فرماتے ہیں جب ہم دونوں واپس آگئے تو میں نے پیر صاحب کو یاد دلایا کہ عالم اور درویش کا فیصلہ دونوں کو سنانا باقی ہے ان کے گاؤں میں چلیے ہم دونوں درویش کے گاؤں میں مولوی صاحب مفتی کے درس گاہ میں جاکر کیا دیکھتے ہیں کہ گرداگرد طلباء ہیں درمیان میں مولوی صاحب تشریف فرما ہیں گود میں ستار ہے نہایت ذوق شوق سے ستار بجا رہے ہیں۔ ہم دونوں کو دور سے دیکھ کر ستار بجاتے ہوئے تعظیماً کھڑے ہو گئے ہیں خاموش تھا پیر صاحب نے مولوی صاحب سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا حال ہے آپ کا آپ تو ستار بجانے کو کفر کہتے ہیں اور آج خود اس کفر میں مبتلا ہو گئے عالم صاحب نے فرمایا آپ دونوں میں سے کسی کی برکت سے یہ نعمت مجھے نصیب ہوئی دُعا کرو جب تک زندہ رہوں ستار بجاتا رہوں جب مروں ستار بجاتے مروں قیامت کے دن جب اللہ پاک کے سامنے جاؤں ستار بجاتے جاؤں پیر صاحب نے حضور سے فرمایا کہ فقیر صاحب آپ نے یہ کیا کھیل بنایا۔ حضور نے فرمایا آپ نے کچھ کیا ہوگا پیر صاحب نے فرمایا میں جو کچھ ہوں خوب جانتا ہوں بتایئے اصلی قصہ کیا ہے تب حضور نے فرمایا کہ جب آپ نے ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرنا چاہا کہ درویش صاحب ستار بجانا چھوڑ دیں اور عالم صاحب اپنا فتویٰ کفر یہ واپس لے لیں تو درویش صاحب جب آپ کے ساتھ وعدہ کر لیتے کہ میں ستار نہ بجاؤں گا وہ تو وعدہ خلافی کبھی نہ کرتے مگر ستار کا بجانا ان کے لیے بمنزلہ حیات وغذائے روح کے بن گیا ہے اس لیے وقتِ مقررہ پر اگر ان کو اپنی غذا نہ ملتی اسی وقت مرجاتے اور ان کا خون آپ کی گردن پر ہوتا تو میں نے چاہا کہ آپ خون سے بچ جائیں اور مولوی صاحب جو اپنے علم پر نازاں وفرحاں ہو کر دردمندوں کو کافر کہتے ہیں ان کو بھی درد سے آشنا کر دیا جاوے مصرعہ چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دو کار ؎

ب ۔ بے درد کی جانن ہیرے درد منداں دیاں آہیں بھڑکن بھائیں
باجوں درد دیدار نہ حاصل بن درداں کجھ ناہیں سمجھ کدائیں
اَلْعِشْقُ نَارٌ یُحْرِقُ مَا سِوَی اللّٰہِ عشق چنگیرا تائیں ہر دم چاہیں
لگا نیہوں نہ توڑیں بہیل جو ہر حال بنا ہیں عشق تدائیں

؎ بہار آئی ہے بھر دے بادۂ گلگوں سے پیمانہ
رہے لاکھوں برس ساقی تیرا آباد میخانہ

اس قصہ سے معلوم ہوا کہ آپ میں جذبات وتصرفات خضر علیہ السلام جلوہ گر تھے جس شخص میں جو کیفیت پیدا

کرنا چاہتے ادنےٰ توجہ سے پیدا کر دیتے کیفیاتِ عشقیہ وجذباتِ صدریہ پر آپ بوجہ اتم متصرف تھے ؎

آناں کہ خاک را بنظر کیمیا کنند
سگ را ولی کنند و مگس را ہما کنند

میں جب رنگون آیا اور یہاں کے بعض لوگوں سے محبت ہوئی تو کبھی کبھی حضور پُرنور کے کمالات کا تذکرہ ان کے سامنے کر لیا کرتا رفتہ رفتہ یہاں کے لوگوں کو حضور پُرنور کے ساتھ غائبانہ محبت ہو گئی یہاں تک کہ بعض نے بیعت کی خواہش ظاہر کی میں نے آپ کی خدمت اقدس میں ایک خط لکھا کہ یہاں کے لوگ آپ سے بیعت ہونا چاہتے ہیں مگر دور و دراز ملک کا معاملہ ہے اگر بذریعہ خط ان کو بیعت فرمایا جاوے تو ؎

بر کریماں کارہا دشوار نیست

کچھ ایّام بعد حضور نے بذریعہ ایک صحیفہ مکرمۂ مطہرہ مجھے تسلّی فرمائی کہ گھبراؤ مت میں ایک رومال بعنایتہ عنقریب تمہاری طرف روانہ کروں گا جو شخص تہجّد کی نماز پڑھ کر اسی مصلّے پر روبہ قبلہ ہو کر رومال پر ہاتھ رکھ دے اور خدا و رسول کو اپنے پاس حاضر جان کر اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرلے تو اس کی بیعت اللہ پاک منظور فرمالے گا چنانچہ حضور پُرنور قدس اللہ سرّہ العزیز نے ململ سفید کا ایک رومال میرے نام پر ارسال فرمایا جس وقت رومال مبارک پہنچا لوگ حضور سے مرید ہونے لگے رفتہ رفتہ لوگوں میں اس بات کا چرچا ہونے لگا کہ پیر صاحب تو ملک پنجاب ضلع ہزارہ مقام چھورشریف میں تشریف فرما ہیں اور لوگوں کو بذریعہ رومال کے رنگون میں مرید کرتے ہیں تعجب کی بات ہے مقام حیرت ہے کہ شراب خوار بدکار فاسق فاجر جب رومال پر ہاتھ رکھ کر مرید ہو جاتا ہے نماز گذار نیکوکار تہجّد گزار بن جاتا ہے۔ اور اس کے چہرہ پر نور ایمان کی ملاحت وخوبصورتی دیکھ کر اوروں کو رغبت پیدا ہو جاتی ہے سلسلہ ہدایت دن بدن ترقی کرنے لگا دیگر پیران طریقت اپنے حضور میں اپنے مریدوں کو اتنا نفع نہیں پہنچا سکتے جتنا کہ قطبِ عالم غوث اعظم شہنشاہِ چھوروی نے اپنے فرزندانِ رنگون کو دو ہزار میل سے مرید فرما کر فائدہ پہنچایا ؎

چشم روشن کن زخاکِ اولیا
تا بہ بینی زِابتدا تا انتہا

ایک مرتبہ مجلس پاک میں حضور شاہنشاہِ چھوروی قدس اللہ سرّہ العزیز نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا قربِ جانی رابعدِ مکانی نیست میں حیران ہوا کہ یہ بے ربط جملہ حضور والا نے کیوں فرمایا لیکن رنگون میں آکر اس مختصر جملہ کے مطالب ومعانی اور قربِ جانی کی شرح اور بعدِ مکانی ارضی کا انقطاع کلی یہ ایسے رموز ہیں کہ بحرِ محیط کو کوزہ میں آپنے بند کر

دیا ہے ؎

من چہ گویم شرح وصفِ آں جناب
آفتاب است آفتاب است آفتاب

آپ کے کمالات ذاتی وصفاتی اجمالی وتفصیلی ظاہری وباطنی جسمانی وروحانی ہمارے بیانِ ناقص البیان سے مستغنی ہیں آپ نے اپنے علوم ومعارف اپنے جذباتِ عشقیہ اور تصرفاتِ عالم ملکوت وناسوت اور علوم حقائق وجوبیّہ قدمیہ ازلیہ اجمالیّہ اور علوم مراتب صفاتیّہ امکانیہ تفصیلیہ واقسام مراتب توحید یہ وجودیہ اور شہودیہ وغیرہ کمالات کو اپنی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول میں اجمالاً وتفصیلاً اشارۃً وکنایۃً بیان فرما دیا ہے

یہ کتاب آپ کے کمالات پر شاہدِ عال ہے یہ کتاب آپ کے حسن وجمال کا مظہرِ اتم ہے اس کتاب کے علوم کا ماخذ ومنبع قرآنِ حکیم واحادیثِ رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم ہے اس کے اوراد و وظائف سو سے زائد کتبِ معتبرہ سے نقل کئے گئے ہیں اس کتاب میں ایسے مضامین بھی ہیں جو عقلاء اور عرفاء کو حیرت میں ڈالتے ہیں اس کتاب کی ترتیب اور نقوش والفاظ میں کچھ اس قسم کی تاثیر ہے کہ اس کی تلاوت سے تعلق رکھتی ہے اس کتاب کی تلاوت سے کتبِ منطق فلسفہ فقہ اصول فقہ تفسیر حدیث وغیرہ ادق علوم میں قوتِ مطالعہ پیدا ہوتی ہے۔ یہ کتاب برزخِ وجوب وامکان کی معیت میں پایہ تکمیل کو پہنچی ہے دائرۂ اولیۂ امکانیہ کے مرکز اعلیٰ سے اس کتاب کے علوم لیے گئے ہیں۔ اس کتاب میں ایسے مضامین بھی ہیں جو مخصوص ہیں آپ کے ساتھ یہ طرز وطریقہ جو آپ نے اپنی کتاب میں ایجاد فرمایا ہے متقدمین ومتاخرین کی تصانیف میں نہیں پایا جاتا ہے چونکہ ذاتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم صفتِ علیہ واجب الوجود ہے۔ اس واسطے قرآنِ حکیم نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالاتِ ذاتیہ اجمالیہ کا اظہار فرمایا اور کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف الرسول حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالاتِ صفاتیہ تفصیلیہ کو طرقِ متعددہ کے ساتھ بیان کرتی ہے چونکہ ذات محمدی ذاتِ واجب الوجود کے لیے صفت اُولیٰ اور ممکنات کے لیے ہیولےٰ ہے۔ اجمالاً اور صفات وکمالاتِ محمدی واجب الوجود کے صفت ظاہر کے لیے مظہرِ اتم ہیں تفصیلاً تو شہنشاہ زمان خواجہ خواجگان حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنی کتابِ لاجواب میں عقلِ اوّل یعنی صفتِ حقیقیہ ذاتیہ اولیہ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حسنِ ذاتی وکمالاتِ صفاتی کو اجمالاً وتفصیلاً بطرزِ عجیب وترتیبِ غریب اس طور پر بیان فرمایا ہے کہ بڑے بڑے علمائے کاملین وعرفائے راسخین حیرت درحیرت ہیں علاوہ بریں حضور پُرنور قدس اللہ سرہ العزیز اُمّی تھے۔ علوم مروجہ سے آپ بظاہر ناواقف تھے یعنی آپ نے کسی اُستاد سے علم ظاہری نہیں سیکھا تھا جو شخص آپ کے کمالات سے

ناواقف اوران کا طالب ہو اس کو چاہیئے کہ آپ کی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمّٰی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کو غور سے مطالعہ کرے ؎

آفتاب آمد دلیلِ آفتاب
گر دلیلت باید از وے رو متاب

اس کتاب کو حضور پُر نور نے بارہ سال آٹھ مہینہ بیس دن میں تالیف و تصنیف فرمایا ہے ۔ باوجود اُمّی ہونے کے آپ نے اپنے خیالات و جذبات و علوم کو نہایت سہل و سلیس عربی زبان میں ظاہر فرمایا۔ یہ کتاب آپ کے علوم و معارف کے دریا کا ایک قطرہ ہے جو اہلِ دُنیا پر بعد از انتقالِ پُر ملال آپ نے بطور تحدیثِ نعمتِ منعم جلّ و علیٰ ظاہر فرمایا۔ ؎

من چہ گویم شرح وصفِ آں جناب
آفتاب است آفتاب است آفتاب

حضور پُر نور نے مجھے ایک خط کے ذریعہ فرمایا تھا کہ مجموعہ صلواۃ الرسول کے لیے ایک مقدمہ بنایا جاوے جس میں درود شریف کے فضائل اور تلاوت و قراتِ کتاب ہذا کے طرق کا بیان ہو چنانچہ حضور پُر نور قدس اللہ سرہ العزیز نے اپنی حیات پاک میں اس امر کا شرف برادر مکرم و اخی معظم مولانا اولنا حضرتِ مولوی عصمت اللہ صاحب سری کوٹی کو بخشا مولوی صاحب نے بامر حضور والا مقدمہ تیار کر کے حضرت اقدس میں پیش کیا آپ نے فرمایا مقدمہ اچھا ہے مگر قدرے ترمیم کی ضرورت ہوگی اس واسطے مولانا صاحب نے ثانیاً مقدمہ تیار کر کے میری طرف شہر رنگون میں ارسال فرمایا قدرے ترمیم کے ساتھ مولانا کا مقدمہ اور حضور پر نور کے مختصر حالات نیز شجرۂ قادریہ مبارکہ ان تینوں کو ترتیب دے کر ایک مختصر رسالہ کی شکل میں طبع کرایا گیا تاکہ خلق اللہ کو عموماً اور غوث الورٰی کے متبعین کو خصوصاً نفع ہو ؛ آمین

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط

خوشتر آں باشد کہ سرِّ دلبراں
گفتہ آید در میانِ عاشقاں

اب مولانا عصمت اللہ صاحب سری کوٹی کا مقدمہ جو بامر حضور پُر نور مرشد برحق نور مطلق خواجہ خواجگاں حضرت خواجہ عبد الرحمان صاحب قدس اللہ سرہ العزیز تیار کیا گیا ذیل میں درج کیا جاتا ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الَّذِیْ اَرْسَلَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَاَنْزَلَ عَلَیْہِ الْقُرْاٰنَ الْحَکِیْمَ وَجَعَلَہٗ اٰیَۃً وَّمُعْجِزَۃً اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ فَھَدَانَا بِہٖ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَفَضَّلَ حَبِیْبَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی سَائِرِ الْاَنْبِیَاءِ بِسِتٍّ اَعْطٰی لَہٗ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَنَصَرَہٗ بِالرُّعْبِ وَاَحَلَّ لَہُ الْغَنَائِمَ وَجَعَلَ لَہُ الْاَرْضَ مَسْجِدًا وَّطَھُوْرًا وَّاَرْسَلَہٗ اِلَی الْخَلْقِ کَافَّۃً وَّخَتَمَ بِہِ النَّبِیِّیْنَ ثُمَّ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّہٖ وَحَبِیْبِہٖ وَمَظْھَرِہِ الْاَتَمِّ مِنْ خَلِیْقَتِہِ الَّذِیْ جَآءَ الْحَقُّ بِمَجِیْئِہٖ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ بِظُھُوْرِہٖ وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِہٖ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الرَّاشِدِیْنَ الْفَائِزِیْنَ ۔

اما بعد اے عزیزانِ ملّت جس ذات بابرکات نے مجھ ہیچمدان عصمت اللہ سری کوٹی کو اس کتاب لاجواب کے مقدمہ کے لیے مامور فرمایا ہے اور جس کو میں اپنے لیے فخر سمجھتا ہوں اوّل تو اس کتاب کی تالیفی نسبت ہی ایسی مبارک ہستی کی طرف ہے جو ہمیں مقدمہ کی تسوید سے بے نیاز کرتی ہے دوم یہ کتاب ایسے مسلم راس الامر پر مشتمل ہے کہ خود خداوند بے نیاز اور اس کے فرشتے اس کام میں مشغول ہیں اور اس کی طرف ہر وقت تمام مومنین و مومنات کو دعوت دے رہے ہیں اور وہ صلواۃ علی النبی المختار ہے لہٰذا آفتاب آمد دلیل آفتاب کی مصداق مجھ جیسے کم علم کے مقدمہ سے یہ کتاب کلیتہً مستغنی ہے حاجتِ مشاطہ نیست روے دلآرام را ؛ لیکن باوصف اس کے فرمانِ مقدمہ کو بندہ نوازی تصور کرتا ہوں از شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا ؛ تزکیۂ نفس و تکمیل انسان کے لیے دو چیزیں ضروری ہیں ۔ علم و عمل اس کتاب کے علوم و معارف توحیدیہ اور جذباتِ عشقیہ ایسے عالی پایہ کے ہیں جو بذاتہٖ موصل ہیں ذات بطن البطون و ھویت بحت کے بارگاہِ اقدس کی طرف اور عمل کے لیے جو مقدس روش اس کتاب میں اختیار کی گئی ہے وہ اعلیٰ و احسن طریقہ ہے جو خود خداوند جل و علےٰ اور اس کے فرشتے اس میں شریک عمل ہیں یعنی ارسالِ درود و سلام بہترین انام پر کما قال اللہ سبحانہ وتعالیٰ : اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط ترجمہ : بیشک اللہ اور اس کے فرشتے تحفۂ درود بھیجتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی تحفۂ درود و سلام ان کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا کرو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہ وہ نسخۂ جامع علم و عمل طبع ہو کر آپ کے سامنے موجود ہے یعنی کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمّٰی بہ

مَجْمُوْعَہ صَلٰوۃُ الرَّسُوْل

اس نسخۂ عجیبہ دافع امراض جسمانی و روحانی کے موجد و مرتب حکیم اُمّت استاذِ علوم لدنیہ و معلم معارفِ الٰہیہ

قامع بدعت وقاطع ضلالت ہادیٔ راہ شریعت مرشد طریقت واقف اسرار حقیقت حضرت مولانا الشیخ الکامل جناب خواجہ عبدالرحمن صاحب چھوروی قدس اللہ سرہ العزیز ہیں شَکَرَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ سَعْیَہٗ۔

حضور والا ان برگزیدہ مشائخ عظام واولیائے کرام میں سے ہیں جن کے فیوضات سے اہل ہزارہ وکوہستان وکشمیر وسرحد وافغانستان وپنجاب وہندوستان وبنگال وملک برما وعرب وعجم کامیاب وفیضیاب ہوئے ہیں آپ صاحب حالات سنی ومظہر اتم شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِہٖ اِلَیْکَ۔

یہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول جس جامعیت وحسن ترتیب سے حضور پُرنور نے مرتب فرمایا ہے۔ آپ ہی اپنی نظیر ہے یہ اپنے قاری کے لیے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور اور آپ کے کمالات نورًا وظہورًا علمًا وعملًا واخلاقًا دینًا ودنیاویًا ان تمام امور کا ایک عمدہ ومقدس معنوی مجسمہ قائم کرتی ہے جس سے کسب تجلیات اور اسوۂ حسنہ نبویہ کی رہبری یقینی ہے اس کے قاری کے شوق وطاقت علمی میں روز افزوں اضافہ ہوتا جاتا ہے اس کا ہر ایک جملہ ترغیب الصلوٰۃ کا کام دیتا ہے اکثر مواقع میں مناسب ادعیہ واسمائے الٰہی سے استعانت لی گئی ہے اس کتاب کے قاری کو سرور انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیم کی کامل سوانح عمری پر عبور اور جملہ قسم کے درود شریف سے فوائد اور سرور حاصل ہوتا ہے

ضروری اطلاع

اس میں کچھ شک نہیں کہ نقوس کاملہ کی خاص ترتیب وتعداد واجازت میں ایک کیمیائی تاثیر ہوا کرتی ہے آپ نے اس کتاب کی ترتیب تیس ۳۰ پاروں پر رکھی ہے اور وصیت فرمائی ہے کہ روزانہ ایک پارہ یا نصف پارہ تلاوت کیا جاوے فرصت کم ہو تو رُبع پارہ روزانہ ورد کیا جاوے اگر بلا ومصیبت اور قحط وبا وطاعون وشر ظالم میں خلق اللہ مبتلا ہو تو ایک مجلس میں اس کا ختم کیا جاوے تمام آفات وبلیات سے نجات نصیب ہوگی ایصال ثواب رسانی کے لیے بھی اس کا ختم ازحد مفید ہے فَیَا فَرَحًا کہ اس مبارک کتاب محیر العقول فی بیان اوصاف عقل العقول المسمی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کی تحریک طباعت ونشر کا شرف اخی المکرم جناب مولوی حافظ سید احمد صاحب کو میسّر ہوا اور مصارف طباعت کا فخر وباقیات الصالحات کی توفیق جناب سیٹھ احمد اللہ صاحب کباؤ بالقابہ ودیگر اخوان رنگون کو حاصل ہوا شَکَرَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ سَعْیَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

حَاشَا اَنْ یَّحْرُمَ الرَّاجِیْ مَکَارِمَہٗ اَوْ یَرْجِعَ الْجَارُ مِنْہُ غَیْرَ مُحْتَرَمٍ

فضائل درود شریف

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

ترجمہ: اللہ پاک اور اس کے فرشتے درود پڑھتے ہیں نبی پر اے ایمان والو تم بھی درود وسلام پڑھو اس محبوب خدا پر۔

۱ وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علیّ واحدۃً صلی اللہ علیہ عشرًا (رواہ مسلم)

ترجمہ: ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص ایک درود میرے اوپر پڑھتا ہے اللہ پاک دس مرتبہ درود اس پر پڑھتا ہے۔

۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوٰتٍ وَحُطَّتْ عَنْہُ عَشْرُ خَطِیْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ۔ (رواہ النسائی)

ترجمہ: انس سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص ایک مرتبہ میرے اوپر درود پڑھتا ہے اللہ پاک دس مرتبہ درود اس پر پڑھتا ہے اور دس گناہ اس کے مٹا دیتا ہے اور دس درجے اس کے بلند کر دیتا ہے۔

۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلٰٓئِکَتُہٗ سَبْعِیْنَ صَلٰوۃً۔ (رواہ احمد)

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ جو شخص درود پڑھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ اللہ پاک اور اس کے فرشتے ستر مرتبہ اس پر درود پڑھتے ہیں۔

۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ مِنْہُ شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّکَ۔ (رواہ الترمذی)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بلاشک دعا زمین اور آسمان کے درمیان موقوف رہتی ہے اللہ پاک کے حضور میں قبول نہیں ہوتی جب تک کہ تو درود نہ پڑھے اپنے نبی پر صلی اللہ علیہ وسلم

۵ وَعَنْ اَبِیْ طَلْحَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَالْبِشْرُ فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ اِنَّہٗ جَاءَنِیْ جِبْرَئِیْلُ فَقَالَ اِنَّ رَبَّکَ یَقُوْلُ اَمَا یُرْضِیْکَ یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا یُصَلِّیَ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا

صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَلَا یُسَلِّمُ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا رواہ النسائی والدارمی ۔

ترجمہ : ابی طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے اس حالت میں کہ خوشی کے آثار آپ کے چہرہ مبارک میں نمودار تھے پھر فرمانے لگے تحقیق حضرت جبرائیل نے میرے پاس آکر خبر دی کہ آپ کا پروردگار فرماتا ہے کہ اے محمدؐ کیا آپ اس بات سے خوش نہیں کہ آپ کی اُمّت میں سے کوئی شخص آپ پر درُود نہیں پڑھتا، مگر میں اس پر دس مرتبہ درُود پڑھتا ہوں اور آپ کی اُمت میں سے کوئی شخص آپ پر سلام نہیں بھیجتا مگر میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجتا ہوں یعنی آپ کا اُمتی جب ایک مرتبہ درُود بھیجتا ہے تو اللہ پاک اس پر دس مرتبہ درُود بھیجتا ہے اور جب ایک مرتبہ سلام پڑھتا ہے تو اللہ پاک دس مرتبہ اسپر سلام پڑھتا ہے ؛

درُود شریف کے فضائل وفوائد حد حصر واحصا سے متجاوز ہیں ان کا ضبط قلم وزبان سے ایک متعسر امر ہے سب سے پہلی فضیلت اور فائدہ درُود شریف کا امتثال امر فضل الٰہی عزاسمہٗ ہے (۲) موافقت ومشارکت درود پڑھنے والے کی ہے اللہ جل وعلیٰ اور اس کے ملائکہ کے ساتھ جو درُود شریف بھیجتے ہیں (۳) ایک دفعہ درُود پڑھنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ سے دس صلواۃ کا حصول (۴) دس درجوں کا عروج (۵) دس حسنات کا اعمال نامہ میں درج ہونا (۶) دس گناہوں کا محو ہونا (۷) بعض احادیث میں دس غلام آزاد کرنا اور بیس غزوات کے مساوی واقع ہوا ہے (۸) بعد از درُود برنبی المختار دُعا کا قبول ہونا (۹) درُود پڑھنے والے کے لیے آپ کی شفاعت کا واجب ہونا (۱۰) درُود پڑھنے والے کے حق میں آں سرورِ انبیاء کا گواہی دینا (۱۱) روزِ قیامت میں سب سے پہلے سرورِ انبیاء علیہ الصلواۃ والسلام کے ساتھ لاحق ہونا (۱۲) درُود پڑھنے والے کے تمام امور کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا متولی ہونا (۱۳) سب مشکلات کی آسانی (۱۴) سب حوائج کی قضا (۱۵) گناہوں کی مغفرت (۱۶) سب سیّئات کی کفارت ولقولے فوت شدہ نمازوں کی کفارت (۱۷) صدقہ کا قائم مقام ہونا (۱۸) تفریج کرب (۱۹) شفائے بیماراں (۲۰) دافع خوف (۲۱) موجب اظہار برائت متہم (۲۲) ذریعہ فتح (۲۳) باعث حصولِ رضائے الٰہی (۲۴) قاریٔ صلواۃ کا لوگوں میں محبوب ہونا (۲۵) سبب زکا وتنمیۂ عمل ومال (۲۶) صفائی دل (۲۷) حصول برکت سب امور میں حتّٰے کہ اولاد و اولاد الاولاد تا طبقۂ رابعہ (۲۸) اہوالِ قیامت سے نجات (۲۹) آسانی سکرات الموت (۳۰) مہالک دنیا سے خلاصی (۳۱) روزگار کی تنگی مضائق سے رستگاری (۳۲) بد دعا وجفا سے خلاصی (۳۳) تطیب مجلس (۳۴) غشیان رحمت اہل مجلس کو (۳۵) مرور صراط پر زیادتی نور ثابت رہنا قدم کا طرفۃ العین میں اس سے نجات (۳۶) قاریٔ صلواۃ کا نام آنحضرت کی خدمت اقدس میں پیش ہونا (۳۷) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت پیدا ہونا (۳۸) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کرنا (۳۹) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنا (۴۰) محبوب ملائکہ ہونا

(۴۱) حصول دعائے ملائکہ درُود پڑھنے والے کے لیے (۴۲) ملائکہ سیاحین کا حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اس طور پر عرض کرنا کہ فلاں ابن فلاں نے آپ پر درُود پڑھا (۴۳) حصول جواب سلام خیر الانام کہ صدسلام مرا بس یکے جواب از تو ؛ وَکَانَ یُبَادِرُ بِالسَّلَامِ ـــــ آپ کی عادت مبارک تھی کہ سلام میں سبقت فرماتے تو جو شخص آپ پر درُود وسلام بھیجے گا۔ آپ ضرور جواب دیتے ہیں کیونکہ آپ حیات النبی ہیں بلکہ دنیوی حیات سے برزخ کی حیات افضل واجلیٰ تر ہے یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی حَبِیْبِکَ بِعَدَدِ جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِکَ ۔ (۴۴) درود شریف پڑھنے والے کے گناہ تین دن تک نہیں لکھے جاتے (۴۵) قاری صلواۃ کا قیامت میں عرش کے نیچے ہونا (۴۶) ترازوئے اعمال کی گرانی (۴۷) قیامت کی پیاس سے امن (۴۸) جنّت میں کثرت ازواج (۴۹) دُنیا و آخرت کے مصالح میں رشد وہدایت (۵۰) درود شریف کا ذکر الٰہی پر مشتمل ہونا (۵۱) شکریہ پر متضمن ہونا (۵۲) حق سبحانہ و تعالیٰ کی حق نعمت کی معرفت واقرار

حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جس نے حضرت عزّاسمہٗ کو اَللّٰھُمَّ سے یاد کیا اس نے سب اسماء میں سے شریف ترین اسم کے ساتھ یاد کیا لفظ اَللّٰھُمَّ سب اسماء وصفات باری تعالےٰ کے لیے مرأت ہے

مقالات المشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ

بعض مشائخ فرماتے ہیں کہ شیخ کامل نہ ملنے کے وقت طالب مولیٰ کے لیے یہی درُود شریف طریقہ موصل الی اللہ ہے۔ توجہ بلفظ اَللّٰھُمَّ سے وصول بدرگاہ الٰہی وقرب حضرت رسالت پناہی نصیب ہوگا بعض مشائخ قدس اللہ اسرارہم قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۔ اور کثرت درُود شریف کی وصیت فرماتے ہیں اس لیے کہ اول الذکر سے واحد احد اور ثانی الذکر سے سرورِ انبیاء علی نبینا وعلیہم الصلوٰت والتسلیمات کے ساتھ محبت وہم صحبتی حاصل ہوتی ہے ؛

مشائخ متاخرین قدس اللہ اسرارھم فرماتے ہیں کہ مرشد کی عدم موجودگی یا نہ ملنے کے وقت طریق سلوک وتحصیل معرفت الٰہی کے لیے متابعت شریعت ودوام ذکر اور کثرت صلواۃ علیٰ خیر البریات کا التزام باطن میں نور عظیم اور بے واسطہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض پہنچاتی ہے

مُحدّثین رحمہم اللہ تعالیٰ کے مقالات

سخاوی و دیگر محدثین رحمہم اللہ سے منقول ہے کہ محمد بن سعید بن مطرب رات کو سونے سے پہلے ایک تعداد معین درود شریف کا ورد پڑھا کرتے تھے ایک رات کو رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گھر میں تشریف لاتے دیکھا کہ نور نبوی سے میرے گھر کا ہر کونہ منور ہو گیا آپ نے ارشاد فرمایا۔ اے محمد بن سعید اپنا منہ جس سے تو مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرتا ہے۔ میرے پاس لے آ تا کہ اس پر بوسہ دوں محمد بن سعید کہتے ہیں مجھے شرم معلوم ہوئی کہ اپنا منہ حضرت کے سامنے کروں میں نے اپنا رخسارہ حضور کے سامنے کیا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے رخسار پر بوسہ دیا جب بیدار ہوا تو اپنا گھر کستوری کی خوشبو سے بھرا ہوا پایا اور آٹھ روز تک میرے رخسار سے مشک کی خوشبو آتی تھی

شیخ احمد بن ابی بکر رواد صوفی محدث اپنی کتاب میں با سانید شیخ مجد الدین فیروز آبادی رحمۃ اللہ علیہم روایت کرتے ہیں۔ کہ اقنی نے کہا ایک دن حضرت شبلی قدس اللہ سرہ العزیز حضرت ابوبکر مجاہد قدس اللہ سرہ العزیز کے پاس تشریف لائے حضرت ابوبکر نے ان کے اکرام کے لیے کھڑے ہو کر حضرت شبلی کے ساتھ معانقہ کیا اور دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا میں نے کہا یا سیدی یہ اکرام و اعزاز اُس شبلی کے ساتھ جس کو آپ اور اہل بغداد دیوانہ کہتے ہیں ابوبکر قدس اللہ سرہ العزیز نے فرمایا کہ میں نے یہ اکرام از خود نہیں کیا بلکہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے خواب میں دیکھا کہ شبلی حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مجلس پاک میں آئے حضرت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم شبلی کے لیے کھڑے ہو کر ان کے ساتھ نعل گیر ہوئے اور ان کی آنکھوں کے درمیان حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ دیا میں نے کہا یا رسول اللہ یہ اعزاز و محبت شبلی کے ساتھ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا شبلی نماز کے بعد یہ آیت پڑھ کر کثرت سے میرے اُوپر درود بھیجا کرتا ہے ۞ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

شیخ احمد اسی کتاب میں حضرت شبلی قدس اللہ سرہ العزیز سے ناقل ہیں کہ میرا ایک پڑوسی فوت ہوا میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا اس نے کہا مصائب و ہول ہائے عظیم دیکھے منکر و نکیر کے سوالات نے مجھے مشکل میں ڈالا میں نے دل میں کہا کہ شائد دین اسلام پر نہیں مرا عذاب کے فرشتے حملہ آور ہوئے یکایک ایک جمیل شخص طیب الرائحہ میرے اور ان کے درمیان حائل ہوا اس نے مجھے دلائل توحید اور ایمان کی حجت یاد دلائی میں نے کہا تم پر خدا کی رحمت ہو آپ کون ہو کہ ایسی مصیبت کے وقت آپ نے میری

مدد فرمائی اس خوبصورت شخص نے فرمایا کہ میں ایک مرد ہوں جو کہ تمہارے کثرت درود شریف پڑھنے سے پیدا ہوا ہوں مجھے اللہ پاک نے مامور فرمایا ہے۔ کہ ہر شدت و مصیبت کے وقت تمہاری اعانت و مدد کروں یہی حکایت کتاب مصباح الظلام میں بلا ذکر شبلی قدس اللہ سرہ العزیز مذکور ہے

شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب جمع الجوامع میں ابن عساکر سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عساکر اپنی تاریخ میں حفص بن عبد اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابوذراعہ کو خواب میں دیکھتا ہوں کہ آسمان اول پر فرشتوں کے امام ہو کر نماز پڑھتے ہیں۔ میں نے پوچھا یہ مرتبہ آپ نے کس وجہ سے پایا انہوں نے فرمایا کہ ہزارہا حدیثیں اپنے ہاتھ سے لکھا کرتا تھا جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک آجاتا تو میں اپنی طرف سے صلی اللہ علیہ وسلم لکھ لیا کرتا تھا اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔

ترجمہ: جو شخص میرے اُوپر ایک مرتبہ درود پڑھے گا۔ اللہ پاک اس پر دس مرتبہ پڑھے گا

حکایت عجیب

مروی ہے کہ ایک شخص صلحاء میں سے ... ۳ تین ہزار دینار کا مقروض تھا کوئی صورت خلاصی کی نہ تھی صاحب دین نے قاضی کے پاس جا کر دعویٰ کیا قاضی صاحب نے مدیون کو ایک ماہ کی مہلت دی مدیون قاضی سے رخصت ہو کر محراب مسجد میں تضرع وزاری کے ساتھ توجہ الی اللہ کر کے درود شریف میں مشغول ہوا اسی ماہ کی ۲۷ تاریخ کو خواب میں کسی نے آواز دی کہ حق تعالیٰ تمہارا قرضہ ادا کر دے گا تم علی بن موسیٰ وزیر کے پاس جا کر کہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تین ہزار دینار میرے قرضہ کے لیے دے دو میں جب خواب سے بیدار ہوا تو دل میں خوشی کے آثار معلوم ہونے لگے پھر دل میں یہ خیال آیا کہ اگر وزیر مذکور اس واقعہ کے صدق کی دلیل طلب کرے تو کیا جواب دوں گا۔ الغرض یہ خیال اس روز وزیر کے پاس جانے سے مانع ہوا دوسری رات پھر سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا وہی فرمایا جو پہلی رات آپ نے فرمایا تھا صبح کو خوشی کا اثر اوّل سے زیادہ تھا لیکن بمقتضائے بشریت سابقہ خیال پھر دامنگیر ہوا اور وزیر کے پاس نہ گیا تیسری رات میں نے پھر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے وزیر کے پاس نہ جانے کی وجہ دریافت فرمائی میں نے عرض کیا کہ اس واقعہ کی صداقت کی دلیل اگر وزیر پوچھے تو کیا جواب دوں گا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے اس سوال پر خوش ہوئے اور فرمایا کہ وزیر کو

کہو اس واقعہ کی تصدیق یہ ہے کہ تم ہر صبح بعد از نمازِ فجر مجھ پر پانچ ہزار بار درُود بھیجا کرتے ہو اور تیرے درُود پڑھنے پر بجز اللہ جل شانہ وکراماً کاتبین اور تیرے سوا اور کسی کو خبر نہیں پھر وزیر کے پاس گیا سب ماجرا بیان کیا صدق واقعہ کی دلیل سے وزیر نہایت خوش ہوا اور مجھ کو کہا مَرْحَبًا بِرَسُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ حَقًّا ۔ وزیر خوش نصیب نے اسی وقت تین ہزار دینار دیئے اور کہا اس سے اپنا قرضہ ادا کرو۔ تین ہزار دینار اور دیئے اور کہا اس کو نفقۂ عیال میں خرچ کرو تین ہزار دینار اور عنایت فرمائے اور کہا اس سے تجارت کرو اور تاکید فرمائی کہ مجھ سے رابطہ مودت منقطع نہ کرو جو حاجت تمہاری ہو اطلاع دیا کرو وزیر سے جب رُخصت ہوا تو تاریخ مقررہ پر عدالت میں جا کر قاضی صاحب کے پاس حاضر ہوا تین ہزار دینار گن کر پیش قاضی رکھ دیا کہ صاحبِ دین کو دیوے قرض خواہ دیکھ کر تحیّر میں مبہوت وملہوف ہوا کہ یہ رقم کہاں سے اس کو مل گئی میں نے قاضی صاحب کو سب قصّہ سُنا دیا قاضی صاحب نے کہا یہ سب کرامت وزیر کو کیوں نصیب ہوئی میں خود تمہارے سب قرض کا متولی ہوں قرض خواہ نے کہا یہ درجۂ بلند تنہا آپ کو کیوں نصیب ہوئی میں زیادہ مستحق ہوں کہ اللہ جلّ جلالہٗ وعمّ نوالہٗ اور رسول اللہ علیہ وسلّم کی رضا وخوشنودی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول اور قاصد کو بری الذمہ کردوں میں سب اشرفیاں وزیر وقاضی سے لے کر اپنے گھر آیا۔ اور خداوند جلّ وعلیٰ کا شکر بجالایا۔ درُود شریف کے فضائل وثمرات بے انتہا ہیں اس تھوڑے سے بیان پر بخوف تطویل مقدمہ اکتفا کرتا ہوں۔

اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْہِ قُبِضَ وَفِیْہِ النَّفْخَۃُ وَفِیْہِ الصَّعْقَۃُ فَاَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْہِ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ مَعْرُوْضَۃٌ عَلَیَّ۔

ترجمہ: تمہارے ایام میں سے افضل دن جمعہ کا دن ہے اس میں سیّدنا آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا کیے گئے اور جمعہ کے دن وفات پائی اسی دن میں نفخۂ صور اور صاعقہ ہوگا پس زیادہ پڑھو مجھ پر درُود اس دن میں کیونکہ تمہارا درُود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے ؛

فِیْ مَفَاخِرِ الْاِسْلَامِ۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ لَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ صَلٰوۃٍ قَضَی اللّٰہُ لَہٗ مِائَۃَ حَاجَۃٍ سَبْعِیْنَ حَاجَۃً مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْیَا وَثَلٰثِیْنَ مِنْ اُمُوْرِ الْاٰخِرَۃِ۔

ترجمہ: کتاب مفاخر الاسلام میں ہے کہ جس نے مجھ پر شبِ جمعہ کو ایک سو دفعہ درود پڑھا اللہ پاک اس کی سو حاجتیں پوری فرماتا ہے ستر دنیا میں اور تیس آخرت میں۔

وَاَیْضًا فِیْہِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ ثَمَانِیْنَ مَرَّۃً یَوْمَ الْجُمُعَۃِ غُفِرَتْ

ذُنُوْبُہٗ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً کَذَا نَقَلَہُ الزُّمَیْرِیُّ فِیْ شَرْحِ الْمِنْہَاجِ

ترجمہ: فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے جس نے مجھ پر اسّی دفعہ جمعہ کے دن درُود پڑھا اُس کے اسّی برس کے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ شبِ دوشنبہ بھی یہی فضیلت رکھتا ہے اس میں بندوں کے اعمال بحضور رب العزّت پیش ہوتے ہیں اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم دوشنبہ میں روزہ رکھتے ہیں اور یہی فضیلت پنج شنبہ کو حاصل ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ یَوْمَ الْخَمِیْسِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ لَمْ یَفْتَقِرْ اَبَدًا۔

ترجمہ: جس نے پنج شنبہ کے دن سو دفعہ مجھ پر درُود پڑھا ہرگز محتاج نہ ہوگا ؛

درُود شریف کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھنا۔ مفاخر الاسلام میں ہے۔ اگر کوئی شخص بروز جمعہ ہزار دفعہ درُود شریف بصیغہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ پڑھے تو حضرت سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں اور اپنی منزل جنّت میں دیکھے گا۔ اگر نہ دیکھے تو یہ عمل مکرّر تا پانچ جمعہ کرے۔ ایضاً اگر کوئی شخص جمعرات کو دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد از فاتحہ گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص اور بعد از سلام سو دفعہ درُود پڑھے بصیغہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔ حضرت سرور کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خواب میں دیکھے گا۔ تین جمعوں سے متجاوز نہ ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں نے خود تجربہ کیا ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ لیکن باوصفِ طہارت پاک بستر پر سوئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ بَاقِیَۃً بِبَقَائِکَ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضًا وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً صَلٰوۃً مَّقْبُوْلَۃً لَّدَیْکَ مَعْرُوْضَۃً عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

الف

بسم الله الرحمن الرحيم
نحمده و نصلي علىٰ رسوله الكريم

وصلى الله على نورِ كزوشدنورهاپيدا :. زميں از حب او ساكن فلك درعشق او شيدا.

العتبة القادرية العالية بسيد آباد شريف (شتالو) سريكوت ايبت آباد من مضافات باكستان. الحياة الطيبة المختصرة لشيخ المشائخ نموث الزمان مرشد الطريقة مجاهد الدين والملة مقتدى اهل السنة واقف اسرار المعرفة الحضور العلامة الحاج الحافظ القارى السيد احمد الشاه القادرى عليه رحمة البارى

ان زبدة الاصفياء سند الاتقياء الحضرة العلامة مولانا و اولينا و ماوى ناوملجأنا الحافظ القارى مرشدنا السيد احمد الشاه السريكوتى رحمة الله عليه قد طبع مصنف شيخه مجموعة صلوات الرسول صلى الله عليه وسلم مرة اولى فى سنة ١٩٣٣عيسوية فى رنغون من برهما وهو حينئذٍ كان مقيما فيه وقد طبعها مرة ثانية فى سنة ١٣٧٢ هجرية تطابق سنة ١٩٥٣ عيسوية تحت اهتمام مولانا امير شاه البشاورى واذا نفد النسخ الاولى فطبعها اخوان الطريقة من اهل جاتجام و داكا خمسة آلاف نسخة مرة ثالثة تحت المجلس الرحمانية الاحمدية السنية فى سنة ١٩٨٢ء بامر ابن شيخ المشائخ الحضرة العلامة المزين سجادة الراشد الحقيق المرشد الكامل على التحقيق مولانا الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه القادرى اطال الله ظله البارى وقد صرف فيها خمس مائة الف روبية تخميناً. اللهم تقبل بجاه حبيبه الكريم صلى الله عليه وسلم.

واذ كان شيخ المشائخ السيد احمد القادري السريكوتي موجودا فى رنغون فارسل اليه شيخه قطب الزمان صاحب الفضيلة الحضور الخواجة عبدالرحمن الجهوروى عليه

رحمة البارى مرسلة وكتب فيها ان المدرسة الرحمانية الهريبورية على ذمتك ايضاً بعد طبع مجموعة صلوات الرسول صلى الله عليه وسلم واذا فرغ عن الطبع والاشاعة لهذا الكتاب العظيم فاقام شورى رحمانية برنغون فى سنة ١٩٢٥عيسوية وعمّرَ ستة مكانات عظيمة ومعها لوازماتها ايضاً لامداد المدرسة على نحو شمال من ارض المدرسة الرحمانية الهريبورية متصلة بشارع عام. وعمّرَ ايضاً مكانا عليا بجانب الجنوب مشتملا على منزلتين.

وكانت تاتى الشهرية من رنغون مع صرفات المدرسة وكان يمد مجلس شورى جاتجامية (فى الحال المجلس الرحمانية الاحمدية السنية) وقتاً فوقتاً ربنا تقبل من خدمات ساكنى جاتجام ورنغون . آمين ثم آمين.

فالآن المجلس الانتظامية المنظمة قائمة للمدرسة تحت مزين السجادة مولانا الحاج محمد محمود الرحمن مدظله العالى والمدرسة تفوز يوماً فيوماً ويمدها اهل باكستان كافيا مكافيا تقبل الله تبارك وتعالى امدادهم آمين ثم آمين.

وآخر الامرأنَّ شيخ المشائخ المجاهد الاعظم يعنى السيد احمد الشاه القادرى عليه رحمة البارى صار عازماً الى الفردوس الاعلى بتاريخ اثنى عشر ذى قعدة بيوم الخميس فى سنة ١٣٨١ هجرية تطابق سنة ١٩٦١ عيسوية وسعى سعيا بليغاً علي تكميل مااعطاه شيخة الجهوروى من ذمة المدرسة الرحمانية بالمحبة والخلوص والاحترام الى آخر العمر الشريف.

وان غوث الزمان الحضور السيد احمد الشاه القادرى رحمة الله عليه قد اسس بنيان الجامعة الاحمدية السنية العالية بسوله شهر جاتجام بنغلاديش فى سنة ١٩٥٤عيسوية وهى حصين لاستيصالالفرق الباطلة ومركز لاهل السنة والجماعة واسس بنيان دارالعلوم

الاسلامية الرحمانية ايضاً.

وبعده خلفه الرشيد الراشد المرشد خليفته الاعظم قبلة العالم حضرة العلامة مزين السجادة الحاج الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه مدظله العالى للعتبة القادرية العالية قد اسس بنيان الجامعة القادرية الطيبية بداكا فى سنة ١٩٦٨ عيسوية ثم المدرسة الطيبية الودودية السنية بسند رغونة والمدرسة الطيبية الاسلامية السنية بحالى شهر والمدرسة الطيبية الحافظية السنية بكالورغات ايضاً.

وقد اشتغل بخدمة الدين فى بلاد مختلفة من الممالك المختلفة كثير من العلماء والحفاظ والقراء بعد الفراغ عن هذه الادارات المذكورة.

وان شيخ المشائخ غوث الزمان شبيه الغوث الاعظم السيد احمد الشاه القادرى رحمة الله عليه قد اهتم امور الدين وامور الشرع والسلوك فى افريقة وبرهما والهند وباكستان والبنغلاديش باحسن طريق.

انه كان شيخ المشائخ من بين الاقوامى بلاشك ولاريب وامثال خدماة الدينية قليلاً مايُراه فى تواريخ اولياء الله عليهم الرحمة لانه قد انتظم امور الشريعة والطريقة باحسن طريق وباحسن اسلوب ومريدوه قدكانوا موجودين الوفاً الوفاً فى البنغال ومن بعدهمريدو خلفه الرشيد الراشد المرشد الشيخ الحقيق خليفته الاعظم قبلة العالم مزين السجادة الحضرة العلامة الحافظ القارى السيد محمد طيب الشاه القادرى اطال الله ظله البارى قد يزيدون فى اكناف العالم يوماً فيوماً وهذا العروج قد يخصحص ويدل على ان هذه السلسلة الحقة حق و مقبول عند الله و رسوله.

واعلموا أن اخوان الطريقة يسعون لفوز هذه الادارات الدينية بالخصوص وبطريق منظم ولهم اللجنة الانتظامية المستحكمة وتحتها ينعقد جلوس عيد ميلاد النبى صلى الله

علیه وسلم وعرس الغوث الاعظم عبدالقادر الجیلانی ومعین الدین الاجمیری رحمهما الله تعالی وعرس الخواجة الحضور عبدالرحمن الجهوروی وعرس شیخ المشائخ غوث الزمان السید احمد الشاه القادری رضی الله عنهم ورضو عنه وینعقد عرس غوث الزمان السید احمدالشاه القادری رحمة الله علیه مهتما علی سریکوت الشریف وجاتجام وداکا وعلی بلاد مختلفة ایضاً.

وشهریة معلمی المدارس و ملازمیها وسکنا هم وغیرها من الامور الضروریة قد ینتظم کلها من اللجنة الانتظامیة بلا اجرة رضا لله تعالي ولحبیبه صلی الله علیه وسلم ربنا تقبل آمین ثم آمین .

ولایخفی علی اولی الالباب ان شیخ المشائخ السید احمد الشاه علیه الرحمة وان کان سرحدیا ولکن قد اسس الادارات الدینیة السنیة العظیمة الشان فی بلاد مختلفة لاستیصال الفرق الباطلة و لاعلاء کلمة الحق.وهذا درس عملي کما قال الله تعالی "انما المؤمنون اخوة" وهذا الامر تدل علی ان الرابطة الروحانیة اشد واقوی ولاتقطعها ایة قوة کما قال النبی صلی الله علیه وسلم "معناه المسلمون کلهم کنفس واحدة "

واثبت اولیاء الله رحمهم الله هذا القول فی معارج الوجود والخارج عملیاً وفعلیاً وحیاتهمْ الطیبة حضرة الطریق والهادی المسلمی العالم ایضاً. وفق الله تبارك و تعالی للمسلمین ان یعملوا . ولله در للعلامة اقبال ومعناه لقوم المسلمین نفع واحد ونقصان واحد وللجمیع نبی واحد و ایمان واحد الحرم واحد والله واحد والقرآن ایضاً لیت المسلمین ان اتفقوا لکان خیرا.

صلی الله علی نور کزوشدنورهاپیدا ٭ زمیں از حب او ساکن فلک درعشق او شیدا.

دربارِعالیہ قادریہ سیدآباد شریف (ستاؤشریف) سرِیکوٹ ایبٹ آباد پاکستان

شیخ المشائخ، پیرطریقت، مجاهدِ دین وملت، پیشوائے اهل سنت، واقفِ اسرارمعرفت

حضرة العلامہ الحافظ قاری سید احمد شاہ صاحب قادری رحمۃ اللہ علیہ کی پاکیزہ زندگی کے مختصر حالات

زبدۃ الاصفیاء حضرت مولانا سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے شیخ طریقت غوث زمان حضرت خواجہ خواجگان عبدالرحمٰن چھوہروی قدس سرہ العزیز کی تصنیف کردہ مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مرشد برحق کے فرمان پر ۱۹۳۳ء میں جب آپ رنگون (برما) میں رونق افروز تھے پہلی بار اس عظیم ولاثانی کتاب کو چھپوایا۔ ۱۳۷۲ھ مطابق ۱۹۵۳ء میں حضرت مولانا محمد امیر شاہ صاحب پشاوری مدظلہ العالی کے زیر نگرانی دوبارہ چھپوایا۔ چونکہ پہلے نسخے ختم ہو چکے تھے۔

غوث زمان حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے خلیفہ اعظم حضرت شیخ المشائخ علامہ حافظ سید احمد شاہ صاحب قادری رحمتہ اللہ علیہ کو ایک خط تحریر فرمایا کہ مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چھپ جانے کے بعد مدرسہ رحمانیہ ہری پور بھی آپ کے ذمہ ہے مجموعہ صلوات الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طباعت اور اشاعت سے جب آپ کو فرصت ملی تو ۱۹۲۵ء رنگون شہر (برما) میں انجمن شورائے رحمانیہ رنگون کے نام سے ایک انجمن قائم فرمائی۔ مدرسہ کی آمدنی کیلئے چھ عظیم الشان مکانات بمعہ تمام لوازمات مدرسہ رحمانیہ ہری پور کی زمین پر شمالی جانب برلب سڑک تعمیر فرمائے۔ اور جانب جنوب عظیم الشان دو منزلہ بلڈنگ تعمیر فرمائی۔ تعمیری خرچ کے علاوہ مدرسین و ملازمین مدرسہ کی تنخواہیں وغیرہ باضابطہ رنگون سے آتی تھیں۔ انجمن شورائے رحمانیہ چاٹگام (فی الحال انجمن رحمانیہ احمدیہ سنّیہ سولہ شہر چاٹگام) نے وقتاً فوقتاً مدرسہ کی کافی امداد فرمائی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ساکنان چاٹگام ورنگون کی خدمات قبول فرمائے آمین ثم آمین۔

حضرت باباجی غوثِ زمان خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ کے صاحبزادے سجادہ نشین الحاج مولانا محمد محمود الرحمٰن صاحب مدّظلہ العالی کے زیر صدارت منظم کمیٹی قائم ہے۔ مدرسہ دن بدن ترقی پر ہے۔

اہالیانِ پاکستان دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ کی کافی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان کی خدمات قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

آخر دین کا یہ جانباز مجاہدِ اعظم اپنی تمام عمر خدمتِ دین اور اشاعتِ اسلام میں صرف کر کے ۱۲ ذیقعد ۱۳۸۱ھ مطابق ۱۹۶۱ء کو بروز جمعرات عازم فردوس ہوئے۔ مگر آخری وقت تک مدرسہ رحمانیہ کی خدمات اور اپنے مرشد برحق کی دی ہوئی ذمہ داریوں کو نہایت خلوص و محبت اور احترام سے پورا کرنے میں کوشاں رہے۔

شیخ زمان حضرت سید احمد شاہ صاحب قادری رحمتہ اللہ علیہ دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ کے اہتمام کے علاوہ چاٹگام سولہ شہر میں ۱۹۵۴ء کو باطل فرقوں کی سرکوبی کیلئے جامعہ احمدیہ سنّیہ عالیہ کی بنیاد رکھی جو تمام بنگلہ دیش میں اہلِ سُنّت والجماعت کا مضبوط قلعہ ہے جسے تمام ملک میں اہلسنّت والجماعت کا مرکزی مقام حاصل ہے۔

اس کے بعد حضور قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کے خلف الرشید خلیفہ اعظم قبلہ عالم زیب سجادہ دربار عالیہ قادریہ سریکوٹ شریف نے ڈھاکہ میں جامعہ قادریہ طیبیہ کی بنیاد رکھی پھر چندر گھونہ میں مدرسہ طیبیہ وددیہ سنّیہ اور حالی شہر میں اسلامیہ طیبیہ سنّیہ اور کالور گھاٹ میں طیبیہ حافظیہ سنّیہ عظیم الشان دینی سنی ادارے تعمیر فرمائے ہیں جن سے سالہا سال سے کافی تعداد میں عالم دین، حافظ و قاری فارغ التحصیل ہوکر ملک کے گوشے گوشے میں دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ حضرت شیخ الزمان حافظ مولانا سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ نے افریقہ، برما، انڈیا اور بنگلہ دیش میں عظیم الشان دینی خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ آپ بے شک بین الاقوامی شیخ المشائخ ہیں۔ آپ نے جس انداز اور منظم طریقے سے دینی خدمات انجام دی ہیں اس کی مثال اولیاء اللہ علیہم الرحمتہ کی تواریخ میں بہت کم منظرِ عام پر آئی ہے۔ انہوں نے شریعت اور طریقت دونوں خدمات کو نہایت احسن اسلوب اور منظم طریقے سے سرانجام فرمایا۔

آپ کے مریدین (روحانی اولاد) صرف بنگلہ دیش میں لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں۔ حضرت قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کے خلف الرشید خلیفہ اعظم مرشد برحق حضرت علامہ حافظ قاری سید محمد طیب شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی کے مریدین کی تعداد میں بھی کثرت سے اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ یہ عروج و ترقی اس سلسلہ حقہ کی حقانیت اور مقبولیت کی بین دلیل ہے۔ برادرانِ طریقت ان اداروں کو اور سلسلہ برحق کو منظم طریقے اور نہایت پرخلوص اور بے لوث محبت سے خدمات کرنے اور ترقی دینے میں از حد کوشاں ہیں۔ برادرانِ طریقت اور روحانی اولاد کی ایک مستحکم اور منظم کمیٹی ہے جس کی زیر نگرانی ان تمام مدارس کی خدمات "جشن جلوس عید میلاد النبی" صلی اللہ علیہ وسلم نیز شہنشاہ بغداد حضرت غوث الاعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ اور خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ اور غوث زمان حضرت خواجہ عبدالرحمٰن چھوہروی رحمتہ اللہ علیہ اور حضرت شیخ المشائخ پیر طریقت علامہ سید احمد شاہ صاحب قادری سریکوٹی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے اہتمام سریکوٹ شریف،

چاٹگام، ڈھاکہ اور دوسری جگہوں میں بھی نہایت شان و شوکت سے منائے جاتے ہیں۔ اور ان دینی اداروں کے اساتذہ کرام و ملازمین کی تنخواہیں اور ان کی رہائش اور تمام سہولتیں کمیٹی کی طرف سے اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی کے لئے مفت ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔

واضح رہے کہ حضرت شیخ الزمان علامہ، حافظ سید احمد شاہ صاحب قبلہ و کعبہ گرچہ سرحدی اور سریکوٹی ہیں لیکن عالم اسلام کو فرق باطلہ کی دام فریب سے بچاکر اعلاء کلمہ الحق کے لئے چاٹگام، ڈھاکہ، مختلف ملکوں میں عظیم الشان دینی ادارے قائم کئے ہیں یہ "انما المومنون اخوۃ" کا عملی سبق ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مسلمانوں کے روحانی رشتے اتنے مضبوط ہیں کہ دنیا کی کوئی طاقت ان روحانی رشتوں کو نہیں توڑ سکتی اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے موافق تمام دنیا کے مسلمان ایک جان کی طرح ہیں اس فرمان کو اولیاء اللہ رحمتہ اللہ علیہم اجمعین نے عملی طور پر ثابت کر دیا ہے اور ان ہی حضرات کی پاکیزہ زندگی مسلمانان عالم کے لئے نشان راہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ مسلمانوں کو عمل کی توفیق نصیب فرمائے آمین۔

اس سلسلہ میں علامہ اقبال علیہ الرحمتہ کا کلام قابل ذکر ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک — ایک ہی سب کا نبی دین بھی ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی اللہ بھی قرآن بھی ایک — کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

مجموعہ صلواۃ الرسول کے اردو ترجمہ میں فخر المشائخ زینت گلشن قادریہ مشعل طریقت منبع فیوض و برکات حضرت الحاج الحافظ پیر سید محمد طیب شاہ قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی سعی جمیلہ کا مختصر جائزہ!

مرشد برحق حضرت پیر طریقت سید احمد شاہ صاحبؒ سریکوٹی کے فرزند ارجمند زیب سجادہ دربار عالیہ قادریہ سریکوٹ شریف شیخ المشائخ پیر کامل مرشد برحق حضرت العلامہ الحاج حافظ قاری سید محمد طیب شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی کے حکم پر چاٹگام اور ڈھاکہ کے برادران طریقت نے انجمن رحمانیہ احمدیہ سنیہ کے زیر اہتمام ۱۴۰۲ھ بمطابق ۱۹۷۲ء میں چاٹگام میں پانچ ہزار نسخوں پر مشتمل یہ عظیم کتاب تیسری مرتبہ چھپوائی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

مجموعہ صلواۃ الرسول اپنی ضخامت، عربی کے دقیق الفاظ تسکین دل و جان و فیوضات کریمانہ کی فقید المثال اور بینظیر تصنیف ہے۔ اگرچہ مریدین میں اس کے پڑھنے اور ورد کرنے کا شوق کم نہیں ہوا۔ لیکن چونکہ عربی زبان اور بغیر اعراب کے ہونے کی وجہ سے عام قاری اس کے مطالب و مفاہیم اور درست تلفظ سے محروم رہ جاتا تھا اس بات کا اظہار حضرت صاحب قبلہ نے ایک نجی محفل میں حاجی عبدالجبار المعروف یونس کمپنی چاٹگام والے سے فرمایا تو حاجی صاحب نے فوراً عرض کیا کہ حضرت یہ تو میرے دل کی آواز ہے۔ اس لیے اس کے اعراب لگوانے

اور ترجمہ کروانے کی سعادت اپنی خصوصی شفقت و سرپرستی میں مجھ حقیر و فقیر کے سپرد کر دیں۔ لہٰذا اس کے اردو ترجمہ میں حضرت قبلہ پیر سید محمد طیب شاہ قادری رحمتہ اللہ علیہ کی خصوصی توجہ اور کرم نمایاں ہے۔ آپ کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کی خدمات اظہر من الشمس ہیں۔ جہاں آپ دنیائے اسلام میں اہلسنّت و الجماعت کی سب سے بڑی تنظیم انجمن رحمانیہ احمدیہ سنیہ چاٹگام بنگلہ دیش کے سرپرست اعلیٰ تھے۔ تو دوسری طرف مختلف ایشیائی ممالک میں مختلف دینی تنظیموں اور مذہبی یونیورسٹیوں کے سرپرست اعلیٰ بھی تھے۔ یہی نہیں بلکہ تیس چالیس لاکھ مریدین کے روحانی پیشوا بھی تھے۔

حضرت قبلہ پیر صاحب اپنے حلقہ مریدین میں اکثر و بیشتر صلواۃ الرسول کی فضیلت اور اسے پڑھنے کی تلقین و تاکید فرماتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت باباجی نے فرمایا کہ جب مجموعہ صلوات الرسول الازہر یونیورسٹی کے پروفیسرز صاحبان کو بطور تحفہ پیش کیا گیا تو انہوں نے پڑھ کر بڑا تعجب کیا اور بے ساختہ بول اٹھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ایسے لوگ بھی آئے ہیں کہ جنہوں نے اس قدر گراں قدر کارنامے سرانجام دیئے اور اپنے آپ کو پوشیدہ رکھا یقیناً یہ بہت بڑی کرامت ہے۔

حضرت قبلہ پیر سید محمد طیب شاہ رحمتہ اللہ علیہ نے بہ نفس نفیس اس عظیم مجموعہ کے ترجمے و اعراب کا کام اپنی خصوصی نگاہ کرم سے اپنی حیات اقدس میں ہی شروع کروا دیا۔ صلوات الرسول کے جب بائیس پارے اردو ترجمہ کے ساتھ مکمل ہوئے تو مرشد کامل آفتاب ولایت حضرت الحاج الحافظ سید محمد طیب شاہ قادری رحمتہ اللہ علیہ اس دار فانی سے پردہ فرما گئے۔ اور ترجمے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی بھاری ذمہ داری آپ کے صاحبزادگان حضرت الحاج پیر سید محمد طاہر شاہ سجادہ نشین دربار عالیہ قادریہ سید آباد سریکوٹ شریف ہزارہ اور الحاج صاحبزادہ سید محمد صابر شاہ سابق وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کے سر آن پڑی۔ جس میں انہوں نے انتہائی دلچسپی لی اور آج بفضل خدا مجموعہ صلوات الرسول کا مکمل اردو ترجمہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کے فیوض و برکات سے تمام مریدین اور امت محمدیہ کو فیضیاب کرے۔ یاد رہے کہ اس کار خیر کی تکمیل میں حضرت خواجہ پیر محمد طیب الرحمٰن صاحب سجادہ نشین چھوہر شریف ہری پور کی سعی جمیلہ اور خصوصی دعائیں شامل حال رہیں۔ دارلعلوم اسلامیہ رحمانیہ ہری پور اور دربار عالیہ قادریہ چھوہر شریف کے حوالے سے آپ کی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ اس عظیم تصنیف کا اردو ترجمہ کرنے کا اعزاز جناب مناظر اہل سنت حضرت علامہ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد اشرف سیالوی مدظلہ کو حاصل ہوا۔

حضرت قبلہ حافظ پیر سید محمد طیب شاہ رحمتہ اللہ علیہ کے جملہ مریدین و عقیدت مند آپ سے بڑی محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ لیکن مجموعہ صلوات الرسول مع ترجمہ چھپوانے کے لئے حضرت کی کرم نوازی نے جناب مجاہد ملت الحاج غازی محمد عبدالجبار القادری المعروف یونس کمپنی آف چاٹگام بنگلہ دیش کا انتخاب کیا۔ خوش نصیب

جناب حاجی عبدالجبار صاحب صد آفرین و خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے اس نیک جذبے کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ (آمین)

اس مجموعہ صلوات الرسول کو پانچ مکمل خوبصورت جلدوں میں شائع کیا جا رہا ہے۔ ہر جلد چھ پاروں پر مشتمل ہے۔

شجرۂ عالیۂ قادریہ

کو بھی مقدمۂ کتاب محیر العقول فی بیان کمالات عقل العقول
المسمّٰی بہ مجموعہ صلوٰۃ الرسول کے ساتھ بطور جزو مقدمہ کے شامل کرکے
چھپوا دیا گیا تاکہ حضور پُرنور خواجۂ خواجگان جناب حضرت عبدالرحمٰن صاحب
قدس اللہ سرّہ العزیز کے مریدین و متعلقین و عامۂ مسلمین کو فوائد ظاہری و
باطنی جسمانی و روحانی اسمائے مشائخ طریقہ کی برکت سے نصیب ہوں



سلسلۂ قادریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ نَوَّرَ قُلُوْبَ الْعَارِفِیْنَ بِنُوْرِ الْمَعْرِفَۃِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلٰی رَسُوْلِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَھٰذِہٖ
سِلْسِلَتِیْ مِنْ مَّشَآئِخِیْ فِی الطَّرِیْقَۃِ الْقَادِرِیَّۃِ الْمَحْبُوْبِیَّۃِ الْاَعْظَمِیَّۃِ
الْعَالِیَّۃِ الشَّرِیْفَۃِ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ط اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ
شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ خَلِیْفَۃِ اللّٰہِ حَضْرَتِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِمَامِ الْاَشْجَعِيْنَ
اَسَدِ اللّٰهِ الْغَالِبِ مَظْهَرِ الْعَجَآئِبِ وَالْغَرَآئِبِ حَضْرَتِ عَلِیِّ ابْنِ
اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ قُدْوَةِ الْمُحَقِّقِيْنَ
اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اِمَامِ الشُّهَدَآءِ وَ زُبْدَةِ الْمُدَقِّقِيْنَ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ
سَنَدِ الْاَتْقِيَآءِ سَيِّدِ شَبَابِ اَهْلِ حَضْرَتِ خَوَاجَهْ اَبِی النَّصْرِ الْحَسَنِ
الْجَنَّةِ قُرَّةِ الْعَيْنَيْنِ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ الْبَصْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ
حَضْرَتِ خَوَاجَهْ اِمَامِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ بِحُرْمَتِ مُحِبِّ الْعَرَبِیِّ مَحْبُوْبِ
الْحُسَيْنِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ الْعَجَمِیِّ صَاحِبِ عِلْمِ الْيَقِيْنِ شَيْخِ
بِحُرْمَةِ شَهِيْدِ الْعِشْقِ اِمَامِ الْمُوَحِّدِيْنَ الْمَشَآئِخِ حَضْرَتِ خَوَاجَهْ شَيْخِ الْعَجَمِیِّ
حَضْرَتِ خَوَاجَهْ اِمَامِ زَيْنِ الْعَابِدِيْنَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ
عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ اِمَامِ الْاَوْلِيَآءِ سَيِّدِ الْاَصْفِيَآءِ شَيْخِ
بِحُرْمَةِ الْاِمَامِ الْاَكْبَرِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ الْمَشَآئِخِ حَضْرَتِ خَوَاجَهْ دَاوٗدِ طَآئِیْ
اِمَامِ مُحَمَّدِ الْبَاقِرِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ
اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ حَرِيْقِ الْمَحَبَّةِ اِمَامِ الْمَشَآئِخِ عَارِفِ رُمُوْزِ السَّرْمَدِیِّ

سلہ ترتیب سلسلہ تو یوں ہے کہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد حسن بصری ان کے بعد حبیب عجمی ان کے بعد داؤد طائی ان کے بعد معروف کرخی ان کے بعد سری سقطی الی آخرہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مگر حضور پُرنور قدس اللہ سرہ العزیز نے سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حضرت امام زین العابدین و حضرت امام باقر و حضرت امام جعفر صادق و حضرت امام موسیٰ کاظم و حضرت امام موسیٰ رضی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بھی تبرکاً و تشرفاً داخل سلسلۂ قادریہ فرمایا جن کے اسمائے پاک کے ساتھ توسل باعث خیرات و برکات کثیرہ ہے۔ شجرۂ ہذا کے قاری کے لیے۔ منہ

الصَّادِقِيْنَ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ اِمَامِ الصَّمَدِیِّ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ شَيْخِ
جَعْفَرِ الصَّادِقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی مَعْرُوْفِ الْكَرْخِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ غِيَاثِ الْوَرٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ
الْاِمَامِ الْاَعْظَمِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ الْمَشَآئِخِ مَظْهَرِ اَسْرَارِ الْخَفِیِّ
الْاِمَامِ مُوْسٰی كَاظِمْ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَالْجَلِیِّ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ
عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ قِبْلَةِ الظَّاهِرِ اَبِی الْحَسَنِ السِّرِّیِّ السَّقْطِیِّ
وَالْبَاطِنِ اِمَامِ الْهُدٰی حَضْرَتْ خَوَاجَهْ الْبَغْدَادِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی
اِمَامِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُوْسَی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ
الرِّضٰی رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ الْمَشَآئِخِ سُلْطَانِ الْعَارِفِيْنَ
سَيِّدِ الطَّآئِفَةِ رَهْنُمَآئِ الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ مُقْتَدَآءِ اَهْلِ
الْحَقِيْقَةِ وَالْمَعْرِفَةِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ شَيْخِ اَبِی الْقَاسِمِ جُنَيْدِ
الْبَغْدَادِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ
تَاجِ الْاَوْلِيَآءِ حُجَّةِ اللّٰهِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ اَبِی بَكْرِ جَعْفَرِ بْنِ
يُوْنُسَ الشِّبْلِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ
فَيَّاضِ الْفَضْلِ حَضْرَتْ خَوَاجَهْ شَيْخِ اَبِی الْفَضْلِ عَبْدِ الْوَاحِدِ
التَّمِيْمِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ مَنْبَعِ
فُيُوْضِ الرَّحْمَانِیِّ حَضْرَتِ خَوَاجَهْ شَيْخِ اَبِی الْفَرَحِ الطَّرْطُوْسِیِّ
رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ شَيْخِ الْمَشَآئِخِ مَظْهَرِ سِرِّ الْجُوْدِ

الْجُزْئِیِّ وَالْکُلِّی حضرتِ خواجہ شیخ ابی الحسن علیّ الھنکاریّ
القرشیّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ سلطان
العاشقین مصدرِ شہودِ محبوبِ ربّانی حضرتِ خواجہ شیخ ابی
سعید علیّ المبارک المخزومیّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ
شیخ المشائخ محبِّ النبیِّ محبوبِ سبحانی قطبِ الاقطاب وفردِ
الاحباب غوثِ الثقلین وسلالۃ الحسنین المرءۃ المشاھدۃ
ربّ العلمین حضرت خواجہ شیخ محیّ الدین ابی محمّد سلطان
سیّد عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ
المشائخ قبلۃ العشّاق وکعبۃ الآفاق حضرت خواجہ سیّد
عبدالرزاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ
موصل الصالحین حضرتِ خواجہ سیّد ابی صالح نصر رضی
اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ مظہر اللہ التامّ الصمد
حضرتِ خواجہ سیّد شہاب الدّین احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمتِ شیخ المشائخ شرف التارکین وفخر العاشقین حضرت
خواجہ سیّد شرف الدّین یحییٰ قطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمتِ شیخ المشائخ سراج الواصلین ویوح العارفین حضرت
خواجہ سیّد شمس الدّین محمّد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ
شیخ المشائخ سیّد السالکین وسیّد الراسخین حضرت خواجہ

سیّد علاء الدّین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ
المشائخ بدر العارفین حضرت خواجہ سیّد بدر الدّین حسین
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ شرف الواصلین و
تاج العارفین حضرت خواجہ سیّد شرف الدّین یحییٰ ثانی رضی
اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ قاسمِ المحبّۃ للاشرفین
حضرت خواجہ سیّد شرف الدّین قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمتِ شیخ المشائخ مظہرِ اسرار الاحد حضرت خواجہ سیّد
احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ ضیاء
الخافقین حضرت خواجہ سیّد حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی
بحرمۃ شیخ المشائخ غریق المحبّۃ حضرت خواجہ سیّد عبدالباسط
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ وارث الولایۃ
القادریّۃ حضرت خواجہ سیّد عبدالقادر قادری رضی اللہ تعالیٰ
عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ مستغرقِ بحرِ الشہود حضرت
خواجہ سیّد محمود رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ
فانی فی اللہ باقی باللہ حضرت خواجہ سیّد عبداللہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمۃ شیخ المشائخ المتخلّق باخلاق اللہ و
المتّصف باوصاف اللہ حضرت خواجہ شیخ عنایت اللہ شاہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ الٰہی بحرمتِ شیخ المشائخ مظہرِ کنوزِ اسرار

اَحَدِ حَضرَتِ خَواجَہ شَیخ حَافِظ اَحمَد اَلبَارَہ مُولِیٰ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَۃِ شَیخِ المَشَائِخ مَنبَعِ النُّورِ وَشَرحِ الصُّدُورِ حَضرَتِ
خُوَاجَہ شَیخ عَبدِ الصَّبُورِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَتِ شَیخِ
المَشَائِخ مَظہَرِ اَسرَارِ حَقِّی وَحَقِیقَۃِ مُحَمَّدِیِّ حَضرَتِ خَوَاجَہ
سُلطَانِ کُلِّ مُحَمَّدِ المَعرُوفِ بِخَوَاجَہ کَنگَالِ المُعَظَّمِ بِعَظمَۃِ
جَلَالِ ذِی الجَلَالِ وَالمُتَجَمِّلِ بِتَجَمُّلِ جَمَالِ ذِی الجَمَالِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی
عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَتِ شَیخِ المَشَائِخ حَرِیقِ المَحَبَّۃِ حَضرَتِ خَوَاجَہ شَیخ
مُحَمَّدِ الرَّفِیقِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَۃِ شَیخِ المَشَائِخ مَظہَرِ
فُیُوضَاتِ اِلٰہ حَضرَتِ خُوَاجَہ شَیخ عَبدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ
اِلٰہِی بِحُرمَۃِ شَیخِ المَشَائِخ فَرِیدِ عَصرٍ سَرَاسَرُ مُنَوَّرٍ مَجذُوبِ الاَکبَرِ حَضرَتِ
خُوَاجَہ شَیخ مُحَمَّدِ اَنوَرشَاہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَتِ شَیخِ
المَشَائِخ مَحبُوبِ المَعبُودِ المُعلِمِ بِاَسرَارِ الغُیُوبِ حَضرَتِ خُوَاجَہ شَیخ
مُحَمَّدِ یَعقُوبِ شَاہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَتِ شَیخِ المَشَائِخ
سُلطَانِ العَارِفِینَ مَحبُوبِ الوَاصِلِینَ مُحِبِّ الاَصفِیَاءِ وَالمُرسَلِینَ مَلجَاءِ
الغُرَبَاءِ وَالمَسَاکِینَ وَالمُستَفِیضِ بِفَیضِ تَعلِیمِ الطَّرِیقِ عَن سُلطَانِ المُعَظَّمِ
سَقَاھُمُ اللّٰہُ رَحِیقَ العَفوِ وَالغُفرَانِ اَبِی الفُضلَانِ حَضرَتِ خُوَاجَہ مُحَمَّدُ
عَبدِ الرَّحمٰنِ الجُھُورَوِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنہُ اِلٰہِی بِحُرمَتِ شَیخِ المَشَائِخ
وَارِثِ وِلَایَتِ قَادِرِیَّہ اَلحَاجِّ حَافِظ مَولَانَا سَیِّد اَحمَد شَاہ صَاحِب مُدَّ فُیُوضُہٗ

اَللّٰھُمَّ ارزُقنَا حُبَّکَ وَحُبَّ مَن یُّحِبُّکَ وَحُبَّ عَمَلٍ تُحَبِّبُنِی اَنتَ وَاَوصِلنَا
اِلٰی مَقَاصِدِنَا فِی الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃِ وَاَحیِنَا عَلَی الاِسلَامِ وَاَمِتنَا مَعَ الاِیمَانِ
وَاَصبِغنَا مِن بَرَکَاتِ مَشَائِخِنَا وَارزُقنَا جَوَارَھُم فِی بُحبُوحَۃِ الفِردَوسِ
بِلَا حِسَابٍ وَلَا عَذَابٍ اٰمِینَ ط ثُمَّ اٰمِینَ ط یَا رَبَّ العَالَمِینَ ہ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط

اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ المُرسَلِینَ ط

اما بعد کہ این وظیفہ شریفہ موسومہ باصل اصول شریف از دلریش و دلہ کیش احقر الانسان فقیر محمد عبد الرحمٰن بن وارث النبی الامی سید العاشقین و سند المعشوقین شیخ الکل والجزوی العلو والمجد حضرت خواجہ شیخ فقیر محمد عفی اللہ عنہما محض از عطیات الٰہی ناتناہی ظاہر گشت وَالشُّکرُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ وَعَلٰی کُلِّ نِعمَائِہٖ تَعَالٰی و میگوید بدان فَرَّحَکَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِفَوزِ اَصلِ اُصُولِکَ کہ زکوٰۃ اصل اصول شریف اینکہ بسحر وقت صبح صادق دوشنبہ غسل کردہ جامۂ نو یا نو شستہ پوشیدہ دو رکعت نفل صلواۃ اعتکاف خواندہ بہر رکعت بعد الحمد بیست و ہشت[۲۸] بار سورۃ اخلاص و بعدۂ ہر روز اول و آخر درود شریف یک صد و بیست و ہشت بار میانش بیست و ہشت ختم تمام کند ہر ختم یکصد و بیست و پنج ہزار اصل اصول شریف خواندہ باشد ہر مدتے کہ میسّر بود ادا کردہ آید بقیودات ذیل بلباس و خوراک پاک و طیّب و طاہر و صائم الدہر باحسن ارادت و صلواۃ با جماعت و نان پز باطہارت و معہ ترک جلالی و جمالی با تلذذ کمالی اصل و صالی لایزالی و بسوخت بخورات وقت سحر از مشک و لوبان و عنبر بہر نماز استعمال عطر و دائم باوضو و غسل جمعہ و آخرش باز دو رکعت صلواۃ الوداع بقرأۃ صلواۃ اعتکاف مذکورہ خواندہ فارغ شدہ حتی المقدور صدقہ بفقیران الی الحق و معصومان مطلق خرج نماید افادات و فیوضاتِ آن ظاہر و باہر است از طوالت عمر و ترقی علم متبحر و مزید عمل متأثر و زیادتی تلذذ عشق و محبت و وسعت رزق و روزی روزانہ و اجرائے صدقات جاودانہ حاصل کہ لایزال و لا زالت شموس عاملہ و لایغایت یوح کاملہ الے یوم الدین آمین یارب العٰلمین ؎

زہے وحدت بکثرت بس قبولست — زمیم احمد احد اصل اصول است
بلوح اول تغیر حرف قرآن — بہ بنیاد تہجی ہم نزول است
مقطعات رمز با محبان — بشارات بمحبوبان حلول است
لہٰذا فیض ثقلینی بہ کونین — حصول است و حصول است و حصول است

هٰذَا اَصْلُ اُصُوْلٍ شَرِيْف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ اَصْلِ اُصُوْلٍ وَصُوْلِ حُصُوْلِ اباتا ثاج
حاخا دذ رازا س ش ص ض طاظاع غ فاق
كٰ ل م ن واهايا وبِحَقِّ رَمْزِ رُمُوْزِ رَامُوْزِ بُرُوْزِ
كُنُوْزِ الٓمّٓ ۝ الٓمّٓ ۝ الٓمّٓصٓ ۝ الٓرٰ ۝ الٓرٰ قف الٓرٰ قف الٓمّٓرٰ قف
الٓرٰ قف الٓرٰ قف كٓهٰيٰعٓصٓ قف طٰهٰ ج طٰسٓمٓ ۝ طٰسٓ ج طٰسٓمٓ ۝ ج
الٓمّٓ ۝ الٓمّٓ ۝ الٓمّٓ ۝ يٰسٓ ۝ صٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ ج
حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ ۝

تَمَّتْ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلوا علیہ وآلہ وسلموا تسلیما

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ المنۃ
کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل
ایزد منان تحفہ عجائب وھدیہ غرائب الی اللہ
مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ
مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الاوّل

فی نورہ وظہورہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ حمید الدین

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ عبد الرحمٰن صاحب

ساکن چھوھر شریف ضلع ھری پور
صوبۂ سرحد پاکستان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ

اللہ کے نام کی برکت سے جو سب ناموں سے بہتر اور افضل ہے۔ اللہ زمین کے مالک اور آسمان کے مالک کے نام کی برکت سے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى

اللہ کے نام کی برکت سے جس کے نام کی بدولت ضرر نہیں دیتی زمین کی کوئی شئ اور نہ کوئی

السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ تَوَاضَعَتْ لَهٗ

شئ آسمان کی۔ اور وہی سُننے جاننے والا ہے۔ اللہ کے نام کی برکت سے جس کے لیے جھکی ہیں

الرِّقَابُ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ خَافَتْ مِنْهُ الْقُلُوْبُ وَبِسْمِ اللّٰهِ

سب گردنیں۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے کہ خوف زدہ ہیں اس سے سب کے دل۔ اللہ کے نام کی برکت سے

الَّذِىْ نَفَّسَ عَنْ دَاوٗدَ كُرْبَتَهٗ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ قَالَ لِلنَّارِ

جس نے دور فرمائی داؤد علیہ السّلام سے ان کی تنگی۔ اور اللہ کے نام برکت سے جس نے فرمایا آگ کو

كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَبِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ مَلَأَ الْاَرْكَانَ

ہو جا سراسر ٹھنڈک اور سلامتی ابراہیم علیہ السّلام پر۔ اور اللہ کے نام کی برکت سے جس نے (برکات سے) بھرپور فرمائے ارکان

كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحُرْمَةِ

اور اجزائے عالم تمام اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ساتھ حق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اور ساتھ حرمت و عزت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کے اور ساتھ فضیلت بسم اللہ الرحمن الرحیم کے

وَبِعَظْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَلَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اور ساتھ عظمت بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم کے اور بدولت جلال بسم اللہ الرّحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِجَمَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِهَيْبَةِ بِسْمِ

الرحیم کے۔ اور بطفیل جمال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ ہیبت بسم

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَنْزِلَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت منزلت اور مرتبۂ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے

وَبِمَلَكُوْتِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ

اور بطفیل پادشاہی اور مملکت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ اعانت جبروت وتسلط بسم

اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكِبْرِيَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور ساتھ برکت بڑائی اور بزرگی بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِثَنَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِبَهَآءِ

الرحیم کے۔ اور بدولت ثناء وتعریف کے جو بسم اللہ الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اس رونق وبہار کے جو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكَرَامَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ برکت اور وسیلہ اس بزرگی وبرتری کے جو بسم اللہ الرحمٰن

الرَّحِيْمِ وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِبَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰهِ

الرحیم میں ہے۔ اور ساتھ اعانت تسلط اور غلبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے۔ اور بوسیلہ برکت کے جو بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعِزَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِقُوَّةِ

الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور بوسیلہ عزت وغلبہ کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور بطفیل قوت کے جو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے۔ اور باعانت اس قدرت کے جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے

اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَارْزُقْنِیْ مِنْ

بلند فرما میری قدر ومنزلت اور کشادہ فرما میرے لیے میرے قلب اور سینہ کو اور آسان فرما میرے لیے میرے امور اور مجھے عطا فرما

حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ

جہاں سے وہم وگمان بھی (رزق آنے کا) نہ کیا جاسکتا ہو بطفیل اپنے فضل اور کرم کے اے وہ ذات جس کی شان ہے کٓهٰيٰعٓصٓ

حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَمَالِ الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ

حٰمٓ عٓسٓقٓ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بوسیلہ تیرے جمال عزت کے اور جلال ہیبت کے اور غلبہ وسطوت

الْعَظَمَةِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ

عظمت کے کہ تو بنا دے مجھے اپنے بندگان نیک سے کسی قسم کا خوف نہیں ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْ

ان پر۔ اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے بطفیل اپنی رحمت کے اے سب رحمت کرنے والوں سے زیادہ رحمت والے اور یہ کہ

تُصَلِّیَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ لِّیْ كَذَا

رحمت نازل فرمائے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل پر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور بنا میرے لیے بھی ایسی

وَكَذَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

رحمت اور ایسی ہی برکت۔ اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے جو بہت رحم کرنیوالا مہربان ہے۔ سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پرورش کرنے والا سب

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ

جہانوں کا ہے۔ بہت رحم کرنے والا مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے ان صفات کمال کے مالک تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے

نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

استطاعت وقوت طلب کرتے ہیں۔ تو ہمیں چلا راہ راست پر ان لوگوں کے راستہ پر جنہیں تو نے مخصوص انعامات سے نوازا

عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ سُبْحَانَكَ

جو نہ تیرے غضب میں گھرے اور نہ راہ راست سے بھٹکے ہیں۔ پاکیزہ اور منزہ ہے تو

لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ بِاِخْلَادِ الْحَمْدِ حَمْدًا كَثِيْرًا

نہیں علم ہمارے لیے مگر وہ جو تو نے ہمیں سکھلایا اے اللہ اور ہم تیری حمد کے ساتھ (مشغول ہیں) اسے دائم اور برقرار رکھنے کے لیے کہ بہت زیادہ

طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ بِاَمْرِكَ وَتَكُوْنُ بِوُجُوْدِكَ وَبَرَكَةً مِّنْكَ وَتَبَارَكَ

ہو اور پاکیزہ وبابرکت بھی ہو تیرے امر سے اور تیرے ابدی اور سرمدی وجود سے متعلق ہو اور تیری عطا کردہ برکت کی بدولت ہو اور بابرکت ہے

اِسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ بِجَدِّ جَدٍّ وَّلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَلَكَ

نام تیرا اور بلند مرتبت ہے تیری بزرگی جو بڑائی کی انتہا پر ہے۔ اور عبادت کے لائق نہیں سوا تیرے۔ تیرے ساتھ ہی ہم ایمان لائے اور تیرے

اَسْلَمْنَا وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ يَا مَالِكَ يَوْمِ

لیے ہی طاعت گزار ہوئے اور تجھ پر ہی اعتماد اور بھروسہ کیا ہم نے۔ اے اللہ ہمیں اپنے نور کے ساتھ منور کرکے برقرار رکھ اے روز قیامت کے

الدِّيْنِ وَنَوِّرْ بَصَآئِرَنَا بِنُوْرِكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ

مالک۔ اور ہماری قلبی نگاہوں کو منوّر فرما اپنے نور خاص کے ساتھ اے انوار کو منور کرنیوالے اے گمراہوں اور گمراہ کرنے والوں کے ہادی و رہنما

لَا هَادِيَ غَيْرُكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَغْنِنَا عَنْ غَيْرِكَ يَا غَنِيُّ الرَّحْمٰنُ

نہیں کوئی ہدایت دینے والا سوا تیرے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پروردگار سب جہانوں کا ہے مجھے اپنی ذات کے طفیل ماسوا سے بے نیاز کرا ے بے نیاز

الرَّحِيْمُ شُهُوْدُ ذَاتِكَ يَا قَرِيْبُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ

رحمٰن رحیم۔ تیرا شہود ذات (مطلوب ہمارا ہے) اے (ہماری جانوں سے) قریب۔ سلام ہے رب رحیم کی طرف سے کہا ہوا جو مالک ہے روز قیامت کا

الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ

اے صفات کمال والے تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی ہر قسم کی مدد طلب کرتے ہیں۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

فِيْ حَقَآئِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مِّنْ اَحْوَالِ

تیری اس شان کے صدقے سے کہ تو ہی اللہ ہے جس کا ظہور تشخصات مخصوصہ کے حقائق میں ہے۔ اور اس شان کے طفیل کہ تو مخلوق کے تمام احوال

الْجِدِّ وَالتَّعْدِيْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ بِخَصَآئِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ

حقیقی اور عزم کامل اور ان میں موزونیت و تناسب (پیدا کرنے) پر غالب و قادر ہے اور بوسیلہ اس امر کے کہ تو احدیت و صمدیت کے خصائص

عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَالظَّهِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ الَّذِيْ

کے ساتھ متصف ہو کر مقدس و پاکیزہ ہے مدمقابل اور مخالف سے معاند اور مماثل سے اور مناسب و مددگار سے اور اس شان کے طفیل کہ تو ہی وہ ذات ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ بِحَقِّ

جس کی مثل کوئی نہیں ہے اور اسی شان امتیازی والا ہی سننے جاننے والا ہے کہ تو میری حاجت کو پورا کرے صدقے میں

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ لَا

اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم کے اے اللہ نہ

تَجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاجْعَلْنَا مِنَ

بنا ہمیں ان لوگوں سے جو رسوا ہیں حیات دُنیا اور آخرت میں اور بنا ہمیں

الَّذِيْنَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا

ان لوگوں سے جن پر غضب نہیں کیا گیا اور نہ وہ گم گشتگانِ راہ ہدیٰ ہیں۔ آمین۔ اے اللہ نہ بنا ہمیں

ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضَآلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَلَا مِنْ وَّجْهِكَ اٰئِسِيْنَ

بذاتِ خود گمراہ ہونے والے اور نہ گمراہ کئے ہوئے۔ اور نہ اپنے در سے ہانکے ہوئے اور نہ اپنے دیدار ذات سے ناامید

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

الٓمّٓ۔ وہ عظیم الشان کتاب جو شک کے لائق نہیں ہے سراسر ہدایت ہے تقویٰ کی طرف مائل لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں غیب کے ساتھ

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

اور قائم کرتے ہیں نماز کو اور ہمارے دیئے سے بعض کو ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں ساتھ اس کے جو نازل کیا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى

آپ کی طرف اور جو اُتارا گیا آپ سے پہلے اور آخرت کے ساتھ وہی یقین رکھنے والے ہیں۔ وہی لوگ ثابت قدم ہیں اس ہدایت

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُوَ

پر جو ان کے رب کی طرف سے ہے اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔ اللہ کے نام کی برکت سے جو بہت مہربان رحم فرمانے والا ہے

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

وہی اللہ ہے کہ کوئی معبود برحق نہیں مگر وہی جو رحمٰن رحیم ہے بادشاہ۔ پاکیزہ و منزہ۔ سراسر سلامتی۔ ایمان دینے والا

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

نگہبان۔ غالب۔ جبار۔ بڑائی کا ظاہر کرنے والا۔ وجود بخشنے والا۔ تناسب انداز میں پیدا کرنے والا مختلف صورو اشکال میں ڈھالنے والا

الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ

بخشنے والا۔ قہر و جلال والا۔ گوناگوں نعمتیں بلاعوض دینے والا ہے۔ بہت زیادہ روزی رساں۔ مشکلات حل کرنے والا۔ ظاہر و باطن کا جاننے والا رزق میں کمی کرنیوالا۔ کشادگی

محمد کریم پر جو ساری مخلوق کے سردار ہیں۔ ایسا درود جو تجھے پسند ہو اور اس محبوب کا پسندیدہ ہو اور راضی ہو جائے تو بیب اس کے ہم سے

الرَّاحِمِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا طَیِّبًا

اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر اور ان کے آل واصحاب پر اور سلام بھیج کثیر تعداد میں جو طیب اور

مُّبَارَكًا فِیْهِ جَزِیْلًا جَمِیْلًا دَآئِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ شَابًّا زَكِیًّا

بابرکت ہر عظیم وجمیل ہو اور دائمی ہو ساتھ دوام ملک باری تعالیٰ کے اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر جبکہ وہ جوان و پاکیزہ ہیں

وَّصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَهْلًا مَّرْضِیًّا وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُنْذُ كَانَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَّ

اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر جبکہ وہ پختہ عمر اور پسندیدہ (اخلاق) ہیں اور درود بھیج محمد کریم پر جب سے کہ وہ بچے تھے پنگھوڑے میں اور

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوةِ شَیْءٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر حتی کہ نہ باقی رہے صلوات سے کوئی شئ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر

الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِیْعِ لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ

جو بھیجے گئے ہیں تہامہ سے اور نیکی اور راست روی کا حکم دینے والے ہیں۔ اور شفیع ہیں گنا ہگاروں کے لیے

فِیْ عَرَصَاتِ الْقِیٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِیَآئِكَ

اوقات قیامت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر جو تیرے تمام انبیاء سے افضل اور اصفیاء سے اکرم ہیں

وَاِمَامِ اَوْلِیَآئِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِیَآئِكَ وَحَبِیْبِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَشَهِیْدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اور تیرے تمام اولیاء کے امام اور تیرے سب انبیاء کے خاتم ہیں اور حبیب ہیں رب العالمین کے اور گواہ ہیں تمام رسولوں کے

وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَسَیِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِیْنَ الْمَرْفُوْعِ الذِّكْرِ فِی الْمَلٰٓئِكَةِ

اور شفیع عاصیاں ہیں اور سردار ہیں تمام اولاد آدم کے جن کا ذکر ملائکہ مقربین میں

الْمُقَرَّبِیْنَ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ الرَّءُوْفِ

بلند کیا ہوا ہے جو (اہل طاعت کو بشارت دینے والے اور (اہل عصیان) کو ڈرانے والے ہیں۔ روشن چراغ ہیں۔ صادق وامین ہیں

الرَّحِیْمِ الْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ الَّذِیْ اٰتَیْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ

واضح حق ہیں اور بہت مہربان رحم فرمانے والے ہیں۔ رہنمائی فرمانے والے ہیں صراط مستقیم کی جن کو عطا کیں تو نے سات آیات تکرار کی جا نیوالیں (فاتحہ)

الْعَظِیْمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِی الْاُمَّةِ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَیَدْخُلُ

اور قرآن عظیم جو رحمت والے نبی ہیں اور اُمت کے ہادی۔ پہلے فرد جن سے حجاب قبر پھٹ کر الگ ہوگا اور (پہلے شخص جو) داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ وَالْمُؤَیَّدِ بِجِبْرِیْلَ وَمِیْكَآئِیْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ الْمُصْطَفٰی

جنت میں۔ جن کو تائید وتقویت دی گئی ہے جبرئیل اور میکائیل کے ساتھ۔ جن کی بشارت دی گئی ہے تورات وانجیل میں جو مصطفےٰ

الْمُجْتَبٰی الْمُنْتَخَبِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

مجتبےٰ اور منتخب ہیں ابو القاسم محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ الْمَنْعُوْتِ فِی الْكِتَابِ

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر جو (تیری طرف) بہت رغبت رکھنے والے نبی اور حق کے ساتھ کلام کرنیوالے ہیں جو ثنا کئے گئے ہیں (اللہ) کی

اَلنَّبِیِّ عَبْدِ اللّٰهِ اَلنَّبِیِّ كَنْزِ اللّٰهِ اَلنَّبِیِّ حُجَّةِ اللّٰهِ اَلنَّبِیِّ مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ

کتابوں میں۔ ایسے نبی جو اللہ کے عبد خاص ہیں۔ ایسے نبی جو اللہ کا خزانہ ہیں۔ ایسے نبی جو اللہ کی برہان ہیں۔ ایسے نبی کہ جو ان کی اطاعت کرے

اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَی اللّٰهَ اَلنَّبِیِّ الْعَرَبِیِّ الْقُرَشِیِّ الزَّمْزَمِیِّ

اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ ایسے نبی جو عربی، قریشی ہیں اور زمزم،

اَلْمَكِّیِّ التِّهَامِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ قَاهِرِ الْمُضَادِّیْنَ مُبِیْدِ الْكٰفِرِیْنَ

مکہ اور تہامہ والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر جو مخالفین پر قہر فرمانے والے ہیں، کفار کو ہلاک کرنے والے ہیں

وَقَاتِلِ الْمُشْرِكِیْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ اِلٰی جَنّٰتِ النَّعِیْمِ وَجِوَارِ الْكَرِیْمِ

مشرکین کو قتل کرنے والے اور نورانی چہروں اور روشن اعضاء والوں کے قائد ہیں جنات نعیم کی طرف اور اللہ کریم کے قرب کی طرف

صَاحِبِ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَ

جو جبرئیل کے ساتھی ہیں۔ رب العالمین کے رسول۔ شفیع عاصیاں ہیں اور

غَایَةِ الْغَمَامِ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ

بادلوں کی غایت ہیں اور تاریکیوں میں روشن چراغ ہیں اور ماہ تمام ہیں۔ درود بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

الْمُصْطَفَیْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ مِنْ

جو چنے ہوئے ہیں پاکیزہ ترین جبلت اور خمیر سے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر جنہیں ارسال فرمایا اللہ تعالیٰ نے

اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِیْزَانًا وَّاَوْضَحِهَا بَیَانًا وَّاَفْصَحِهَا لِسَانًا وَّاَشْمَخِهَا اِیْمَانًا وَّ

اس شان سے کہ وہ سب عرب پر وزنی ہیں ازروئے میزان کے اور سب سے واضح تر ہیں باعتبار کلام کے اور فصیح تر ہیں باعتبار زبان کے اور بلند تر ہیں

اَعْلَاهَا مَقَامًا وَّاَحْلَاهَا كَلَامًا وَّاَوْفَاهَا ذِمَامًا وَّاَصْفَاهَا غَمَامًا وَّاَعْلٰی

ازروئے ایمان کے۔ بلند تر ہیں ازروئے مقام کے اور شیریں تر ہیں باعتبار کلام کے اور سب سے زیادہ نبھانے والے ذمہ داریوں کے اور بہت صافی ہیں ازروئے جوہر وطینت

النَّاسِ قَدْرًا وَّاَعْظَمِهِمْ مَحَلًّا وَّاَكْمَلِهِمْ مَحَاسِنًا وَّفَضْلًا وَّاَفْضَلِ الْاَنْبِیَآءِ

کے اور بلند ترین ہیں تمام لوگوں سے ازروئے قدر کے اور عظیم تر ہیں ازروئے مقام کے اور کامل تر ہیں ازروئے محاسن اور فضائل کے اور افضل ہیں تمام

دَرَجَةً وَّاَكْمَلِهِمْ شَرِیْعَةً وَّاَشْرَفِ الْاَنْبِیَآءِ نِصَابًا وَّاَبْیَنِهِمْ بَیَانًا وَّخِطَابًا

انبیاء سے ازروئے درجات کے اور کامل تر ہیں باعتبار شریعت کے اور بزرگتر ہیں تمام انبیاء سے ازروئے اصل کے اور ان سے واضح تر ہیں

وَّاَفْضَلِهِمْ مَوْلِدًا وَّمُهَاجَرًا وَّعِتْرَةً وَّاَصْحَابًا وَّاَكْرَمِ النَّاسِ اَرُوْمَةً وَّ

ازروئے بیان اور خطاب کے۔ اور ان سے افضل ہیں باعتبار دار ولادت اور دار ہجرت کے اور ازروئے اولاد واصحاب کے۔ اور تمام لوگوں سے اکرم ہیں باعتبار خمیر

اَشْرَفِهِمْ جُرْثُوْمَةً وَّخَیْرِهِمْ نَفْسًا وَّاَطْهَرِهِمْ قَلْبًا وَّاَصْدَقِهِمْ قَوْلًا

اور بزرگتر ہیں باعتبار اصل کے اور بہتر ہیں ازروئے نفس کے اور پاکیزہ تر ہیں ازروئے قلب کے اور سب سے زیادہ سچے ہیں اقوال میں۔

وَّاَزْكَاهُمْ فِعْلًا وَّاَثْبَتِهِمْ اَصْلًا وَّاَوْفَاهُمْ عَهْدًا وَّاَمْكَنِهِمْ مَجْدًا وَّ

اور سب سے پاکیزہ تر ہیں افعال میں اور مضبوط ترین ہیں ازروئے اصل کے اور بہت پورا کرنے والے ہیں عہد کے اور راسخ تر ہیں ازروئے مجد کے اور

اَكْرَمِهِمْ طَبْعًا وَّاَحْسَنِهِمْ صُنْعًا وَّاَطْیَبِهِمْ فَرْعًا وَّاَكْثَرِهِمْ طَاعَةً وَّ

ان سے اکرم ہیں ازروئے طبع کے۔ اور خوبتر ہیں ازروئے صنعت کے اور پاکیزہ تر ہیں ازروئے فرع کے اور اکثر ہیں باعتبار طاعت کے اور

سَمْعًا وَّاَعْلَاهُمْ مَقَامًا وَّاَحْلَاهُمْ كَلَامًا وَّاَزْكَاهُمْ سَلَامًا وَّاَجَلِّهِمْ

سمیع کے اور بلند تر ہیں باعتبار مقام کے اور شیریں تر ہیں ازروئے کلام کے اور پاکیزہ تر ہیں ازروئے سلام کے اور بزرگتر ہیں

قَدْرًا وَّاَعْظَمِهِمْ نَسَبًا وَّاَسْنَاهُمْ فَخْرًا وَّاَرْفَعِهِمْ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی

ان تمام سے ازروئے منزلت کے۔ اور بلند تر ہیں ازروئے نسب کے اور روشن تر ازروئے مخرکے اور ان سے بلند تر ہیں ملاء اعلیٰ میں

ذِكْرًا وَّاَوْفَاهُمْ عَهْدًا وَّاَصْدَقِهِمْ وَعْدًا وَّاَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَّاَعْلَاهُمْ

باعتبار ذکر کے اور زیادہ وفا کرنے والے ہیں ان تمام سے عہد کی اور سب سے زیادہ سچے ہیں وعدہ میں اور سب سے زیادہ شکر گزار ہیں اور بلند تر ہیں

اَمْرًا وَّاَجْمَلِهِمْ صَبْرًا وَّاَحْسَنِهِمْ خَیْرًا وَّاَقْرَبِهِمْ یُسْرًا وَّاَبْعَدِهِمْ

ازروئے امر کے اور جمیل ترین ہیں ازروئے صبر کے۔ اور حسین تر ہیں ازروئے خیر کے۔ اور قریب تر ہیں ازروئے یسر کے اور بلند ترین ہیں

مَّكَانًا وَّاَعْظَمِهِمْ شَاْنًا وَّاَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَّاَرْجَحِهِمْ مِیْزَانًا وَّاَوَّلِهِمْ

باعتبار منزلت کے۔ اور عظیم ترین شان والے ہیں اور مضبوط تر برہان والے۔ اور انتہائی وزنی میزان والے۔ اور سب سے اول ہیں۔

اِیْمَانًا وَّاَوْضَحِهِمْ بَیَانًا وَّاَفْصَحِهِمْ لِسَانًا وَّاَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا فَاَوْضَحَ

ازروئے ایمان کے۔ اور واضح تر ہیں ازروئے بیان کے۔ اور فصیح تر ہیں ازروئے زبان کے اور (غالب تر ہیں ازروئے حکومت کے)

الطَّرِیْقَةَ وَنَصَحَ الْخَلِیْقَةَ وَشَهَّرَ الْاِسْلَامَ وَكَسَّرَ الْاَصْنَامَ وَ

پس آپ نے واضح کر دیا طریقت کو اور نصیحت فرمائی مخلوق کو اور ظاہر کیا اسلام کو اور ٹکڑے ٹکڑے کیا اصنام کو اور

اَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَحَظَرَ الْحَرَامَ وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَفْضَلِ

ظاہر کیا احکام اسلام کو۔ اور ممنوع ٹھہرایا حرام کو اور سب کا احاطہ کیا ساتھ انعام کے صلواۃ بھیجے اللہ تعالیٰ افضل ترین ذات

مَنْ طَابَ مِنْهُ النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ جَبِیْنِهِ

پر جن کی بدولت پاکیزہ ہوئے حسب اور نسب۔ اور بلند ہوئے سامان فخر اور روشن ہوئے ان کے نور جبین سے

الْاَقْمَارُ وَتَضَاءَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ یَمِیْنِهِ الْغَمَائِمُ وَالْبِحَارُ سَیِّدِنَا وَ

ماہتاب۔ اور حقیر معلوم ہونے لگے۔ ان کے دست جود و نوال کے آگے بادل اور سمندر ہمارے آقا اور

نَبِیِّنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ بِبَاهِرِ اٰیَاتِهٖ اَضَاءَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ وَ

نبی محمد جن کی روشن آیات کے ساتھ نورانی ہو گئے فراز اور نشیب۔ اور

بِمُعْجِزَاتِ اٰیَاتِهٖ نَطَقَ الْكُتُبُ وَتَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ

ان کے معجزات آیات کے ساتھ نطق کیا کتب الٰہیہ نے اور متواتر ہوئیں ان کی خبریں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر

نِ الَّذِیْ هُوَ قُطْبُ الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِیْ عَنِ

جو قطب جلالت ہیں اور شمس نبوّت و رسالت ہیں۔ اور ہدایت دینے والے ہیں۔

الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذِ مِنَ الْجَهَالَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

گمراہی سے۔ اور بچانے والے ہیں جہالت سے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاَسِیْلِ السَّیِّدِ النَّبِیْلِ الَّذِیْ جَآءَ بِالْوَحْیِ وَالتَّنْزِیْلِ

محمد پر جو نرم خو نبی ہیں اور بلند مرتبت سردار ہیں جو وحی اور کلام منزل لائے

وَاَوْضَحَ بَیَانَ التَّاْوِیْلِ وَجَآءَهُ الْاَمِیْنُ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

اور واضح کیا حقیقی مراد کے نجم روشن کو۔ اور لائے آپ کے پاس امین (وحی) جبرئیل علیہ السلام

بِالْكَرَامَةِ وَالتَّفْضِیْلِ وَاَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِیْلُ فِی اللَّیْلِ الْبَهِیْمِ

کرامت و فضیلت کے ساتھ اور سیر کرائی انہیں ملک جلیل نے اس رات میں جو تاریک

الطَّوِیْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ اَعْلَى الْمَلَكُوْتِ وَاَرَاهُ سَنَا الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ

اور طویل تھی اور ان کے لیے پردے ہٹا دئے ملکوت بالا سے اور انہیں دکھلائی جبروت کی ضیاء و چمک اور مشاہدہ کیا انہوں

اِلٰى قُدْرَةِ الْحَیِّ الدَّآئِمِ الْبَاقِیْ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نے اس ذات اقدس کی قدرت کا جو ہمیشہ کے لیے زندہ، دائم، باقی ہے اور کبھی فوت نہیں ہوگی۔ اے اللہ درود بھیج محمد پر

نَّبِیِّكَ وَاِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِكَ وَعَلٰى جَمِیْعِ اَنْبِیَآئِكَ وَاَصْفِیَآئِكَ مِنْ

جو تیرے نبی ہیں۔ اور ابراہیم پر جو تیرے خلیل ہیں۔ اور اپنے تمام انبیاء پر اور منتخب مخلصین پر خواہ

اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ

اہل ارض سے ہوں یا اہل سماء سے مطابق تعداد اپنی مخلوق کے اور اپنی ذات کی رضا مندی کے اور مطابق

عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ وَزِنَةَ جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ

اپنے عرش کے وزن کے اور مطابق اپنے کلمات کی سیاہی کی (مقدار کے) اور اپنے معلومات کی انتہاء کے مطابق۔ اور تمام مخلوقات

صَلٰوةً مُّكَرَّرَةً اَبَدًا عَدَدَ مَآ اَحْصٰى عِلْمُكَ وَمِلْاَ مَآ اَحْصٰى

کی مقدار کے مطابق ایسی صلواۃ جس میں کثرت تکرار ہو ہمیشہ کے لیے مطابق تعداد ان اشیاء کے جن کا احاطہ کیا تیرے علم نے اور مطابق حجم ان اشیاء

عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ مَآ اَحْصٰى عِلْمُكَ صَلٰوةً تَزِیْدُ وَتَفُوْقُ وَ

کے جن کو محیط ہوا علم تیرا اور چند در چند اس سے جس کا احاطہ کیا تیرے علم نے ایسی صلواۃ جو زائد اور فائق ہو اور

تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّیْنَ عَلَیْهِمْ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ كَفَضْلِكَ

برتر ہو ان تمام لوگوں کی صلوات سے جن پر تمام مخلوق کی طرف سے صلوات بھیجی گئی ہوں مانند تیری فضیلت

عَلٰى جَمِیْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ عَلَیْهِ وَ

برتری کے اوپر اپنی تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر اور سلام بھیج ان پر اور

اجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ حَبِیْبِكَ (ثلثا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا

جزاء دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ تیرے حبیب اہل ہیں۔ اس درود کو تین مرتبہ پڑھا جائے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج ہمارے آقا

اِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ خَلِيْلُكَ (ثَلٰثًا)

ابراہیم پر اور سلام بھیج اور جزا دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ تیرے خلیل اہل ہیں اس درود کو بھی تین مرتبہ پڑھا جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰدَمَ وَنُوْحٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آدم و نوح و ابراہیم

وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اور موسیٰ و عیسیٰ اور ان کے درمیان کے تمام انبیاء و مرسلین پر

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ

اللہ تعالیٰ کی صلوات ہوں اور تسلیمات ہوں ان تمام پر اے اللہ اس درود کو تین مرتبہ پڑھا جائے

صَلِّ عَلٰى اَبِيْنَا اٰدَمَ وَاُمِّنَا حَوَّآءَ صَلٰوةً مَلٰٓئِكَتِكَ وَاَعْطِهِمَا

اے اللہ صلوات بھیج ہمارے باپ آدم۔ ہماری اماں حواء پر مانند صلوات تیرے تمام ملائکہ کے اور عطا فرما ان کو

مِنَ الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا وَاجْزِهِمَا اَللّٰهُمَّ اَفْضَلَ مَا

اپنی رضامندی سے حتی کہ تو انہیں راضی فرمائے اور انہیں جزاء عطا کرے اللہ افضل ترین جزاء ہو

جَازَيْتَ بِهٖ اَبًا وَّاُمًّا عَنْ وَّلَدَيْهِمَا (ثَلَاثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان تمام جزاؤں سے جو تو نے دیں کسی بھی باپ اور ماں کو ان کی اولاد کی طرف سے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَآئِيْلَ

بھیج ہمارے آقا جبرئیل و میکائیل اور اسرافیل و عزرائیل پر

وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ

اور حاملین عرش پر۔ اور تمام مقرب ملائکہ پر۔ اور تمام انبیاء

وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا)

و مرسلین پر۔ اللہ تعالےٰ کی صلوات وتسلیمات ہوں ان تمام پر اسے تین مرتبہ پڑھا جائے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ وَعَلٰى اَبِيْنَا

صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالےٰ محمد پر جو نبی رحمت ہیں اور سید اُمّت اور ہمارے باپ

اٰدَمَ وَاُمِّنَا حَوَّآءَ وَمَنْ وَّلَدَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَ

آدم اور ماں حواء پر اور جن کو جنم دیا ان دونوں نے انبیاء و صدیقین اور

الشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ

شہداء و صالحین میں سے۔ اور صلوٰۃ بھیج اپنے تمام ملائکہ پر

اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

آسمان والے ہوں یا زمین والے۔ اور ہم پر بھی ساتھ ان کے اے ارحم الراحمین۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰٓى اَنْبِيَآئِكَ الْمُطَهَّرِيْنَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج اپنے ملائکہ مقربین پر اور انبیاء مطہرین پر

وَعَلٰى رُسُلِكَ الْمُرْسَلِيْنَ وَحَمَلَةِ عَرْشِكَ وَعَلٰى جِبْرِيْلَ وَ

اور اپنے تمام بھیجے ہوئے رسولوں پر اور اپنے حاملین پر (بالخصوص) جبرئیل پر اور

مِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَمَلَكِ الْمَوْتِ وَرِضْوَانَ خَازِنِ جَنَّتِكَ

میکائیل و اسرافیل اور ملک الموت پر اور جنت کے نگران رضوان پر

وَمَالِكٍ وَصَلِّ عَلَى الْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ وَصَلِّ عَلٰٓى اَهْلِ طَاعَتِكَ

اور (دوزخ کے نگران) مالک پر۔ اور صلوٰۃ بھیج کراماً کاتبین پر۔ اور صلوٰۃ بھیج اپنے تمام طاعت گزاروں

اَجْمَعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ فَصَلِّ عَلَيْهِمْ

پر آسمان والوں سے ہوں یا زمین والوں سے۔ پس صلوٰۃ بھیج ان پر

صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا وَّتَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ

ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو بڑھائے تو ان کے لیے بسبب اس کے بزرگی اور کرے تو ہمیں ان کی دعائے مغفرت کا

بِهَا اَهْلًا اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ

بسبب اس صلوٰۃ کے حقدار۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اپنے تمام انبیاء اور رسل پر

شَرَحْتَ صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ وَطَوَّقْتَهُمْ

جن کے سینے تو نے کشادہ فرمائے اور ان میں امانت رکھا اپنی حکمت کو اور طاقت بخشی انہیں

نُبُوَّتَكَ وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا اِلٰى

اپنی نبوّت کی اور نازل فرمایا ان پر اپنی کتابوں کو اور ہدایت دی تو نے ان کے ذریعے اپنی مخلوق کو اور دعوت دی انہوں نے

تَوْحِيْدِكَ وَشَوَّقُوْا اِلٰى وَعْدِكَ وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ وَاَرْشَدُوْا

تیری توحید کی طرف اور شوق دلایا تیرے وعدۂ (جنّت) کی طرف اور خوف زدہ کیا تیری وعید (نار) سے اور رہنمائی کی

اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَدَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا

تیرے راستہ کی اور قائم کیا تیری حجت و دلیل کو اور سلام بھیج اے اللہ ان پر جیسے سلام کا حق ہے

وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً

اور عطا فرما ہمیں ان پر درود بھیجنے کے بدلے اجر عظیم۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ان پر ایسی صلوٰۃ جو

تَفُوْقُ وَتَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ

فوقیت وفضیلت والی ہو ان تمام لوگوں کی صلوات سے جن پر صلوات بھیجی گئیں تمام مخلوق کی طرف سے

كَفَضْلِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ صَلَاةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً

مانند تیری فضیلت و فوقیت کے اوپر تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ان پر ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو اور ہمیشہ برقرار رہنے

الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ مُتَّصِلَةَ الدَّوَامِ لَا انْقِضَآءَ لَهَا وَلَا انْصِرَامَ

والی ہو شب و روز کی گردش میں۔ جس کے دوام میں اتصال و تسلسل ہو اور اختتام و انقطاع کبھی نہ ہو

عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ عَدَدَ كُلِّ وَابِلٍ وَّطَلٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ

تمام گردش لیل و نہار میں مطابق تعداد موسلا دھار بارش اور پھوہار کے قطرات کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اپنے ملائکہ

الْمُقَرَّبِيْنَ الَّذِيْنَ يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ وَلَا يَعْصُوْنَ

مقربین پر جو کہ تسبیح کہتے ہیں شب و روز بالکل نہیں تھکتے اور نہ نافرمانبرداری کرتے ہیں

اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ

اللہ تعالیٰ کی اس میں جو انہیں حکم دے۔ اور وہی کرتے ہیں جس کا حکم دئے جاتے ہیں۔ اے اللہ اور جیسے چن لیا ہے تو نے ان کو بطور

اِلٰى رُسُلِكَ وَاُمَنَآءَ عَلٰى وَحْيِكَ وَشُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ

سفیر کے طرف اپنے رسولوں کے اور امانتداروں کے اپنی وحی پر اور بطور گواہوں کے اپنی مخلوق پر اور پھاڑ دئے تو نے ان کے لیے

كُنُفَ حُجُبِكَ وَاَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ

اپنے حجابات کے پہلو اور مطلع کیا انہیں اپنے چھپے غیوب پر اور اختیار کیا تو نے ان میں سے

خَزَنَةً لِّجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِّعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ وَ

جنّت کے لیے نگرانوں کو۔ اور اپنے عرش کے لیے حاملین کو اور بنایا تو نے انہیں اپنے تمام جنود و عساکر سے زائد اور

فَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْوَرٰى وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ

فضیلت دی انہیں ساری مخلوق پر اور ٹھہرایا انہیں بلند آسمانوں میں اور پاک پیدا کیا انہیں

الْمَعَاصِيْ وَالدَّنَاٰتِ وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ

معاصی اور رذائل سے اور منزہ کیا انہیں نقائص اور آفات سے پس صلوٰۃ بھیج

عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا وَّتَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ

ان پر ایسی جو دائم ہو بڑھائے تو انہیں بسبب اس کے ازروئے فضیلت و برتری کے اور کرے تو ہمیں ان کی دعائے مغفرت

بِهَا اَهْلًا وَّصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ

کا بسبب اس صلوٰۃ کے حقدار اور صلوات بھیج اے اللہ ان پر ایسی صلوٰۃ جو دائم ہو اور مسلسل ہو پے در پے ہو اور ہمیشہ برقرار رہنی والی ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰٓى اَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج اپنے ملائکہ مقربین پر۔ اور اپنے تمام انبیاء و مرسلین پر

وَعَلٰٓى اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ وَاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ

اور تمام اہل طاعت پر اور بنا ہمیں ان پر صلوات بھیجنے کی برکت سے رحمت کئے ہوئے لوگوں میں سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى تَرِثَ الْاَرْضَ وَمَنْ

اے اللہ صلوات بھیجتا رہ ہمارے آقا و مولیٰ محمد پر حتّٰی کہ صرف تو وارث ہو جائے زمین کا اور جو کچھ

عَلَيْهَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ اَللّٰهُمَّ كَمَا قَامَ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَ

اس پر ہے (بقائے عالم تک) اور تو ہی بہتر و برتر ہے تمام وارثوں سے۔ اے اللہ جیسے کہ قائم ہوئے نبی ساتھ رسالت کی مشقت کے اور

اُسْتُنْقِذَ الْخَلْقَ مِنَ الْجَهَالَةِ وَجَاهَدَ اَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَدَعَا

بچایا انہوں نے مخلوق کو جہالت سے۔ اور جہاد کیا کفار اور گمراہوں کے ساتھ اور دعوت دی

اِلٰی تَوْحِیْدِكَ وَقَاسَی الشَّدَآئِدَ فِیْ اِرْشَادِ عَبِیْدِكَ فَاَعْطِهِ اللّٰهُمَّ سُؤْلَهٗ

تیری توحید کی طرف اور تکالیف برداشت کیں تیرے بندوں کی ہدایت میں پس عطا فرما انہیں اے اللہ ان کا مطلوب

وَبَلِّغْهُ مَاْمُوْلَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی الْحَقِیْقَةِ الْمُقَدَّسَةِ الْمُحِیْطَةِ بِالْحَقَآئِقِ

اور پہنچا انہیں ان کی آرزوؤں تک۔ اے اللہ صلواۃ بھیج اوپر حقیقت مقدسہ کے جو محیط ہے سب حقائق

وَالْاَعْیَانِ وَالنُّقْطَةِ الْبَسِیْطَةِ الْمُتَمِّمَةِ لِمَنَازِلِ الْاِیْمَانِ وَالْاِسْلَامِ وَ

اور موجودات کو اور اس نقطہ (و مرکز) بسیط پر جو کہ تکمیل کرنے والا ہے ایمان و اسلام اور احسان کے منازل و مراتب کی

الْاِحْسَانِ اَللّٰهُمَّ یَا فَارِجَ الْهَمِّ وَكَاشِفَ الْغَمِّ وَمُجِیْبَ دَعْوَةِ

(یعنی حقیقت محمدیہ پر) اے اللہ اے مشکلات کو دور کرنے والے۔ غم و آلام مٹانے والے۔ مجبوروں کی دعائیں

الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِیْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ

قبول کرنے والے۔ رحمت کرنے والے۔ دنیا اور آخرت میں اور ان میں رحیم (مومنین کیلئے) تو ہی مجھ پر رحم کرتا ہے پس مجھے ایسی رحمت

بِرَحْمَةٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ اِلٰهِیْ قَدْ عَجَزَتْ قُدْرَتِیْ

سے نواز کہ بے نیاز کردے بسبب اس کے دوسروں کی رحمت سے۔ اے میرے خدا میری قدرت عاجز آ چکی ہے۔

وَقَلَّتْ حِیْلَتِیْ وَضَعُفَتْ قُوَّتِیْ وَتَاهَتْ فِكْرِیْ وَاشْكَلَتْ قَضِیَّتِیْ

اور میری چارہ سازی کم ہو چکی ہے۔ اور میری قوت ضعیف ہو چکی ہے۔ اور میری فکر پراگندہ ہو چکی ہے اور مشکل ہو گیا ہے قضیہ و معاملہ میرا

وَسَآءَتْ حَالَتِیْ وَبَعُدَتْ اُمْنِیَّتِیْ وَعَظُمَتْ حَسْرَتِیْ وَتَصَاعَدَتْ

اور برا ہو گیا ہے حال میرا۔ اور دور ہو گئی ہے آرزو میری (برآنے سے) اور عظیم ہو گئی ہے حسرت میری اور بلند ہو گئی ہیں

زَفْرَتِیْ وَاتَّضَحَ مَكْنُوْنُ سَرِیْرَتِیْ وَسَالَتْ عَبْرَتِیْ وَاَنْتَ مَلْجَاِیْ

آہیں میری۔ اور کھل چکا ہے باطنی حال میرا۔ اور رواں ہو چکے ہیں آنسو میرے۔ آنسو میرے اور تو ہی میری جائے پناہ ہے

وَوَسِیْلَتِیْ وَاِلَیْكَ اَرْفَعُ بَثِّیْ وَحُزْنِیْ وَشِكَایَتِیْ وَاَرْجُوْكَ لِدَفْعِ

اور وسیلہ ہے اور تیری بارگاہ میں ہی پیش کرتا ہوں اپنا غم و اندوہ اور اپنی شکایت اور تجھی سے امیدوار ہوں اپنی مصیبت کے

مُلِمَّتِیْ یَا مَنْ یَّعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ اِلٰهِیْ بَابُكَ مَفْتُوْحٌ لِّلسَّآئِلِ

دور کرنے میں اے کہ جانتا ہے میرے خفیہ اور علانیہ کو۔ اے بار الٰہ تیرا در اقدس کھلا ہے ہر سائل کے لیے

وَفَضْلُكَ مَبْذُوْلٌ لِّلسَّآئِلِ وَاِلَیْكَ مُنْتَهَی الشَّكْوٰی وَغَایَةُ الْمَسَآئِلِ

اور تیرا فضل و احسان صرف ہونے والا ہے ہر بھکاری کے لیے اور تیری طرف ہی انتہاء ہے ہر شکایت کی اور نہایت ہے تمام حاجات کی

اِلٰهِیْ اِرْحَمْ دَمْعِیَ السَّآئِلَ وَجِسْمِیَ النَّاحِلَ وَحَالِیَ الْحَآئِلَ وَشَبَابِیَ

اے بار الٰہ رحم فرما میرے بہتے آنسوؤں پر اور میرے نحیف جسم پر اور میری تاریک حالت پر۔ اور میری ڈھلتی

الْمَآئِلَ یَا مَنْ اِلَیْهِ رَفْعُ شَكْوٰی یَا عَالِمَ السِّرِّ وَالنَّجْوٰی یَا مَنْ یَّسْمَعُ

جوانی پر اے کہ اسی کی طرف ہے میری شکایت کی پہنچ اور اے جاننے والے خفی و آشکار کے۔ اے کہ سنتا ہے

وَیَرٰی یَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی یَا رَبَّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ یَا مَنْ لَّهُ

اور دیکھتا ہے۔ اے کہ منظر اعلیٰ پر قائم ہے۔ اے ارض و سماء کے مالک۔ اے کہ اسی کیلئے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یَا صَاحِبَ الدَّوَامِ وَالْبَقَآءِ یَا رَبِّ عَبْدُكَ قَدْ ضَاقَتْ

حسین ترین نام اور اے دوام و بقاء کے مالک۔ اے میرے رب تیرے بندے کیلئے تحقیق تنگ ہو چکے ہیں

بِهِ الْاَسْبَابُ وَغُلِّقَتْ دُوْنَهُ الْاَبْوَابُ وَتَعَذَّرَ اِلَیْهِ سُلُوْكُ اَهْلِ

اسباب و وسائل۔ اور بند ہو چکے ہیں اس کے آگے دروازے اور مشکل ہو گیا ہے اس پر سلوک اور کردار اہل

الطَّرِیْقِ وَاَهْلِ الصَّوَابِ وَزَادَ بِهِ الْهَمُّ وَالْغَمُّ وَالْاِكْتِئَابُ وَانْقَضٰی

طریق اور اہل صواب کا۔ اور بڑھ گیا ہے اس کا اندوہ اور غم اور رنجیدگی اور ختم ہونے کو ہے

عُمْرُهٗ وَلَمْ یُفْتَحْ لَهٗ اِلٰی فَسِیْحِ تِلْكَ الْحَضَرَاتِ وَمَنَاهِلِ الصَّفْوِ وَ

عمر اس کی۔ اور نہیں کھلا اس کے لیے ان کشادہ بارگاہوں اور آب صافی کے گھاٹ اور

الدَّرَجَاتِ بَابٌ وَانْصَرَمَتْ اَیَّامُهٗ وَالنَّفْسُ رَاتِعَةٌ فِیْ مَیَادِیْنِ

درجات عالیہ کی طرف کوئی دروازہ۔ اور کٹے ہیں دن اس کے اس حال میں کہ اس کا نفس غفلت کے میدانوں میں

الْغَفْلَةِ وَدَانِیْ الْاِكْتِسَابِ وَاَنْتَ الْمَرْجُوُّ لِكَشْفِ هٰذَا الْمُصَابِ

اور رذیل کسب و عمل میں منہمک رہا ہے۔ اور تو ہی مرکز امید و آرزو ہے اس مصیبت کے دور کرنے میں

یَا مَنْ اِذَا دُعِیَ اَجَابَ یَا سَرِیْعَ الْحِسَابِ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا عَظِیْمُ

اے کہ جب دعا کیا جائے تو قبول فرماتا ہے۔ اے جلد حساب لینے والے۔ اے رب الارباب اے عظیم

الْجَنَابِ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ رَبِّ لَا تَحْجُبْ دَعْوَتِیْ وَلَا تَرُدَّ مَسْئَلَتِیْ

بارگاہ والے۔ اے کریم اے عطا کرنے والے۔ اے میرے پروردگار نہ حجاب اور دوری میں رکھ میری دعا کو اور نہ رد فرما میرے سوال کو

وَلَا تَدَعْنِیْ بِحَسْرَتِیْ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَارْحَمْ عَجْزِیْ

اور نہ چھوڑ مجھے میری حسرتوں میں اور نہ سونپ مجھے میری طاقت و قوت کی طرف اور رحم فرما میری عاجزی

وَفَاقَتِیْ فَقَدْ ضَاقَ صَدْرِیْ وَتَاهَ فِكْرِیْ وَتَحَيَّرْتُ فِیْ اَمْرِیْ وَ

اور محتاجی پر کیونکہ میں تنگ دل ہو چکا ہوں۔ اور میری فکر پراگندہ ہو چکی ہے۔ اور میں سرگرداں ہو چکا ہوں اپنے امور میں اور

اَنْتَ عَالِمٌ بِسِرِّیْ وَجَهْرِیْ اَلْمَالِكُ لِنَفْعِیْ وَضَرِّیْ اَلْقَادِرُ عَلٰی

تو جاننے والا ہے میرے باطن اور ظاہر کو۔ مالک ہے میرے نفع اور نقصان کا۔ صاحب قدرت ہے میری

تَفْرِيْجِ كُرْبِیْ وَتَيْسِيْرِ عُسْرِیْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مشکلات دور کرنے پر اور تنگی کو آسانی میں بدلنے پر۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اور سلام ہمارے آقا محمد

وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْ جُمْجُمَتِهٖ وَ

اور آپ کی آل پر جو (آقا) اوّل ہیں ان تمام سے جن کے سروں پر سے پھٹ کر الگ ہوگا حجاب قبر۔ اور

مَنْ يَّظْفَرُ بِعُلُوِّ مَنْزِلَتِهٖ وَمَرْتَبَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

جو کامیاب ہوں گے بلند منزلت اور عالی مرتبت کے ساتھ۔ اے اللہ۔ صلوٰۃ و سلام بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّؤْذَنُ لَهٗ بِرَفْعِ رَاْسِهٖ

ہمارے آقا محمد اور ان کی آل پر جو مقدم ہیں ان تمام حضرات سے جنہیں اذن دیا جائے گا سر اٹھانے کے ساتھ

وَمَنْ يَّلْحَقُ بِكَمَالِ قُرْبِهٖ وَاُنْسِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا

اور جو لاحق ہوں گے اللہ تعالیٰ کے کمال قرب اور انس سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ النَّاسِ قِيَامًا لِّلْمَحْشَرِ وَاَكْثَرِ

محمد پر اور ان کی آل پر جو کہ سب لوگوں سے پہلے اٹھنے والے ہیں محشر کے لیے۔ اور تمام انبیاء سے

الْاَنْبِيَاءِ اَتْبَاعًا وَّاَوْفَرِهِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

زیادہ متبعین والے ہیں اور سب سے زیادہ وقار و عزت والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ اور سلام بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَآئِدِ الْاُمَمِ اِذَا احْتُسِبُوْا وَخَطِيْبِ الْخَلْقِ

اور آپ کی آل پر جو (آقا) قائد ہوں گے تمام امتوں کے جب ان سے حساب لیا جائیگا اور سب مخلوق کی طرف سے (اللہ تعالیٰ سے)

اِذَا حُبِسُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کلام کرنے والے ہونگے جب انھیں محشر میں روک دیا جائے گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا

شَفِيْعِ الْعِبَادِ اِذَا يَئِسُوْا وَاَفْضَلِ نِعَمِ اللّٰهِ وَالْاٰئِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ

شفیع ہیں تمام بندوں کے جب وہ ناامید ہونے لگیں گے اور اللہ کی ظاہری اور باطنی نعمتوں میں سے افضل ترین نعمت ہیں اور تمام

يَوْمَ الْمَعَادِ تَحْتَ لِوَآئِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

انبیاء قیامت کے دن انہیں کے لواء الحمد کے نیچے ہوں گے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمْ يَكُنْ فِی الْمَوْقِفِ مَنِ اسْتَقَلَّ قَدَمَاهُ

آل پر کہ نہیں ہوگا میدانِ قیامت میں کوئی بھی کہ جس کے قدم ثابت اور مضبوط رہیں گے سوائے

غَيْرُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تُطِيْعُهُ النَّارُ

ان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جس (آقا) کی اطاعت گزار ہوگی نارِ جہنم

وَتَمْتَثِلُ اَمْرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا

اور تعمیل کرے گی ان کے حکم کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ يَرُدُّ النَّارَ بِحُطَامِهَا عَنْ اُمَّتِهٖ وَيَزْدَجِرُهَا عَنْ اَهْلِ

جو دور کریں گے آگ کو اسی کی سوکھی لکڑیوں کے ساتھ اپنی اُمّت سے اور اسے ہانک دیں گے اپنے اہل

مِلَّتِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

ملّت اور اہل محبت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کو

يُنَادِيْهِ خَازِنُ النَّارِ مَا تَرَكْتَ فِیْ اُمَّتِكَ مِنْ نِّقْمَةٍ لِّغَضَبِ الْجَبَّارِ

پکار کر کہے گا۔ جہنم کا نگران کہ میں نے نہیں چھوڑا آپ کی اُمّت میں بسبب انتقام کا واسطے غضب جبّار کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کو

يَكْسُوْهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حُلَّةً خَضْرَآءَ يَعْرِفُهٗ بِهِ الْعِبَادُ طُرًّا

پہنائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن پوشاک کہ جس کے ذریعے انہیں تمام بندے پہچان لیں گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

نِ الَّذِیْ لَآ اَحَدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَاكِبٌ سِوَاهُ وَجَمِيْعُ الْخَلَآئِقِ يَلُوْذُوْنَ

کہ جس (آقا) کے بغیر کوئی بھی قیامت کے دن (سواری پر) سوار نہیں ہوگا۔ اور تمام مخلوق پناہ حاصل کرے گی ان کے

بِحِمَاهُ يُنَادُوْنَهٗ يَا مُحَمَّدَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سایۂ عاطفت میں پکاریں گے انھیں یا محمداہ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَلْتَقِطُ النَّارُ بِلِسَانِهَا مِنَ

اور آپ کی آل پر کہ جس (آقا کی شان یہ ہے کہ) اچک لے گی نار جہنم اپنی زبان سے میدان

الْمَحْشَرِ مَنْ جَحَدَ بِنُبُوَّتِهٖ مِنَ الْبَشَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

محشر سے ان کی نبوت کے منکرین کو بشروں میں سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اِذَا رَاَتِ النَّارُ

آقا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جب نار جہنم دیکھے گی

وَجْهَهُ الْحَسَنَ خَمَدَ لَهِيْبُهَا وَسَكَنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آپ کے حسین چہرہ کو تو اس کے شعلے بجھ جائیں گے اور ٹھہر جائیں گے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ يَجْلِسُ عَلَى

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو (آقا) کہ عرش خداوند تعالیٰ پر

الْعَرْشِ بِلَا ارْتِيَابٍ وَّيَهَبُهُ اللّٰهُ مُلْكَهٗ وَيُقْعِدُهٗ مَكَانَ

بیٹھیں گے بلا ریب اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنا ملک عطا فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ آپ کو بٹھلائے گا انتہائی

الْاَشْرَفِ يَوْمَ الْحِسَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بزرگ مکان پر حساب کے دن اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہمارے آقا محمد کی آل پر جس (آقا) کو اللہ تعالیٰ اتارے گا امتیازی محل و مکان میں اور بنائی ہیں اللہ تعالیٰ نے

لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے لیے آخرت میں نعمتیں اور بہت بڑا ملک اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ يَلُوْحُ نُوْرُهٗ فِیْ عَرَصَاتِ

محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کا نور چمکے گا قیامت کے میدانوں

الْقِيٰمَةِ عَلَى الْخَلْقِ كَمَا يَلُوْحُ الْبَرْقُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

میں تمام مخلوق پر جیسے بجلی چمکتی ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب کہ تمام مومنین کے لیے

وَلِيًّا وَّنَصِيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

ہمیشہ کارساز اور مددگار تھے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّرْتَدٰى بِرِدَآءِ الْكَرَامَةِ وَمَنْ

کی آل پر وہ آقا کہ سب سے پہلے اوڑھیں گے کرامت کی چادر کو اور جن کی

يُّقْضٰى لِاُمَّتِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اُمّت کے لیے سب سے پہلے فیصلہ کیا جائے گا۔ قیامت کے دن۔ اے اللہ صلواۃ اور سلام بھیج ہمارے سردار محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّفِيْقُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ

اور آپ کی آل پر جو کہ سب سے پہلے (جلال خداوندی کے ظہور پر طاری ہونے والی مدہوشی سے) افاقہ حاصل کریں گے بنسبت تمام

الْخَلَآئِقِ يَوْمَ قَطْعِ الْعَلَآئِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

خلائق کے تمام رشتے اور پیوند منقطع ہونے کے دن۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّنَادٰى بِاَبِیْ وَاُمِّیْ

محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں سب سے پہلے پکارا جائے گا "فدا ہوں ان پر میرے باپ اور ماں"

اَیْنَ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

کہ کہاں ہیں نبی امی ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے سردار محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یَّبْدُوْ وَفِی الْمَعَادِ نُوْرُہٗ وَجَمَالُہٗ وَمَنْ

آل پر کہ سب سے پہلے قیامت کے دن میں ظہور فرما ہو گا نور ان کا اور جمال ان کا ۔ اور جن کے لیے

یَّتَجَلّٰی لَہُ الرَّبُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تجلی فرمائے گا (خصوصی طور پر) رب جل جلالہٗ ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما اُوپر ہمارے آقا محمد کے

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا یَّتَقَدَّسُ فِیْھِمَا عَنْ

اور آپ کی آل اطہار کے ایسی صلواۃ اور سلام کہ آپ پاکیزہ تر ہو جائیں ان کی وجہ سے

عَوَارِضِ الْاِمْکَانِ لِوُجُوْدِ اتِّصَافِہٖ بِالْکَمَالَاتِ وَعُمُوْمِ عِصْمَتِہٖ

امکان (وحدوث) کے عوارض سے بسبب متحقق ہونے آپ کے اتصاف کے ساتھ کمالات کے اور عام ہونے ان کی عصمت کے

عَنْ جَمِیْعِ الْخَطَرَاتِ مَا تَنَزَّہَ شَامِخُ عِزِّہٖ عَنِ النَّقْصِ وَالسُّلُوْبِ

تمام خطرات ووساوس سے جب تک منزہ رہے ان کے (ہمالۂ) عزت کی بلند چوٹی نقص اور عیوب سے

وَثَبَتَ رَاسِخُ مَجْدِہٖ بِالذَّاتِ الْوُجُوْبِ لِاَصْحَابِ اَئِمَّۃِ الْھُدٰی لِمَنِ

اور ثابت کرے ان کی پائیدار بزرگی کے لیے ان کی ذات میں وجوب ولزوم واسطے اصحاب کے جو ائمہ ہدیٰ ہیں واسطے ان کے

اھْتَدٰی وَنُجُوْمِ الْاِقْتِدَآءِ لِمَنِ اقْتَدٰی مَا تَعَاقَبَ اَدْوَارُ النُّوْرِ وَ

جو ہدایت پانا چاہیں اور روز روشن ستارے جو قابل اقتداء کے ہیں ان کے لیے جو اقتداء کرنا چاہیں جب تک یکے بعد دیگرے نور کے دور آتے

اَشْرَقَتْ اَنْوَارُ الْاَسْرَارِ بِالْاَسْرَارِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ صَلِّ

رہیں اور روشن ہوتے رہیں اسرار کے انوار بسبب اسرار کے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پالنے والا ہے تمام جہانوں کا ۔ صلواۃ بھیج

اَللّٰھُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً یَّتَّصِلُ بِھَا فَرْعِیْ

اے اللہ ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر ایسی صلواۃ کہ واصل ہو جائے بسبب اس کے میری فرع

اِلٰی اَصْلِیْ وَبَعْضِیْ اِلٰی کُلِّیْ لِتَتَّحِدَ ذَاتِیْ بِذَاتِہٖ وَصِفَاتِیْ بِصِفَاتِہٖ

میرے اصل کے ساتھ اور میرا بعض میرے کل کے ساتھ تاکہ متحد ہو جائے میری ذات اس کی ذات کے ساتھ اور میری صفات اس کی صفات سے

وَتَقَرَّ الْعَیْنُ بِالْعَیْنِ وَیَفِرَّ الْبَیْنُ مِنَ الْبَیْنِ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور قرار پکڑے آنکھ ساتھ آنکھ کے اور کافور ہو جائے دوری درمیان سے ۔ اور سلام بھیج ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلَامًا اَسْلَمُ بِہٖ فِیْ مُتَابَعَتِہٖ مِنَ

محمد پر اور آپ کی آل پر ایسا سلام کہ سلامت رہوں بسبب اس سلام کے آپ کی اتباع میں

التَّخَلُّفِ وَاَسْلَمُ فِیْ طَرِیْقِ شَرِیْعَتِہٖ مِنَ التَّعَسُّفِ لِاَفْتَحَ بَابَ

پیچھے رہ جانے سے اور محفوظ رہوں ان کے راہ شریعت میں تکلف سے تاکہ کھولوں تیری اس محبت کا دروازہ

مَحَبَّتِکَ اِیَّایَ بِمِفْتَاحِ مُتَابَعَتِہٖ وَاَشْھَدَکَ فِیْ حَوَاسِّیْ وَاَعْضَآئِیْ

جو مجھ سے ہے اپ کی متابعت کی چابی کے ذریعے ۔ اور میں تجھے موجود پاؤں اپنے حواس میں اور اعضاء میں

مِنْ مِشْکٰوۃِ شَرْعِہٖ وَطَاعَتِہٖ وَاَدْخُلَ وَرَآءَہٗ اِلٰی حِصْنِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

(بسبب اس نور کے جو) ان کی شریعت اور طاعت کے چراغ دان سے حاصل ہو اور داخل ہو جاؤں اس کے پیچھے لا الٰہ الا اللہ کے قلعے میں

اللّٰہُ وَفِیْ اٰثَارِہٖ اِلٰی خَلْوَۃِ لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ لَیْسَ

اور آپ کی اتباع میں منہج جاؤں طرف حلوت لی مع اللہ وقت کے (یعنی اس خلوت خاص میں جو سید عالم علیہ السلام کو بارگاہ خداوندی میں حاصل ہے کہ دوسروں کے لیے اس

حِجَابُہٗ اِلَّا النُّوْرُ وَلَا خَفَآءُہٗ اِلَّا شِدَّۃُ الظُّھُوْرِ اَسْئَلُکَ بِکَ فِیْ

وقت مخصوص میں وہاں رسائی نہیں ہے ۔ اے اللہ اے میرے پروردگار جس کا حجاب نہیں ہے مگر نور اور نہیں اس کے خفاء (کا سبب) مگر اعلیٰ درجہ کا ظہور میں سوال کرتا

مَرْتَبَۃِ اِطْلَاقِکَ عَنْ کُلِّ تَقْیِیْدٍ الَّتِیْ تَفْعَلُ فِیْھَا مَا تَشَآءُ وَتُرِیْدُ

ہوں تجھ سے تیری ذات کے وسیلہ سے تیرے ہر تقیید سے اطلاق کے مرتبہ میں کہ جس میں تو کرتا ہے جو چاہتا ہے اور ارادہ کرتا ہے

بِکَشْفِکَ عَنْ ذَاتِکَ بِالْعِلْمِ النُّوْرِیِّ وَتَحَوُّلِکَ فِیْ صُوَرِ اَسْمَآئِکَ

اپنی ذات سے پردے ہٹانے کا بسبب علم نوری کے ۔ اور ظہور فرما ہونے کے اپنے اسماء

وَصِفَاتِکَ بِالْوُجُوْدِ الصُّوْرِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور صفات کی صورتوں میں ساتھ وجود صورتوں میں ساتھ وجود صوری کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یَّشْفَعُ لِفَصْلِ الْقَضَآءِ بَیْنَ الْعِبَادِ

اور آپ کی آل پر جو آقا سب سے پہلے شفاعت فرمائیں گے بندوں کے درمیان قضاء کے جاری کرنے کی

يَوْمَ التَّنَادِ وَمَنْ يَّقُوْلُ فَيُسْمَعُ وَمَنْ يَّشْفَعُ فَيُشَفَّعُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

قیامت کے دن اور وہ جو کہیں گے پس سنا جائے گا اور جس کی شفاعت فرمائیں گے اس کے حق میں آپ کو شفیع بنایا جائیگا۔ اے اللہ صلواۃ اور

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّجُوْزُ

سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر جو آقا کہ سب سے پہلے گزریں گے

عَلَى الصِّرَاطِ بِاُمَّتِهٖ وَاَوَّلِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ اُمَّتُهٗ بِشَفَاعَتِهٖ

پل صراط پر سے بمع اپنی اُمت کے۔ اور سب سے پہلے اپنی اُمت کو داخل کریں گے جنت میں شفاعت کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

اَوَّلِ مَنْ يَّسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ يَوْمَ اللِّقَآءِ وَمَنْ يَّاْخُذُ

جو آقا سب سے پہلے سجدہ ریز ہوں گے عرش کے نیچے قیامت کے دن اور جو سب سے پہلے پکڑیں گے

بِحَلْقَةِ دَارِ الْبَقَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دار بقا (جنت) کی زنجیر کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجِنَانِ وَ

اور آپ کی آل پر جو سب سے پہلے جنت کے دروازے کھٹکھٹائیں گے۔ اور

اَوَّلِ الْخَلْقِ قُدُوْمًا عَلٰى رِضْوَانَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سب سے پہلے رضوان جنت کے پاس تشریف لائیں گے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّتَحَلّٰى

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ سب سے پہلے مزین کیے جائیں گے

بِحِلْيَةِ الْاِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَلَقّٰهُ حُوْرُ الْجِنَانِ وَالْوِلْدَانِ ط

ایمان کے زیور کے ساتھ اور جن کا استقبال کریں گی جنتوں کی حوریں اور ولدان۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّجْلِسُ عَلٰى سَرِيْرِ الرِّضٰى وَمَنْ يَّرْتَعُ فِيْ رِيَاضِ

جو آقا کہ سب سے پہلے بیٹھیں گے رضا کے تخت پر اور جو کھائیں گے آزادی کے ساتھ

الدُّرَّةِ الْبَيْضَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

سفید موتی کے باغات میں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور سیدنا

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّلْقٰى تَحِيَّةً وَّسَلَامًا وَّمَنْ يَّتَمَثَّلُ

محمد کی آل پر جو سب سے پہلے پائیں گے (اللہ تعالیٰ اور ملائکہ کے) تحفہ اور سلام کو اور جن کے روبرو

لَهُ الْخَلْقُ فِي الْجَنَّةِ قِيَامًا تَعْظِيْمًا لِّقَدْرِهٖ وَاِكْرَامًا اَللّٰهُمَّ

مورتیوں کی مانند تمام مخلوق جنت میں قیام کرے گی ان کی (خداداد) قدر و منزلت کی تعظیم اور اکرام کے لیے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّطَاءُ

صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو آقا کہ سب سے پہلے پاؤں رکھیں گے

الْفُرُشَ الْمُمَهَّدَةَ وَمَنْ تُفْتَحُ لَهُ الْقُصُوْرُ الْمُشَيَّدَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان بچھونوں پر جو ان کے لیے بچھے ہوئے ہوں گے اور سب سے پہلے جن کیلئے مضبوط محلات کے دروازے کھولے جائیں گے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ

اور سلام ہمارے آقا محمد پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر جو پہلے شخص ہوں گے

يَّرْتَقِيْ فِي الْغُرُفَاتِ وَالدَّرَجَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جو چڑھیں گے (جنت کے) بالاخانوں پر اور اس کے درجات پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّتْحَفُ

ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر جو پہلے شخص ہوں گے جنہیں تحفے دیئے جائیں گے

بِالنِّعَمِ وَالْكَرَامَاتِ وَمَنْ يَّتَّكِئُ عَلَى الْاَرَآئِكِ فِي الْجَنَّةِ

نعمتوں اور عزتوں کے۔ اور جو تکیہ اور اوٹ لگا کر بیٹھیں گے آرام دہ کرسیوں پر جنت میں ہوں گی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل امجاد پر

مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّسْمَعُ غِنَآءَ الْحُوْرِ وَمَنْ يَّجْلِسُ عَلٰى كُثْبَانِ

جو پہلے شخص ہوں گے جو کہ سُنیں گے حوروں کے ترانے اور جو تشریف فرما ہوں گے کستوری اور

الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کافور کے ٹیلوں پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّلْبَسُ تَاجَ الْبَهَآءِ وَالْمَحَاسِنِ

کی آل پر جو پہلے شخص ہوں گے جو پہنیں گے تاج رونق اور خوبیوں کا

وَمَنْ يَّشْرَبُ مِنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور جو پئیں گے اس پانی سے جو متغیّر نہیں ہوگا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّشْرَبُ

ہمارے آقا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو کہ پہلے شخص ہوں گے جو نوش فرمادیں گے

مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ ۙ وَمَنْ يَّقُوْمُ بَيْنَ يَدَيِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۙ

مہر لگے شراب (جنت) سے۔ اور جو قیام کریں گے حی قیوم کے حضور (شفاعت کے لیے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّشْرَبُ بِكَاْسِ الصَّفَا وَمِنْ اَنْهَارٍ مِّنْ

جو کہ سب سے پہلے نوش فرمائیں گے صاف و شفاف پیالوں سے اور ان نہروں سے

عَسَلٍ مُّصَفًّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

جو صاف ستھرے شہد سے (جاری) ہوں گی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّسْاَلُ فَيُعْطٰى وَمَنْ تُفْتَحُ لَهٗ اَبْوَابُ النَّوَالِ

جو سب سے پہلے اللہ تعالیٰ سے سوال کریں گے۔ پس آپ کو (مُنہ مانگا) دیا جائے گا اور جن کے لیے وا کیے جائیں گے دروازے

وَالْعَطَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يُّنْصَتُ بِكَلَامِهٖ

جود اور عطا کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر جو کہ پہلے شخص ہیں جن کے کلام و خطاب کرنے پر عمل خاموشی چھا جائے گی

وَخِطَابِهٖ وَمَنْ يُّحَطُّ بِسَاحَةِ جَاهِهٖ وَجَنَابِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور جن کی جاہ و مرتبت کے صحن اور آنگن اور بارگاہ رحمت میں (طلبگاران شفاعت کی طرف سے) ڈیرے ڈالے جائیں گے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّنَالُ الْاَجْرَ وَالثَّوَابَ

سلام بھیج ہمارے آقا محمد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو سب سے پہلے پائیں گے اجر اور ثواب

وَمَنْ يُّوَفّٰى اَجْرَهٗ بِغَيْرِ حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور جنہیں پورا پورا اجر دیا جائے گا بغیر حساب کے اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّجْنِيْ ثَمَرَةَ التَّوْحِيْدِ وَالْاِسْتِقَامَةِ

اور سیّدنا محمد کی آل پر جو سب سے پہلے چنیں گے توحید اور استقامت کے پھل

وَمَنْ يَّرْوٰى مِنْ مَّنْهَلِ الْاَمْنِ وَالسَّلَامَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جو سیراب ہوں گے امن و سلامتی کے گھاٹوں سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّتَزَيَّا بِبَهْجَةِ الْاَمْنِ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سب سے پہلے مزیّن ہوں گے امن و سرور کی رونق و

السُّرُوْرِ وَمَنْ يَّتَشَمَّلُ بِرِدَآءِ الْبَرَكَةِ وَالْحُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

بہار کے ساتھ اور جو اوڑھیں گے برکت اور سرور کی چادر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ يَّتَحَلّٰى بِحِلْيَةِ

سیدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو سب سے پہلے آراستہ ہوں گے صدر نشینی

التَّصْدِيْرِ وَالتَّقْدِيْرِ وَمَنْ تَجْرِيْ فِيْ وَجْهِهٖ نَضْرَةُ النَّعِيْمِ اَللّٰهُمَّ

اور قدرت کے زیور کے ساتھ اور جن کے چہرۂ اقدس میں جاری ہوگی نعمتوں کی تروتازگی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ

صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر جن کے لیے سب سے پہلے

تُحْتَفَلُ بِهِ الْمَحَافِلُ وَمَنْ تَتَزَيَّنُ لَهُ الْقِبَابُ وَالْمَنَازِلُ اَللّٰهُمَّ

محفلیں سجیں گی اور پیراستہ ہوں گے ان کے لیے قبہ جات اور منازل۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سب سے پہلے

یَّتَجَلّٰی عَلٰی قُبَّۃِ الْفِرْدَوْسِ وَقُبَابِہٖ وَمَنْ یَّسْعٰی بَیْنَ اَنْصَارِہٖ وَ

جلوہ فگن ہوں گے فردوس کے قبہ پر اور دوسرے قبہ جات پر اور جو رواں دواں ہوں گے اپنے انصار اور

اَصْحَابِہٖ فِیْ حُلَلِہٖ وَاَثْوَابِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اصحاب کے درمیان اپنے حلّوں اور پوشاکوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ تُوْضَعُ بَیْنَ یَدَیْہِ اٰنِیَۃُ الْفِضَّۃِ

اور سیدنا محمدؐ کی آل پر کہ سب سے پہلے جن کے آگے رکھے جائیں گے برتن چاندی اور

وَالذَّھَبِ وَمَنْ یَّدْخُلُ بُیُوْتَ الْقَصَبِ الَّتِیْ لَا صَخَبَ فِیْھَا وَلَا

سونے کے۔ اور جو (سب سے پہلے) داخل ہوں گے موتیوں کے محلات میں جہاں پر نہ شور ہوگا اور نہ

نَصَبَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ تُقَدُّ عَلَیْہِ

کوفت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جن پر سب سے پہلے

خِلْعَۃُ الرِّسَالَۃِ وَمَنْ تُوْضَعُ عَلَیْہِ ھَیْبَۃُ الْجَلَالَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

خلعت رسالت چست کی جائے گی اور جن پر ڈالی جائے گی جلالت (الٰہیہ) کی ہیبت۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یَّنْزِلُ الْمَنْزِلَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سب سے پہلے نزول فرمائیں گے

الْمُقَرَّبَ الرَّاقِیَ وَمَنْ یَّطُوْفُ عَلَیْہِ النَّدِیْمُ وَالسَّاقِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

قرب والی بلند منزل میں۔ اور جن پر طواف کرتے ہوں گے ہم پیالہ ساتھی اور پلانے والے ساقی۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یُّلْحَظُ

و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ پہلے شخص ہوں گے جو نظر عنایت کے ساتھ

بِعَیْنِ الْعِنَایَۃِ وَمَنْ یُّحْمَلُ عَلٰی کَاھِلِ الْمَبَرَّۃِ وَالرِّعَایَۃِ اَللّٰھُمَّ

دیکھے جائیں گے اور جو اٹھائے جائیں گے برّ و نیکی اور نگہداشت کے کاندھوں پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنہیں سب سے پہلے

یُّسْلَکُ بِہٖ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَمَنْ یُّحْلٰی بِحُلَلِ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ

(عرش اعظم کی) دائیں جانب لے جایا جائے گا۔ اور جن کو خلعت پہنائی جائے گی ان لوگوں کی خلعتوں کے ساتھ جن پر اللہ تعالیٰ

عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء علیہم السّلام۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ تُفَادُ لَہٗ اَزِمَّۃُ الْمَفَاخِرِ وَمَنْ یُّسَاقُ

سیدنا محمد کی آل پر جنہیں سب سے پہلے مفاخر کی لگامیں سونپی جائیں گی اور ان کی طرف

لَہٗ جَمِیْعُ النِّعَمِ وَالذَّخَآئِرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پھیرے جائیں گے سب انعامات اور ذخائر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یَّقُوْمُ مَقَامَ الشَّرَفِ الْعَالِیْ وَمَنْ

آپ کی آل پر جو سب سے پہلے قائم ہوں گے شرف اعلیٰ کے مقام میں۔ اور جنہیں

یُّطَرَّزُ بِطِرَازِ الْکَمَالِ وَالْمَعَالِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مزین کیا جائے گا کمال اور اعلیٰ صفات کی زینت کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یَّتَقَلَّدُ قَلَآئِدَ التَّکْرِیْمِ وَفَرَآئِدَ

اور آپ کی آل پر جو سب سے پہلے تکریم کے ہار گلے میں پہنیں گے اور تعظیم کے

التَّعْظِیْمِ وَمَنْ یُّزَفُّ اِلَی النَّعِیْمِ الْمُقِیْمِ وَالْعِزِّ الْمُسْتَدِیْمِ اَللّٰھُمَّ

در ہائے یکتا کے اور جنہیں دولہا بنا کر دائمی نعمتوں اور ابدی عزّت کی طرف لے جایا جائے گا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو سب سے پہلے

یَّقْتَعِدُ غَارِبَ السِّیَادَۃِ وَمَنْ یَّمْتَطِیْ مِعْرَاجَ الْخَیْرَاتِ وَالزِّیَادَۃِ

جگہ حاصل کریں گے اور سواری فرمائیں گے سیادت کے کاندھوں پر جو بلند ہوں گے خیرات اور ترقی کی سیڑھی پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ

اے اللہ صلواۃ اور سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو پہلے

مَنْ یَّجْلِسُ عَلٰی بِسَاطِ الْحَقِّ جَلَّ وَعَلٰی وَمَنْ یَّطَّلِعُ عَلٰی عَجَآئِبِ

شخص ہیں کہ بیٹھیں گے بساط حق جل و علی پر ۔ اور جو مطلع ہوں گے ملکوتِ اعلےٰ

الْمَلَکُوْتِ الْاَعْلٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کے عجائبات پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ تَقْفُوْہُ الرُّسُلُ وَالْاَنْبِیَآءُ وَمَنْ یَّطَأُ مَرَاتِبَ

آل پر جو کہ پہلے شخص ہیں کہ ان کے پیچھے چلیں گے تمام رسل اور انبیاء اور جو قدم رکھیں گے بلند مراتب کے

اَمَاکِنِ الْعُلْیَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

مکانات کے درجات پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یُّعْطٰی نُفُوْذَ الْفِعْلِ وَالْقَوْلِ وَمَنْ یَّحْضُرُ

جو آقا پہلے شخص ہیں کہ جنہیں عطا کی گئی ہے (قوت) فعل اور قول کے نافذ کرنے کی اور جو حاضر ہونگے

مَحَاضِرَ الْفَخْرِ وَالطَّوْلِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فخر اور قوت کے محافل میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ مَنْ یُّدْعٰی بِاسْمِہِ الْکَرِیْمِ فِیْ جَنّٰتِ

اور آپ کی آل پر جو سب سے پہلے پکارے جائیں گے اپنے اسم کریم کے ساتھ جنات

النَّعِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

نعیم میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَعَلَ اللّٰہُ صُوْرَۃَ حُرُوْفِ اِسْمِہٖ رَحْمَۃً ظَاھِرَۃً

کہ بنایا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کے نام کے حروف کی صورت کو نمایاں رحمت

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَلَا یَبْقٰی عَلٰی صُوْرَتِہٖ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْاَنَامِ اِلَّا

(اللہ) مالک ہے روز جزاء کا۔ توڑنے والا ہے جابروں اور سرکشوں کا۔ اور تباہ کرنے والا ہے باغیوں

وَالْمُعْتَدِيْنَ وَقَامِعِ رُءُوْسِ الْفَرَاعِنَةِ وَاَهْلِ الْبِدَعِ وَالْمُلْحِدِيْنَ

اور حد سے تجاوز کرنے والوں کو اور اتارنے والا ہے سر فرعونوں کے۔ اہل بدعت اور ملحدین کے۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يَا مَنْ زَيَّنَ الْكَآئِنَاتِ

وہ (عظیم الشان) اللہ ہی تمہارا رب ہے پس بہت بابرکت ہے سب جہانوں کا پالنے والا۔ اے وہ ذات پاک جس نے کائنات کو

مَلَابِسِ التَّكْوِيْنِ وَاَرْسَلَ نَجَآئِبَ الْمَلَكُوْتِيَّاتِ تَقُوْدُ جَنَآئِبَ

مزین کیا تکوین اور ہستی کی پوشاکوں کے ساتھ۔ اور بھیجا ملکوتی اور سراپا شرافت سواریوں کو جو قیادت کرتی ہیں پائیدار

الْكَرَمِ الْمَتِيْنِ يَا مَنْ نَشَرَ سَحَآئِبَ عُفُوْدِ عَفْوِهٖ عَلٰى كَآفَّةِ

جود و کرم کے راہواروں کی۔ اے ذات پاک جس نے پھیلایا ہے اپنے عفو و کرم کے عہد و پیمان والے بادلوں کو

الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ وَلَا مُعِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ

تمام کی تمام مخلوق پر۔ اے وہ ذات بے ہمتا کہ جس کا کوئی شریک نہیں اس کے ملک میں اور نہ ہی کوئی مددگار ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں

مُعْتَرِفِيْنَ عَنِ الْقِيَامِ بِحَقِّ عِبَادَتِكَ بِالْعَجْزِ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

درآنحالیکہ معترف ہیں تیرے حق عبادت کی ادائیگی سے عاجزی و بے بسی کے۔ اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں

عَلٰى مَآ اَمَرْتَ مِنَ الْقِيَامِ بِحُقُوْقِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ يَا ذَا

ان امور میں جن کا تو نے حکم دیا یعنی تیرے حقوق کے قائم کرنے میں ہر وقت اور ہر زمان میں۔ اے

الْفَوْزِ الْعَظِيْمِ يَا ذَا الْفَضْلِ الْعَمِيْمِ يَا مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ

فوز عظیم کے مالک اے فضل عمیم و محیط کے مالک۔ اے وہ ذات پاک کہ زندہ فرمانیوالی ہے ہڈیوں کو جبکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ اَهْلِ الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِسْتِقَامَةِ وَ

ہمیں چلا راہ راست پر جو راہ ہے مضبوط اور راسخ دین والوں کی۔ راہ اہل استقامت اور راستی والوں کی۔ راہ

التَّقْوِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ نَظَرْتَ بِعَيْنِ عِنَايَتِكَ اِلَيْهِمْ صِرَاطَ الَّذِيْنَ هُمْ اَهْلُ

ان لوگوں کی کہ تو نے ان پر نظر فرمائی ہے اپنی نظر عنایت کے ساتھ۔ راہ ان لوگوں کی جو پختہ ارادوں والے

الْعَزْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّسْلِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اور قلب سلیم والے ہیں راہ ان لوگوں کی جو اخلاص اور تسلیم کے پیکر ہیں راہ ان کی جنہوں نے

تَمَسَّكُوْا بِالْهُدٰى وَفَرِحُوْا بِهَا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ

تھام رکھا ہے (دامن) ہدایت کو اور اس پر خوش و خرم ہیں۔ راہ ان کی جن پر تو نے انعام فرمایا

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَاَمْدَدْنَا بِمَلٰٓئِكَةِ

یعنی انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین اور امداد فرما ہماری ظفر و تمکین کے

الظَّفْرِ وَالتَّمْكِيْنِ وَصَرِّفْنَا فِي الْكَآئِنَاتِ وَالْمَكْوَنَاتِ وَالتَّكْوِيْنِ

ملائکہ کے ساتھ اور ہمیں صاحب تصرف بنا کائنات اور مخلوقات اور ایجاد میں۔

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ لَا تَجْعَلْنَا ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ

نہ ان کی راہ جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ گمراہوں کی نہ بنا ہمیں گمراہ اور نہ دوسروں کو گمراہ کرنے والے

وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَةِ الْمُتَّقِيْنَ اَللّٰهُمَّ امْلَأْ

اور نہ اپنے در اقدس سے دھتکارے اور راندے ہوئے اور ہمارا حشر فرمانا متقیوں کی جماعت میں۔ اے اللہ بھر دے اور معمور کردے

جَمِيْعَ اَعْضَآئِيْ وَبَدَنِيْ وَعُرُوْقِيْ وَحَوَاسِّيْ وَقُوَايَ بِكَمَالِ حُبِّكَ وَ

میرے تمام اعضاء کو میرے بدن اور رگوں کو۔ حواس اور تمام قوٰی کو اپنی محبت کاملہ کے ساتھ اور

حُبِّ حَبِيْبِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَوَّلِيْ اِلٰى اٰخِرِيْ اَللّٰهُمَّ

اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے ساتھ میرے اوّل سے لے کر آخر تک۔ اے اللہ

كَيْفَ اَصْدُرُ عَنْ بَابِكَ خَآئِبًا وَّقَدْ وَرَدْتُّهٗ عَلٰى ثِقَةٍ بِكَ اَجِبْ

میں کیسے لوٹ سکتا ہوں تیرے در اقدس سے ناکام اور بے نیل مرام حالانکہ میں وارد ہوا ہوں اس در پر تیری ذات پر اعتماد و وثوق کیساتھ میری دعا قبول فرما

دُعَآئِيْ بِحُرْمَةِ مَنْ لَّا يُرَدُّ مَنْ تَوَسَّلَ بِهٖ فَاِنِّيْ مُتَوَسِّلٌ بِهٖ اِلَيْكَ

بطفیل حرمت اس محبوب مکرم کے کہ رد نہیں کیا جاتا جو ان کو وسیلہ بنائے۔ کیونکہ میں بھی انہیں کے ساتھ وسیلہ پکڑنے والا ہوں تیری بارگاہ میں

فَبِعِزَّتِهٖ وَشَرَفِهٖ دُلَّنِيْ عَلَى الطَّرِيْقَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَعَلٰى طَرِيْقَتِكَ

پس اپنی عزت اور ان کے شرف و فضل کے صدقے میں میری رہنمائی فرما محمدی طریقت اور راستہ کی طرف۔ اور اپنے اس راستہ کی

الْمُوْصِلَةِ اِلَى الْمَقَامِ الْاَحَدِيِّ التَّوْحِيْدِيِّ فَارْحَمْنِيْ وَهَبْ لِيْ سُؤَالِيْ

جو پہنچانے والا ہے مقام احدیت اور توحید خالص کے مقام تک۔ پس مجھ پر رحم فرما اور مجھے عطا فرما میرا مطلوب

وَاغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُنْتَسِبِيْنَ اِلَيَّ وَاقْضِ حَاجَتِيْ وَحَاجَةَ كُلِّ مَنِ انْتَحٰى

اور میرے لیے مغفرت فرما اور میرے ارباب نسبت کے لیے بھی اور میری حاجت پوری فرما اور ہر اس شخص کی بھی جو میری طرف التجاء کرے

اِلَيَّ بِحُرْمَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بطفیل حرمت حبیب مکرم کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قَلْبِهٖ فِي الْقُلُوْبِ وَرُوْحِهٖ فِي الْاَرْوَاحِ وَ

کی آل پر اور آپ کے قلب پر قلوب میں۔ اور آپ کی روح پر ارواح میں اور

خَيْلِهٖ فِي الْخَيَالِ وَقَدِّهٖ فِي الْقَدَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کی جماعت پر جماعات میں اور آپ کی قامت زیبا پر قامتوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رَبْعَةِ قَامَتِهٖ فِي الْمَرْبُوْعِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے درمیانے موزوں قد پر درمیانہ قد لوگوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى بَدَنِهٖ فِي

و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے بدن اقدس پر

الْاَبْدَانِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى جِسْمِهٖ فِي الْاَجْسَامِ

ابدان میں اور جسد اطہر پر اجساد میں اور جسم مطہر پر اجسام میں

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِيَةِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ اَسْئَلُكَ بِطَاعَةِ

اے اللہ اے مالک فانی ارواح کے اور بوسیدہ اجسام کے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اطاعت

الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَةِ اِلٰى اَجْسَادِهَا الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوْقِهَا وَبِطَاعَةِ

ان ارواح کے جو لوٹنے والے ہیں اپنے اجساد کی طرف متعلق ہونے والے ہیں ان کی رگوں اور اعصاب کے ساتھ اور بطفیل اطاعت

الْقُبُوْرِ الْمُشَقَّقَةِ عَنْ اَهْلِهَا وَدَعْوَتِكَ الصَّادِقَةِ فِيْهِمْ وَاَخْذِكَ

ان قبور کے جو پھٹنے والی ہیں اپنے مقبورین پر سے۔ اور بوسیلہ تیری دعوت صادقہ کے ان میں اور وصول کرنے تیرے

الْحَقَّ مِنْهُمْ وَقِيَامِ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ مِّنْ مَّخَافَتِكَ وَشِدَّةِ سُلْطَانِكَ

اپنے حق کو ان سے۔ اور اٹھ کھڑے ہونے تمام مخلوق کے بسبب تیرے خوف کے اور مضبوط و قوی غلبہ کے

مُنْتَظِرُوْنَ اِلٰى فَصْلِ قَضَآئِكَ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ

درآنحالیکہ وہ منتظر ہوں گے تیری قضاء حتمی کے اور خوف زدہ ہوں گے تیرے عذاب سے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے کہ

تَجْعَلَ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَالْاِخْلَاصَ فِيْ عَمَلِيْ وَالشُّكْرَ فِيْ قَلْبِيْ وَ

پیدا فرمائے نور کو میری آنکھوں میں۔ اور اخلاص کو میرے اعمال میں۔ اور شکر کو میرے دل میں اور

ذِكْرَكَ فِيْ لِسَانِيْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَآ اَبْقَيْتَنِيْ اَللّٰهُمَّ خَفِّفْ

ذکر کو میری زبان پر ہر شب و روز جب تک تو مجھے باقی رکھے۔ اے اللہ ہلکا فرما

عَنَّا ثِقْلَ الْاَوْزَارِ وَارْزُقْنَا مَعِيْشَةَ الْاَبْرَارِ وَاصْرِفْ عَنَّا شَرَّ

ہم سے گناہوں کا بوجھ اور ہمیں نصیب فرما نیک لوگوں والی گزران اور دور کردے ہم سے شر

وَسْوَاسِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَاَعْتِقْ رِقَابَنَا وَرِقَابَ اٰبَآئِنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَ

وسوسہ ڈالنے والے (شیطان) کا لیل و نہار میں۔ اور آزاد فرما ہماری گردنوں کو اور ہمارے آباء و امہات کی گردنوں کو اور

اَخَوَاتِنَا وَاِخْوَانِنَا وَاَحْبَابِنَا وَاَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ وَاَعْطِنِيْ بَدَنًا

بہنوں۔ بھائیوں اور ہمارے احباب کی گردنوں کو اور ہمیں پناہ دے آگ سے اے پناہ دینے والے اور عطا کر مجھے بدن

لِلّٰهِ فَالِحًا وَّالْبَدَنَ فِي اللّٰهِ صَالِحًا وَّلَا بَادِنَ لِغَيْرِ اللّٰهِ طَالِحًا اَللّٰهُمَّ

فلاح پانے والا اللہ کے لیے اور بدن اللہ کی ذات میں صلاح و تقویٰ والا۔ نہ فربہ بدن جو غیر اللہ کی طرف راغب ہو اور بدعمل ہو۔ اے اللہ

اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَشْفِيَنِيْ بِحُرْمَتِهٖ وَبِعِزَّتِهٖ وَبِشَرَفِهٖ وَبِقَبُوْلِهٖ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے شفا عطا کرے بوسیلہ اس (محبوب) کی حرمت و عزت اور شرف و قبول کے

عِنْدَكَ شِفَآءً تَآمًّا كَامِلًا عَاجِلًا بَدَنِيًّا قَلْبِيًّا رُوْحِيًّا ظَاهِرِيًّا بَاطِنِيًّا

اپنی بارگاہ میں ایسی شفاء جو تام کامل اور فوری حاصل ہونے والی ہو اور بدن و قلب اور روح کے لحاظ سے بھی ہو ظاہر و باطن اور

عِلْمِيًّا عَمَلِيًّا حَالِيًّا وَّاَنْ تُخْرِجَ مِنْ جَسَدِيْ وَلَحْمِيْ وَعَظْمِيْ وَدَمِيْ

علم و عمل اور حال تمام کے لحاظ سے ہو۔ اور یہ کہ نکال باہر کرے میرے جسم اور گوشت سے۔ ہڈیوں اور خون سے

وَعَصَبِيْ وَحَوَاسِّيْ وَقُوَائِيْ وَجَمِيْعِ اَعْضَآءِ بَدَنِيْ وَاَجْزَآءِ جِسْمِيْ كُلَّ

اعصاب اور حواس سے۔ میرے تمام قویٰ اور اعضاء بدن سے اور میرے جسم کے تمام اجزاء سے ہر

مَرَضٍ قَدِيْمٍ اَوْ حَدِيْثٍ دَمَوِيٍّ اَوْ بَلْغَمِيٍّ اَوْ سَوْدَاوِيٍّ اَوْ غَيْرِهَا وَ

مرض کو خواہ پرانی ہو یا نئی۔ دموی ہو یا بلغمی اور سوداوی ہو یا اس کے علاوہ (صفراوی)

تُصَحِّحَنِيْ وَتُقَوِّيَنِيْ وَتَجْعَلَنِيْ طَوِيْلَ الْعُمْرِ وَتُثَبِّتَنِيْ عَلَى الطَّرِيْقَةِ

اور مجھے صحت مند بنا دے۔ اور قوی و توانا بنا دے۔ اور مجھے عمر دراز والا بنا دے اور ثابت قدم رکھے مجھے محمدی طریقہ پر

الْمُحَمَّدِيَّةِ الْاَكْمَلِيَّةِ فِي الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ وَالْحَقِيْقَةِ وَالْمَعْرِفَةِ

جو انتہائی کامل ہے شریعت و طریقت میں اور حقیقت و معرفت میں

وَتُوْصِلَنِيْ اِلٰى مَا يَطْلُبُهٗ قَلْبِيْ حَتّٰى يَغْلِبَ عَلَيْهِ حَالُ الْاِيْمَانِ وَ

اور اسے واصل فرمائے ان احوال تک جنہیں طلب کرتا ہے میرا دل حتیٰ کہ غالب آجائے اس پر حالت ایمان کی اور

تُقَوِّيَنِيْ فِيْهِ وَصْفَ الْاِحْسَانِ وَالْاِيْقَانِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ

قوی و توانا فرما دے میرے لیے اس میں احسان و ایقان کا وصف۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ

تَشْفِيَنِيْ بِصَدَقَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَوْلَادِهٖ وَتُصَحِّحَنِيْ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا

تو مجھے شفاء عطا فرمائے صدقے میں سیدنا محمد اور آپ کی اولاد امجاد کے اور مجھے صحت مند بنا دے ظاہر اور باطن کے لحاظ

وَّتُقَوِّيَنِيْ خِيَالًا وَّحَالًا وَّتَجْعَلَنِيْ طَوِيْلَ الْعُمْرِ لِلْاَعْمَالِ الصَّالِحَاتِ

سے اور مجھے قوی و توانا بنا دے خیال اور حال کے لحاظ سے۔ اور مجھے طویل عمر عطا کرے اعمال صالحہ کے لیے

فِيْ مُتَابَعَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اتباع محبوب صلی اللہ علیہ وسلم میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

مُحَمَّدِ الَّذِيْ هُوَ زَعِيْمُ الْاَرْكَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ وُلِدَ

پر جو آقا کہ سردار ہیں ارکان (سلطنت خداوندی) کے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو پیدا کیے گئے

مِنَ الشَّهْرِ التَّاسِعِ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ وَسِتِّمَائَةٍ وَّثَلَاثَةِ اٰلَافٍ

نانویں مہینہ میں چھ سو پچھترویں سال کے بعد تین ہزار سال کے

لِلطُّوْفَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ وُلِدَ قَبْلَ انْصِدَاعِ الْفَجْرِ

طوفان نوح علیہ السلام سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ پیدا ہوئے فجر صادق کے پھوٹنے سے قبل

فِيْ شَهْرِ بُرْجِ الْحَمْلِ بِطَالِعِ الْقَمَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ

برج حمل کے مہینہ میں، طالع قمر کے وقت۔ اور درود بھیج سیدنا محمد پر جو کہ

وُلِدَ فِيْ عِشْرِيْنَ مِنْ اِبْرِيْلَ مِنْ عَامِ اثْنَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَثَمَانِ مِائَةٍ

پیدا کیے گئے بیس اپریل کو سن آٹھ سو بیاسی میں

مِّنْ تَارِيْخِ الْاِسْكَنْدَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ وُلِدَ وَالشَّمْسُ

تاریخ اسکندر سے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ پیدا کیے گئے جبکہ آفتاب

بِاَوَّلِ الثَّوْرِ وَالزُّهْرَةُ فِيْ وَسْطِهٖ بِالْحَمْلِ وَالْقَمَرُ فِي الْاَسَدِ وَصَلِّ

برج ثور کے ابتداء میں تھا۔ اور زہرہ اس کے وسط میں حمل کے ساتھ (متصل تھا) اور قمر برج اسد میں تھا۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِثَلَاثٍ وَّخَمْسِیْنَ سَنَةً هِلَالِیَّةً

سیدنا محمد پر جو کہ پیدا کئے گئے ہجرت سے قبل ترپن سال قمری مہ و سال کی

الْعَدَدِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ فِی السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ مِنْ

گنتی وشمار کے لحاظ سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ پیدا کئے گئے دسویں ساعت میں

لَیْلَةِ الْاِثْنَیْنِ وَاعْتَدَلَ لِاثْنَتَیْ عَشَرَ لَیْلَةً خَلَتْ مِنْ شَهْرِ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ

سوموار کی رات سے۔ اور اعتدال پذیر ہوئے بارہ راتیں گزرنے پر ماہ ربیع الاوّل سے۔

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ سَنَةَ ثَلٰثٍ وَّسِتِّیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو پیدا ہوئے سن چار ہزار۔ چار سو تریسٹھ میں

وَّاَرْبَعَةِ اٰلَافِ سَنَةٍ مِّنْ مَّهْبَطِ اٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنَ الْجَنَّةِ وَصَلِّ

(۴۴۶۳ھ) آدم علیہ السّلام کے جنت سے اترنے کے بعد اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ بِاَوَّلِ الْحُوْتِ فِی السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ

سیدنا محمد پر کہ جو پیدا ہوئے اوّل حوت میں دسویں ساعت میں

مِنْ لَّیْلَةِ الْاِثْنَیْنِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ بِتِلْكَ

سوموار کی رات سے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر جو ان ستاروں کے دوران پیدا ہوئے

الطَّوَالِعِ وَهِیَ طَوَالِعُ النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اور یہی ستارے ہیں تمام انبیاء علیہم اسلام کے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو

وُلِدَ عَامَ الْفِیْلِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وُلِدَ وَالشَّمْسُ

عام الفیل میں پیدا ہوئے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو پیدا کئے گئے جبکہ سورج

عَلٰی اَطْرَافِ النَّخِیْلِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اسْتَقَرَّ

کھجوروں کے سروں پر تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو اپنی والدہ ماجدہ کے بطن میں

مسئلہ قول مؤلف رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کا محمل یہ ہوسکتا ہے کہ جتنا وقت غروب آفتاب میں باقی تھا اتنا قدر وقت قیام قیامت میں باقی تھا اور جتنا وقت دن کا گزر چکا تھا اتنا قدر زمانہ آپ کی ولادت باسعادت سے قبل گزر چکا تھا گویا آپ کی ولادت اور قرب قیامت کی تمثیل مقصود ہے ورنہ قول سابق کی سے مخالفت لازم آتی ہے اور تمام کتب سیر کی جن میں آپ کی ولادت باسعادت کا وقت صبح صادق بیان کیا گیا ہے ھذا۔ محمد اشرف

فِیْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَاسْتَوٰی اَمَرَ اللّٰهُ الرِّضْوَانَ اَنْ یُّزَیِّنَ جَنَّةَ الْمَاْوٰی وَ

قرار پذیر ہوئے اور مکمل ہوگئے تو اللہ تعالےٰ نے حکم دیا رضوان جنت کو کہ وہ مزین اور آراستہ کرے جنت الماوٰی کو۔ اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قِیْلَ لِاُمِّهٖ فِی الْمَنَامِ حَمَلْتِ بِخَیْرِ الْاَنَامِ

صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی والدہ ماجدہ سے کہا گیا نیند کی حالت میں کہ تم حاملہ ہوچکی ہو خیر انام کے ساتھ

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نُوْدِیَتْ اُمُّهٗ بِصَوْتٍ تَسْمَعُهٗ طُوْبٰی

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ ندا دی گئی جن کی والدہ ماجدہ کو ایسی آواز کے ساتھ جسے وہ سنتی تھیں "مبارکباد ہے

لِثَدْیٍ یُّرْضِعُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ الْاَنْبِیَآءُ فِی

اس پستان کے لیے جو انہیں دودھ پلائے گا" اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ کہا انبیاء علیہم السّلام نے ان

الْمَنَامِ لِاُمِّهٖ حَمَلْتِ بِشَمْسِ الْفَلَاحِ وَنَجْمِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

کی امی جان کو خواب میں تو حاملہ ہوگئی ہے آفتاب فلاح اور اس کے نجم کے ساتھ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

نِ الَّذِیْ لَمَّا وَضَعَتْهُ اُمُّهٗ عَزِیْزًا مُّكَرَّمًا اَوْمٰی بِاِصْبَعِهٖ اِلَی السَّمَآءِ

کہ جب انھیں جنم دیا ان کی والدہ ماجدہ نے جبکہ وہ معزز و مکرم تھے تو اشارہ کیا اپنی انگلی مبارک کے ساتھ آسمان کی طرف

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَشْرَقَ نُوْرُهٗ فِی الْوُجُوْدِ اَعْلَنَ

اور صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر کہ جب چمکا ان کا نور عالم وجود میں تو علانیہ کیا

لِلّٰهِ بِالسُّجُوْدِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مُلِّاَ الْحَرَمُ عِنْدَ

اللہ تعالیٰ کے لیے سجدہ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ معمور کر دیا گیا حرم کعبہ کو ان کی

مَوْلِدِهٖ نُوْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَقَصَ الْبَیْتُ الْحَرَامُ

ولادت کے وقت نور سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ رقص کیا بیت حرام نے

عِنْدَ وَضْعِهٖ فَرَحًا بِهٖ وَسُرُوْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَعَلَ

آپ کی ولادت کے وقت آپ کے طفیل حاصل شدہ فرحت و سرور کی وجہ سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کے

اللّٰهُ دِیْنَهٗ مُسْتَعْلِیًا لَّا مُسْتَعْلٰی وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَتْ

دین کو اللہ تعالیٰ نے سربلند اور غالب کیا نہ کہ پست اور مغلوب۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں عرض کیا

لَهُ الْكَآئِنَاتُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ اَهْلًا بِالْحَبِيْبِ وَسَهْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سب مخلوقات نے ان کے وقت ولادت میں "حبیب خدا کے لیے خوش آمدید اور مرحبا ہے" اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ الْقَمَرُ يُحَدِّثُهٗ فِىْ حَالَةِ الصِّغَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ چاند جن کے ساتھ گفتگو کیا کرتا تھا ان کی حالت صغر اور بچپن میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ الْقَمَرُ تُلْهِيْهِ عَنِ الْبُكَآءِ وَالسَّهَرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ جنہیں چاند مشغول رکھتا تھا رونے سے اور بیداری سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ يَسْمَعُ وَجْبَةَ الْقَمَرِ مِنَ الْفَرْشِ حِيْنَ يَسْجُدُ تَحْتَ

محمد پر کہ جو سنتے تھے چاند کے گرنے کی آواز کو فرش زمین پر ہوتے ہوئے جبکہ وہ سجدہ کرتا تھا

الْعَرْشِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَرَءَ رِضْوَانُ فِىْ اُذُنَيْهِ

عرش اعظم کے نیچے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ رضوان جنت نے جن کے کانوں میں تلاوت کی

وَقَبَّلَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَشْرَقَ نُوْرُهٗ

اور بوسہ دیا ان کی پیشانی پر۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا نور چمکا

فِىْ وَجْهِ اٰدَمَ وَجَبْهَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ زَيَّنَ اللّٰهُ

آدم علیہ السلام کے چہرے اور ان کی پیشانی میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ مزین فرمایا اللہ تعالیٰ نے

اَسَارِيْرَ وَجْهِ اٰدَمَ بِاَشِعَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ

آدم علیہ السلام کے چہرہ کی سلوٹوں کو ان کے نور کی شعاؤں سے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی

طَآئِرُ سَعْدِهٖ حَوْلَ كَمَالِهٖ مُحِدٌّ قًا وَّصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

سعادتمندی کا نیک شگون اور ستارہ ان کے کمالات کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے ساتھ

اِفْتَخَرَ بِهٖ اٰدَمُ وَحَوَّآءُ فِى السَّمَآءِ بِظُهُوْرِ نُوْرِهٖ فِيْهِمَا عَلَمًا وَصَلِّ

فخر کیا حضرت آدم و حوا نے آسمان میں بسبب ظاہر ہونے آپ کے نور کے ان میں نمایاں طور پر۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ نُوْرُهٗ فِىْ غُرَّةِ اٰدَمَ الزَّاهِرَةِ وَحَوَّآءَ

سیدنا محمد پر کہ تھا نور آپ کا آدم علیہ السلام کی روشن پیشانی اور حواء کی فخر و عزت والی

الْفَاخِرَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ لَمْ يَزَلْ نُوْرُهٗ فِىْ وَجْهِ اٰدَمَ

پیشانی میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا نور انور ہمیشہ آدم علیہ السلام کے چہرہ سے بلند ہوتا رہا

سَاطِعًا وَّفِىْ جَبِيْنِهٖ لَامِعًا وَّصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَمُلَ بِهٖ

اور ان کی پیشانی سے جھلکتا رہا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت مکمل ہو گیا

لِاٰدَمَ وَحَوَّآءَ بُلُوْغُ الْمُنٰى وَتَمَّ لَهُمَا بِهِ الْقَبُوْلُ وَالْهَنَا وَصَلِّ عَلٰى

حضرت آدم و حوا کے لیے پہنچنا آرزوں تک۔ اور مکمل ہو گئی ان کیلئے بسبب آپ کے قبولیت اور خوشگواری۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ افْتَخَرَ بِهٖ اٰدَمُ لِحَوَّآءَ لِخُرُوْجِهٖ مِنْ صُلْبِهٖ وَ

سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت فخر و ناز ظاہر کیا آدم نے حواء پر بسبب ظاہر ہونے آپ کے ان کی پشت سے اور

تَوَسَّلَ بِهٖ اِلٰى رَبِّهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اشْتَاقَ اٰدَمُ

وسیلہ بنایا آپ کو رب تعالیٰ کی بارگاہ میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ مشتاق ہوئے حضرت آدم علیہ السلام

لِرُؤْيَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ تَمَنّٰى اٰدَمُ وَحَوَّا مُشَاهَدَةَ

ان کے دیدار کے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ آرزو کی حضرت آدم و حوا نے ان کے رخ زیبا اور

طَلْعَتِهٖ وَغُرَّتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ لَمَّا اشْتَاقَ اٰدَمُ اِلٰى

پیشانی مبارک کے مشاہدہ کی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جب آدم علیہ السلام مشتاق ہوئے ان کی

جَلَالَتِهٖ جَعَلَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ فِىْ سَبَّابَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

جلالت شان (کے نظارہ) کی طرف تو اللہ تعالیٰ نے آپ کا نور ان کی انگشت شہادت میں پیدا فرمایا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے

جَعَلَ اللّٰهُ نُوْرَ اَصْحَابِهٖ فِىْ بَقِيَّةِ اَصَابِعِ اٰدَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

صحابہ کرام کا نور اللہ تعالیٰ نے ان کی دوسری انگلیوں میں پیدا فرمایا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ تَلَاْلَاْتْ اَصَابِعُ اٰدَمَ بِنُوْرِهٖ نُوْرًا وَّازْدَادَ بِهٖ بَهْجَةً وَّ

محمد پر کہ چمک اٹھیں ان کے نور سے آدم علیہ السلام کی انگلیاں از روئے نور کے۔ اور زیادہ ہو گئی آپ کی بدولت ان کی مسرت

سُرُوْرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ لَمْ تَزَلْ اَنْوَارُ اَصْحَابِهٖ فِىْ اَصَابِعِ

اور رونق۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے صحابہ کرام کے انوار ہمیشہ آدم علیہ السلام کی انگلیوں میں

اٰدَمَ تَلَأْلَأَتْ وَتَزْدَادُ فِیْ كُلِّ وَقْتٍ حُسْنًا وَّجَمَالًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

چمکتے رہے۔ اور وہ ہر لحظہ ترقی کرتی رہیں از روئے حسن و جمال کے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ اَبِیْ بَكْرٍ فِی الْوُسْطٰی مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ یَظْهَرُ وَصَلِّ عَلٰی

کہ جن کی بدولت حضرت ابوبکرؓ کا نور آدم علیہ السلام کی درمیانی انگلی میں ظاہر ہوتا تھا۔ اور صلواۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عُمَرَ فِی الْبِنْصَرِ مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ یَزْهَرُ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت حضرت عمرؓ کا نور آدم علیہ السلام کی بنصر (چھنگلی کے ساتھ والی انگلی) میں چمکتا تھا

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عُثْمَانَ فِی الْخِنْصَرِ مِنْ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت حضرت عثمانؓ کا نور آدم علیہ السلام کی چھنگلی میں

اَصَابِعِ اٰدَمَ یَلُوْحُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ بِهٖ نُوْرُ عَلِیٍّ

نمایاں ہوتا تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت حضرت علیؓ کا نور

فِی الْاِبْهَامِ مِنْ اَصَابِعِ اٰدَمَ اَوْضَحَ الْوُضُوْحِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

حضرت آدم علیہ السلام کے انگوٹھے میں پوری چمک و دمک پر تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

نِ الَّذِیْ وَضَعَ اللّٰهُ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ اَنْوَارَهُ الْمُبَارَكَةَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی پشت میں ودیعت فرمایا آپ کے انوار مبارکہ کو۔ اور صلوات بھیج سیدنا محمدؐ

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بِسَبَبِ نُوْرِهٖ سَجَدَتْ لِاٰدَمَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَصَلِّ عَلٰی

پر کہ جن کے نور کے طفیل سجدہ کیا ملائکہ نے آدم علیہ السلام کو۔ اور صلواۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ظَهَرَ بِهٖ شَرَفُ اٰدَمَ وَعَلَّمَهُ اللّٰهُ الْاَسْمَآءَ وَصَلِّ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت ظاہر ہوا شرف حضرت آدم علیہ السلام کا۔ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں اسماء کی تعلیم دی۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَقْبَلَ اِلَیْهِ اٰدَمُ وَضَمَّهٗ اِلَیْهِ وَقَبَّلَهٗ بَیْنَ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی طرف حضرت آدم متوجہ ہوئے اور انھیں سینہ سے لگایا اور ان کی پیشانی پر

عَیْنَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ظَهَرَتْ بِظُهُوْرِهِ الْعَجَآئِبُ

بوسہ دیا اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ ظاہر ہوئے جن کے ظہور سے عجائب

وَالْغَرَآئِبُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ غَیَّبَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ حَتّٰی

و غرائب اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ اللہ تعالیٰ نے غائب فرمایا ان کے جوہر نورانی کو (آدم علیہ السلام کی پشت میں) حتیٰ کہ

اَظْهَرَ فِیْ وَجْهِ اَبَوَیْهِ وَاُمِّهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا انْقَضَی

ظاہر کیا اسے آپ کے والدین کے چہروں میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جب آپ کے حمل پر

الشَّهْرُ التَّاسِعُ مِنْ حَمْلِهٖ ظَهَرَ لِاُمِّهٖ كَمَالُ فَضْلِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

نانواں مہینہ گزرا تو ظاہر ہوا آپ کی والدہ ماجدہ پر آپ کا فضل کامل۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ حَدَثَتْ كُلَّ یَوْمٍ اٰیَاتٌ ظَاهِرَةٌ صَادِقَةٌ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ

محمدؐ پر کہ پیدا ہوئیں ہر دن آیات ظاہرہ اور سچی نشانیاں آپ کی ولادت کے قریب

وَتَبَیَّنَتْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا

اور پوری طرح نمایاں ہوئیں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ حاصل کی زمین نے اپنی زیبائش

عِنْدَ وِلَادَتِهٖ وَتَزَیَّنَتْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَظَرَتْ لِاُمِّهٖ

آپ کی ولادت باسعادت کے قریب اور پوری طرح آراستہ ہوگئی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت نظر کی آپ کی والدہ ماجدہ کی

عِنْدَ وِلَادَتِهٖ عُیُوْنُ السَّعَادَةِ وَقُلِّدَتْ بِهٖ اَحْسَنَ الْقَلَادَةِ وَصَلِّ

طرف آپکے وقت ولادت میں سعادتمندی کی آنکھوں نے اور آپ کی بدولت انہیں خوبصورت زیور پہنائے گئے۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ فَازَتْ اُمُّهٗ لَمَّا وَضَعَتْ هٰذِهِ النَّسَمَةَ

سیدنا محمدؐ پر کہ کامیاب و سرفراز ہوگئیں آپ کی والدہ جب جنم دیا انہوں نے اس مبارک ہستی کو

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَصْبَحَتْ اَغْصَانُ السَّعْدِ فِیْ حُجْرَةٍ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت سعادت مندی کی شاخیں آپ کی والدہ ماجدہ کے حجرہ کی طرف

اُمِّهٖ مَآئِلَةً وَّوَقَعَتْ فِیْ رِیَاضِ عِزِّهَا وَاَمْنِهَا قَائِلَةً وَصَلِّ عَلٰی

مائل ہوئیں۔ اور ہوگئیں وہ ان کے عزت و امن والے باغات میں قیلولہ کرنے والی اور صلواۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَبَادَرَتْ لِاُمِّهٖ یَوْمَ وِلَادَتِهِ الْبَشَآئِرُ وَرُفِعَتْ

سیدنا محمدؐ پر کہ سبقت لے گئیں ان کی والدہ ماجدہ کی طرف ان کی ولادت کے دن بشارتیں اور اٹھائے گئے

عَنْ حُجْرَتِهَا اَعْلَامُ الْاَشَائِرِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ سَمِعَتْ

ان کے حجرہ سے نشانات تکالیف و شدائد کے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ سنی

اُمُّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ نِدَآءً مِّنَ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ان کی والدہ ماجدہ نے آپ کی ولادت باسعادت کے وقت ندا زمین سے اور آسمان سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

نِ الَّذِىْ لَمْ تَجِدْ اُمُّهٗ بِحَمْلِهٖ حُمّٰى وَّلَا وَحَمًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

کہ نہ پائی ان کی والدہ ماجدہ نے آپ کے ساتھ حاملہ ہونے کی وجہ سے حدت اور تپش اور نہ ہی خوراک سے بے رغبتی۔ اور صلواۃ بھیج

نِ الَّذِىْ خَمَدَتْ نِيْرَانُ فَارِسَ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی ولادت پر بجھ گئیں فارس کی آتشیں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

نِ الَّذِىْ وُلِدَ سَاجِدًا اِلَى الْاَرْضِ رَافِعًا رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى

کہ جو پیدا ہوتے ہی سجدہ ریز ہوئے زمین پر (جبکہ بعد ازاں) اٹھائے ہوئے تھے اپنے سر نماز کو آسمان کی طرف۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَالَ اللّٰهُ فِيْهِ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کے حق میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "اور نہیں مارا آپ نے جبکہ تم نے مارا لیکن اللہ نے

رَمٰى وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ سَمَّاهُ اللّٰهُ ذِكْرًا رَّسُوْلًا وَصَلِّ عَلٰى

مارا"۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے موسوم فرمایا ذکور رسول کے (اسماء صفات کے) ساتھ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ وُلِدَ مَخْتُوْنًا مَّكْحُوْلًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

سیدنا محمدؐ کہ جو پیدا ہوئے ختنہ شدہ اور سرمہ لگے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

نِ الَّذِىْ وُلِدَ نَظِيْفًا مَّقْطُوْعَ السُّرَّةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

کہ جو پیدا ہوئے صاف ستھرے ناف بریدہ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن پر

نَزَلَ عَلَيْهِ جِبْرَائِيْلُ اَرْبَعًا وَّعِشْرِيْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نازل ہوئے جبرئیل علیہ السلام چوبیس ہزار مرتبہ۔ اور صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ مَالَ عِنْدَ مَوْلِدِهِ الْبَيْتُ وَالْاَرْكَانُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمدؐ پر کہ جھک گئے ان کی ولادت شریف کے وقت (ان کی طرف سجدہ میں) بیت اللہ شریف اور اس کے ارکان اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ بِيُمْنِ طَلْعَتِهِ الْمُبَارَكَةِ وَسَعَادَتِهٖ وَضَعَ الْفَلَكُ

محمدؐ پر کہ جن کے (رخ زیبا) کے دیدار پاک کی برکت و سعادت کی وجہ سے جھک گیا آسمان

لِوِلَادَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اهْتَزَّ لِمَوْلِدِهٖ اَيْوَانُ كِسْرٰى

آپ کی ولادت کے وقت اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ لرز اٹھا جن کے وقت ولادت میں ایوان کسریٰ

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ عَايَنَتْ اُمُّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ اَعْلَامَ بُصْرٰى

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ مشاہدہ فرمایا آپ کی والدہ ماجدہ نے آپ کے وقت ولادت میں بصرہ کے پہاڑوں کا

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ مُسِحَ بَطْنُ اُمِّهٖ بِجَنَاحِ طَآئِرٍ اَبْيَضَ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی والدہ ماجدہ کے بطن اقدس کو ملا گیا سفید پرندے کے پر کے ساتھ

فَزَالَ عَنْهَا الرَّوْعُ وَنَهَضَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ رُدَّ لِاُمِّهٖ

پس ان سے زائل ہو گیا خوف اور اٹھ گیا اضطراب اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جو لوٹائے گئے اپنی والدہ ماجدہ کی طرف

مِنْ طَبَقَاتِ السَّمٰوٰتِ بَعْدَ اَنْ اَبْدَتْهُ الْمَلَآئِكَةُ لِجَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَ

آسمان کے طبقات سے بعد اس کے کہ ظاہر کیا تھا آپ کو ملائکہ نے (دیدار کے لیے) تمام مخلوقات پر اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ رَاَتْ اُمُّهٗ عِنْدَ وَضْعِهٖ ثَلٰثَةَ اَعْلَامٍ

صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی والدہ ماجدہ نے دیکھے آپ کے وقت ولادت میں تین پرچم

عَلَمًا بِالْمَشْرِقِ وَعَلَمًا بِالْمَغْرِبِ وَعَلَمًا بِالْبَيْتِ الْحَرَامِ وَصَلِّ عَلٰى

ایک پرچم مشرق میں دوسرا مغرب میں اور تیسرا بیت حرام میں۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ رَاَتْ اُمُّهٗ حِيْنَ وَضَعَتْهُ وَظَهَرَ قِطْعَةٌ مِّنَ الطَّيْرِ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی والدہ ماجدہ نے دیکھا آپ کے وقت ولادت میں کہ ظاہر ہوتی ہے پرندوں کی ایک جماعت

تُظِلُّهٗ مَنَاقِيْرُهَا مِنَ الزُّمُرُّدِ وَاَجْنِحَتُهَا مِنَ الْيَاقُوْتِ الْاَحْمَرِ وَصَلِّ

ان پر سایہ کناں کہ جن کی چونچیں زمرد سے ہیں اور ان کے پر سرخ یاقوت سے ہیں۔ اور صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ لَمَّا وَضَعَتْهُ اُمُّهٗ كَالْغُصْنِ الرَّطْبِ وَصَلِّ عَلٰى

بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں جس وقت ان کی والدہ ماجدہ نے جنم دیا تھا تو وہ تھے تر و تازہ (نو دمیدہ) شاخ کی مانند۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ غُسِّلَ بِطَشْتٍ مِّنَ الْفِرْدَوْسِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا

سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں غسل دیا گیا جنت الفردوس کے طشت میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ الَّذِیْ اَصْبَحَتْ اَصْنَامُ الدُّنْيَا عِنْدَ وِلَادَتِهٖ مُنَكَّسَةَ الرُّءُوْسِ

محمدؐ پر کہ ہوگئے اصنام و اوثان ساری دُنیا کے آپ کی ولادت کے وقت سرنگوں

وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ رَفَعَتْهُ عِنْدَ وَضْعِهِ السَّحَابَةُ وَاخْتَفَتْهُ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں اُٹھا لیا ان کی ولادت کے بعد ایک بدلی نے اور انھیں پوشیدہ کر لیا

عَنِ الْاَهْلِ وَالْقَرَابَةِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ لَمَّا ظَهَرَتْ

گھر والوں سے اور قرابت داروں سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جب ظاہر ہوا

نَسَمَتُهُ الْكَرِيْمَةُ اُلْقِيَتْ عَلَيْهِ تَمِيْمَةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ

ان کا جسم مبارک تو پہنائے گئے انہیں تعویذ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن پر

اَشْرَفَتْ عَلَيْهِ عِنْدَ وَضْعِهِ الْحُوْرُ يُظْهِرْنَ الْفَرَحَ بِهٖ وَالسُّرُوْرَ وَصَلِّ

جھانکا وقت ولادت میں حوران جنت نے درآنحالیکہ ظاہر کرتی تھیں فرحت اور سرور بسبب ان کے۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ مَسَكَ الشَّجَرَةَ الْيَابِسَةَ وَهُوَ يُرْضَعُ فَاخْضَرَّتْ

سیدنا محمدؐ پر کہ جو چھو گئے خشک درخت کے ساتھ شیر خوارگی کے دوران تو سبز ہوگئے

وَرَقُهَا فِیْ يَدِهٖ وَاَيْنَعَ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ لَمَّا وَضَعَتْهُ

پتے اس کے آپ کے ہاتھ میں اور وہ پھلدار ہو گیا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں جنم دیا

اُمُّهٗ عَلَی الثَّرٰی لَفَّتْهُ جِبْرَآئِيْلُ فِیْ حَرِيْرَةٍ خَضْرَآءَ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا

والدہ ماجدہ نے گیلی زمین پر تو لپیٹا انہیں جبرئیل علیہ السلام نے سبز ریشم میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ الَّذِیْ طِيْفَ بِطِيْنَتِهٖ جَنَّتِ النَّعِيْمِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر کہ جن کی طینت مبارکہ کو طواف کرایا گیا جنات نعیم میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ غُمِسَتْ طِيْنَتُهٗ بِاَنْهَارِ التَّسْنِيْمِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ

کہ جن کی مقدس طینت اور خمیر کو غوطے دیے گئے تسنیم کی نہروں میں اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ

طِيْفَ بِطِيْنَتِهٖ وَلَهَا عَرَقٌ يَّسِيْلُ فَخُلِقَ مِنْهَا كُلُّ شَیْءٍ جَلِيْلٍ وَصَلِّ

طواف کرایا گیا آپ کی طینت مبارکہ کو درآنحالیکہ اس سے پسینہ بہتا تھا پس پیدا کیا گیا اسی پسینہ سے ہر جلالت وعظمت والی شئی کو۔ اور صلواۃ

عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ حَفَّتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ الْاَبْرَارُ يَحْجُبُوْنَهٗ عَنِ الْاَغْيَارِ

بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کے گرد پرے جمائے ملائکہ ابرار نے جو ڈھانپتے تھے آپ کو (نگاہ) اغیار سے

وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ رَنَّ اِبْلِيْسُ عِنْدَ مَوْلِدِهٖ رَنَّةً سَمِعَهَا

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ اس زور سے رویا ابلیس آپ کی ولادت باسعادت کے وقت کہ سُنا

مِنْهُ الْخَلَآئِقُ كُلُّهُمْ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ بَشَّرَتْ اُمَّهُ الْحُوْرُ

اس کی آواز کو تمام مخلوق نے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی والدہ ماجدہ کو بشارتیں دیں حوران بہشتی نے

بِظُهُوْرِ غُرَّةِ الْيُمْنِ وَالنُّوْرِ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ وُلِدَ

برکت اور نور والی پیشانی کے ظاہر ہونے کی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر جو پیدا ہوئے اس حال میں

مَدْهُوْنًا مُّعَطَّرًا طَاهِرًا مُّطَهَّرًا وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ وُلِدَ

کہ انہیں تیل اور عطر لگا ہوا تھا اور طاہر و مطہر تھے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جو پیدا ہوئے اس شان سے

وَنُوْرُ وَجْهِهٖ يَتَوَقَّدُ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ مَا وُلِدَ قَطُّ

کہ ان کے چہرۂ انور کا نور پوری قوت سے چمک رہا تھا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ نہیں پیدا کیا گیا کبھی کوئی

مِثْلُهٗ فِی الْوُجُوْدِ وَلَا يُوْلَدُ وَصَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ حَمَلَتْ

(ان سے قبل) عالم وجود میں مانند ان کی اور نہ (بعد میں) پیدا کیا جائے گا اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ حاملہ ہوئیں

بِهٖ اُمُّهٗ بِلَا نَصَبٍ وَّلَا تَعَبٍ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِنْ شَهْرِ رَجَبٍ وَصَلِّ

ساتھ ان کے ان کی والدہ ماجدہ بغیر کوفت اور مشقت کے جمعہ کی رات میں ماہ رجب[ع] سے۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِیْ خَفَقَتْ فِی الْاَكْوَانِ اَعْلَامُ عُلُوْمِهٖ مُبَشِّرَاتٍ

سیدنا محمدؐ پر کہ لہرائے موجودات میں ان کے علوم کے پرچم جو کہ بشارت دینے والے تھے

ع۔ شیخ محقق نے شب علوق ماہ ذوالحج کی ایام تشریق والی شب جمعہ کو قرار دیا ہے اور حضرت مؤلف نے ماہ رجب کو تو وجہ تطبیق یہ ہوگی کہ قریش مکہ کی تقدیم وتاخیر اور مہینوں میں تصرف کی وجہ سے اس کو ذوالحج کا مہینہ کہا جارہا تھا حالانکہ فی الواقع ترتیب خداوندی کے لحاظ سے وہ ماہ رجب تھا تبھی تو ماہ پورے آپ کا والدہ ماجدہ کے بطن اقدس میں رہنا متصور ہو سکتا ہے جس پر تمام اہل سیر کا اتفاق ہے۔ ہذا واللہ ورسولہ اعلم۔ محمد اشرف سیالوی غفرلہ۔

بِظُهُوْرِهٖ وَقُدُوْمِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ نَادَى الْبَشِيْرُ بِهٖ

آپ کے ظہور اور تشریف آوری کی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ یہ منادی کی آپ کی بشارت دینے والے نے

فِى الْخَلَآئِقِ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

تمام مخلوقات میں (اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت واسطے سب جہانوں کے) اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر

الَّذِىْ نَادٰى اُمَّهٗ كُلُّ نَبِيٍّ اِهْتَدٰى اِذَا وَضَعَتْ شَمْسَ الْفَلَاحِ وَالْهُدٰى

کہ ندا دی ان کی امی جان کو ہر نبیؑ ہدیٰ نے کہ "جب تو جنم دے کامیابی و سرفرازی اور رشد و ہدایت کے آفتاب کو

تُسَمِّيْهِ مُحَمَّدًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ جَآءَ لِاُمِّهٖ اٰدَمَ فِى الْمَنَامِ

تو اس کا نام محمدؐ رکھنا" اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ آئے جن کی والدہ ماجدہ کے پاس حضرت آدم خواب میں

وَهَنَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ سَلَّمَ عَلٰٓى اُمِّهِ الْكَلِيْمُ فِى الْمَنَامِ

اور انہیں مبارک باد دی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ سلام دیا جن کی والدہ ماجدہ کو حضرت کلیم نے خواب میں

وَحَيَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قَبَّلَ اللّٰهُ خُشُوْعَهٗ وَخُضُوْعَهٗ

اور مژدہ دیا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ قبول کیا اللہ تعالےٰ نے جن کے خشوع اور خضوع کو

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِىْ عَطَآءً كَامِلًا مُّكَمَّلًا عَاجِلًا مُّعَجَّلًا لِّطَاعَتِكَ وَاِطَاعَةِ

اے اللہ مجھے عطیہ دے عطیہ کامل و مکمل اور فوری طور پر جو مجھے جلد از جلد آمادہ کرنے والا ہو تیری اطاعت پر

حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اشْفِنِىْ شِفَآءً كَافِيًا وَّافِيًا

اور تیرے حبیب محمدؐ کی اطاعت پر صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ مجھے شفاء عطا فرما ایسی شفاء جو کافی و وافی ہو

لِّدَفْعِ اَمْرَاضِ الدَّارَيْنِ وَالْكَوْنَيْنِ بِحُرْمَةِ ذَاتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

واسطے دور کرنے دارین اور کونین کی امراض کے بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی ذات کے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

وَبِحُرْمَةِ صِفَاتِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ رَاْسِ مُحَمَّدٍ صَلَّى

اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی صفات کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے سر ناز کے صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ وَجْهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے چہرہ اقدس کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت

جَبْهَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ حَاجِبِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

محمدؐ کریم کی پیشانی مبارک کے صلی اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے ابروئے میمون کے صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ عَيْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اُذُنِ

علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی چشمان منور کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے گوشہائے

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اَنْفِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مقدسہ کے صلی اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی بینیٔ پر نور کے صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ شَفَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ لِسَانِ

وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے لبہائے مقدسہ کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی زبان حق ترجمان

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اَسْنَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے دندان مبارکہ کے صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ ذَقْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ جِيْدِ مُحَمَّدٍ

وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی ٹھوڑی مبارک کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی گردن مبارک کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ صَدْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ

صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے سینۂ انور کے صلی اللہ علیہ وسلم اور

بِحُرْمَةِ بَطْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ ظَهْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى

بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے شکم مبارک کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی پشت اقدس کے صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اَيْدِىْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے مقدس ہاتھوں کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت

اَرْجُلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اَصَابِعِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

محمدؐ کریم کے مقدس قدموں کے صلی اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کی مبارک انگلیوں کے صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ اَقْدَامِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ

علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت محمدؐ کریم کے مقدس پیروں کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور بطفیل حرمت

لِبَاسِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ مَاْكُوْلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

محمد کریم کے مبارک لباس کے صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اور بطفیل حرمت محمد کریم کے طعام مبارک کے صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ مَشْرُوْبِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ

علیہ وسلم ۔ اور بطفیل حرمت محمد کریم کے مشروب مبارک کے صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اور بطفیل حرمت

مَسْكَنِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ عُضْوٍ مِّنْ اَعْضَاءِ مُحَمَّدٍ

محمد کریم کے مسکن مبارک کے صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اور بطفیل حرمت محمد کریم کے ہر ہر عضو کے اعضاء مبارک سے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحُرْمَةِ تُرَابِ اَقْدَامِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم اور بطفیل حرمت محمد کریم کے قدم مبارک سے لگنے والی مٹی کے صلی اللہ علیہ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْاَلِفُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

واٰلہ وسلم ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے الف ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْبَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ التَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمد کریم پر جب تک باقی رہے باء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے تاء اے اللہ صلواۃ بھیج

مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الثَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْجِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد کریم پر جب تک باقی رہے ثاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے جیم ۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْحَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْخَآءُ اَللّٰهُمَّ

بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے حاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے خاء ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الدَّالُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الذَّالُ

صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے دال ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے ذال

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الرَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے راء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے

الزَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ السِّيْنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

زاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے سین ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر

مَّادَامَ الشِّيْنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الصَّادُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

جب تک باقی رہے شین ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے صاد ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الضَّادُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الطَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمد کریم پر جب تک باقی رہے ضاد ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے طاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الظَّآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْعَيْنُ اَللّٰهُمَّ

محمد کریم پر جب تک باقی رہے ظاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے عین ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْغَيْنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْفَآءُ

صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے غین ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے فاء

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْقَافُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے قاف ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک

دَامَ الْكَافُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ اللَّامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

باقی رہے کاف ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے لام ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْمِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ النُّوْنُ اَللّٰهُمَّ

محمد کریم پر جب تک باقی رہے میم ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے نون ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْوَاوُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْهَآءُ

صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے واؤ ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے ہاء

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ اللَّامُ وَالْاَلِفُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے لا ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہے

الْيَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَ الْحُرُوْفُ مِنْ اَوَّلِهٖ اِلٰى اٰخِرِهٖ

یاء ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک باقی رہیں حروف ہجاء اول سے آخر تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الْمُقَطَّعَاتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر جب تک کہ باقی رہیں حروف مقطعات ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد کریم پر

مَادَامَتِ الْاٰيَاتُ الْمُتَشَابِهَاتُ فِيْ مَخْفِيِّ الْبِشَارَاتِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ

جب تک باقی رہیں آیات متشابہات مخفی بشارات (اور اسرار و رموز) کی حالت میں۔ اے اللہ مجھے عطا فرما

مَعِيَّتَكَ وَمَعِيَّتَهٗ وَمَعِيَّةَ حَقِيْقَتِكَ وَحَقِّكَ وَحَقِيْقَتِهٖ بِحُرْمَةِ ذَاتِ

اپنی معیت اور اپنے محبوب کی معیت اور اپنی حقیقت اور حق کی معیت اور ان کی حقیقت کی معیت بطفیل ذات

مُحَمَّدٍ وَّصِفَاتِ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ حُبِّ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ حَالِ مُحَمَّدٍ

محمد کی اور صفاتِ محمد کی حرمت کے اور بطفیل حبِ محمد کی حرمت کے اور بطفیل حال محمد کی حرمت کے

وَّخِيَالِ مُحَمَّدٍ وَّقَالِ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ اِنْعَامِ مُحَمَّدٍ وَّاِكْرَامِ مُحَمَّدٍ

اور آپ کے خیال و قال کی حرمت کے۔ اور بطفیل انعام محمد و اکرام محمد

وَّاسْمِ مُحَمَّدٍ وَّجِسْمِ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ رَاْسِ مُحَمَّدٍ وَّوَجْهِ مُحَمَّدٍ

اور اسم محمد و جسم محمد کی حرمت کے اور بطفیل حرمت محمد کریم کے سر ناز و چہرۂ انور کے

وَّشَعْرِ مُحَمَّدٍ وَّجَبْهَةِ مُحَمَّدٍ وَّحَاجِبِ مُحَمَّدٍ وَّعَيْنَيْ مُحَمَّدٍ وَّاُذُنَيْ

اور گیسوئے محمد اور جبین محمد اور ابروئے محمد کے اور چشمانِ محمد اور گوشہائے

مُحَمَّدٍ وَّاَنْفِ مُحَمَّدٍ وَّشَفَةِ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ اَسْنَانِ مُحَمَّدٍ وَّ

محمد کے بینیٔ محمد اور لبہائے محمد کے اور بطفیل حرمت دندانِ محمد کے اور

لِسَانِ مُحَمَّدٍ وَّذَقَنِ مُحَمَّدٍ وَّجِيْدِ مُحَمَّدٍ وَّصَدْرِ مُحَمَّدٍ وَّبَطْنِ

زبان محمد کے اور زنخدان محمد اور گردنِ محمد کے۔ سینۂ محمد اور شکم

مُحَمَّدٍ وَّظَهْرِ مُحَمَّدٍ وَّاَيْدِيْ مُحَمَّدٍ وَّاَرْجُلِ مُحَمَّدٍ وَّاَصَابِعِ مُحَمَّدٍ

محمد کے اور پشت محمد کے دستہائے محمد اور پاہائے محمد کے۔ انگشتان محمد

وَّاَقْدَامِ مُحَمَّدٍ وَّلِبَاسِ مُحَمَّدٍ وَّمَاْكُوْلِ مُحَمَّدٍ وَّمَشْرُوْبِ مُحَمَّدٍ

اور کفِ پائے محمد کے۔ اور لباسِ محمد اور ماکولِ محمد کے اور مشروب محمد کے

وَّمَسْكَنِ مُحَمَّدٍ وَّكُلِّ عُضْوٍ مِّنْ اَعْضَآءِ مُحَمَّدٍ وَّبِحُرْمَةِ تُرَابِ اَقْدَامِ

اور قیام گاہِ محمد کے اور بطفیل ہر ہر عضو کے اعضاء محمد سے اور بطفیل حرمت غبارِ کفِ پائے

مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ عُذْرِيْ وَتَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَتُبْ عَلَيَّ بِالْعِنَايَةِ

محمد کے۔ اے اللہ قبول فرما میری معذرت کو اور مقبول ٹھہرا میری توبہ کو اور نظر رحمت فرما مجھ پر ساتھ عنایت

الْخَآصَّةِ بِحُرْمَةِ حَبِيْبِكَ الَّذِيْ لَا يُشَارِكُهٗ فِيْ مَقَامِهِ الْخَآصِّ اَحَدٌ

خاصہ کے صدقے میں حرمت اپنے حبیب کے کہ جن کے ساتھ کوئی بھی شریک نہیں ہے ان کے مقام خاص میں

مِّنَ الْاَزَلِ اِلَى الْاَبَدِ فِيْمَا تُحِبُّهٗ وَيُحِبُّهٗ وَتَرْضَاهُ وَيَرْضَاهُ

ازل سے ابد تک اس (مقام خاص میں کہ اسے تو پسند فرماتا ہے اور وہ بھی پسند فرماتے ہیں اور تو اس پر راضی ہے اور وہ بھی اس

بِرَحْمَتِكَ الْعَامَّةِ الْوَاسِعَةِ الرَّافِعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر راضی ہیں بسبب اپنی رحمت کے جو عام ہے اور وسیع و بلند مرتبت ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى هَيْكَلِهٖ فِي الْهَيَاكِلِ

محمد پر اور آل سیدنا محمد پر اور ان کے سراپائے اقدس پر جملہ مجسموں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور آل سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَارِحَتِهٖ فِي الْجَوَارِحِ وَجُثَّتِهٖ فِي الْجُثَّاتِ وَ

محمد پر اور آپ کے اعضاء مبارکہ پر تمام اعضاء میں اور جثہ مبارک پر تمام جثوں میں۔ اور

شَبَحِهٖ فِي الْاَشْبَاحِ وَاِرْبِهٖ فِي الْاَرَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آپ کے شخص پر اشخاص میں اور ہر عضو پر اعضاء میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَخْصِهٖ فِي الْاَشْخَاصِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے شخص پر اشخاص میں

وَشَدْفِهٖ فِي الشُّدُوْفِ وَعُضْوِهٖ فِي الْاَعْضَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور ان کے ڈھلواں رخسارہ پر ڈھلواں رخساروں میں اور آپ کے ہر عضو پر اعضاء میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى حَوْبَآئِهٖ فِي الْحَوْبَآوَاتِ

سیدنا محمد پر اور آل سیدنا محمد پر اور آپ کے نفس پر نفوس میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے

طَلَلِهٖ فِى الْاَطْلَالِ وَعَلٰى جَانِبِهِ الْوَحْشِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ٹیلے یا چبوترے پر ٹیلوں یا چبوتروں میں اور آپ کی اس جانب اور پہلو پر جو مخلوق کیلئے معلوم اور مانوس نہیں ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خَالِهٖ فِى الْخَيْلَانِ وَعَلٰى جَانِبِهٖ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے خال پر خالوں میں اور آپ کی اس جانب اور پہلو پر جو

الْاِنْسِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

معلوم اور مانوس ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى بَتِيْلَتِهٖ فِى الْبَنَآئِلِ وَشَعْرِهٖ فِى الشُّعُوْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور آپ کی باریک کمر پر باریک کمروں میں اور آپ کے (ہر ہر) بال پر بالوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى فَرْقِهٖ فِى الْفُرُوْقِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی مانگ پر مانگوں میں

وَسَدْلِهٖ فِى السَّادِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور آپ کے (بغیر مانگ) پیچھے ہٹائے ہوئے بالوں پر ایسے ہی بالوں میں اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى وَفْرَتِهٖ وَلُمَّتِهٖ وَجُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے کانوں تک پہنچے ہوئے بالوں پر اور کندھوں تک لٹکے بالوں پر اور ان دونوں مقام کے درمیان تک پہنچے بالوں پر اے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ذَوَائِبِهٖ فِى الذَّوَآئِبِ

اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی مینڈھی پر مینڈھیوں میں

وَغَدِيْرَتِهٖ فِى الْغَدَآئِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور گوندھی چوٹی پر گوندھی چوٹیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ضَفِيْرَتِهٖ فِى الضَّفَآئِرِ وَقُصَّرِهٖ فِى الْمُقَصِّرِيْنَ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی زلف پر زلفوں میں۔ اور آپ کے کٹے ہوئے بالوں پر قصر کرانے والوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

حَلْقِهٖ فِى الْمُحَلِّقِيْنَ وَفُوْدِهٖ فِى الْاَفْوَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

حلق کئے ہوئے بالوں پر حلق کرانے والوں میں۔ اور آپ کے گیسو پر گیسوؤں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خِفَافِهٖ فِى الْاَخِفَّةِ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے گھنگریالے بالوں پر ایسے بالوں میں اور

شَيْبَتِهٖ فِى الشَّيْبَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

آپ کے بالوں کی سفیدی پر بالوں کی سفیدیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَمَطِهٖ فِى الشَّمَطَاتِ وَشَعْرِهٖ فِى الْاَشْعَارِ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سیاہ و سفید بالوں کے مجموعہ پر ایسے مجموعات میں اور آپ کے ہر بال پر بالوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

حِبَاكِهٖ فِى الْحُبُكِ وَرَاْسِهٖ فِى الرُّءُوْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کمر بند پر کمر بندوں میں۔ اور سرتاج پر سروں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ذُرْوَتِهٖ فِى الذُّرٰى وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی چوٹی پر چوٹیوں میں۔ اور

شَوَاتِهٖ فِى الشَّوٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

آپ کی کھوپری کے چمڑے پر ان چمڑوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سِمَاقِهٖ وَجَلْجَلَتِهٖ فِى الْجَلَجِ وَعَلٰى جُمْجُمَتِهٖ

سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سر کی ہڈی پر موجود باریک جھلی پر اور اس کی جنبش و لرزش پر جنبشوں میں

وَقَاعِدَةِ دِمَاغِهٖ وَعَلٰى عَظْمِهِ الْوَتَدِيِّ فِى الْعِظَامِ وَجُدْرَانِ

اور آپ کی کھوپری پر اور آپ کے دماغ کے بنیاد و اساس والے حصہ پر۔ اور آپ کی سیدھی ہڈی پر ہڈیوں میں اور آپ کے سر اقدس کے اطراف والی

رَاْسِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہڈیوں پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى عَظْمِ جَبْهَتِهٖ فِى الْجِبَاهِ وَعَظْمِ قَحْدُوَتِهٖ فِى الْعِظَامِ وَعَلٰى

اور آپ کی پیشانی والی ہڈی پر ہڈیوں میں۔ اور سراقدس کی پچھلی جانب والی ہڈی پر ہڈیوں میں اور آپ کے

عَظْمَيْهِ الْحَجَرَيْنِ وَقُحْفِهٖ فِى الْاَقْحَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

(سراقدس) کے اردا گردی دو ہڈیوں پر۔ اور آپ کی کھوپری کے بالائی (پیالہ نما) حصّہ پر بالائی حصوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى دَرْزِهٖ فِى الدُّرُوْزِ الْاِكْلِيْلِىِّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے (دماغ کے) جوڑ اور اتصال پر اتصالات میں۔

وَدَرْزِهِ الْاُمِّىِّ وَدَرْزِهِ السَّهْمِىِّ وَدَرْزَيْهِ الْقِشْرِيَّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور تاج کی محیط پٹی جیسے پردے اور وسطی پردے اور جوڑ پر اور تیر جیسے سیدھے پردے پر اور جھال کی مانند محیط دو پردوں پر۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَاْنِهٖ فِى

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے حال عظیم پر

الشُّؤُوْنِ وَيَافُوْخِهٖ فِى الْيَافِيْخِ وَمَفْرِقِهٖ فِى الْمَفَارِيْقِ وَغِشَآءِ فَوْقَ

احوال میں۔ اور آپ کے تالو (اور وسط راس) پر تالوؤں میں اور آپ کی مانگ پر مانگوں میں اور کھوپری کے بالائی حصّہ کے

قِحْفِهٖ فِى الْاَغْشِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اُوپر والے پردہ پر پردوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اُمِّهِ الْغَلِيْظَةِ وَاُمِّ دِمَاغِهٖ وَمُخِّهٖ فِى

سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی موٹی جھلی پر۔ اور دماغ والی جھلی پر (جس میں وہ لپٹا ہوتا ہے) اور آپ کی ہڈیوں کے گودے اور

الْاَمْخَاخِ وَدِمَاغِهٖ فِى الْاَدْمِغَةِ وَغِشَائَيْنِ تَحْتَ دِمَاغِهٖ وَبَطْنِ

بھیجے پر گودوں میں اور آپ کے دماغ پر دماغوں میں اور ان دو پردوں پر جو آپ کے دماغ کے نیچے ہیں۔ اور آپ کے دماغ کے

دِمَاغِهِ الْمُقَدَّمِ وَالْاَوْسَطِ وَالْمُؤَخَّرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بطن مقدم۔ اوسط اور مؤخر پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَجْمَعِ بَطْنَيْهِ فِى الْمَجَامِعِ وَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے (دماغ کے) دونوں مقامات اتصال پر مقامات اتصال میں اور

شَبَكَتِهٖ فِى الشَّبَكَاتِ وَدُوْدَتِهٖ فِى الدِّيْدَانِ وَحِجَابَىْ دِمَاغِهٖ فِى

دماغ کی جالی پر جالیوں میں۔ اور آپ کے دماغ کے جرثومہ پر جراثیم میں۔ اور آپ کے دماغ کے دونوں پردوں پر

الْحُجُبِ وَمَعْصِرَتِهٖ فِى الْمَعَاصِرِ وَقِمَّتِهٖ فِى الْقِمَمِ وَحَالِقِ رَاْسِهٖ

پر جملہ پردوں میں۔ اور رس کے نچوڑنے کی جگہ پر نچوڑنے کے مقامات میں اور آپ کے سراقدس کی انتہائی بلند جگہ پر بلند جگہوں میں۔ اور آپ کے سراقدس

فِى الرُّءُوْسِ وَفَاسِرَ رَاْسِهٖ فِى الْاُفُوْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کے وسط میں تمام سروں میں اور آپ کے سر کے مؤخر میں ابھری ہوئی ہڈی پر ان ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مِنْقَارِ قِحْفِهٖ فِى

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی کھوپری کی اگلی نوک پر

الْاَحْقَافِ وَنُقْرَتِهٖ فِى النُّقَرِ وَمَسَامِهٖ فِى الْمَسَامَاتِ وَمَشِيْمَتِهٖ

کھوپریوں میں۔ اور کھوپری کے گڑھے پر تمام گڑھوں میں۔ اور آپ کے ہر مسام پر تمام مساموں میں اور آپ کے (معدہ کے)

وَجِلْدِهٖ فِى الْجُلُوْدِ وَصُرْمِهٖ فِى الْاَصْرَامِ وَلَحْمِهٖ فِى اللُّحُوْمِ وَ

پردے پر اور جلد پر جلدوں میں اور آپ کی کھال پر کھالوں میں اور گوشت پر گوشتوں میں اور

مُضْغَتِهٖ فِى الْمُضَغِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

گوشت کے لوتھڑے پر لوتھڑوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَحْمِهٖ فِى الشُّحُوْمِ وَسَمِيْنِهٖ فِى السِّمَانِ وَ

سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی چربی پر چربیوں میں۔ اور چربی والے گوشت پر گوشتوں میں اور

شَرْحَتِهٖ فِى الشَّرِحَاتِ وَغِشَائِهٖ فِى الْاَغْشِيَةِ وَعَصَبِهٖ فِى الْاَعْصَابِ

آپ کے گوشت کے ہر ہر ٹکڑے پر ٹکڑوں میں۔ اور ہر ہر پردے پر پردوں میں اور ہر پٹھے پر پٹھوں میں

وَعُضَلَتِهٖ فِى الْعُضَلَاتِ وَوَتْرِهٖ فِى الْاَوْتَارِ وَرِبَاطِهٖ فِى الرِّبَاطَاتِ

اور ہر عضلہ (سخت پٹھے) پر عضلات میں۔ اور ہر وتر (تار) پر اوتار میں اور ہر جوڑ پر (جو ذریعہ ربط ہے) جوڑوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى لِيْفِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر خشک رگ پر

فِى اللِّيْفَاتِ وَعِرْقِهٖ فِى الْعُرُوْقِ وَعُرُوْقِهِ الضَّوَارِبِ وَالسَّوَاكِنِ وَالشَّعْرِيَّةِ

رگوں میں اور ہر خون والی رگ پر رگوں میں ۔ اور آپ کی متحرک رگوں اور ساکن رگوں پر اور بالوں کو

وَوَرِيْدِهٖ فِى الْاَوْرِدَةِ وَشِرْيَانِهٖ فِى الشَّرَايِيْنِ وَشَظِيَّةِ عُرُوْقِهٖ فِى

ان کی غذا پہنچانے والی رگوں پر اور آپ کی گردن والی رگ پر ان رگوں میں ۔ اور آپ کی سُرخ خون کے دوران کے ساتھ پھڑکتی رگ پر

الشَّظَايَا وَقِيْفَالِهٖ وَاَكْحَلِهٖ وَبَاسِلِيْقِهٖ وَحَبْلِ ذِرَاعِهٖ وَاُسَيْلِمِهٖ وَ

ان رگوں میں اور رگوں کے مجموعہ پر جملہ مجموعات میں ۔ اور آپ کی کہنی کے قریب والی قابل فصد رگ اور رگ اکحل اور باسلیق پر اور کلائیوں والے پٹھے پر اور جوڑوں

وَاَبْطِيَّهٖ وَمَابِضِهٖ وَعِرْقِ نَسَائِهٖ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ

والی ہڈیوں پر اور آپ کی دونوں بغلوں والے پٹھوں پر اور آپ کے زانوں کے اندرونی حصے پر ۔ اور آپ کے ران والی رگ پر ۔ پاک ہے تو نہیں کوئی معبود برحق مگر تو ہی اے رب

شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ يَا اِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اِنْقَادَتْ رِقَابُ

ہر شئی کے اور ان کے وارث و رازق اور ان پر رحم فرمانے والے ۔ اے ہر چیز کے معبود تابعدار ہو گئی ہیں گردنیں

الْمَوْجُوْدَاتِ لَكَ وَاُهْوِجَتِ الْمَحْسُوْسَاتُ وَالْمُجَرَّدَاتُ بِعَطَافِ رِزْقِكَ

موجودات کی تیرے لیے ۔ اور جلدی و عجلت میں ڈال دیے گئے ہیں محسوسات اور مجردات بسبب میلان کے طرف تیرے رزق

وَمَنِّكَ وَاُهْوِجَتِ الْعُقُوْلُ فِىْ اِدْرَاكِ حُكْمِكَ فِىْ تَوْرِيْقِكَ وَالْاَوْهَامُ

اور احسان کے ۔ اور جلد باز بنا دیے گئے ہیں عقول تیرے حکم کے پانے میں تیرے بابرگ و بار کرنے میں (نباتات کو) اور اوہام

رَجِلَةٌ فِىْ طُرُقِ اَحَدِيَّتِكَ وَسُبْحَانِيَّتِكَ وَالْاَجْسَامُ ذَلِيْلَةٌ اِنْ لَّمَحَ قَهْرُكَ وَ

پا پیادہ چلنے والے ہیں تیری احدیت و یکتائی اور تقدس و نزاہت کے راستوں میں ۔ اور اجسام باہم جدا اور پراگندہ ہو جائیں اگر قلیل سا ظاہر ہو قہر

اَنْوَرَتْ اِنْ تَلَاْلَاَتْ رُبُوْبِيَّةُ رَحْمَتِكَ وَالْمَلَكُوْتُ مُرْتَعِشَةٌ مِّنْ هَيْبَتِكَ

تیرا اور وہ چمک اٹھیں گے اگر چمکے تیری رحمت کی ربوبیت ۔ اور عالم بالا و پست لرزہ براندام ہے تیری ہیبت

وَجَلَالِكَ وَالْاَوْلِيَآءُ اِنْ رَقَتْ اِلٰى تَرَفُّعِ مُشَاهَدَتِكَ وَالْاَنْبِيَآءُ عَرَجَتْ

اور جلال سے ۔ اور اولیاء (کی نگاہیں) سفید ہو گئی ہیں تیرے مشاہدے کیلئے بلندی کی طرف اُٹھنے کی وجہ سے ۔ اور انبیاء علیہم السلام بلند ہو گئے

اِلٰٓى اُمُوْرِ رُبُوْبِيَّتِكَ فَاَخَذُوْا مِنْكَ وَرَسُوْلِكَ حَظًّا مِّنْ دَعْوَتِكَ وَطُعْمَةً

تیرے امور ربوبیت کی طرف پس انہوں نے حاصل کر لیا ہے تجھ سے اور تیرے رسول سے حصہ تیری (بارگاہ میں کی گئی) دعاؤں سے اور نصیبہ

وَّلَمْعَةً مِّنْ نُّوْرِكَ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا الْعُرُوْجَ اِلٰى سَمَآءِ قُدْسِكَ مَرْزُوْقًا

اور چمک (حاصل کر لی ہے) تیرے نور سے ۔ اے اللہ آسان فرما ہمارے لیے رسائی اپنے آسمان قدس تک آنحالیکہ عطا کیے ہوں ہم (تیری

بِاَنْوَارٍ مُّتَلَاْلِئَاتٍ حَوَاسِّىْ وَقَلْبِىْ بِغِذَآءِ نُوْرٍ خَاصٍّ وَّاَزِلِ الْحُجُبَ

طرف سے) انوار کہ بھر جائیں میرے تمام حواس اور میرا دل خاص نورانی غذاء کے ساتھ ۔ اور زائل فرما ظلمانی حجابات جو کہ

الظُّلْمَانِيَّةَ الَّتِىْ هِىَ مَوَانِعُ لِوُصُوْلِكَ وَسُدٌّ لِّاَعْدَآئِكَ وَاَعْدَآءِ رُسُلِكَ وَ

مانع ہیں تیری طرف وصول سے ۔ اور رکاوٹ ہیں تیرے اعداء اور تیرے رسل کرام کے اعداء کے لیے (وصول حق میں) اور

سَيِّرْنِىْ وَطَيِّرْنِىْ فِىْ صِفَاتِكَ الَّتِىْ هِىَ فُرُوْعُ ذَاتِكَ هٰذَا اَعْظَمُ تَرْبِيَةٍ

مجھے چلا بلکہ پرواز عطا فرما اپنی صفات میں جو کہ فرع (اور اثر و اقتضاء ہیں) تیری ذات کا ۔ یہی عظیم تر تربیت ہے

مِّنْ عِنْدِكَ وَلَا تُلْقِنَا فِىْ شَدَآئِدِ اَمْرِكَ وَحَوَادِثِ دَهْرِكَ فَاَكُوْنَ

تیری طرف سے اور نہ پھینک ہمیں شدائد امر میں اور حوادث دھر میں ۔ ورنہ میں ہو جاؤں گا

مَمْنُوْعًا مِّنْ تَحْصِيْلِ خَيْرَاتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَّعَبْدِ

محروم تیری خیرات کے حاصل کرنے سے ۔ نہیں کوئی معبود برحق مگر تو ہی ۔ جو کہ رب ہے ہر شئی اور ہر عبد کا

وَّوَارِثُ كُلِّ نَفْسٍ وَّمُعِيْدُ كُلِّ شَخْصٍ مِّنْ تَحْتِ جَوَاهِرِ تُرَابٍ هِىَ

اور ہر نفس کا وارث ہے ۔ اور دوبارہ مکمل کر کے لوٹانے والا ہے ہر شخص کا جواہر خاکی کے نیچے سے اور یہ (اعادہ)

مَقْدُوْرُكَ فَلَا يَلْتَصِقُ ذَرَّةٌ اِلٰى غَيْرِ ذَرَّةٍ وَّتُعِيْدُ كُلًّا عَلٰى هَيْئَةٍ

تیری ہی قدرت میں ہے پس نہیں متصل ہو گا کوئی ذرہ (اس شخص کا) کسی دوسرے کے ذرہ سے اور لوٹائے گا تو ہر ایک کو اس کی

نَشْاَةٍ اَوَّلِيَّةٍ مِّنْ غَيْرِ قُصُوْرٍ فِىْ مَادَّةٍ وَّلَا عَوَارِضِهَا فِىْ نَشْاَةٍ ثَانِيَةٍ

نشاۃ اولیٰ اور تخلیق اول کی ہیئت پر بغیر کسی کمی کے مادہ میں اور عوارض میں دوسری نشاۃ میں بھی

بِحَقِّ السُّبُّوْحِيَّةِ الْقُدُّوْسِيَّةِ الْعَرْشِيَّةِ الْكُرْسِيَّةِ سَخِّرْ لَنَا الْاَرْوَاحَ

صدقے میں نزاہت اور تقدس عرش و کرسی کے مسخر فرما ہمارے لیے ارواح قدسیہ

اَلْقُدْسِيَّةَ وَالْمَلٰٓئِكَةَ لَا تَسَلَّفَ اِلَى اللَّاهُوْتِيِّ وَاَتَسَلَّفَ اِلَى الْجَبَرُوْتِيِّ

اور ملائکہ کو تاکہ میں ان کو وسیلہ بناؤں مقام لاہوت کی طرف اور ان سے توسل کروں مقام جبروت کی طرف (رسائی کے لیے)

اَللّٰهُمَّ وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِيْ وَ

اے اللہ اور عطا فرما اپنے محبوب کو مقام وسیلہ اور امتیازی فضیلت اور قائم فرما ان کو مقام محمود میں جس کا

عَدْتَّهٗ وَاٰتِهٖ نِهَايَةَ مَا يَنْبَغِيْ اَنْ يَّسْاَلَهُ السَّآئِلُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ عَنَّا

تو نے انہیں وعدہ دے رکھا ہے۔ اور عطا کر آپ کو انتہائی وسیع و خزائن نعمتوں کے جو لائق ہے کہ سوال کریں ان کا سوال کرنیوالے۔ اے اللہ پہنچا

السَّلَامَ وَارْدُدْ عَلَيْنَا مِنْهُ السَّلَامَ وَاَتْبِعْهُ مِنْ اُمَّتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ مَا تَقَرُّ

انہیں ہماری طرف سے سلام اور لوٹا ہم پر ان کی طرف سے سلام اور تابع بنا ان کے اُمت اور اولاد میں سے اس قدر کہ ٹھنڈی ہو جائیں

بِهٖ عَيْنُهٗ يَا مُدَبِّرُ يَا فَاطِرُ اَللّٰهُمَّ اَنَا الْفَقِيْرُ الْمُحْتَاجُ اِلَيْكَ وَلَوْلَا

اس مقدار کے ساتھ آنکھیں اُن کی۔ اے آغاز میں انجام پر نظر رکھنے والے۔ اے پیدا کرنے والے۔ اے اللہ میں تیری طرف فقیر و محتاج ہوں اور

هِدَايَتُكَ وَاِلْاٰءُكَ لَهَمَمْتُ كُلَّ شَيْءٍ بِالسُّوْءِ وَالضَّرَّآءِ فِيْ قَضَآءِ حُكْمِكَ

اگر نہ ہو تیری ہدایت اور تیرے انعامات تو البتہ ہر چیز غمزدہ کرے گی مجھے ساتھ برائی اور ضرر رسانی کے تیرے حکم کو پورا کرنے میں

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ اَنْتَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ صلوٰۃ بھیجے تو اور تیرے تمام ملائکہ محمد کریم پر جو تیرے عبد اور رسول و

نَبِيِّكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اِنَّكَ رَافِعُ الدَّرَجَاتِ

نبی ہیں ان تمام صلوات سے افضل ترین صلوات جو تو نے بھیجی ہوں کسی بھی فرد پر اپنی مخلوق میں سے۔ بیشک تو ہی درجات کو بلند کرنے والا ہے

اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ وَاَكْرِمْ مَقَامَهٗ وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ وَاَجْزِلْ ثَوَابَهٗ وَاَفْلِجْ

اے اللہ بلند فرما آپ کے درجہ کو اور عزت والا بنا آپ کے مقام کو۔ بھاری کر آپ کے میزان کو اور عظیم و جزیل بنا آپ کے ثواب کو اور روشن فرما

حُجَّتَهٗ وَاَظْهِرْ مِلَّتَهٗ وَاَضِئْ نُوْرَهٗ وَاَدِمْ كَرَامَتَهٗ وَاَلْحِقْ بِهٖ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ

آپ کی حجت کو اور غالب فرما آپ کی ملت کو اور چمکا دے آپ کے نور کو اور دائمی بنا آپ کی عزت و کرامت کو اور لاحق فرما ساتھ آپ کے آپ کی اولاد سے

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَعَظِّمْهُ فِي النَّبِيِّيْنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا قَبْلَهٗ

اور اہل بیت سے اتنی عظیم مقدار کو کہ ٹھنڈی ہو جائیں بسبب ان کے آنکھیں آپ کی۔ اور عظمت بخش آپ کو ان تمام انبیاء میں جو آپ سے پہلے گزر گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَكْثَرَ النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا وَّاَكْثَرَهُمْ اُزَرَآءَ وَاَفْضَلَهُمْ

اے اللہ بنا تو محمد کریم کو تمام انبیاء سے اکثر متبعین والا۔ اور ان تمام سے زیادہ وزراء والا اور افضل ترین ان تمام سے

كَرَامَةً وَّنُوْرًا وَّاَعْلَاهُمْ دَرَجَةً وَّاَفْسَحَهُمْ فِي الْجَنَّةِ مَنْزِلًا اَللّٰهُمَّ

ازروئے کرامت اور نور کے اور بلند ترین ان سے ازروئے درجات کے اور کشادہ ترین ان سب سے ازروئے جنتی منزل و مسکن کے۔ اے

اجْعَلْ فِي السَّابِقِيْنَ غَايَتَهٗ وَفِي الْمُنْتَخَبِيْنَ مَنْزِلَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ

اللہ بنا تو سبقت لے جانے والوں میں اطرف اپنی ذات کے انہایت ان کے لیے۔ اور انتخاب کیے ہوئے برگزیدگان میں منزل ان کی اور مقربین

دَارَهٗ وَفِي الْمُصْطَفَيْنَ مَنْزِلَهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ عِنْدَكَ

میں مکان ان کا اور چنے ہوئے لوگوں میں منزل ان کی۔ اے اللہ بنا انہیں سب عزت والوں سے زیادہ عزت والے نزدیک اپنے

مَنْزِلًا وَّاَفْضَلَهُمْ ثَوَابًا وَّاَقْرَبَهُمْ مَّجْلِسًا وَّاَثْبَتَهُمْ مَّقَامًا وَّاَصْوَبَهُمْ

ازروئے منزل کے۔ اور سب سے افضل ازروئے ثواب کے۔ اور سب سے قریب تر ازروئے نشست کے اور مضبوط تر ازروئے مقام کے اور صواب ترین

كَلَامًا وَّاَنْجَحَهُمْ مَّسْاَلَةً وَّاَفْضَلَهُمْ لَدَيْكَ نَصِيْبًا وَّاَعْظَمَهُمْ فِيْمَا

ازروئے کلام کے اور کامیاب ترین ازروئے سوال کے اور افضل ترین نزدیک اپنے ازروئے نصیب کے اور عظیم تر ازروئے رغبت کے

عِنْدَكَ رَغْبَةً وَّاَنْزِلْهُ فِيْ غُرُفَاتِ الْفِرْدَوْسِ مِنَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى

(ان نعمتوں) میں جو تیرے پاس ہیں۔ اور منزل عطا کر انہیں جنت الفردوس کے بالاخانوں میں بلند ترین درجات سے

الَّتِيْ لَا دَرَجَةَ فَوْقَهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَصْدَقَ قَائِلٍ وَّاَنْجَحَ

کہ نہیں ہے کوئی درجہ ان سے بلند۔ اے اللہ بنا محمد کریم کو سب سے سچا کلام کرنے والا۔ اور سب سے کامیاب و سرفراز

سَآئِلٍ وَّاَوَّلَ شَافِعٍ وَّاَفْضَلَ مُشَفَّعٍ وَّشَفِّعْهُ فِيْ اُمَّتِهٖ بِشَفَاعَةٍ

سوال و التجاء کرنے والا سب سے پہلا شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلا شفاعت قبول کیا جانے والا۔ اور انہیں اپنی اُمت میں شفیع بنا

يَّغْبِطُهٗ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَاِذَا مَيَّزْتَ عِبَادَكَ بِفَصْلِ

ایسی شفاعت کے ذریعے کہ رشک کریں آپ کے ساتھ بسبب اس کے تمام پہلے اور پچھلے اور جب تو ممتاز ٹھہرائے اپنے بندوں کو

قَضَائِكَ فَاجْعَلْ مُحَمَّدًا فِي الْاَصْدَقِيْنَ قِيْلًا وَّالْاَحْسَنِيْنَ عَمَلًا وَّ

اپنی حتمی قضاء کے ساتھ تو کرنا محمد کریم کو ان لوگوں میں جو سب سے سچے ہیں ازروئے قول کے۔ اور خوبتر ہیں ازروئے اعمال کے۔ اور

فِی الْمَهْدِیِّیْنَ سَبِیْلًا ط اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ عَنَّا السَّلَامَ كَمَا ذُكِرَ السَّلَامُ وَالسَّلَامُ

ہدایت یافتہ ہیں راہ حق کے۔ اے اللہ پہنچا آپ کو ہماری طرف سے سلام جیسے کہ ذکر کیا گیا ہے سلام کا" اور سلام ہو

عَلَى النَّبِیِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ

نبی مکرم پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں" اے اللہ عطا فرما محمدؐ کریم کو مقام وسیلہ

وَالْفَضْلَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ شَانَهٗ وَ

اور فضل اور فضیلت اور درجہ عالیہ۔ اے اللہ عظیم بنا شان ان کی اور

بَیِّنْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْ مَاْمُوْلَهٗ فِیْ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَ

واضح کر برہان ان کی۔ اور روشن کر حجت ان کی۔ اور پہنچا (انہیں) ان کی آرزو تک ان کے اہل بیت میں اور

اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا تُزْلِفُ بِهٖ قُرْبَهٗ وَتُقَرِّبُهٗ

امت میں۔ اے اللہ پہنچا انہیں مقام محمود تک کہ نزدیک کرے بسبب اس کے قربت ان کی اور ٹھنڈی کرے بسبب اس مقام کے

عَیْنَهٗ یَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اٰتِ اَهْلَ بَیْتِ

آنکھیں ان کی جبکہ رشک کریں ان کے ساتھ بسبب اس کے تمام اولین و آخرین۔ اے اللہ عطا فرما اپنے نبی مکرم کے اہل

نَبِیِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلَ مَآ اٰتَیْتَ اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ

بیت کو صلی اللہ علیہ و سلم افضل ترین جزاء اس سے جو دی ہے تو نے کسی کو مرسلین کے

بُیُوْتِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاجْزِ اَصْحَابَ نَبِیِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اہل بیت میں سے۔ اور بدلہ دے اپنے نبی مکرم کے اصحاب کو صلی اللہ علیہ وعلیہم وسلم

اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ الْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

افضل ترین بدلہ اس سے جو دیا ہے تو نے کسی کو بھی مرسلین کے اصحاب میں سے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَفْصِلِهٖ

وسلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے اعضاء کے جوڑوں پر جو مضبوط ہیں

الْمُوْثِقِ وَمَفْصِلِهِ السَّلِیْسِ وَمَفْصِلِهِ الْعُسِرِ وَمَفْصِلِهٖ فِی الْمَفَاصِلِ

اور آپ کے (اعضاء کے) نرم جوڑوں پر اور آپ کے سخت جوڑ پر اور آپ کے ہر جوڑ پر جوڑوں میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور آل سیدنا محمد پر اور آپ کے

اِصَافِنِهٖ وَوَصْلِهٖ فِی الْاَوْصَالِ وَسُلَامِیَهٖ فِی السُّلَامِیَّاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ٹخنے کے نیچے والی رگ پر اور پیوند پر تمام پیوندوں میں۔ اور آپ کے ٹھوس ہڈیوں والے حصوں پر ایسے حصوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عَظْمِهٖ فِی الْعِظَامِ وَشَاشَتِهٖ

بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر اور آپ کی (ہر) ہڈی پر ہڈیوں میں اور آپ کی ہر نرم ہڈی کے سرے پر

فِی الْمَشَاشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نرم ہڈیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور

وَّعَلٰى غُضْرُوْفِهٖ فِی الْغَضَارِیْفِ وَنَقْیِهٖ فِی الْاَنْقَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آپ کے کندھے کی ہڈی پر ان ہڈیوں میں اور آپ کی ہڈیوں کے گودے اور بھیجے پر گودوں اور بھیجوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَبْهَتِهٖ وَجَبِیْنِهٖ فِی

سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی پیشانی پر پیشانیوں میں اور آپ کی جبین پر

الْاَجْبَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جبینوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى نَاصِیَتِهٖ فِی النَّوَاصِیْ وَقُصَّتِهٖ فِی الْقُصَصِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اور آپ کی پیشانی کے بالوں پر ان بالوں میں اور آپ کے بالوں کے مجموعہ پر ایسے مجموعات میں۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سِرَارِهٖ فِی الْاَسَارِیْرِ

سلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے (ہاتھوں اور ماتھے کی) لکیروں اور خطوط پر ان خطوط میں

وَلُطَاتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور سر کی ہڈی اور چمڑے کے درمیانی پردے پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

حَاجِبِهٖ فِی الْحَوَاجِبِ وَصُدْغَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

(ہر دو) ابرو پر ابروؤں میں۔ اور آپ کی پیشانی کی دونوں جانبوں پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمدؐ پر اور

وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی حَاجِبَیْہِ وَاُسْکُفَّیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیّدنا محمّد کی آل پر اور آپ کے دونوں ابروؤں پر اور آنکھوں کے نچلے ہر پپوٹے پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَفْنَیْہِ فِی الْاَجْفَانِ وَ

سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی ہر پلک پر پلکوں میں اور

حِمْلَاقِ عَیْنَیْہِ فِی الْحَمَالِیْقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کی ہر آنکھ کے پپوٹے کے اندرونی حصّے پر ان کے اندرونی حصّوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی ھُدْبَیْہِ فِی الْاَھْدَابِ وَمَنْبَتِ

اور سیدنا محمّد کی آل پر اور آپ کی لمبی پلکوں پر ان لمبی پلکوں میں اور ان کے اگنے کے مقام پر

ھُدْبَیْہِ فِی الْمَنَابِتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ایسے منابت و مقامات میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شُفْرَیْہِ فِی الْاَشْفَارِ وَبَصَرِہٖ فِی

سیدنا محمّد کی آل پر اور آپ کی مژگان پر جملہ مژگان میں اور بصر پر

الْاَبْصَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

تمام ابصار میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمّد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی عَیْنِہٖ فِی الْعُیُوْنِ وَطَبَقَاتِ عَیْنِہٖ فِی الْاَعْیُنِ

محمّد کی آل پر اور آپ کی ہر آنکھ پر آنکھوں میں اور ہر آنکھ کے طبقات پر آنکھوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر اور آپ کی آنکھ کے

طَبَقَتِہِ الْمُلْتَحِمَۃِ فِی الطَّبَقَاتِ وَقَرْنِیَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

طبقۂ ملتحمہ پر اور طبقۂ قرنیہ پر طبقات چشم میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی طَبَقَتِہِ الْعِنَبِیَّۃِ وَطَبَقَتِہِ الْعَنْبُوْتِیَّۃِ

محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر اور آپ کی آنکھ کے طبقۂ عنبیہ اور طبقۂ عنبوتیہ پر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ شِفَآءً بَدَنِیًّا وَّقَلْبِیًّا وَّقُوَّۃً ظَاھِرِیَّۃً وَّبَاطِنِیَّۃً وَ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بدن اور قلب کی شفاء کا۔ اور ظاہری و باطنی قوت کا۔ اور (یہ کہ) کہ

ثَبِّتْنِیْ عَلَی الطَّرِیْقَۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ اَحْدَثْتُ لَنَا

مجھے ثابت قدم رکھے محمّدی طریقہ پر ساتھ ایسی ثابت قدمی کے جس کی پہلے مثال موجود نہ ہو دوسرے کسی شخص میں۔ پیدا فرما ہمارے

الْعَجَائِبَ وَالْبَدَائِعَ الَّتِیْ لَمْ تَکُنْ فِیْنَا مَکُوَّنَۃً وَّلَمْ تَکُنْ نَّفْسِیْ

ہمارے لیے عجائب اور انوکھے امور جو کہ پہلے ہم میں موجود نہیں کئے گئے تھے۔ اور میرا نفس ان کے ساتھ

مَوْصُوْفَۃً بِھَا اِمَّا لِعَدَمِ الْقَابِلِیَّۃِ اَوِ السَّبَبِ الْحَائِلِ اَوِ الْعِلَّۃِ الْمُقْتَضِیَۃِ

موصوف نہیں تھا۔ خواہ اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی سبب مانع کی وجہ سے یا سبب اس علت کے جو مقتضی ہے

الصَّبَائِیَّۃِ غَیْرِ الْحَامِلَۃِ لِاَسْرَارِ الْعَظَمَۃِ الْبَارِیَۃِ السَّارِیَۃِ الْمُحِیْطَۃِ اٰثَارُھَا

اس عدم اتصاف کی جو کہ بچپنے والی علت ہے جو نہیں برداشت کر سکنے والی عظمت الٰہیہ کے اسرار کو جو سرایت کئے ہوئے (ہر ہر موجود میں) اور احاطہ کئے ہوئے

بِالنُّفُوْسِ الْمَقْدُوْرَۃِ الْمَقْھُوْرَۃِ الْمُذَلَّلَۃِ تَحْتَ الْاِطَاعَۃِ وَسَخِّرْ لِیْ

ہیں آثار اس کے ان نفوس کا جو (اللہ تعالیٰ) کی قدرت اور قہر کے نیچے مغلوب و مقہور ہیں اور اطاعت کے لیے کمربستہ ہیں۔ اور مسخر فرما میرے لیے

النُّفُوْسَ السَّمَاوِیَّۃَ وَالْاَرْضِیَّۃَ مُبَلِّغَۃً لِّنَفْسِنَا اِلٰی دَرَجَاتِھَا الدَّانِیَۃِ

آسمانی اور ارضی نفوس (مدبرہ) کو جو پہنچانے والے ہوں ہمارے نفوس کو ان کے درجات تک جو قریب ہیں

بِالْعُقُوْلِ ثُمَّ اقْدِرْنِیْ عَلٰی جَعْلِ نَفْسِیْ لَطِیْفَۃً بِحَیْثُ تَرٰی رُوْحِیْ وَ

عقول کے درجات کے۔ پھر قدرت بخش مجھے نفس کو اس طرح لطیف بنانے پر کہ وہ مشاہدہ کرے میری روح کا۔ اور

تَتَبَلَّغُ نَفْسِیْ بِغِذَآءِ اَلْوَانِ النِّعَمِ النُّوْرِیَّۃِ غَیْرِ الْمُفْضِیَۃِ اِلَی الْغَائِطِ وَ

زادراہ اور اسباب وصول حاصل کرے میرا نفس نوری نعمتوں کے انواع و اقسام کی غذاء سے جو نہیں پہنچانے والی طرف بول و براز کے اور

نُطْفَۃِ بَلِ الْمُطَھَّرَۃِ عَنِ الْاَدْنَاسِ وَالْفُضُوْلِ وَالْھَادِیَۃِ لِلْعَجَائِبِ

نطفہ و جنابت کے بلکہ مطہر اور صاف ستھری ہے ایسی آلائشوں اور فضلات سے اور واصل کرنے والی ہے نئے عجائبات تک

الْحَادِثَۃِ وَالْمُتَقَرِّرَۃِ فِیْ مَقَارِّھَا فَلَا تَسْتَغْنِیْنِیْ عَنْھُمَا بَلِ اجْعَلْنِیْ

اور ان کی طرف جو ثابت و برقرار ہیں ہمیشہ کے لیے اپنے اپنے مقامات قرار میں پس مجھے مستغنی نہ فرما ان دونوں سے بلکہ بنا مجھے

جَائِعًا لِوُصُوْلِ الْعَجَائِبِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لِلنُّفُوْسِ وَ

بھوکا اور مشتاق، ان جدید و قدیم عجائبات تک رسائی حاصل کرنے کا۔ اے اللہ تو پیدا کرنے والا اور صورتگری کرنے والا ہے نفوس کا اور

الْمُعَلِّمُ لِمَا فِيْهِمْ لِعَبْدٍ مُّتَوَجِّهٍ اِلَيْكَ بِحُسْنِ الصِّدْقِ وَالْاِطَاعَةِ

تعلیم دینے والا ہے ان کے لیے جس کی اہلیت ان میں ہے واسطے ان بندوں کے جو متوجہ ہیں طرف تیری حسن صدق اور حسن اطاعت کیساتھ

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدَّاعِیْ مِنْ اَمَاذِلِ عِبَادِكَ لَا يَسْتَطِيْعُ تَحَمُّلَ اَسْرَارِكَ

اے اللہ تیرا یہ بندۂ سائل تیرے رذیل ترین بندوں میں سے ہے نہیں طاقت رکھتا تیرے اسرار کے برداشت کرنے کی

وَلَا يَفْهَمُ مَا فِیْ حُكْمِكَ اِلَّا بِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَنْزَلْتَ الْخِطَابَاتِ

اور نہ (صلاحیت رکھتا ہے ان اسرار کے سمجھنے کی جو تیرے حکموں میں ہے مگر ساتھ تیری توفیق و اعانت کے۔ اے اللہ تو نے نازل فرمائے خطابات اور احکامات

عَلَيْنَا مُشَرَّفًا بِهَا حَبِيْبَكَ وَرَسُوْلَكَ مُحَمَّدًا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

ہم پر درآنحالیکہ مشرف کئے ہوئے ہیں ان کی (وساطت و برزخیت) کے ساتھ تیرے حبیب و رسول محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام

وَاَمَرْتَهٗ بِالتَّبْلِيْغِ اِلَيْنَا وَلَيْسَ لَنَا ذَاتٌ مُّسْتَعِدَّةٌ فِیْ صُدُوْرِ الْاَفْعَالِ وَفَهْمِ

اور تو نے انھیں حکم دیا وہ احکام و خطابات ہم تک پہنچانے کا۔ اور نہیں ہماری ذات استعداد و صلاحیت رکھنے والی افعال کے صادر کرنے کی

مَفْهُوْمَاتِ الْخِطَابَاتِ اِلَّا لِخَلْقِكَ لَهَا فِيْنَا فَيَبْقٰی عِرْضِیْ وَجَاهِیْ عِنْدَ

اور خطابات کے مفہومات کو سمجھنے کی مگر بسبب پیدا کرنے تیرے اس استعداد کو ہم میں تب باقی رہ سکے گی عزت و مرتبت میری نزدیک

خَلَائِقِكَ وَاِلَّا انْتَشَرَ عِنْدَهُمُ الْعِصْيَانُ فَيَلْحَقُ بِیَ الْفَضْحُ وَالذِّلَّةُ

تیری مخلوق کے۔ ورنہ معروف و مشہور ہو جائے گا نزدیک ان کے ہمارا عصیان تب لاحق ہو گی مجھے رسوائی اور ذلت

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُكَرِّمُ الْمُشَرِّفُ وَقَدْ اَوْجَدْتَّنَا مِنْ مَّآءٍ هِيْنٍ ثُمَّ صَوَّرْتَنَا

اے اللہ تو ہی عزت و شرف بخشنے والا ہے اور تو نے ہمیں تخلیق فرمایا حقیر پانی سے۔ پھر تصویر کشی فرمائی

بِصُوْرَةٍ بَدِيْعَةٍ عَجِيْبَةٍ مَّوْضُوْعَةٍ كُلُّ عُضْوٍ فِیْ مَحَلِّهٖ وَمَرْكَزِهٖ عَلٰی

ساتھ انوکھی اور عجیب صورت و نقش کے جس کا ہر عضو اپنے موزوں مقام پر رکھا گیا ہے اور مرکز پر

مَا يَلِيْقُ بِحِكْمَتِكَ ثُمَّ بَلَّغْتَنِیْ اِلٰی مَبْلَغٍ وَّجَدْتُّ بِهِ النِّشْمَ وَالنَّعِيْشَ

جیسے کہ لائق ہے ساتھ تیری حکمت کے پھر پہنچایا تو نے مجھے اس مقام عالی تک کہ جس کی بدولت پا لیا ہے میں نے شہرت اور بلندی ذکر کو

وَالنِّعْمَةَ وَالْهُمُوْمَ وَالنِّعْمَةَ الْبَرَّاقَةَ الْبَصَّارَةَ وَالْبَصِيْرَةَ

اور نعمت کو اور بلند عزائم کو اور بصارت اور بصیرت والی روشن نعمت کو

لِمُعَايَنَةِ النُّفُوْسِ الْمُوْصِلَةِ اِلٰی رَبِّهَا بِمُشَاهَدَةِ الصُّنْعِ اَللّٰهُمَّ

واسطے مشاہدہ کرنے نفوس کے جو (بصارت و بصیرت کہ) پہنچانے والی ہے رب تعالیٰ کی طرف اس کی صنعت کے مشاہدہ کے ذریعے۔ اے اللہ

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰی عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا

بیشک میں سوال کرتا ہوں اور متوجہ ہوتا ہوں طرف تیری ساتھ وسیلے تیرے حبیب مصطفےٰ کے۔ اے ہمارے حبیب

يَا سَيِّدَنَا يَا مُحَمَّدُ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ اِلٰی رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلٰی

اے ہمارے آقا و مولیٰ (ہر زمان ہر زبان اور ہر صفت کمال کے ساتھ) ستائش کئے ہوئے ہم توسل کرتے آپ کے ساتھ تمہارے رب کی طرف پس شفاعت کیجئے ہمارے

الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ

لیے اپنے عظیم مولیٰ کے پاس۔ اے بہتر و مہتر رسول طاہر۔ اے اللہ انھیں شفیع بنا ہم میں بطفیل ان کے عزو جاہ کے

عِنْدَكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ

نزدیک تیرے ہے۔ اور بنا ہمیں بہترین صلوٰۃ و سلام بھیجنے والوں سے آپ پر۔ اور افضل ترین

خَيْرِ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْهِ

مقربین میں سے نزدیک ان کے۔ اور ان کی بارگاہ میں حاضر ہونے والوں میں سے۔ اور آپ کے افضل ترین محبوں میں سے

وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ وَفَرِّحْنَا بِهٖ فِیْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ وَ

اور بہترین محبوبوں سے نزدیک آپ کے۔ اور فرحت و مسرت عطا فرما ان کے طفیل قیامت کے عرصات اور میدانوں میں

اجْعَلْهُ لَنَا دَلِيْلًا اِلٰی جَنّٰتِ النَّعِيْمِ بِلَا مَؤُوْنَةٍ وَّلَا مَشَقَّةٍ

اور بنا آپ کو ہمارا رہبر و رہنما طرف جنات النعیم کے بغیر کسی محنت و مشقت کے

وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ وَاجْعَلْهُ مُقْبِلًا عَلَيْنَا وَلَا تَجْعَلْهُ

اور حساب میں تفتیش و تنقیح کے اور بنا تو آپ کو توجہ فرمانے والے ہم پر۔ اور نہ بنا آپ کو

غَاضِبًا عَلَيْنَا وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ

غضب اور ناراضگی فرمانے والے ہم پر۔ اور ہمیں بخش اور ہمارے والدین کو اور تمام اہل اسلام کو

الْاَحْيَآءِ وَالْمَيِّتِيْنَ وَاٰخِرُ دَعْوَانَآ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

زندہ ہوں یا فوت شدہ۔ اور ہماری آخری ندا و پکار یہی ہے کہ بیشک سبھی تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو پالنے والا ہے سب

اَسْئَلُكَ يَآ اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْ تَرْزُقَنِيْ وَمَنْ اَحَبَّهٗ وَ

جہانوں کا۔ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ۔ اے اللہ۔ اے اللہ کہ عطا فرمائے مجھے اور آپ کے تمام محبین اور

اَتْبَعَهٗ شَفَاعَتَهٗ وَمُرَافَقَتَهٗ يَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَيْرِ مُنَاقَشَةٍ

متبعین کو آپ کی شفاعت اور آپ کی رفاقت حساب کے دن بغیر حساب میں مناقشہ کرنے کے

وَّلَا عَذَابٍ وَّلَا تَوْبِيْخٍ وَّلَا عِتَابٍ وَّاَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَ

اور عذاب کے اور بغیر زجر و عتاب کے۔ اور یہ کہ میرے لیے تمام گناہ بخش دے اور

تَسْتُرَ عُيُوْبِيْ يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ وَاَنْ تُنْعِمَنِيْ بِالنَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ

میرے تمام عیبوں پر پردہ ڈالے اے ہبہ کرنے والے۔ اے بخشنے والے اور مجھے منعم ٹھہرائے اپنی ذات

الْكَرِيْمِ فِيْ جُمْلَةِ الْاَحْبَابِ يَوْمَ الْمَزِيْدِ وَالثَّوَابِ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ

کریمہ کے دیدار کے ساتھ تمام احباب میں یوم مزید اور یوم ثواب میں۔ اور قبول کرے مجھ سے

مِنِّيْ عَمَلِيْ وَاَنْ تَعْفُوَ عَمَّا اَحَاطَ عِلْمُكَ بِهٖ مِنْ خَطِيْٓئَتِيْ وَ

میرے عمل کو اور یہ کہ عفو و درگزر فرمائے ان امور سے جنہیں احاطہ کئے ہوئے ہے علم تیرا یعنی میری خطاؤں اور

نِسْيَانِيْ وَزَلَلِيْ وَاَنْ تُبَلِّغَنِيْ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِهٖ وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ

نسیان اور لغزشوں سے اور یہ کہ پہنچائے مجھے آپ کی قبر انور کی زیارت میں اور آپ کی بارگاہ میں سلام پیش کرنے میں

وَعَلٰى صَاحِبَيْهِ غَايَةَ اَمَلِيْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ

اور آپ کے دونوں ساتھیوں کی خدمت میں سلام پیش کرنے میں میری غایت امل تک ساتھ اپنے احسان و فضل اور جود و کرم کے

يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ يَا وَلِيُّ وَاَنْ تُجَازِيَهٗ عَنِّيْ وَعَنْ كُلِّ مَنْ

اے رؤف اے رحیم۔ اے کارساز۔ اور یہ (سوال کرتا ہوں) کہ جزا دے آپ کو میری طرف سے اور آپ پر تمام ایمان لانے والے غلاموں

اٰمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ

کی طرف سے اور تمام اتباع کرنے والے مسلمان مردوں اور عورتوں کی طرف سے جو زندہ ہوں ان میں سے

وَالْاَمْوَاتِ اَفْضَلَ وَاَتَمَّ وَاَعَمَّ مَا جَازَيْتَ بِهٖ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

یا وفات پا چکے ہوں بہت ہی افضل اور کامل اور عام و محیط جزاء ان تمام جزاؤں سے جو عطا کی ہے تو نے کسی کو بھی اپنی مخلوق سے

يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ يَا وَلِيُّ اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ مَسْئَلَتِكَ

اے قوی۔ اے غالب۔ اے کارساز۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے افضل ترین سوال کے ساتھ

وَبِاَحَبِّ اَسْمَآئِكَ اِلَيْكَ وَاَكْرَمِهَا عَلَيْكَ وَبِمَا مَنَنْتَ

اور بطفیل تیرے محبوب ترین اور انتہائی مکرم نام کے نزدیک تیرے۔ اور بطفیل اس انعام و احسان کے جو تو نے کیا ہے

عَلَيْنَا بِمُحَمَّدٍ نَّبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْقَذْتَنَا

ہم پر ساتھ نبی ہمارے محمد کے صلی اللہ علیہ وسلم۔ پس بچا لیا تو نے ہمیں

بِهٖ مِنَ الضَّلَالَةِ وَاَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَجَعَلْتَ صَلَاتَنَا

بسبب ان کے گمراہی سے۔ اور تو نے ہمیں حکم دیا ہے ان پر صلوٰۃ بھیجنے کا۔ تو نے بنا دیا ہے ہمارے صلوٰۃ

عَلَيْهِ دَرَجَةً وَّكَفَّارَةً وَّلُطْفًا وَّمَنًّا مِّنْ اِعْطَآئِكَ فَاَدْعُوْكَ

بھیجنے کو (موجب) ہمارے درجات (کی ترقی) کا اور (گناہوں کے) کفارہ کا۔ اور سبب لطف و کرم کا اپنی عطا کیلئے پس میں دعا کرتا ہوں تجھ

تَعْظِيْمًا لِّاَمْرِكَ وَاتِّبَاعًا لِّوَصِيَّتِكَ وَمُنْتَجِزًا لِّمَوْعُوْدِكَ لِمَا

سے تیرے امر کی تعظیم کے لیے اور تیری وصیت کی اتباع کے لیے اور تیرے وعدے کو پورا کرتے ہوئے واسطے اس کے

يَجِبُ لِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَدَآءِ حَقِّهٖ

جو واجب ہے ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ان کے اس حق کے ادا کرنے میں جو

قِبَلَنَا اِذْ اٰمَنَّا بِهٖ وَصَدَّقْنَاهُ وَاتَّبَعْنَا النُّوْرَ الَّذِيْ

ہم پر ہے۔ جب کہ ہم ان پر ایمان لائے اور تصدیق کی۔ اور اتباع کی اس نور کی جو

اُنْزِلَ مَعَهٗ وَقُلْتَ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

نازل کیا گیا ساتھ آپ کے۔ اور فرمایا تو نے "بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے تمام فرشتے صلوٰۃ بھیجتے ہیں نبی مکرم پر۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَاَمَرْتَ الْعِبَادَ

اے ایمان لانے والو صلوٰۃ بھیجو ان پر اور سلام بھیجو جیسے کہ حق ہے سلام بھیجنے کا۔ اور تو نے حکم دیا ہے بندوں کو

بِالصَّلٰوةِ عَلٰى نَبِيِّهِمْ فَرِيْضَةً ۚ اِفْتَرَضْتَهَا وَاَمَرْتَهُمْ بِهَا فَنَسْئَلُكَ

صلواۃ بھیجنے کا اپنے نبی پر بطور فریضہ کے جو تو نے عائد کیا ہے ان پر اور امر کیا انہیں ساتھ اس کے پس ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے

بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَنُوْرِ عَظْمَتِكَ وَبِمَا اَوْجَبْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

تیرے جلال ذات کے طفیل اور نور عظمت کے صدقے میں اور بوسیلہ اس حق کے جو لازم کیا ہے تو نے اپنی ذات پر

لِلْمُحْسِنِيْنَ اَنْ تُصَلِّيَ اَنْتَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ

واسطے محسنین کے کہ صلواۃ بھیجے تو اور تیرے تمام ملائکہ محمد کریم پر افضل ترین صلواۃ ان تمام صلوات سے جو بھیجی تو نے

عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کسی بھی فرد پر اپنی مخلوق سے بے شک تو ہی ہمیشہ کے لیے سزاوار حمد اور مجد ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى شِدْقَيْهِ فِي الْاَشْدَاقِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی باچھ پر باچھوں میں اور اس سے

وَصِمَاغَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

لگے ہوئے لعاب پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَلْغَمِهٖ فِي الْمَلَاغِمِ وَسَامِغَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل پر اور آپ کے منہ مبارک اور بینی پاک کے اردگرد پر اور آپ کے منہ کی دونوں نچلی جانبوں پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى لِحْيَيْهِ فِي

سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر اور آپ کی نچلے جبڑے والی ہڈی پر (جہاں ڈاڑھی اگتی ہے) ایسی ہڈیوں

اللُّحٰى وَفَكِّهٖ فِي الْفُكُوْكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

میں اور آپ کے جبڑے پر جبڑوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى فَكِّهِ الْاَعْلٰى وَفَكِّهِ الْاَسْفَلَ

اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے اوپر والے جبڑے پر اور نچلے جبڑے پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى لِحْيَتِهٖ فِي اللُّحٰى وَذَقْنِهٖ فِي الْاَذْقَانِ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی ڈاڑھی مبارک پر ڈاڑھیوں میں اور ٹھوڑی مبارک پر ٹھوڑیوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰى عُثْنُوْنِهٖ فِي الْعَثَانِيْنِ وَشَجْرِهٖ فِي الْاَشْجَارِ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی ڈاڑھی پر ڈاڑھیوں میں اور جبڑوں کی درمیانی جگہ پر ان جگہوں اور مقامات میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰٓى اِرَادَتِهٖ وَصَبِيْبِهٖ وَغَبْغَبِهٖ وَنُوْنَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کے ارادہ پر۔ آپ کے پسینہ پر۔ آپ کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکے ہوئے گوشت پر اور ٹھوڑی پر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سِنِّهٖ فِي الْاَسْنَانِ وَثَنِيَّتِهٖ فِي الثَّنَايَا

آل پر۔ اور آپ کے ہر دانت پر دانتوں میں اور سامنے والے دو دانتوں پر ثنایا میں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى نَابِهٖ فِي الْاَنْيَابِ وَرُبَاعِيَّتِهٖ فِي الرَّبَاعِيَّاتِ اَللّٰهُمَّ

اگلی ڈاڑھ پر ڈاڑھوں میں۔ اور سامنے کے چاروں دانتوں پر ان (رباعی) دانتوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی

ضِرْسِهٖ فِي الْاَضْرَاسِ وَطَاحِنِهٖ فِي الطَّوَاحِنِ وَنَاجِذِهٖ فِي النَّوَاجِذِ

ہر ڈاڑھ پر ڈاڑھوں میں۔ اور چبانے والی ڈاڑھوں پر ان ڈاڑھوں میں۔ اور آپ کی آخری ڈاڑھوں پر آخری ڈاڑھوں میں

وَبَيَاضِ سِنَّتِهٖ فِي الْاَسِنَّةِ وَلَمَعَانِ اَسْنَانِهٖ فِي الْاَسِنِ وَسِنْخِهٖ

اور آپ کی ڈاڑھوں کی سفیدی پر تیز اور کاٹنے والی ڈاڑھوں میں اور آپکے دانتوں کی چمک پر دانتوں میں اور آپکے دانت اگنے کی جگہ

فِي الْاَسْنَاخِ وَدُرْدُرِهٖ فِي الدَّرَادِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر ان کی جگہوں میں۔ اور آپ کے بچپن میں دانت اُگنے کی جگہ پر ان جگہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عُمْرِهٖ فِي الْعُمُوْرِ وَلَثَّتِهٖ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپکے دانتوں کے درمیانی گوشت پر ان گوشتوں میں۔ اور آپکے مسوڑے پر

فِي اللِّثَّاتِ وَلِسَانِهٖ فِي الْاَلْسُنِ وَذَبْذَبِهٖ فِي الذَّبَاذِبِ وَ

مسوڑوں میں۔ اور آپ کی زبان پر زبانوں میں اور آپ کی زبان پر زبانوں میں۔ اور

مِسْرَدِهٖ فِي الْمَسَارِدِ وَعَذْبَتِهٖ فِي الْعَذَبَاتِ وَثَمَرِهٖ فِي

آپ کی زبان پر زبانوں میں اور آپ کی زبان کی نوک پر نوکوں میں اور آپ کی زبان کے سرے پر

الْاَثْمَارِ وَحَنَكِهٖ فِي الْاَحْنَاكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

ان کے سروں میں اور آپ کے تالو پر تالوؤں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عُنْدُوْبِهٖ وَسَاكِبَيْ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے حلق کے ارد گرد کے سخت گوشت پر اور آپ کے لعاب

لُعَابِهٖ وَعُمَرَتَيْهِ وَضَرْدَيْهِ وَنَغْنَغَتَيْهِ وَتُرْسِيَّهٖ وَ

کو پلٹنے والی دونوں گلٹیوں پر۔ اور آپکے دونوں مسوڑھوں پر اور زبان کی دونوں رگوں پر اور حلق کے اندر کی دو گلٹیوں پر۔ اور گلے کے اندر کی

عَكَبَيْهِ وَلَوْزَتَيْهِ وَغُلْصَمَتَيْهِ وَقُرْدُوْحَتِهٖ وَلَيَّتَيْهِ وَعَظْمِهِ

سخت جگہ پر اور آپکے جبڑے کو دو موٹے حصوں پر اور آپکے گلے کی دونوں گلٹیوں پر۔ اور آپکے سر اور گردن کی دونوں جانب کے گوشت پر اور حلق کی گانٹھ پر

الْاُمِّيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور گردن کے دونوں پہلوؤں پر اور دماغ والی ہڈی پر۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى نَطْعِهٖ فِي النُّطُوْعِ وَلَهَاتِهٖ فِي اللَّهَوَاتِ وَلَغْدُوْدِهٖ

آل پر اور آپ کے تالو کے اگلے حصے پر اگلے حصوں میں۔ اور حلق کے کوے پر حلق کے کووں میں۔ اور حلق کے گوشت پر ان

فِي اللَّغَادِيْدِ وَحَنْجَرِهٖ فِي الْحَنَاجِرِ وَاَعْلِهٖ وَغَارِ اَسْفَلِهٖ

گوشتوں میں۔ اور آپ کے نرخرہ پر نرخروں میں اور نرخرہ کے بالائی حصہ پر اور اس کے نچلے گہرے حصے پر

وَحُلْقُوْمِهٖ فِي الْحَلَاقِيْمِ وَحَلْقِهٖ فِي الْحُلُوْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آپ کے حلقوم پر حلقوموں میں اور حلق پر گلوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى كَظْمِهٖ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے سانس کی نالی پر

فِي الْاَكْظَامِ وَنَغْنَغِهٖ فِي النَّغَانِغِ وَمَرِيْهِ فِي الْمَرِيَّاتِ وَبُلْعُوْمِهٖ

ان نالیوں میں۔ اور اس کے پھیلے ہوئے حصے پر ایسے حصوں میں اور آپ کی مری پر مریوں میں اور آپکے حلقوم پر

فِي الْبَلَاعِيْمِ وَعُنُقِهٖ فِي الْاَعْنَاقِ وَرَقَبَتِهٖ فِي الرِّقَابَاتِ وَجِيْدِهٖ

حلقوموں میں۔ اور آپ کی گردن پر گردنوں میں۔ اور رقبہ پر رقاب میں اور آپ کی گردن پر

فِي الْاَجْيَادِ وَقَفَآئِهٖ فِي الْاَقْفَآءِ وَقَافِيَتِهٖ فِي الْقَوَافِيْ وَحَقِّ

گردنوں میں۔ اور آپ کی گدی پر گدیوں میں۔ سر کی پچھلی جانب پر ایسی جانبوں میں۔ اور آپ کی گدی

قَفَآئِهٖ فِي الْحَقَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

کی گہری جگہ پر ایسی گہری جگہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى صَلِيْفِهٖ فِي الصُّلُفِ وَدَلِيَّتِهٖ فِي الدَّلِيَّاتِ

سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی گردن کے پہلو پر پہلوؤں میں۔ اور آپ کے نشان پر نشانوں میں

وَدَاجِهٖ فِي الْاَدْوَاجِ وَفَهْقَتِهٖ فِي الْفَهَاقِ وَوَرِيْدِهٖ فِي الْاَوْرِدَةِ

اور آپ کی دونوں خون والی رگوں پر ان رگوں میں۔ اور آپ کی گردن کی جڑ والی ہڈی پر ان ہڈیوں میں اور شہ رگ پر

وَعِلْبَآئِهٖ فِي الْعَلَابِيِّ وَعَاتِقِهٖ فِي الْعَوَاتِقِ اَللّٰهُمَّ

شہ رگوں میں۔ اور آپ کی گردن کے پہلو والے پٹھے پر ان پٹھوں میں۔ اور آپکے کندھے پر کندھوں میں اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

وَّعَلٰی عُرُوْقِهِ السُّبَاتِيَّةِ وَتَرْقُوَتِهٖ فِی التَّرَاقِیْ وَقَذَالِهٖ فِی
اور آپ کی دراز۔ یا ئیند اور اونگھ لانے والی رگوں پر۔ اور آپ کی ہر ہنسلی پر ہنسلیوں میں۔ اور آپ کی گدی پر
الْقَذَالِ وَكُظْرِهٖ فِی الْاَكْظَارِ وَحَاقِنَتِهٖ فِی الْحَوَاقِنِ وَمُلْتَقٰی
گدیوں میں اور آپ کی ہنسلی کی ہڈی کی درمیانی جگہ پر ایسی جگہوں میں۔ اور آپ کی ہنسلی کی درمیانی جگہ پر ان جگہوں میں اور آپ کی
تَرْقُوَتَيْهِ وَنَضِيِّهٖ فِی الْاَنْضِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا
دو ہنسلیوں کے مقام اتصال پر۔ اور آپ کے کاندھے اور کان کے درمیانی حصے پر ان حصوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی فِقْرَتِهٖ فِی الْفِقَارِ وَ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ (کی پیٹھ کے) ہر مہرہ پر ان مہروں میں اور
نِخَاعِهٖ فِی النُّخَاعِ وَجَنَاحَيْهِ فِی الْاَجْنِحَةِ وَشَوْكِهٖ وَشَاخِصِهٖ
ریڑھ کی ہڈی کے مغز پر ان مغزوں میں۔ اور آپ کے دونوں بازوؤں پر بازوؤں میں اور آپ کے بازو کی قوت اور اس کے
فِی الشَّوَاخِصِ وَمَنْكِبَيْهِ فِی الْمَنَاكِبِ وَاَسَرَّيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
ابھار یر ابھاروں اور اٹھانوں میں۔ اور آپ کے کندھے پر کندھوں میں۔ اور آپ کے دونوں شانوں پر۔ اے اللہ صلواۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی عِطْفَيْهِ
وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے پہلو پر
فِی الْاَعْطَافِ وَكَتِفَيْهِ فِی الْاَكْتَافِ وَحَقِّ كَتِفَيْهِ فِی الْحِقَاقِ وَ
پہلوؤں میں۔ اور کندھے پر کندھوں میں۔ اور آپ کے بازو اور شانے کے درمیانی بلند حصے پر ان بلند حصوں میں اور
نُغْضِ كَتِفَيْهِ وَقُلَّةِ كَتِفَيْهِ فِی الْقُلَّاتِ وَمَنْقَارِ غُرَابَيْهِ وَ
شانے کی باریک ہڈی پر اور آپ کے شانے کی ہڈیوں اور کھال پر ان ہڈیوں اور کھالوں میں۔ اور آپ کے سر کے پچھلے حصے کی نوکیلی ہڈی
كَاهِلِهٖ فِی الْكَوَاهِلِ وَكَاثِبَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا
پر آپ کی گردن کے قریبی بالائی پٹھے پر ان پٹھوں میں اور آپ کی پیٹھ کے بالائی حصہ پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی بَادِرَتِهٖ فِی الْبَوَادِرِ وَمَنْسِجِهٖ فِی
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کے مونڈھے اور گردن کے درمیانی گوشت پر ان گوشتوں میں اور آپ کے رگوں پٹھوں کے باہمی

الْمَنَاسِجِ وَاِبْطِهٖ فِی الْاٰبَاطِ وَبَادِلَتِهٖ فِی الْبَادِلِ وَسَحْرِهٖ فِی الْاَسْحَارِ
ربط وضبط والے مقام پر ایسے مقامات ہیں۔ اور آپ کی ہر بغل پر بغلوں میں اور آپ کی بغل اور پستان کے درمیانی گوشت پر ان گوشتوں میں اور آپ کے پھیپھڑے پر پھیپھڑوں
وَحِضْنِهٖ فِی الْاَحْضَانِ وَعَضُدِهٖ وَقَبِيْحِهٖ فِی الْقَبَائِحِ وَوَابِلَتِهٖ
میں۔ اور آپ کے پہلو پر پہلوؤں میں اور آپ کے بازو پر۔ اور بازوں کی ہڈی کے کنارے پر ان کناروں میں۔ اور بازو کے اوپر والے حصے پر
فِی الْاَوَابِلِ وَمِرْفَقِهٖ فِی الْمَرَافِقِ وَسَاعِدِهٖ فِی السَّوَاعِدِ وَزَنْدِ
ان حصوں میں اور آپ کی کہنی پر کہنیوں میں۔ اور آپ کی کلائی پر کلائیوں میں اور آپ کے ہاتھ
اَعْلِهٖ وَاَسْفَلِهٖ وَرُسْغِهٖ فِی الْاَرْسَاغِ وَيَدِهٖ فِی الْاَيَادِیْ يَا اِلٰهَ
کے بالائی گٹے اور زیریں گٹے پر اور آپ کے پنجے پر پنجوں میں اور ہر ہاتھ پر ہاتھوں میں اے معبود
الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ اَنْتَ اِلٰهُ الْاَنْوَارِ الْمُشْرِقَةِ فِیْ اَطْبَاقِ
برحق معبودانِ مشرکین کے بھی کہ بلند ہے جلال اس کا۔ تو ہی الٰہ ہے ان انوار کا جو روشن ہیں آسمانوں کے
السَّمٰوٰتِ الْمُتَجَلِّيَةِ بِالْاَنْوَارِ الْجَلِيَّةِ الْبَرَّاقَةِ الْمُسْتَجِنَّةِ مِنْهُ
تمام طبقات میں جو منور ہیں ایسے واضح انوار کے ساتھ جو برق کی مانند چمکنے والے ہیں کہ پوشیدہ ہو جانیوالے ہیں ان کی تجلی سے
الْاَنْوَارُ الظُّلْمَانِيَّةُ الْكَدِرَةُ الْجَهَنَّمِيَّةُ الْمُخْلِقَةُ الْمُمْحِلَةُ وَيَا رَبَّ
ظلمانی اور گدلے انوار جہنم والے جو بوسیدہ اور ویران کرنے والے ہیں۔ اور اے رب
الْفَلَكِ الْكُلِّیِّ الْاَطْلَسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ الثَّمَانِيَةِ الَّتِیْ رَكَدَتْ
فلک کلی کے جو ستاروں سے خالی ہے اور رب ان کے جو اس میں ہیں یعنی وہ آٹھ ملائکہ کہ قرار پکڑے ہوئے ہیں
اَرْجُلُهُمْ اِلٰی تَحْتِ الثَّرٰی وَرُءُوْسُهُمْ تَحْتَ قَوَائِمِ الْعَرْشِ حَبِّبْنِیْ
پاؤں ان کے زمین کے گیلے حصے سے بھی نیچے اور ان کے سر عرش کے پایوں کے نیچے ہیں مجھے محبوب بنا
فِی الْمَلَكُوْتِ بِالرِّفْعَةِ وَاَشْغِلْنِیْ عَنِ النَّاسُوْتِ بِالْجَبَرُوْتِ مَعَ
عالم بالا میں ساتھ رفعتِ درجات کے۔ اور مشغول کر مجھے عالم اجسام سے ساتھ جبروت کے بمع
الْجَلَالَةِ وَسَلِّطْنِیْ عَلٰی مُشَافَهَةِ الْعُلْوِيَّاتِ فِیْ مُشَاهَدَةِ الْحَقَائِقِ
جلالت کے اور مسلط فرما مجھے علویات کے روبرو ہو کر حقائق کا مشاہدہ کرنے پر

وَالْمُغَيَّبَاتِ الْجَلَالِيَّاتِ وَالْجَمَالِيَّاتِ وَلَا تُؤَاخِذْنِي بِالْحَتْفِ

اور غیبی امور کے مشاہدہ کرنے پر جلالی ہوں یا جمالی۔ اور نہ مؤاخذہ فرما مجھ سے ساتھ موت طاری کرکے

عَنْ تَحْصِيلِ الْكَمَالَاتِ وَلَا أُخْلِفُ مِنْ وَّعْدِكَ وَلَا أُخْلَفُ مِنْ

کمالات کے حصول سے (محروم کرنے) کے پس نہیں خلاف کروں گا میں تیرے وعدے کا۔ اور نہ محروم رکھا جاؤں گا

الْأَسْرَارِ الْخَفِيَّةِ مِنْ فَوَائِدِ حُجُبِكَ وَاجْعَلْنِي مِنْ أَصْحَابِ

اسرار خفیہ سے جو تیرے حجابات کے فوائد و ثمرات ہیں۔ اور بنا مجھے دائیں جانب والوں سے

الْيَمِينِ وَلَا تُزْهِقْ دَعَوَاتِي وَكَلَامَاتِي يَا صَادِقَ الْوَعْدِ وَالْقَوْلِ

اور نہ دور کر میری دعاؤں کو اور کلاموں کو اے اس سچے وعدے اور قول والے کہ

مَنْ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ أَزْلِفْنِي عِنْدَ الْبَرَرَةِ السَّجَّادَةِ

(قبول کرتا ہوں میں ہر دعا کرنے والے کی دعا جبکہ دعا کرے مجھ سے) قریب کر مجھے اپنے نیکوکاروں کے جو سجدہ کرنے والے

وَالرَّكَّاعَةِ مَعَ الْمَلَأِ الْأَعْلَى الَّتِي حَوْلَ السِّدْرَةِ الْمَرْفُوعَةِ الْمَنْزُوعَةِ

اور رکوع کرنے والے ہیں ساتھ ملاء اعلیٰ کے جو بلند مقام سدرہ کے گرد ہیں۔ جن سے سلب کرلی گئی ہیں

عَنْهَا الشَّهَوَاتُ النَّفْسِيَّةُ وَاللَّذَّاتُ الرُّوحِيَّةُ أَخِذًا لِلْفَيْضِ الرَّبَّانِيِّ

خواہشات نفسانیہ اور لذات روحانیہ درآنحالیکہ ہیں حاصل کرنے والا ہوں فیض ربانی

النُّورِيِّ وَبِهِ الْحَيْوَةُ وَالْهِدَايَةُ كَائِنًا فِي عَالَمِ الْأَمْرِ سَائِرًا إِلَى

نورانی کا جبکہ ساتھ اسی کے حیوٰۃ اور ہدایت ہے درآنحالیکہ موجود ہونے والا ہوں عالم امر میں۔ سیر کرنیوالا ہوں پیچھے

وَرَاءِ الْفَلَكِ الْكُلِّيِّ الْأَطْلَسِ فِي الْخَلَاءِ الْأَبْعَدِ مُنْقَلِبَةً وَّهُمَاتِي

فلک کلی اطلس کے اس خلاء میں جس کا بعد بعید ہے درآنحالیکہ پھرنے والے ہوں میرے اوہام

إِلَى الْحَقِّ اللّٰهُمَّ لَا تُبْقِنِي فِي الْأَسْجَافِ الظُّلْمَانِيَّةِ أَنْتَ الْمُخْرِجُ

طرف حق کے۔ اے اللہ نہ باقی رکھ مجھے ظلمانی پردوں میں۔ تو ہی نکالنے والا ہے

الْجَرَّارُ مِنْهَا إِلَى النُّورِ اللَّامِعِ الْهَادِي الْكَشَّافِ اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِينَ

کھینچنے والا ہے ان سے طرف نور کے جو چمکنے والا اور رہنمائی کرنے والا ہے اور کھولنے والا ہے (حقائق کا) اللہ تعالیٰ مددگار ہے ان لوگوں کا

آمَنُوا يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ اللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّفِيعُ الْغَنِيُّ

جو ایمان لائے نکالتا ہے انہیں ظلمتوں سے نور کی طرف۔ اے اللہ تو ہی بلند مرتبت، بے نیاز

الْوَهَّابُ وَأَنَا الْفَقِيرُ الذَّلِيلُ الْمُحْتَاجُ لَا إِلٰهَ سِوَاكَ اجْعَلْنِي فَارِغَ

اور ہبہ کرنے والا ہے جبکہ میں فقیر محتاج اور ذلیل ہوں۔ نہیں کوئی معبود برحق سوا تیرے بنا مجھے خالی دل والا

الْقَلْبِ مَجْمُوعَ الْهَمِّ وَوَارِثًا فِي الْأَعْمَالِ وَالْخَيْرَاتِ الْعِلْمِيَّةِ اللَّوْحِيَّةِ

(اپنے غیر سے) اور مجتمع عزم وارادہ والا۔ اور وارث تمام اعمال اور خیرات علمیہ کا جو لوح (محفوظ) میں ہیں اور

الْمُنْتَقِشَةِ فِي الصُّوَرِ الْكُلِّيَّةِ مِنَ الْمَظَاهِرِ الرَّفِيعَةِ فِي مَقَامِ الْجَمْعِ وَ

نقش ہونے والے ہیں مظاہر رفیعہ کے صور کلیہ میں مقام جمع اور

الْكُلِّ وَارْفَعْنِي مَرْتَبَةً بِإِعْطَاءِ طُعْمَةٍ وَّلُقْمَةٍ نُورِيَّةٍ جَمَالِيَّةٍ لِّرُوحِي

کل میں۔ اور بلند فرما میرے مرتبہ کو بسبب عطا کرنے ایسے طعام اور لقمہ کے میرے روح کو جو کہ نوری اور جمالی ہے

أَخِذَةً مِّنْ نَّصِيبِ نَفْسِي فَنَسْتَغْرِقُ فِي الْمُطَالَعَاتِ الْجَلَالِيَّةِ

شروع ہونے والا ہے میرے نفس کے نصیب اور حصہ سے پس ہم (روح اور نفس کے ساتھ) مستغرق ہو جائیں (تیرے) جلال کے مطالعات میں

وَالْمُلَاحَظَاتِ الْجَمَالِيَّةِ بِاشْرَاقِ سِرَاجِ الْكَائِنَاتِ الْمُحِيطَةِ

اور (تیرے شان) جمال کے ملاحظات میں بسبب روشن ہو جانے کائنات کو منور کرنے والے چراغ کے کہ احاطہ کرنے والی ہیں

أَضْوَاءُهَا بِأَرْكَانِ الْعَالَمِ وَأَطْرَافِهِ مِنْ غَيْرِ إِطْفَاءٍ يَا مُدَبِّرَ

اس کی ضیائیں تمام عالم کے ارکان و اطراف کا بغیر کسی لمحہ بجھنے اور بے نور ہونے کے۔ اے تدبیر اور انتظام فرمانے والے

الدَّوَّارِ الْأَعْظَمِ الْمُحِيطِ بِكُلِّ الْأَدْوَارِ اجْعَلْنِي قَعِيدًا مَّعَ جُلَسَاءِ

عظیم ترین فلک دائر کے جو احاطہ کئے ہوئے ہے تمام ادوار کا بنا مجھے ہمنشین حق اور

الْحَقِّ مَعَ الصِّدِّيقِ مِنَ الْأَوْلِيَاءِ الْحَرَّانِ إِلَى مُشَاهَدَتِكَ مِنْ

صدق والے جلساء کا یعنی ان اولیاء کرام کا جو پرواز کرنے والے ہیں تیرے مشاہدۂ ذات کی طرف

غَيْرِ الْحِرْمَانِ يَا ذَا الْإِحْسَانِ ارْفَعْ دَرَجَاتِي إِلَى اللَّاهُوتِيَّةِ مِنَ

بغیر حرمان اور محرومی کے۔ اے مالک احسان کے۔ بلند فرما میرے درجات کو لاہوتی بلندیوں

الرِّفْعَاتِ الْمَشْمُوْلَةِ الْاَنْوَاعِ تَحْتَ هٰذَا الْاِسْمِ الرَّفِيْعِ

تک جو تمام اقسام کی بلندیوں کا احاطہ کرنے والی ہیں نیچے اس اسم رفیع و

الْجَلِيْلِ حَتّٰى اَكُوْنَ مُسَامِرًا فِيَّ بِسَطَوَاتٍ وَّمُتَصَرِّفًا بِعَوَارِضِ

جلیل کے حتی کہ ہو جاؤں میں اپنے ساتھ ہمکلام ساتھ سطوات اور غلبہ کے اور متصرف ہو جاؤں ملائکہ والے

الْمَلٰٓئِكَةِ فِيْ عَيْنِ نُعُوْتِ الْكَمَالِ ثُمَّ عَرِّجْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرُّوْحِ

عوارض وصفات (حاصل کرنے کے) ذریعے صفاتِ کمال میں۔ پھر مجھے بلندی پر چڑھا اور لاحق فرما اس روح اقدس کیساتھ

الَّذِيْ هُوَ اَبُوالْاَرْوَاحِ الْمُحَمَّدِيِّ بِالطَّاعَةِ وَالْاِنْقِيَادِ وَحُصُوْلِ

جو کہ تمام ارواح کی اصل ہے یعنی روح محمدی کے ساتھ بسبب اطاعت گزاری اور تابعداری کے اور حاصل ہونے

الصِّفَاتِ فِي الْمَرَاتِبِ الْاِضَافِيَّاتِ وَالْكَثَرَاتِ مُتَوَجِّهًا

صفات کے مراتب اضافیہ اور مراتب کثرت میں درآنحالیکہ توجہ کرنے والا ہو جاؤں

اِلٰى عَالَمِ الْقُدْسِ فِيْ اقْتِنَاءِ الْعَجَائِبِ وَاِسْعَافِ الْحَاجَاتِ

طرف عالم قدس کے عجائبات کے حاصل کرنے میں اور حاجات کے پورا کرنے میں

مَعَ اِشْرَافِ الْخَوَاصِّ الْاِلٰهِيَّاتِ بِضِمْنِ الْبَدَنِ وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ

بمع منعکس ہونے اور پرتو فگن ہونے خواص الٰہیہ کے میرے بدن اور روح کے اندر۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى ذِرَاعَيْهِ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر دو کلائیوں پر

فِي الْاَزْرُعِ وَنَاشِرَتِهٖ فِي النَّوَاشِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کلائیوں میں اور آپ کے ہاتھوں کے رگوں پٹھوں پر تمام ایسے پٹھوں اور رگوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى رَاحَتِهٖ فِي الرَّاحِ وَكَفِّهٖ فِي

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر۔ اور آپ کی ہتھیلی کے اندرونی حصہ پر ایسے تمام حصوں میں اور ہتھیلی پر ہتھیلیوں میں

الْكُفُوْفِ وَبَطْنِ كَفِّهٖ فِي الْبُطُوْنِ وَظَهْرِ كَفِّهٖ فِي الْاَكُفِّ اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی ہتھیلی کے اندرون پر ہتھیلیوں کے اندرونی حصوں میں اور اس کی پشت پر ہتھیلیوں کی پشتوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى عُفْمِهٖ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی پیٹھ کے مہروں پر

وَرَاسِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور آپ کے کندھوں پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اِصْبَعِهٖ فِي الْاَصَابِعِ وَرَاجِبَتِهٖ فِي الرَّوَاجِبِ اَللّٰهُمَّ

محمد کی آل پر اور آپ کی ہر انگلی پر انگلیوں میں۔ اور آپ کی ہر انگلی کے ہر جوڑ پر ان کے جوڑوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شُنْتُرَتِهٖ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی ہر دو انگلیوں کے

فِي الشَّنَاتِرِ وَخِنْصَرِهٖ فِي الْخَنَاصِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

درمیانی حصے پر۔ اور آپ کی ہر ہر چھنگلی پر چھنگلیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى بِنْصَرِهٖ فِي الْبَنَاصِرِ وَوُسْطَيْهِ

ح عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأٰى عَلَيْهِ

الحدیث۔ حضرت یعلی بن مرّہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ان پر

خَلُوْقًا فَقَالَ أَلَكَ امْرَأَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ

خلوق کو تو دریافت فرمایا کیا تیری بیوی ہے میں نے عرض کیا نہیں تو فرمایا اس کو دھو ڈال۔ پھر دھو ڈال اور پھر

اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ

دھو ڈال اور اس کے بعد ایسی خوشبو نہ لگانا اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے متعلق کہا حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے

قَدِمْتُ عَلٰى أَهْلِي مِنْ سَفَرٍ وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُوْنِي

میں اپنے گھر آیا ایک سفر سے جبکہ میرے دونوں ہاتھ پھٹ چکے تھے تو اہل خانہ نے مجھے زعفران ملی

بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ

خلوق لگادی پس میں صبح کو بارگاہ نبوت میں حاضر ہوا صلی اللہ علیہ وسلم پس میں نے سلام

عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ ح قَالَ

عرض کیا مگر آپ نے جواب سلام مجھے نہ دیا اور فرمایا جایئے اور اس خوشبو کو دھو کر اپنے سے دور کیجئے۔ (الحدیث)

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيْبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مردوں کی خوشبو ایسی ہونی چاہیئے کہ جس کی خوشبو تو ظاہر ہو

خَفِيَ لَوْنُهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَخَفِيَ رِيْحُهٗ ح قَالَ

لیکن اس کا رنگ ظاہر نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو کا رنگ نمایاں ہو اور مہک نمایاں نہ ہو۔ (الحدیث)۔ فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ وَفِي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قبول فرماتا اللہ تعالیٰ نماز اس آدمی کی جس کے

جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ الْفِطْرَةُ

بدن پر خلوق میں سے کچھ خوشبو لگی ہو۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا فطرت (کی مقتضی خصلتیں)

خَمْسٌ الْخِتَانُ وَالْإِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْأَظْفَارِ وَ

پانچ ہیں۔ ختنہ۔ زیر ناف بال صاف کرنا۔ مونچھیں کاٹنا۔ ناخن تراشنا اور

نَتْفُ الْإِبْطِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ

بغلوں کے بال اکھیڑنا۔ الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی مخالفت کرو

أَوْفِرُوا اللُّحٰى وَاحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِي رِوَايَةٍ أَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَاعْفُوا

ڈاڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھوں کو پست کرو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ مونچھوں کو ہلکا کرو اور ڈاڑھیوں کو

اللُّحٰى ح قَالَ أَنَسٌ وُقِّتَ لَنَا فِي قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْأَظْفَارِ وَنَتْفِ

دراز کرو۔ الحدیث۔ فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ہمارے لیے وقت معین کیا گیا مونچھیں کاٹنے۔ ناخن تراشنے اور بغل کے

الْإِبْطِ وَحَلْقِ الْعَانَةِ أَنْ لَّا نَتْرُكَ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً وَصَلِّ عَلٰى

بال اکھیڑنے اور زیر ناف بال مونڈنے کے لیے کہ ہم انہیں نہ چھوڑیں چالیس دن سے زیادہ تک۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ مَا الْقَزَعُ قَالَ يُحْلَقُ بَعْضُ

سیدنا محمد پر جنہوں نے منع فرمایا قزع سے عرض کیا گیا۔ کیا ہے قزع ؟ تو فرمایا کہ مونڈ لیا جائے

رَأْسِ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكُ بَعْضٌ ح رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيًّا

بچے کے سر کا کچھ حصہ اور چھوڑ دیا جائے کچھ حصہ الحدیث۔ دیکھا نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچے کو

قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَأْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضُهٗ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَقَالَ احْلِقُوْا

جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا تھا اور بعض اسی طرح چھوڑ دیا گیا تھا تو آپ نے انہیں اس سے منع فرمایا اور فرمایا سارا مونڈو

كُلَّهٗ اَوِ اتْرُكُوْا كُلَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

یا سارا چھوڑ دو۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بارگاہ میں لایا گیا ایسا شخص

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّآءِ فَقَالَ

جو بتکلف ہیجڑا بنا ہوا تھا جس نے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگا رکھی تھی تو رسول اللہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَآءِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی کیا کیفیت ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یہ بتکلف عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار

فَاَمَرَ بِهٖ فَنُفِيَ اِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَقْتُلُهٗ فَقَالَ اِنِّيْ

کرتا ہے تو آپ نے اس کے متعلق حکم دیا تو اسے نقیع کی طرف نکال دیا گیا تو عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا ہم اسے قتل نہ کر دیں تو آپ نے فرمایا

نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

میں منع کیا گیا ہوں نماز پڑھنے والوں کے قتل کرنے سے الحدیث۔ حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ لعنت فرمائی نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَآءِ وَقَالَ

علیہ وسلم نے عورتوں کے روپ میں ڈھلنے والے مردوں پر اور مردوں کی ہیئت اختیار کرنے والی عورتوں پر اور فرمایا

اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

انہیں اپنے گھروں سے نکال دو۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہی مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی

سَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ

اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے مردوں میں سے عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والوں پر اور عورتوں میں سے

النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ وَلَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ

مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والیوں پر۔ اور لعنت فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد پر جو

يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ ح اَلنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

پہنے عورتوں کی طرح لباس۔ اور عورتوں پر جو مردوں جیسا لباس استعمال کریں (الحدیث) نبی مکرم صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَ

علیہ وسلم نے فرمایا لعنت فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے واصلہ اور مستوصلہ پر یعنی جو عورت بال بڑھانے کیلئے دوسرے بال ساتھ ملائے یا ملانے کو کہے اور

الْمُسْتَوْشِمَةَ ح قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ

گودنے والی پر اور گدوانے والی پر (الحدیث)۔ فرمایا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے "اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے گودنے والی عورتوں پر

وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ وَالْمُغَيِّرَاتِ

اور گودوانے والیوں پر اور بال نوچنے والیوں پر اور دانت باریک کر کے ان میں حسن پیدا کرنے کیلئے کشادگی پیدا کرنے والیوں پر اور تبدیل

خَلْقَ اللّٰهِ فَجَآءَتْهُ اِمْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اِنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَ

کرانے والیوں پر اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو" تو آئی ان کے پاس ایک عورت جس نے کہا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ایسے ایسے لعنت کی

كَيْتَ فَقَالَ مَالِيْ لَآ اَلْعَنُ مَنْ لَّعَنَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہے؟ تو آپ نے فرمایا مجھے کیا ہے کہ میں ان پر لعنت نہ کروں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَاْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ

لعنت کی ہے اور جو لعنت اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہے۔ تو اس نے کہا میں نے تلاوت کی ہے سارے قرآن کی

فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَاْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ

مگر میں نے تو اس میں نہیں پایا جو تم کہتے ہو۔ آپ نے فرمایا۔ اگر تو نے اسے پڑھا ہوتا تو ضرور پایا ہوتا میرے قول کو

اَمَا قَرَاْتِ مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ

کیا نہیں پڑھا تو نے کہ (جو دیں تمہیں رسول اللہ تو اسے پکڑو۔ اور جس سے منع کریں تو اس سے رک جاؤ) اس نے کہا

بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ ح قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

ہاں کیوں نہیں۔ آپ نے فرمایا تو بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا الحدیث۔ فرمایا ابن عباسؓ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ

وسلم کاٹتے تھے یا لیتے تھے اپنی مونچھوں سے۔ اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام بھی

الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهٗ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ

اسی طرح کرتے تھے الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جس نے نہ

يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

لیا (اور کاٹا) مونچھوں سے تو وہ نہیں ہے ہم سے یعنی کامل طریقہ پر نہیں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جنہوں نے

قَالَ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ ح قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

فرمایا کہ (بڑھاپے کی) سفیدی کو تبدیل کرو۔ اور نہ مشابہت اختیار کرو ساتھ یہودیوں کے۔ الحدیث۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي

وسلم نے کہ سفید بالوں کو نہ اکھیڑو کیونکہ وہ مسلمان کے لیے نور ہیں جو شخص سفید بالوں والا ہوا

الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَّكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا

اسلام میں رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے بسبب اس کے نیکی اور دور کرے گا اس کے بسبب اس کے گناہ اور بلند کریگا اس کے لیے

دَرَجَةً ح مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ح

بسبب اس کے درجہ۔ الحدیث جو بوڑھا ہوا اسلام میں تو یہ بڑھاپا ہو گا اس کے لیے نور قیامت کے دن۔ ح

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْاَسَدِيُّ

فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اچھا مرد ہے خریم اسدی

لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شُفْرَةً

اگر نہ ہوتی اس کے سر کے بالوں کی حد سے تجاوز زیادتی۔ اور اس کا چادر کو گھسیٹنا (تو کتنا اچھا ہوتا) تو آپکا یہ فرمان خریم کو پہنچ گیا تو اس نے ایک چھری لی

فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ اِلٰى اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ اَللّٰهُمَّ

اور اس کے ساتھ بالوں کو کانوں تک کاٹ دیا اور بلند کیا اپنی چادر کو آدھی پنڈلیوں تک۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَ اَنَسٌ كَانَتْ لِيْ ذَوَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ اُمِّيْ لَا

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر فرمایا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے میری ایک مینڈھی تھی تو فرمایا مجھے میری ماں نے میں

اَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُهَا اَللّٰهُمَّ

اسے نہیں کاٹوں گی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے کھینچتے تھے اور پکڑتے تھے۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اِذَا سَافَرَ كَانَ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا جب سفر فرمانے لگتے تو آپ کی

اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِاِنْسَانٍ مِّنْ اَهْلِهٖ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَللّٰهُمَّ

آخری ملاقات اپنے اہل میں سے جس ہستی کے ساتھ ہوتی تھی وہ حضرت سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا تھیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَلْبَسَهُ اللّٰهُ حُلَّةَ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب مکرم کو اللہ تعالیٰ نے زیب تن کرایا ہے حلہ

التَّوْحِيْدِ وَالْاِصْطِفَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اُلْبِسَ

توحید کا اور خلعت اصطفاء کی۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں پہنائے گئے

ثِيَابَ الْعِزِّ وَسَوَابِغَ النِّعَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

ملتے عزو جاہ کے اور زرہیں نعمتوں اور انعاموں کی۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے

اِلْتَحَفَ ثَوْبَ الْمَجْدِ وَاكْتَسَابِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

اوڑھا مجد اور بزرگی کا لباس اور کسب خیر کی خلعت کو۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

اَلْبَسَهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْجَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ زَيَّنَ

اللہ تعالیٰ نے حسن و جمال کی پوشاک پہنائی۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر کہ مزین کیا ہے

اللّٰهُ مَفْرِقَهٗ وَجَبِيْنَهٗ بِتَاجِ النُّوْرِ وَالْاِكْلِيْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اللہ تعالیٰ نے ان کے سرتاج کو اور جبین اقدس کو نور کے تاج اور اس کی آرائش سے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ لَبَّسَ حُلَّةَ الْخُلَّةِ وَخِلْعَةَ الْخَلْعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ جنہوں نے زیب تن فرمایا خلت کے لباس کو۔ اور مخلوق سے علیحدگی کی خلعت کو۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ فَازَ بِهٖ مَنْ فَازَ وَتَدَاعَدَ عَلٰى حُلَّةِ قُرَيْشٍ كَالطِّرَازِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر کہ جن کے طفیل کامیاب ہوئے جو خوش قسمت کہ کامیاب ہوئے اور جم کر بیٹھ گئے قریش کے حلہ پر مانند نقش و نگار کے۔

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ رُفِعَ عَلٰى رَاْسِهٖ تَاجُ الْمَحَاسِنِ وَعَلَيْهِ

اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے سرتاج پر بلند کیا گیا محاسن اور خوبیوں کا تاج اور وہ اسی سرتاج پر ہی

اِنْتَصَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ مِنْ

قائم ہو گیا۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا مخلوق کو ان کے

لَبُوْسِ جَمَالِ نُوْرِهٖ وَمِنْ مَّلْبُوْسِ جَلَالِ ظُهُوْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جمال نور والے لباس سے اور ان کے جلال ظہور کے پہناوے سے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی کَمَالِہٖ فِی الْکَمَالَاتِ وَصَدَقَتِہٖ فِی

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے کمال پر کمالات میں ۔ اور صدقہ پر

الصَّدَقَاتِ وَسِرِّہٖ فِی الْاَسْرَارِ وَلُغَتِہٖ فِی اللُّغَاتِ وَعِبَارَتِہٖ فِی الْعِبَارَاتِ

صدقات میں اور آپ کے سر اور رمز پر اسرار و رموز میں ۔ اور آپ کی لغت اور بولی پر لغات میں ۔ اور عبارت پر عبارات میں

وَفِکْرِہٖ فِی الْاَفْکَارِ وَدَرَجَاتِہٖ فِی الدَّرَجَاتِ وَاُسْطُوْرَتِہٖ فِی الْاَسَاطِیْرِ وَ

اور آپ کے فکر پر افکار میں ۔ اور آپ کے درجہ پر درجات میں اور آپ کے لکھے ہوئے شان اور قصوں پر قصص میں ۔ اور

قِصَّتِہٖ فِی الْقَصَصِ وَخَاصَّتِہٖ فِی الْخَصَائِصِ وَاِحْسَانِہٖ فِی الْمُحْسِنِیْنَ

آپ کے بیان کئے ہوئے قصے پر قصص میں ۔ اور آپ کے خاصے پر خواص میں ۔ اور آپ کے احسان پر محسنین میں

وَزُہْدِہٖ فِی الزَّاھِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور آپ کے زہد پر زاہدین میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی شَفَاعَتِہٖ فِی الشُّفَعَآءِ وَمَحَبَّتِہٖ فِی الْمُحِبِّیْنَ وَشَرَافَتِہٖ

محمد کی آل پر اور آپ کی شفاعت پر شفاعت کرنے والوں میں ۔ اور آپ کی محبت پر محبتوں میں اور شرافت پر

فِی الشُّرَفَآءِ وَنَجَابَتِہٖ فِی النُّجَبَآءِ وَھِدَایَتِہٖ فِی الْھُدَاۃِ وَھِجْرَتِہٖ فِی

شرفاء میں اور آپ کی حسبی و نسبی عمدگی پر نجابتوں میں ۔ اور آپ کی ہدایت پر ہادیوں میں ۔ اور آپ کی ہجرت پر

الْمُھَاجِرِیْنَ وَرِیَاضَتِہٖ فِی الْمُرْتَاضِیْنَ وَتَوْبَتِہٖ فِی التَّآئِبِیْنَ وَثَوْبِہٖ فِی

مہاجرین میں ۔ اور آپ کی ریاضت و مشقت پر اہل ریاضت میں ۔ اور آپ کی توبہ پر توبہ کرنے والوں میں اور کپڑوں پر

الْاَثْوَابِ وَرَثْمَۃِ ثِیَابِہٖ فِی الرَّثْمَاتِ وَصُوَانِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ

کپڑوں میں اور آپ کے کپڑوں کی گٹھڑی پر گٹھڑیوں میں اور کپڑے محفوظ رکھنے کے ظرف میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور

بَارِكْ وَعَظِّمْ وَكَرِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

برکت عطا فرما اور تعظیم و تکریم فرما سیدنا محمد کی ۔ اور سیدنا محمد کی

لِبَاسِہٖ فِی الْمَلَابِسِ وَخِیَاطَۃِ مَلْبُوْسِہٖ فِی الْمَلْبُوْسَاتِ وَحُلَّتِہٖ فِی الْحُلَلِ

آل کی ۔ اور آپ کے لباس کی لباسوں میں اور آپ کے ملبوسات کی سلائی پر ملبوسات میں اور آپ کے حلہ و پوشاک پر پوشاکوں میں

وَوِزْرِ اُمَّتِہٖ فِی الْاَوْزَارِ وَعِصْیَانِ اُمَّتِہٖ فِی الْعُصَاۃِ وَسَلْہٖ فِی الْاَسْمَالِ

اور آپ کی اُمت کے بوجھ پر ایسے بوجھوں میں ۔ اور آپ کی اُمت کے عصیان پر عاصیوں میں اور آپ کے بوسیدہ کپڑے پر بوسیدہ کپڑوں میں

وَسُمُوْلِہٖ فِی السَّمَاوِیْلِ وَسَرَاوِیْلِہٖ فِی السَّرَاوِیْلَاتِ وَتُقَاۃِہٖ فِی الْاَتْقِیَآءِ

اور آپ کے پھٹے ہوئے کپڑوں پر پھٹے ہوئے کپڑوں میں اور آپ کی شلوار پر شلواروں میں اور آپ کے تقویٰ پر اہل تقویٰ میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے

قَمِیْصِہٖ فِی الْقُمُصِ وَاِزَارِہٖ فِی الْاُزُرِ وَمُرَقَّعِہٖ فِی الْمُرَقَّعَاتِ وَبِطَانَتِہٖ

قمیص پر قمیصوں میں اور تہمد پر تہمدوں میں اور آپ کی پیوند لگی گودڑی پر پیوند لگی گودڑیوں میں اور آپ کے کپڑے کے استر

فِی الْبَطَآئِنِ وَظِھَارَتِہٖ فِی الظَّھَآئِرِ وَکُفَّتِہٖ فِی الْکُفَّاتِ وَجُبَّتِہٖ فِی

پر استروں میں اور ابرہ پر ابروں میں اور کنارے اور حاشیے پر کناروں اور حاشیوں میں ۔ اور آپ کے جبہ پر

الْجُبَّاتِ وَقَبَآئِہٖ فِی الْاَقْبِیَۃِ وَعَبَآئِہٖ فِی الْاَعْبِیَۃِ وَزِرِّہٖ فِی الْاَزْرَارِ

جبوں میں اور قباء پر قباؤں میں اور عباء پر عباؤں میں اور آپ کے بٹن پر بٹنوں میں

وَکُمِّہٖ فِی الْاَکْمَامِ وَذَیْلِہٖ فِی الْاَذْیَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور آپ کی ہر آستین پر آستینوں میں اور آپ کے دامن پر دامنوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی رُدْنِہٖ فِی الْاَرْدَانِ وَجِرْبَانِہٖ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کی آستین پر آستینوں میں ۔ اور آپ کے بھیلے پر

فِی الْجِرْبَانِ وَعُرْوَتِہٖ فِی الْعُرْوَاتِ وَجَیْبِہٖ فِی الْجُیُوْبِ وَدِخْرِیْصِہٖ

تھیلوں اور زنبیلوں میں ۔ اور آپ کے کاج پر کاجوں میں ۔ اور گریبان پر گریبانوں میں اور ترپ پر

فِی الدَّخَارِیْصِ وَرِدَآئِہٖ فِی الْاَرْدِیَۃِ وَبُرْدِہٖ فِی الْبُرُوْدِ وَطَیْلَسَانِہٖ

ترپوں میں اور آپ کی اوڑھنے والی چادر پر چادروں میں ۔ اور آپ کی یمنی چادر پر یمنی چادروں میں اور طیلسان پر

فِی الطَّیَالِسِ وَنِطَاقِہٖ فِی النُّطُقِ وَمِرْطِہٖ فِی الْمُرُوْطِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

طیلسانوں میں اور کمر بند پر کمر بندوں میں اور کمبل پر کمبلوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى تَاجِهٖ فِى
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر اور آپ کے تاج پر
التِّيْجَانِ وَعِمَامَتِهٖ فِى الْعَمَآئِمِ وَمِنْدِيْلِهٖ فِى الْمَنَادِيْلِ وَعَذَبَةِ
تاجوں میں اور عمامہ پر عماموں میں۔ اور رومال پر رومالوں میں۔ اور عمامہ کے پچھلے
عِمَامَتِهٖ فِى الْعَذَبَاتِ وَكُوْرِ عِمَامَتِهٖ وَحِلْسِهٖ فِى الْاَحْلَاسِ وَغِطَآئِهٖ
شملہ پر شملوں میں۔ اور آپ کی دستار مبارک کے ہر پیچ پر۔ اور آپکے زمینی بچھونے اور ٹاٹ پر ان بچھونے میں۔ اور پردے پر
فِى الْاَغْطِيَةِ وَعُصْمَتِهٖ فِى الْعُصَمِ وَلِحَافِهٖ فِى اللُّحُفِ وَقَطِيْفَتِهٖ فِى
پردوں میں اور آپ کے گلوبند پر گلوبندوں میں اور آپ کے لحاف پر لحافوں میں اور سوتری چادروں پر ان
الْقَطَآئِفِ وَدِرْعِهٖ فِى الدُّرُوْعِ وَنَعْلِهٖ فِى النِّعَالِ وَخَصْفِهٖ فِى
چادروں میں اور آپ کی زرہ پر زرہوں میں۔ اور جوتے پر جوتوں میں اور آپ کے جوتوں کو پیوند لگانے پر
الْخَصَّافِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
پیوند لگانے والوں میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قِبَالِهٖ وَشِرَاكِهٖ وَخُفِّهٖ فِى الْخِفَافِ وَسَرِيْرِهٖ فِى السُّرُرِ
محمد کی آل پر اور آپکے جوتے کے اگلے تسمے پر اور پچھلے تسمے پر اور آپ کی خف پر خفوں میں اور چارپائی پر چارپائیوں
وَقَآئِمَةِ سَرِيْرِهٖ فِى الْقَوَآئِمِ وَرَسَنِ سَرِيْرِهٖ فِى الْاَرْسَانِ وَخَشَبِ
میں اور چارپائی کے ہر پائے پر اس کے پایوں میں۔ اور آپ کی چارپائی کے رسے پر رسوں میں۔ اور آپ کی چارپائی کی ہر لکڑی
سَرِيْرِهٖ فِى الْاَخْشَابِ وَمِسْمَارِ سَرِيْرِهٖ فِى الْمَسَامِيْرِ وَاَرِيْكَتِهٖ
پر لکڑیوں میں۔ اور اس چارپائی کے ہر کیل پر کیلوں میں۔ اور اوٹ والی کرسی پر
فِى الْاَرَآئِكِ وَمَسْحِهٖ فِى الْاَمْسَاحِ وَحَصِيْرِهٖ فِى الْحُصُرِ وَفِرَاشِهٖ فِى
کرسیوں میں۔ اور آپ کے بوریا پر بوریوں میں اور چٹائی پر چٹائیوں میں اور بچھونے پر
الْفُرُشِ وَاَدِيْمِ فِرَاشِهٖ فِى الْفُرُشِ وَحَشْوِ فِرَاشِهٖ فِى الْحُشُوَاتِ
بچھونوں میں۔ اور بچھونے کے چمڑے پر ان بچھونوں میں۔ اور اس کی پری پر بچھونوں کی پریوں میں

وَمَحْمَلِهٖ وَشُغْدُفِهٖ فِى الشَّغَادِفِ وَشِبْرِيَّةِ فِى الشِّبْرِيَّاتِ وَ
اور آپ کے محمل پر اور گدے پر گدوں میں اور بچھونے پر۔ بچھونوں میں اور تکیہ پر تکیوں میں اور
نُمْرُقَتِهٖ فِى النَّمَارِقِ وَزِرْبِيَّتِهٖ فِى الزَّرَابِيِّ وَوِسَادَتِهٖ فِى الْوَسَآئِدِ وَ
مسند ناز پر مسندوں میں اور آرامگاہ پر آرامگاہوں میں اور
مَجْلِسِهٖ فِى الْمَجَالِسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّغْرِبِ اَسْرَارِ
آپ کے بیٹھنے کی جگہ پر ان جگہوں میں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو محل غروب و خفا ہیں اسرار
الذَّاتِ وَمَشْرِقِ اَنْوَارِ الصِّفَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
ذات کے لیے اور محل طلوع و اشراق ہیں انوار صفات کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ التَّجَلِّيَاتِ بِاَنْوَارِ السُّبُحَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ مظہر تجلیات ہیں بسبب انوار نوافل کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصَلِّىْ فِى جَمْعِ
بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب اچھی طرح تعریف کرنے والے ہیں جمع
الْجَمْعِ بِاَحْمَدَ وَالْقَارِئِ بِفُرْقَانِ الْفَرْقِ بِمُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
الجمع کے مقام میں احمد ہو کر اور قرأت کرنے والے ہیں فرقان حمید کی جو فرق کرنیوالا ہے مالک ومملوک اور عابد ومعبود میں محمد ہو کر۔ اے اللہ صلواۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَآئِمِ فِى الْمُلْكِ
سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو قائم کرنے والے ہیں ملک خداوندی میں
بِشَرْعِهٖ وَجَلَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اپنی شریعت اور جلالت کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّاحِمِ فِى الْمَلَكُوْتِ بِرَحْمَتِهٖ وَجَمَالِهٖ اَللّٰهُمَّ
کی آل پر جو رحم فرمانے والے ہیں عالم اعلیٰ و اسفل میں اپنی رحمت اور جمال کے ساتھ۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ رُوْحِ جُثْمَانِ
صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو روح ہیں اجسام اسرار

الْاَسْرَارِ وَلَوْحِ صُوَرِ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کے لیے اور لوح ہیں انوار کی صورتوں کے ظہور کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَيْنِ غَيْبِكَ الْكَامِلَةِ وَخَلِيْفَتِكَ عَلَى الْاِطْلَاقِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا تیرے غیب کے لیے کامل آنکھ ہیں اور تیرے خلیفہ مطلق ہیں

الشَّامِلَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

(جن کی خلافت سب کائنات کو) شامل ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ نُوْرِكَ وَسِرِّكَ الْاَبْهٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد کی آل پر جو محبوب مکرم تیرے نور ہیں اور تیرے خوبترین راز ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ الْاَعْلٰى وَصَفِيِّكَ الْاَزْكٰى

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہمارے آقا تیرے حبیب اعلیٰ ہیں اور تیری پاکیزہ ترین منتخب ہستی ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا تیرے حسین اور

الْمَلِيْحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دلربا نبی ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

رَحْمَتِكَ الْمُفَاضَةِ الْوَاصِلَةِ مِنْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو ہمارے آقا تیری سراسر قابل فخر رحمت ہیں جو ملنے والی ہے تیری طرف سے (ساری مخلوقات کو) اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَافِعِ الْبَلِيَّاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَحْتَجِزُ

سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب مکرم بلیات ومصائب کے دور کرنے والے ہیں (باذن اللہ) اے اللہ میں تحفظ و پناہ حاصل کرتا ہوں

بِكَ وَاَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِكَ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ

تیرے ساتھ اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری ذات کریمہ اور تیری سلطنت عظیمہ کے ساتھ ہر اس چیز کے شر سے

شَيْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُمْ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ

جو تو نے پیدا کی اور میں نگہبانی طلب کرتا ہوں تیری ان کے شر سے۔ اور میں پناہ مانگتا ہوں اللہ عظیم کی

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالسَّرَقِ وَالْقَتْلِ وَالْهَدْمِ وَالْخَسْفِ وَالزَّلَازِلِ

غرق ہونے اور جلنے سے اور چوری و قتل سے اور دب کر مرنے اور زیر زمین دھنسائے جانے سے اور زلزلوں سے

وَالرِّمَالِ وَالصَّيْحَةِ وَالْفِتَنِ وَالصَّوَاعِقِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ

اور ریت کے (ٹیلوں کے نیچے) دب جانے سے اور زوردار آواز (کے عذاب) سے اور فتنوں سے اور بجلی کے کڑکوں سے اور جنون۔ کوڑھ

وَالْبَرَصِ وَاَكْلِ السَّبُعِ وَمِيْتَةِ السُّوْءِ وَجَمِيْعِ اَنْوَاعِ الْبَلَايَا فِى

سفید داغوں والی بیماری سے اور درندوں کا لقمہ بننے سے اور برے طریقہ پر مرنے سے اور تمام اقسام کی بلیات ومصائب سے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۚ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِكَ تَحَصَّنْتُ

دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اے ارحم الراحمین۔ اے زندہ و پائندہ ہستی تیرے ساتھ ہی حفاظت اور بچاؤ حاصل کیا میں نے

فَارْحَمْنِىْ بِحِمَايَةٍ كِفَايَةٍ وِقَايَةٍ حَقِيْقَةٍ بُرْهَانِ حِرْزِ بُرْهَانِ

لہٰذا رحم فرما مجھ پر ساتھ حمایت وکفایت فرمانے اور تحفظ و وقایت مہیا کرنے کے بسم اللہ کے برہان حقیقت اور

بِسْمِ اللّٰهِ وَاَدْخِلْنِىْ يَآ اَوَّلُ يَا اٰخِرُ بِمَكْنُوْنِ غَيْبِ سِرِّ دَآئِرَةٍ

برہان حفظ وامان کا۔ اور داخل فرما مجھے اے اوّل اے آخر مکنون غیب اور سر مخفی میں اس خزانہ امان کے

كَنْزِ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۚ وَاَسْبِلْ عَلَىَّ يَا

دائرہ سے کہ جو اللہ نے چاہا (وہی ہوا) نہیں قوت وطاقت مگر ساتھ توفیق بخشنے اللہ عالیشان عظیم کے اور لٹکا مجھ پر اے

حَلِيْمُ يَا سَتَّارُ كَنَفَ سَتْرِ حِجَابِ صِيَانَةِ نَجَاةٍ وَاعْتَصَمُوْا بِحَبْلِ

حلیم اے ستار کنارا اور پہلو اس ستر وحجاب کا جو اللہ کے اس قول کی بدولت حاصل ہونے والی حفاظت اور نجات کا ہے یعنی

اللّٰهِ وَابْنِ يَا مُحِيْطُ يَا قَادِرُ عَلَىَّ سُوْرَ اَمَانِ اِحَاطَةِ مَجْدِكَ وَ

چنگل مارو سبھی مل کر اللہ تعالیٰ کی رسی سے اور تعمیر فرما مجھ پر اے محیط اے قادر فصیل اور شہر پناہ اپنی مجد وبزرگی کے امان واحاطہ والی اور

سُرَادِقَ عِزِّ عَظَمَتِكَ ذٰلِكَ خَيْرٌ ذٰلِكَ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ وَعُذْنِىْ

خیمے اپنی عزت وعظمت کے۔ وہی سب سے بہتر (صورت امان کی ہے) اور وہ اللہ تعالےٰ کی آیات سے ہے اور پناہ دے مجھے

يَا رَقِيْبُ يَا مُجِيْبُ وَاحْرِسْنِىْ فِىْ نَفْسِىْ وَدِيْنِىْ وَاَهْلِىْ وَمَالِىْ

اے نگہبان اے دعائیں قبول کرنے والے اور میری حراست ونگرانی فرما میری جان۔ میرے دین۔ میرے اہل اور مال

وَوَلَدِیْ وَدَارِیْ بِكَلَاءَةِ اِعَاذَةِ اِغَاثَةِ وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا اِلَّا بِاِذْنِ

و اولاد میں اور میرے مکان میں ساتھ ایسی نگہبانی اور پناہ اور فریاد رسی کے جو تیرے اس قول میں ہے) اور نہیں وہ ان کو ضرر دینے والا ذرہ بھر مگر ساتھ

اللّٰهِ ۭ وَقِنِیْ یَا مَانِعُ یَا نَافِعُ یَا دَافِعُ بِاَسْمَآئِكَ وَاٰیَاتِكَ وَكَلِمَاتِكَ

اللہ کے اذن کے اور مجھے بچا اے دور رکھنے والے (ضرر کے) اے نفع دینے والے۔ اے دفع کرنے والے (مصائب کے) بطفیل اپنے اسماء و آیات اور تمام کلمات کے

مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَالسُّلْطَانِ فَاَیُّ ظَالِمٍ اَوْ جَبَّارٍ بَغٰى عَلَیَّ اَخَذْتَهٗ

شیطان اور حاکم وقت کے شر سے پس جو ظالم اور جابر و سرکش مجھ پر بغی و عدوان سے کام لے اس کو اپنی لپیٹ میں لے لے ایک عظیم

غَاشِیَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ ۭ وَنَجِّنِیْ یَا مُذِلَّ یَا مُنْتَقِمُ مِنْ عَبِیْدِكَ

ڈھانکنے والی (موج) اللہ کے عذاب کی۔ اور نجات عطا فرما مجھے اسے ذلت دینے والے۔ اے انتقام لینے والے اپنے ظلم پیشہ بندوں

الظَّلَمَةِ الظَّالِمِیْنَ الْبَاغِیْنَ عَلَیَّ وَاَعْوَانِهِمْ فَاِنْ هَمَّ بِیْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ

سے جو مجھ پر ظلم و تعدی کرتے والے ہیں اور ان کے معاونین سے بھی بچا اگر ارادہ کرے میرے ساتھ (ظلم کا) کوئی بھی ان میں سے

اَللّٰهُمَّ یَا رَبِّ اُعِیْذُ حَامِلَ هٰذَا الْكِتَابِ وَصَاحِبَهٗ وَقَارِئَهٗ

اے اللہ اے میرے پروردگار میں پناہ میں دیتا ہوں اس کتاب کے اٹھانے والے اور اس کو ساتھ رکھنے والے اور اس کے پڑھنے والے کو

وَكَاتِبَهٗ بِالْاُمِّ الْمَكْتُوْبِ عَلٰى سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اور کتابت کرنے والے کو اس اصل مکتوب کی پناہ میں جو لکھا ہوا ہے عرش اعظم کے خیموں پر یعنی بے شک شان یہ ہے کہ نہیں کوئی معبود برحق مگر

الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یُغْلَبُ شَیْءٌ وَّلَا یَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ وَّاُعِیْذُهُمْ بِالْحَیِّ

اللہ جو کہ (سب پر) غالب ہے غالب نہیں آسکتی اس پر کوئی شئ اور نہ بھاگ کر بچاؤ حاصل کرسکتا ہے اس سے کوئی بھاگنے والا اور میں ان سب کو پناہ میں دیتا ہوں اس

الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْقَیُّوْمِ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَبِالْكُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا

زندہ اور ابدی ذات کی جس پر کبھی موت نہیں آئے گی اور اس پائندہ اور سرمدی ذات کی پناہ میں جو نہیں سوتا۔ اور اس کرسی کی پناہ میں جو کبھی

یَزُوْلُ وَبِالْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَاُعِیْذُهُمْ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ

زوال پذیر نہیں ہوگی۔ اور اس عرش کی پناہ میں کہ نہیں سوتا (مالک اس کا) اور میں ان سب کو پناہ میں دیتا ہوں ان اسماء کے جو لکھے ہوئے ہیں

فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَاُعِیْذُهُمْ بِتِسْعِ الْاٰیَاتِ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰى مُوْسٰى

لوح محفوظ میں۔ اور میں انھیں پناہ میں دیتا ہوں ان نو آیات کے جو نازل ہوئیں موسیٰ کلیم علیہ السلام پر۔

بِطُوْرِ سَيْنَآءَ وَاُعِیْذُهُمْ مِّنْ كُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّ

طور سینا پر۔ اور پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو ہر دیکھنے والی آنکھ۔ سننے والے کان اور

اَلْسِنَةٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَقْدَامٍ مَّاشِیَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ وَّاَنْفُسٍ كَافِرَةٍ

بولنے والوں زبانوں سے۔ چلنے والے قدموں اور محفوظ رکھنے والے دلوں اور کافر نفوس سے

وَّیَمِیْنٍ لَّازِمَةٍ ظَاهِرَةٍ اَوْ بَاطِنَةٍ وَّاُعِیْذُهُمْ مِّمَّنْ یَّعْمَلُ الْخَطَایَا وَیُهِمُّ

اور لازم آنیوالی قسم سے ظاہر ہو یا مخفی ہو۔ اور پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو ان لوگوں سے جو گناہوں کے مرتکب ہوتے ہیں یا ان کا

بِهَا مِنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَاُعِیْذُهُمْ مِّنْ شَرِّ كُلِّ عَقْدِهٖ وَمَكْرِهِمْ وَسِحْرِهِمْ

ارادہ کرتے ہیں خواہ مرد ہوں یا عورتیں۔ اور میں (اللہ تعالیٰ کی) پناہ میں دیتا ہوں ان سب کو (ان کے اعداء کے) منتروں سے اور مکر سے اور ان کے جادو گروں سے

وَبَرِیْقِ اَعْیُنِهِمْ وَحَرِّ اَجْسَادِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ وَ

ان کی آنکھوں کی چمک سے اور ان کے اجسام کی حرارت سے اور جن و شیاطین کے شر سے اور

التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ تَكُوْنُ فِی الْجِبَالِ وَالْحِیَاضِ وَالْخِرَابِ

(عاطوں کے) تابع جنوں سے اور جادوگروں کے شر سے اور ہر اس چیز کے شر سے جو ہو پہاڑوں میں۔ حوضوں اور تالابوں میں یا

وَالْعُمْرَانِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّكُوْنُ فِی الْبِحَارِ وَالْبَرَارِیْ وَالْمَفَاوِزِ وَالْبُلْدَانِ

ویرانے اور آبادیوں میں اور ہر اس چیز کے شر سے جو ہو سمندروں میں یا خشکیوں میں۔ جنگلات و بیابان اور شہروں میں۔

وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ النَّوَاوِیْسِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الطُّیُوْرِ وَسَاكِنِ الْقُبُوْرِ وَ

اور نصاریٰ کے قبرستانوں میں رہنے والوں سے اور پرندوں کے اندر رہنے والوں کے شر سے۔ اور قبروں میں رہنے والوں اور

سَاكِنِ الطُّرُقِ وَاُعِیْذُهُمْ مِّنْ شَرِّ كُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ

راستوں پر رہنے والوں کے شر سے۔ میں انہیں پناہ میں دیتا ہوں (اللہ تعالیٰ کے) ہر غول اور چھلاوے سے مذکر ہو یا مونث اور جادوگروں اور

وَّمِنْ شَرِّ الطَّیَّارَاتِ وَاُعِیْذُهُمْ بِاَهْیَا شَرَاهِیَّا لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَیْكَ

عورتوں سے اور اڑنے والے جنوں کے شر سے اور میں انہیں پناہ میں دیتا ہوں اہیا اشراہیا (حی وقیوم) کی۔ تیرے لیے ہی حمد ہے اور طرف تیری ہی

الْمُشْتَكٰى وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

شکایت ہے (حوادث زمان سے) اور تو ہی حد دو توفیق طلب کیا جانے والا ہے (ہر ایک کا) اور تو ہی ہر چیز پر بہت ہی قدرت والا ہے اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاسِطَةِ اَهْلِ الْحُبِّ وَقِبْلَةِ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو واسطہ ہیں (تیرے وصل کیلئے) اہل محبت کا اور قبلہ و مرکز توجہ ہیں مقام قرب

اَهْلِ الْقُرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

والوں کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

لَوْحِ اَسْرَارِ الْقَیُّوْمِیَّةِ وَرُوْحِ الْمُشَاهَدَةِ الْمَلَكُوْتِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

جو اسرار قیومیت کے لیے لوح (نقش و نگار) اور ملکوت کے مشاہدہ کے لیے روح ہیں (اہل مشاہدہ کی) اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَرْجُمَانِ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو ہمارے آقا ترجمان ہیں ازل اور ابد کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِّسَانِ الْغَیْبِ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محرم اسرار خداوندی ترجمان اور سبب اظہار ہیں اس

الَّذِیْ لَا یُحِیْطُ بِهٖٓ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

غیب کا جس کا احاطہ نہیں کرسکتا کوئی شخص۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صُوْرَةِ الْحَقِیْقَةِ الْفَرْدَانِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جو محبوب مجسم صورت اور مظہر ہیں حقیقت احدیہ فردانیہ کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الصُّوْرَةِ الْمُزَیَّنَةِ بِاَنْوَارِ الرَّحْمَانِیَّةِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا ایسی صورت (کے مالک ہیں) جو مزین اور آراستہ ہے انوار رحمانیہ کیساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِنْسَانِ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو اللہ تعالیٰ کے

اللّٰهِ الْمُخْتَصِّ بِالْعِبَادَةِ عَنْهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ایسے انسان ہیں جو مختص کردئے گئے ہیں عبادت خداوند تعالیٰ کے ساتھ اس کی طرف سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْقَابِلِیَّةِ الْاِلٰهِیَّةِ الْاِمْكَانِیَّةِ الْمُتَلَقِّیَةِ مِنْهُ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سر اور راز مخفی ہیں اس خداداد قابلیت و استعداد کا (جو مخلوقات کے احد امکان میں ہے اور حاصل ہونے والی ہے اللہ تعالیٰ کی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَاطِنِ

طرف سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ باطن ہیں۔ (اپنی

وَالظَّاهِرِ بِتَفْعِیْلِ التَّكْمِیْلِ الذَّاتِیِّ فِیْ مَرَاتِبِ قُرْبِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

حقیقت کے اعتبار سے) اور ظاہر ہیں (اپنی صورت جسمانیہ اور براہین رسالت کے اعتبار سے) (بسبب اثر انگیزی اس تکمیل ذاتی کے (جو اللہ نے فرمائی ہے) آپ کے

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ غَایَةِ طَرَفِ الدَّوْرَةِ

مراتب قرب میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو رسول معظم کہ غایت اور مقصد آخریں ہیں

النَّبَوِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دور نبوت کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو وسیلہ ایجاد

نِ الْمُتَّصِلِ بِالْاَوَّلِ نَظَرًا وَّاِمْدَادًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

متصل ہیں ساتھ اول حقیقی اور قدیم ذات کے از روئے نظر عنایت اور امداد و اعانت کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِدَایَةِ نُقْطَةِ الْاِنْفِعَالِ الْوُجُوْدِیِّ اِرْشَادًا وَّاِسْعَادًا

اور سیدنا محمد کی آل پر جو مخلوق اول کہ نقطہ آغاز و ابتداء ہیں انفعال وجودی کا اور نتیجہ اول ہیں تاثیر خداوندی کی اثر پذیری کا از روئے رہنمائی اور نیکبختی مہیا کرنیکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَمِیْنِ اللّٰهِ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا امین ہیں

عَلٰی سِرِّ الْاُلُوْهِیَّةِ الْمُطَلْسَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الوہیت کے اس راز مخفی کے جس تک رسائی سے مخلوق کو دور رکھا گیا ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ حَفِیْظُهٗ عَلٰی غَیْبِ لَاهُوْتِیَّةِ الْمُكَتَّمِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محمود خلائق و خالق محافظ ہیں اللہ کے لاہوتی غیب و اسرار کے جو اچھی طرح چھپا دئے گئے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَا

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب اس قدر مخفی حقیقت والے ہیں کہ نہیں

تُدْرِكُ الْعُقُوْلُ الْكَامِلَةُ مِنْهُ اِلَّا مِقْدَارَ مَا تَقُوْمُ عَلَیْهِ الْحُجَّةُ الْبَاهِرَةُ

احاطہ کرتے کامل ترین عقول ان کی کسی شان کا مگر اتنے قدر کا کہ قائم اور موجود ہو اس پر روشن دلیل اور حجت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد کی آل پر کہ جس راز مخفی کو

لَا تَعْرِفُ النُّفُوْسُ الْعَرْشِیَّۃُ اِلَّا مَا یَتَعَرَّفُ لَھَا مِنْ لَّوَامِعِ اَنْوَارِہٖ

نہیں پہچانتے عرشی نفوس مگر اسی قدر کہ پہچان کرائی جاتی ہے انہیں آپ کے روشن انوار کے

الزَّاھِرَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عکس اور چمک سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو قبلۂ موجودات

مُنْتَھٰی ھِمَمِ الْقُدْسِیِّیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

منتہیٰ اور مقصد حقیقی ہیں قدسیوں کے قصد وارادوں کا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ بَدَأَ بِہٖ مِمَّا فَوْقَ عَالَمِ الطَّبَائِعِ مَرْمٰی اَبْصَارِ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جس مخلوق اول سے آغاز ہوا عالم طبائع اور مادیات سے مافوق عالم کا جو منتہائے مقصود ہے موحدین کی

الْمُوَحِّدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نظروں کا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آفاقہ نور مطلق ہیں

اَلنُّوْرِ الْمُطْلَقِ اَللّٰھُمَّ اَحْرِقْ عَوَارِضَ خَیَالِیْ مِنْ نَّارِ عِشْقِکَ وَشَوْقِیْ

(باعتبار وجود اول کے) اے اللہ جلا ڈال اپنے عشق کی آگ سے ان رکاوٹوں اور موانع کو جو پیش آنیوالے ہیں میرے خیال اور

اِلٰی جَلَالِکَ وَجَمَالِکَ وَقَطِّعْ حِجَابًا مِّنْ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ

شوق کو جو طرف تیرے جلال اور جمال ذات کے ہے۔ اور ٹکڑے ٹکڑے کردے اس حجاب کو جو میرے اور تیرے درمیان ہے۔ اور منور فرما میرے دل کو

مَعْرِفَتِکَ وَارْزُقْنِیْ کَاْسًا مِّنْ شَرَابِ مَحَبَّتِکَ وَخِلْعَۃَ وِصَالِکَ وَ

اپنے نور معرفت سے اور عطا فرما مجھے جام اپنے شراب محبت سے اور مشرف فرما مجھے اپنے وصال کی خلعت۔ اور اپنی لقاء کے

تَشْرِیْفَ لِقَآئِکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۚ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِکْرِکَ

اعزاز سے۔ اے جلال و اکرام کے مالک۔ اے اللہ کھول دے میرے دل کے کان اپنے ذکر سننے کیلئے

وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَکَ وَطَاعَۃَ رَسُوْلِکَ وَعَمَلًا بِکِتَابِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

اور مجھے نصیب فرما اپنی اطاعت اور اپنے رسول کی اطاعت اور اپنی کتاب پر عمل اے اللہ اے اللہ

یَا اَللّٰہُ وَصُبَّ عَلَیْنَا مِنْ اَنَانِیْبِ مَیَازِیْبِ التَّوْفِیْقِ فِیْ رَوْضَاتِ

اے اللہ۔ اور زور سے پلٹ ہم پر اپنی توفیق کے پرنالوں کی نالیوں سے (توفیق کا آب حیات) سعادت مندیوں کے

السَّعَادَاتِ اٰنَآءَ لَیْلِکَ وَاَطْرَافَ نَھَارِکَ وَاغْمِسْنَا فِیْ اَحْوَاضِ

باغات میں رات کی ہر آن میں اور دن کے ہر حصے میں۔ اور ہمیں ڈبودے ان تالابوں اور حوضوں میں

سَوَاقِیْ مَسَاقِیْ بِرِّ بِرِّکَ وَرَحْمَتِکَ وَقَیِّدْنَا بِقُیُوْدِ السَّلَامَۃِ عَنِ

جو تیرے خاص احسان اور رحمت کے دریا سے پھوٹنے والی نہروں سے بھرے ہوئے ہیں۔ اور مقید فرما ہمیں سلامتی کی بیڑیوں کے

الْوُقُوْعِ فِیْ مَعْصِیَتِکَ یَآ اَوَّلُ یَآ اٰخِرُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ یَا قَدِیْمُ

ساتھ اپنی نافرمانبرداری کے (گڑھوں میں) گرنے سے۔ اے اول۔ اے آخر۔ اے ظاہر۔ اے باطن۔ اے قدیم

یَا قَوِیُّ یَا مُقِیْمُ یَا مَوْلَایَ یَا قَادِرُ یَا مَوْلَایَ یَا غَافِرُ یَا لَطِیْفُ یَا

اے ہمیشہ قائم رہنے والے۔ اے قائم رکھنے والے (سموات وارض کے) اے میرے مولیٰ۔ اے قادر۔ اے میرے مولیٰ۔ اے بخشنے والے۔ اے

خَبِیْرُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لطیف۔ اے خبر رکھنے والے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اِلَّذِیْ لَا یَتَجَلّٰی اَشِعَّۃُ اللّٰہِ لِقَلْبٍ اِلَّا مِنْ مِّرْاٰۃِ سِرِّہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

نہیں پرتو فگن اور نمایاں ہوتیں اللہ کے نور ذات کی تجلیات کسی دل پر مگر اسی محبوب کے آئینہ راز سے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَا تَرَنَّمُ

وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ نہیں نغمہ سرا ہوتے

الْمَزَامِیْرُ عَلٰی لِسَانِہٖ اِلَّا بِرَنَّاتِ ذِکْرِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مزامیر اور آلات غنا آپ کی زبان اقدس پر مگر ذکر باری تعالیٰ کے نغمات کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ھُوَ الْوِتْرُ الشَّفِیْعُ الْمُحَقَّقُ الْمَحْکُوْمُ بِالْجِھَادِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا (مرتبہ ذات میں) یکتا ہیں اور گناہگاروں کیلئے (ازراہ رحمت) شفیع ہیں۔ مرتبہ تحقیق پر فائز ہیں

عَلٰی کُلِّ مَنِ ادَّعَی الْکُفْرَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اور حکم دئے گئے ہیں جہاد کا ہر اس شخص کے خلاف جو کفر کا دعویٰ رکھتا ہو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْرِفَةِ اللّٰهِ مُجَرَّدَةٍ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیدنا محمد کی آل پر جو مرشد کامل کہ سراسر اللہ تعالیٰ کا عرفان ہیں اور واقع میں (سب مخلوق اور ان کے علائق سے) الگ تھلگ ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْفَرْعِ الْحَدْثَانِ الْمُتَرَعْرِعِ فِيْ غَايَتِهٖ بِمَا يُبَدُّ بِهٖ

سلام بھیج سیدنا محمد پر جو کہ (باغ قدس) کی تازہ شاخ ہیں جو نشو و نما پانے والی ہے اپنی غایت تک (رسائی کیلئے بسبب اس کے جو حصہ دیتا ہے

كُلُّ اَصْلٍ اَبَدِيٍّ حِيْنَئِذٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اسے ہر اصل ابدی وقت نشو و نما میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثَمَرَةِ شَجَرَةِ الْقِدَمِ وَنُسْخَةِ الْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ پھل ہیں درخت قدم کا اور نسخہ کاملہ جامعہ ہیں جن سے ایجاد و اعدام کا آغاز ہوا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقائے خلق اللہ تعالیٰ کے عبد خاص ہیں اور

نِعْمَ الْعَبْدُ الَّذِيْ بِهٖ كَمَالُ الْكَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بہت اچھے عبد ہیں انہیں کی بدولت کمال نے کمال پایا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَابِدِ اللّٰهِ بِاللّٰهِ بِلَا اتِّحَادٍ وَّلَا حُلُوْلٍ وَّلَا

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اللہ کی عبادت کرنے والے ہیں ساتھ اللہ (کی توفیق مخصوص) کے بغیر اتحاد و حلول کے اور بغیر

اِتِّصَالٍ وَّلَا انْفِصَالٍ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اتصال و انفصال کے (بلکہ ایسے ربط سے جو تصور سے بالاتر ہے) اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الدَّاعِيْ اِلَى اللّٰهِ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَللّٰهُمَّ

محمد کی آل پر جو کہ بلانے والے ہیں (مخلوق کو) طرف اللہ تعالیٰ کے (اور خود بھی) راہ راست پر ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الْاَنْبِيَآءِ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ انبیاء کے نبی ہیں

وَمُمِدِّ الرُّسُلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور رسل کرام کے فیض رساں ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ مِنْ حَيْثُ كَمَا اَنْتَ وَهُوَ عَبْدُكَ مِنْ حَيْثُ

محمد کی آل پر جو کہ تیرے عبد خاص اور طاعت گزار ہیں اس عبدیت و طاعت کے ساتھ جو تیری ذات والا کے لائق ہے اور وہ تیرے عبد کامل

كَآفَّةِ اَسْمَآئِكَ وَصِفَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہیں از روئے تیرے تمام اسماء و صفات کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَمَالِ التَّجَلِّيَاتِ الْاِخْتِصَاصِيَّةِ وَجَلَالِ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ سراسر جمال ہیں (تیری) مخصوص و مختص تجلیات کا۔ اور سراپا جلال ہیں

التَّنَزُّلَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تنزلات اصطفائیہ کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَاطِنِ بِكَ فِيْ غَيَابَاتِ الْعِزِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ پوشیدہ اور مخفی ہونے والے ہیں تیری اعانت سے تیرے عزو اکرام کے پردوں میں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الظَّاهِرِ بِنُوْرِكَ فِيْ

اور سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ ظاہر ہونے والے ہیں تیرے نور کی بدولت

مَشَارِقِ الْمَجْدِ الْاَفْخَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بلند مرتبت مجد اور بزرگی کے مطالع ظہور سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَزِيْزِ الْحَضْرَةِ الصَّمَدِيَّةِ وَسُلْطَانِ الْمَمْلَكَةِ الْاَحَدِيَّةِ

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ بارگاہ صمدیت میں معزز و مکرم ہیں اور مملکت احدیت و خداوندی کے بادشاہ ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَآئِرَةِ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل اطہار پر جو آقا کہ دائرہ ہیں

الْاِحَاطَةِ الْعُظْمٰى وَمَرْكَزِ مُحِيْطِ الْفَلَكِ الْاَسْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

عظیم احاطہ والا (جس کے گھیرے میں سب کائنات ہے) اور مرکز ہیں بلند مرتبت فلک محیط اور فلک الافلاک کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ سَتَرْتَهٗ بِمَا لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کو تو نے چھپا دیا ہے ان پردوں میں جو نہیں شایاں واسطے کسی کے

مِّنْ خَلْقِكَ وَفِيْ بَاطِنِهٖ لَكَ اَسْرَارٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیری مخلوق سے سوا ان کے اور ان کے باطن میں تیرے اسرار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ كَحَلْتَ بِنُوْرِ قُدْسِكَ مُقْلَتَهٗ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جس محبوب کی آنکھ کو سرمگیں کیا ہے تو نے اپنے نور قدس کے ساتھ

فَرَاٰى ذَاتَكَ الْعَلِيَّ جِهَارًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پس دیکھا انہوں نے تیری ذات کو علانیہ روبرو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ بِهٖ نَطَقَتْ اَسْرَارُكَ وَكَمُلَ بِهٖ جَلَالُكَ

سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کی وساطت سے بولنے لگے تیرے اسرار اور کمال پذیر ہوا ساتھ ان کے تیرا جلال (عالم ظاہر میں)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ

الَّذِيْ مِنْهُ ظَهَرَتْ اَنْوَارُكَ وَبَرَزَتْ كَمَالَاتُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جس تیرے منظر کے ذریعے ظاہر ہوئے تیرے انوار اور آشکار ہوئے تیرے کمالات۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّسْتَوٰى تَجَلِّيْ عَظَمَتِكَ

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا موزوں تر مقام و محل ہیں تیری تجلی عظمت

وَرَحْمَتِكَ وَحُكْمِكَ فِيْ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور ظہور رحمت کے لیے اور تیرے حکم کی جلوہ گری کے لیے تیری تمام مخلوقات میں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّنْ فَلَقْتَ بِكَلِمَةِ الْخُصُوْصِيَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ پھاڑا تو نے خصوصیت محمدیہ والے کلمہ کے ساتھ

بِحَارَ الْجَمِيْعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سب کے (راستہ میں حائل) سمندروں کو (انہیں پار لگانے کے لیے) اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

مَّنْ مَّنَنْتَ مِنْهُ مَعْرِفَتَكَ وَجَمَالَكَ وَخِطَابَكَ لِلْقَلْبِ وَالْبَصَرِ وَالسَّمْعِ

کہ جس وسیلہ خلق کے طفیل احسان و انعام کیا تو نے اپنی معرفت اور جمال و ہمکلامی کا ہر قلب و نظر اور سب کانوں کے لیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلْاَحْمَدِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو بہت حمد و ثناء کرنے والے

اَلْاَحَدِيِّ الْحَامِدِ الْمُحَمَّدِيِّ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُتَوَسِّلًا بِهٰذَا الْحَامِدِ

ہیں ذات بے ہمتا و یکتا کی اور خود صاحب حمد ہیں اور بہت ہی حمد کئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے توسل کرتے ہوئے ساتھ

اَلْحَمَّادِ الْمَحْمُوْدِ الْمُحَمَّدِ اَنْ تَشْفِيَنِيْ وَتُقَوِّيَنِيْ شِفَآءً بَدَنِيًّا قَلْبِيًّا وَّ

اس ذات کے جو تیری حمد کرنے والے ہیں اور بہت زیادہ حمد کرنیوالے ہیں نیز حمد و ثنا کئے ہوئے ہیں اور بار بار حمد و ثناء کئے ہوئے ہیں کہ تو مجھے شفاء

قُوَّةً ظَاهِرِيَّةً وَّبَاطِنِيَّةً وَّشِفَآءً لِّلظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ عَامًّا لِّلصُّوَرِ

اور تقویت عطا کرے شفاء ایسی جو بدن اور قلب کی ہو۔ اور قوت ظاہر اور باطن کی اور شفاء واسطے ظاہر کے اور باطن کے جو شامل ہو صورتوں کو بھی

وَالْمَعَانِيْ وَتَجْعَلَنِيْ طَوِيْلَ الْعُمْرِ فِيْ عِبَادَتِكَ وَعُبُوْدِيَّتِكَ وَعُبُوْدَتِكَ

اور معانی کو۔ اور بنائے تو مجھے طویل عمر والا اپنی عبادت کیلئے۔ اور اپنی عبادت کو محض حصول شرف اور لطف اندوزی کیلئے سرانجام دینے کیلئے اور عبادت

وَتُثَبِّتَنِيْ عَلَى الطَّرِيْقَةِ الْخَاصَّةِ الْاِنْسَانِيَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَالْمَعْرِفَةِ

کو جزاء و عطاء سے بالاتر ہو کر صرف اپنے ذاتی استحقاق کی خاطر بجالانے کیلئے اور مجھے ثابت قدم رکھے اوپر طریقہ خاصہ انسانیہ محمدیہ کے اور اُس معرفت کے جس

التَّوْحِيْدِيَّةِ الْاَكْمَلِيَّةِ الْاَجْمَعِيَّةِ الْاَحَدِيَّةِ الْاَحْمَدِيَّةِ وَتُثَبِّتَنِيْ عَلٰى

کا تعلق کامل ترین توحید سے اور احدیت احمدیہ سے ہے اور مجھے ثابت قدم رکھ اوپر

طَلَبِ الطَّرِيْقَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ الَّتِيْ هِيَ الْكَمَالُ وَفَوْقَ الْكَمَالِ وَاَوْصِلْنِيْ

طریقت محمدیہ کی طلب و آرزو کے جو کہ عین کمال ہے اور سب کمالات سے بلند و بالا مرتبہ ہے اور مجھے واصل فرما

اِلَيْهَا بِحُرْمَتِهٖ وَاجْعَلْنِيْ طَوِيْلَ الْعُمْرِ فِيْ اِتِّبَاعِ شَرْعِكَ وَسُنَّةِ حَبِيْبِكَ

اس طریقہ تک بطفیل عزت و حرمت محبوب کے۔ اور بنا تو مجھے عمر دراز والا اپنی شریعت اور اپنے حبیب کی سنت کی اتباع کیلئے

وَاهْدِنِيْ صِرَاطَ الْمَعْرِفَةِ الْكَامِلَةِ الذَّوْقِيَّةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اَللّٰهُمَّ وَاشْفِنِيْ

اور مجھے ہدایت عطا فرما اس معرفت کاملہ کے راستہ کی جو سراسر ذوق و شوق محمدی ہے۔ اے اللہ اور مجھے شفا عطا کرنا

وَامْحُ عَنْ لَوْحِ وُجُوْدِيْ رَقْمَ الْمَرَضِ الْقَالِبِيِّ بِحُرْمَةِ مِيْمِهِ الْمَاحِيْ

اور مٹا دے میرے لوح وجود سے نقش و نشان جسمانی امراض کا بطفیل حرمت میم کے جو محبوب کریم کے اسم ماحی سے ہے (مٹانے والے)

وَحَوِّلْ وَجْهَ الْبَلِيَّةِ عَنِّيْ بِحُرْمَةِ حَآئِهِ الْمُحَوَّلِ بِالْحَقِّ ثُمَّ امْحُ رَقَمَ

اور پھیر دے رُخ بلیت و مُصیبت کا مجھ سے بطفیل حرمتِ حاء کے جو محبوب کے اسم محوّل بالحق سے ہے (حق کے ساتھ دائر) پھر مٹا دے

الْمَرَضِ الْقَلْبِيِّ بِحُرْمَةِ مِيْمِهِ الثَّانِيْ وَدُلَّنِيْ عَلٰى مَا يَدْفَعُ عَنِّيْ

نام و نشان مرض قلبی کا بطفیل حرمت و کرامت اسم محمد کے میم ثانی کے۔ اور میری رہنمائی فرما ان امور کی طرف جو دور کر دیں مجھ سے

مَرَضَ التَّوَجُّهِ اِلٰى غَيْرِكَ وَالْعَمَلِ بِمَا يُخَالِفُ الشَّرِيْعَةَ الْمُحَمَّدِيَّةَ بِحُرْمَةِ

تیرے ماسواء کی طرف متوجہ ہونے کا مرض اور (دور کریں مجھ سے) شریعت محمدیہ کے برخلاف عمل کرنے کا مرض بطفیل حرمت

دَالِهِ الدَّلِيْلِ لِلْعٰلَمِيْنَ اِلَى الْحَقِّ الصَّرْفِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ هٰذَا الْعَبْدَ

اسم محمد کی دال کے جو رہبر ہیں تمام عالمین کے لیے طرف محض اور خالص حق کے۔ اے اللہ شفا بخش اس عبد کو

الْمُتَذَلِّلَ الْمُتَوَسِّلَ بِحَبِيْبِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَجِبْ

جو سراپا عجز و نیاز ہے اور توسل کرنے والا ہے تیرے حبیب کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ یہ التجائیں قبول فرما

بِحُرْمَتِهٖ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ عَلَيْهِ اجْعَلْنَا مِنَ الْفَآئِزِيْنَ وَعَلٰى

بطفیل حرمتِ حبیب کے۔ اے اللہ ان پر صلوات کی برکت سے بنا ہمیں کامیاب اور فائز المرام لوگوں سے اور آپ کے

حَوْضِهٖ مِنَ الْوَارِدِيْنَ الشَّارِبِيْنَ وَبِسُنَّتِهٖ وَطَاعَتِهٖ مِنَ الْعَامِلِيْنَ

حوض کوثر پر وارد ہونے اور پینے والوں سے۔ اور آپ کی سنت اور اتباع میں عمل کرنے والوں سے

وَلَا تَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى

اور نہ حائل ہونا درمیان ہمارے اور درمیان ان کے قیامت کے دن۔ اور ہمیں عمل پیرا بنا ان کی سنت کے ساتھ اور وفات دینا

مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَوْرِدْنَا

ان کی ملت پر۔ اور ہمیں قیامت کے دن جمع کرنا ان کی جماعت کے ساتھ اور ان کے لواء حمد کے نیچے اور ہمیں آپ کے رفقاء میں داخل فرما

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حلاوت اور شرینی کے وسیلہ سے سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا بہت مہربان رحم فرمانیوالا ہے

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۙ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۙ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

روز جزاء کا مالک ہے۔ (ان صفات کمال کے موصوف کامل) تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان لوگوں کی جن پر (تیری طرف سے) غضب کیا گیا ہے

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ اَللّٰهُمَّ

اور نہ گمراہوں کی۔ اللہ تعالیٰ ہی خالق ہے ہر شئ کا اور وہی بہت پیدا کرنے والا اور دائمی علم والا ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ لَمَّا

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا

اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّخْلُقَ مِنْ اَرْضَى الْاَرْضِ اَرْضَى اَهْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

کہ پیدا کرے پسندیدہ ترین (قطعۂ) زمین سے تمام اہل الارض سے پسندیدہ ترین شخصیت کو اور تمام اہل سماوات سے پسندیدہ ترین (محبوب) کو تو

اَمَرَ جِبْرَآئِيْلَ اَنْ يَّاْتِیَ بِالْقُطْعَةِ الْبَيْضَآءِ وَالطِّيْنَةِ الْبَيْضَآءِ وَصَلِّ

حکم دیا جبرائیل علیہ السلام کو کہ لے آئے سفید ٹکڑا زمین کا اور سفید گیلی مٹی اور صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ خَلَقَهُ اللّٰهُ مِنَ الطِّيْنَةِ الَّتِیْ هِیَ قَلْبُ

سیدنا محمد پر کہ جنہیں پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے اس طینت اور خمیر سے جو کہ تمام زمین کا

الْاَرْضِ وَبَهَآءُهَا وَنُوْرُهَا وَسَنَآءُهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

دل تھا اور اس کی بہار اور اس کا نور اور اس کی چمک وروشنی اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

رَفَعَ جِبْرَآئِيْلُ طِيْنَتَهٗ مِنْ اَكْرَمِ بُقْعَةٍ بِاَشْرَفِ رُتْبَةٍ وَّرِفْعَةٍ وَّصَلِّ

جبرئیل علیہ السلام نے اٹھایا جن کی طینت اور خمیر کو انتہائی عزت وکرامت والے قطعۂ زمین سے انتہائی بلند رتبہ اور درجہ کے ساتھ اور صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ وَضَعَ جِبْرَآئِيْلُ طِيْنَتَهٗ فِیْ مَوْضِعِ الْقَبْرِ

سیدنا محمد پر کہ رکھا جبرئیل علیہ السلام نے جن کی مقدس طینت اور خمیر کو آپ کی قبر انور

الشَّرِيْفِ وَالْمِنْبَرِ الْعَالِیْ الْمُنِيْفِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اور بلند مرتبت منبر کی جگہ میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

وَضَعَ جِبْرَآئِيْلُ طِيْنَتَهٗ بِاَشْرَفِ بُقَاعِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ بَعْدَ اَنْ

رکھا جبرئیل علیہ السلام نے آپ کی طینت مبارکہ کو زمین اور آسمانوں کے بزرگترین قطعہ میں بعد اس کے کہ

طَافَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

طواف کرایا اسے تمام مخلوقات پر۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی

قَبَضَ جِبْرَآئِيْلُ تِلْكَ الطِّيْنَةَ الشَّهِيْرَةَ وَهِیَ بَيْضَآءُ مُنِيْرَةٌ وَّصَلِّ

اس طینت مبارکہ مشہورہ کو جبرئیل اسلام نے مٹھی میں لیا درآنحالیکہ وہ سفید رنگ نورانی چمکیلی تھی۔ اور صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ طَافَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ بِطِيْنَتِهٖ حَوْلَ الْعَرْشِ

بھیج سیدنا محمد پر کہ طواف کرایا ملائکہ نے ان کی طینت مبارکہ کو عرش اعظم

وَحَوْلَ الْكُرْسِیِّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ طَافَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

اور کرسی کے گرد۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ طواف کرایا جن کی طینت کو ملائکہ نے

بِطِيْنَتِهٖ فِیْ كُلِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَفِیْ مَقَاعِدِ الْعِزِّ وَالتَّمْكِيْنِ

تمام آسمانوں اور زمینوں میں۔ اور عزت وتمکین والی مجالس میں۔

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ عُجِنَتْ طِيْنَتُهٗ بِمَآءِ التَّسْنِيْمِ وَ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی طینت مبارکہ کو گوندھا گیا تسنیم کے پانی کے ساتھ اور

غُمِسَتْ فِیْ مَعِيْنِ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بَدَاَ

اس کو ڈبویا گیا (غسل دینے کے لیے) جنات نعیم کے صاف ستھرے پانی میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ آغاز کیا

اللّٰهُ بِخَلْقِ نُوْرِهٖ وَخَتَمَ قَبْلَ خُرُوْجِ الْخَلْقِ مِنَ الْعَدَمِ وَصَلِّ عَلٰى

اللہ تعالیٰ نے تخلیق کا ان کے نور اقدس کی تخلیق سے اور انھیں پر سلسلۂ نبوت کے ختم کرنے کا فیصلہ فرمایا پہلے نکلنے مخلوق کے پردۂ عدم سے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّآ اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ الْاَنَامِ بَدَاَ بِخَلْقِ نُوْرِهٖ

(طرف وجود کے) اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا مخلوق کو پیدا کرنے کا تو ابتداء فرمائی ان کے نور کی تخلیق سے

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرَهٗ

ان پر سلام ہو۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جب پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے ان کا نور

وَسَوَّاهُ اَعْلَنَ بِالسُّجُوْدِ لِمَوْلَاهُ وَاَكْثَرَ تَسْبِيْحَهٗ وَدَعَاهُ وَصَلِّ

اور اس کو موزوں صورت بخشی تو اعلانیہ سجدہ کیا اس نے اپنے مولیٰ کیلئے اور بہت زیادہ کی اس کی تسبیح اور اس سے دعا مانگی۔ اور صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ الْمَبْرُوْرَ اَلْبَسَهُ اللّٰهُ

بھیج سیدنا محمد پر کہ جب پیدا فرمایا اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جو مقبول بارگاہ خداوند ہیں تو انھیں اس نور اقدس کا

ذٰلِكَ النُّوْرَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مِنْ اَجْلِ اَنْوَارِهٖ

لباس پہنایا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ اسی محبوب کریم کے انوار مبارکہ کی

الْمُتَبَارِكَةِ سَجَدَتْ لِاٰدَمَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

برکت سے سجدہ کیا آدم علیہ السلام کی طرف ملائکہ نے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جس آقا کا

كَانَ نُوْرُهٗ يَتَلَاْلَاُ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ عَرَّفَ

نور انور چمکتا تھا آدم علیہ السلام کی پشت انور میں اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جتلایا اللہ تعالیٰ نے

اللّٰهُ الْمَلَآئِكَةَ فَضْلَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّعْرَفَ اٰدَمُ وَنَسْلُهٗ وَصَلِّ عَلٰى

ان کا شرف وفضل ملائکہ کو قبل اس کے کہ جانے جاتے آدم علیہ السلام اور ان کی نسل۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ اٰدَمُ يَتَعَجَّبُ مِنْ كَثْرَةِ نَظْرِ الْمَلٰٓئِكَةِ

سیدنا محمد پر کہ آدم علیہ السلام تعجب کرتے تھے (بوجہ) بکثرت دیکھنے ملائکہ کے

اِلَیْہِ بِالْعُیُوْنِ مُنْذُ اَوْدَعَہُ اللّٰہُ نُوْرَہُ الْمَکْنُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

طرف ان کے ساتھ اپنی آنکھوں کے جب سے کہ اللہ تعالیٰ نے ودیعت فرمایا تھا آپ کا نور مکنون ان میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَئَلَ اٰدَمُ رَبَّہٗ عَنْ ذٰلِکَ النُّوْرِ وَالضِّیَآءِ فَنَادٰہُ

محمد پر کہ سوال کیا آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ نے اس نور اور ضیاء کے متعلق تو ان کے رب تبارک وتعالیٰ سے

رَبُّہٗ ذٰلِکَ نُوْرُ خَاتِمِ الرُّسُلِ وَالْاَنْبِیَآءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

پکار کر کہا انہیں وہ نور ہے خاتم الرسل اور خاتم الانبیاء کا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

نِ الَّذِیْ کَوَّنَہُ اللّٰہُ مِنْ نُّوْرِہِ الْمُبِیْنِ وَاٰدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ وَ

کہ جنہیں پیدا فرمایا اللہ تعالےٰ نے اس نور مبین سے جبکہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی پانی اور کیچڑ کے درمیان تھے

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ انْتَقَلَ نُوْرُہٗ اِلٰی وَجْہِ اٰدَمَ مِنْ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ منتقل ہوا نور اقدس آپ کا آدم علیہ السلام کے چہرہ انور کی طرف قبل

قَبْلِ اَنْ یَّخْلُقَ اللّٰہُ الْعَوَالِمَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ انْتَقَلَ

اس کے کہ اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کو پیدا فرماتا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ منتقل ہوا

نُوْرُہُ الْبَاھِرُ مِنْ کُلِّ صُلْبٍ طَیِّبٍ اِلٰی کُلِّ رَحِمٍ طَاھِرٍ وَّصَلِّ عَلٰی

جن کا نور انور ہر پاکیزہ صلب اور پشت سے طرف ہر پاک رحم اور بطن کے۔ اور صلواۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نُوْرُہُ اسْتَعْلٰی مِنْ وَّجْہِ اَبِیْنَا اٰدَمَ اِلٰی وَجْہِ

سیدنا محمد پر کہ جن کا نور اقدس بلند ہوا ہمارے باپ آدم علیہ السلام کے چہرہ سے ہماری امی

اُمِّنَا حَوَّآءَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ انْتَقَلَ نُوْرُہٗ اِلَی الْقَنَوَاتِ

حواء کے چہرہ انور کی طرف۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ منتقل ہوا ان کا نور پاکیزہ اصلاب والی کاریزوں اور نالیوں

الطَّاھِرَۃِ وَالْاَرْحَامِ الزَّکِیَّۃِ الْفَاخِرَۃِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

کی طرف اور قابل فخر پاکیزہ رحموں کی طرف۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا

لَمْ یَزَلْ نُوْرُہٗ یَظْھَرُ فِیْ وُجُوْہِ اٰبَآئِہِ الْاَمَاجِدِ وَیَنْتَقِلُ مِنْ وَّاحِدٍ

نور انور ہمیشہ نمایاں اور ظہور پذیر ہوتا رہا ان کے بزرگ آباء کے چہروں میں اور ان میں یکے بعد دیگرے

مِّنْھُمْ اِلٰی وَاحِدٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمْ یَزَلْ نُوْرُہٗ

ایک سے دوسرے کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ ہمیشہ جن کا نور اقدس

یَنْتَقِلُ بِاَمْرِ اللّٰہِ اِلٰی اَنِ اسْتَقَرَّ بِوَجْہِ اَبِیْہِ عَبْدِ اللّٰہِ وَصَلِّ عَلٰی

منتقل ہوتا رہا اللہ تعالیٰ کے امر سے حتیٰ کہ قرار پذیر ہو گیا آپکے والد گرامی حضرت عبداللہ کے چہرہ میں۔ رضی اللہ عنہ۔ اور صلواۃ بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا اسْتَقَرَّ نُوْرُہٗ فِیْ وَجْہِ اَبِیْہِ قَابَلَتْہُ

سیدنا محمد پر کہ جب قرار پذیر ہوا ان کا نور اقدس ان کے والد گرامی کے چہرہ میں تو سامنے آ کھڑے ہوئے ان کے

الْمَلٰٓئِکَۃُ بِالتَّرْحِیْبِ وَالتَّنْزِیْہِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

ملائکہ مرحبا و خوش آمدید کہتے ہوئے اور پاکیزگی بیان کرتے ہوئے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

اَبْرَزَہُ اللّٰہُ مِنْ ظَھْرِ اَبِیْہِ لِلْوُجُوْدِ وَھُوَ سَیِّدُ اَھْلِ الْکَرَمِ وَالْجُوْدِ وَ

اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا ان کے والد گرامی کی پشت سے عالم وجود کے لیے درآنحالیکہ وہ سردار ہیں اہل کرم اور ارباب جود کے اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَبْرَزَہُ اللّٰہُ مِنْ ظَھْرِ اَبِیْہِ لِلْوَرٰی خَیْرُ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمایا ان کے والد گرامی کی پشت مبارک سے تمام مخلوق کیلئے جو کہ تمام تر بندگان خداوند تعالےٰ

الْعِبَادِ طُرًّا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَادَ بِہٖ عَبْدُ اللّٰہِ وَسَمَا

سے بہتر و برتر ہیں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت حضرت عبداللہ سردار بن گئے اور سربلند ہو گئے

وَافْتَخَرَ بِہِ الْاَرْضُ بِظُھُوْرِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَصَلِّ

اور زمین نے فخر و مباہات کا اظہار کیا آپ کی وجہ سے آپ کے ظہور پر صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَنَاھَا لِاَبِیْہِ الشَّرَفُ الْاَصِیْلُ وَالْمَجْدُ

سیدنا محمد پر کہ انتہاء کو پہنچ گیا ان کے والد گرامی کے لیے شرف و فضل راسخ اور بزرگی

الْاَثِیْلُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَصْبَحَتْ قُرَیْشٌ فِیْ نَادِیْ

پائیدار۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت ہو گئے قریش ان کی والدہ ماجدہ

اُمِّہٖ اٰمِنَۃَ لَمَّا وَضَعَتْہُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اسْتَنَارَ بِہٖ

آمنہ کی محفل میں امن پانے والے جبکہ انہوں نے آپ کو جنم دیا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت چمکا

بَدْرُ النُّبُوَّةِ وَاكْتَمَلَ وَبَلَغَتْ بِهٖ اُمُّهٗ غَايَةَ الْقَصْدِ وَالْاَمَلِ وَصَلِّ

اور روشن ہوا نبوت کا ماہِ تمام اور کمال پذیر ہوا ۔ اور پہنچیں ان کی بدولت ان کی والدہ ماجدہ اپنے منتہائے مقصود اور غایت انتہائے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ هُوَ نَجْمُ سِيَادَةِ الْاَقْصٰى وَاسْتَنَارَ فِیْ اٰفَاقِ

آرزو تک۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ سیادت کے انتہائی بلند ستارے ہیں اور چمکے ہیں

الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَمَّ بِهٖ لِاَبَوَيْهِ

زمین اور آسمان کے آفاق میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی بدولت تام اور مکمل ہوئی ان کے والدین کیلئے

كُلُّ فَخْرٍ وَّمَجَادَةٍ بِطُلُوْعِ نَجْمِ السَّعَادَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ہر فضیلت اور بزرگی بسبب طلوع ہونے اس انجم سعادت کے ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

نِ الَّذِیْ اسْتَنَارَتْ بِنُوْرِهِ النَّيِّرَاتُ وَمَا حَوَتْهُ اَقْطَارُ السَّمٰوٰتِ وَ

کہ روشن ہوئے ان کے نور کے طفیل روشن اجرام علویہ اور جس جس چیز کو محیط ہیں آسمانوں کے اقطار واطراف اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَزَيَّنَتْ بِظُهُوْرِهِ الدُّنْيَا وَحَلَّ مِنَ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کے ظہور کے صدقے میں مزین اور آراستہ ہوگئی دنیا اور وہ قیام پذیر ہوئے مجد

الشَّرَفِ اَعْلٰى مَرْتَبَةً عُلْيَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخَاطَبِ

شرف کے بلند مرتبت مقام پر ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ مخاطب ہیں اللہ عزوجل

بِقَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ تَشْرِيْفًا لِّنَبِيِّهٖ وَتَكْرِيْمًا لَّهٗ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ

کے اس قول سے جو کہ اس نبی مکرم کے شرف اور اکرام کو ظاہر کرنے کے لیے ہے" اور تھا فضل اللہ تعالے کا

عَلَيْكَ عَظِيْمًا وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَ

آپ پر عظیم " اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل اس اسم مبارک کے جس کے ساتھ آغاز کیا عالم امر اور

الْخَلْقِ بُسْرًا لِّلتَّجَلِّی الْمُظْهِرِ لِظُهُوْرِ النُّوْرِ وَنُوْرِ الظُّهُوْرِ لِسَبَبِ

خلق وایجاد کا واسطے جلد ظاہر اور غالب کرنے تجلیٔ حق کے جو مظہر ہے نور کے ظہور کے لیے اور ظہور کے نور کیلئے بسبب

التَّنْزِيْلِ وَالْمُتَعَالِ اَمْرًا وَّوُجُوْدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تنزیل کے اور بلند مرتبت ہے ازروئے امر کے اور وجود کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَآءَ لِاُمِّهٖ اٰدَمُ فِی الْمَنَامِ وَهَنَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمدؐ پر کہ تشریف لائے جن کی والدہ ماجدہ کے پاس حضرت آدم خواب میں اور انہیں مبارک باد دی۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَلَّمَ عَلٰى اُمِّهِ الْكَلِيْمُ فِی الْمَنَامِ وَحَيَّاهَا وَصَلِّ عَلٰى

محمدؐ پر کہ سلام دیا جن کی والدہ ماجدہ کو حضرت موسیٰ کلیم نے خواب میں اور انہیں ہدیۂ تبریک پیش کیا اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قِيْلَ لِاُمِّهٖ حِيْنَ كَمَّلَ اللّٰهُ حَمْلَهَا وَاَتَمَّهٗ

سیدنا محمدؐ پر کہ کہا گیا جن کی والدہ ماجدہ سے جبکہ مکمل فرمادیا اللہ نے ان کے حمل (کی مدت) کو اور کامل کیا بطن اقدس والے بچے

حَمَلْتِ بِنَبِيٍّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْهَادِیْ بِطُرُقِ الْبَيَانِ

کو کہ تو حاملہ ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کے نبی مکرم کے ساتھ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر جو کہ ہدایت فرمانے والے ہیں اظہار وبیان کے طریقوں کی

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ حَضَرَتْ لِمَوْلِدِهٖ اٰسِيَةُ بِنْتُ

طرف۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کی ولادت با سعادت کے وقت حاضر ہوئیں آسیہ بنت

مُزَاحِمٍ وَّمَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

مزاحم۔ اور مریم بنت عمران ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں

طَافَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ جَمِيْعَ الْاَقْطَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

طواف کرایا (ان کا دیدار کرانے کے لیے) ملائکہ نے تمام اطراف واکناف جہان میں۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا

عَرَّفَتْ بِهِ الْمَلٰٓئِكَةُ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْبِحَارِ وَصَلِّ عَلٰى

تعارف اور پہچان کرائی ملائکہ نے آسمانوں۔ زمینوں اور سمندروں پر (رہنے والوں کو) اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ رَدَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ لِاُمِّهٖ فِیْ اَسْرَعَ مِنْ طَرْفَةِ

سیدنا محمدؐ پر کہ جنہیں واپس کیا ملائکہ نے (طواف کرانے کے بعد) ان کی والدہ ماجدہ کی طرف آنکھ جھپکنے سے بھی

الْعَيْنِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَادَ فِی الْمَهْدِ عَلَى الْغِلْمَانِ

جلدی اور پہلے اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر جو کہ سیادت اور فوقیت پاگئے (گود کے زمانہ) میں تمام بچوں پر

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ حَضَرَتْ لِاُمِّهٖ عِنْدَ وَضْعِهٖ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر کہ حاضر ہوئی ان کی والدہ ماجدہ کے پاس ان کے وقت وضع میں

جَمَاعَةٌ مِّنَ الْحُوْرِ الْحِسَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

ایک جماعت حسین و جمیل حوروں کی ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ

كَمُلَ مِنَ السُّعُوْدِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَشَرَّفَ بِهٖ

کامل و مکمل ہوئے سعادتوں اور نیک بختیوں (کے عناصر وارکان) سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت شرف و فضل پایا

الْاٰبَآءُ وَالْجُدُوْدُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَادَتْهُ الْكَآئِنَاتُ

آپ کے آباء و اجداد نے ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں پکار کر کہا ساری کائنات نے

شَرْقًا وَّغَرْبًا مَّرْحَبًا وَّصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ طَيِّبَ

شرق سے غرب تک "مرحبا خوش آمدید" اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ پاکیزہ

الْاَرْدَانِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ يَشِبُّ شَبَابًا لَّا

آستینوں والے تھے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو پروان چڑھتے تھے اس انداز میں کہ کوئی مناسبت

يَشْبَهُ الْغِلْمَانَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ اَوْرَعِ مَنْ شَمَّرَ الدِّيْنَ

نہیں تھی دوسرے بچوں کے ساتھ ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو انتہائی پرہیزگار ہیں ان تمام حضرات سے جنہوں نے دین خداوندی کی

وَاَعْلَنَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ يَشِبُّ فِی الْيَوْمِ

تشہیر کی اور اس کا اعلان کیا۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو بڑھتے تھے ایک دن میں مانند

شَبَابَ الصَّبِیِّ فِی الشَّهْرِ وَيَشِبُّ فِی الشَّهْرِ شَبَابَ الصَّبِیِّ فِی السَّنَةِ

بڑھنے دوسرے بچوں کے ایک مہینہ میں اور بڑھتے تھے ایک مہینہ میں مانند بڑھنے دوسرے بچوں کے ایک سال میں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ لَهُ الشَّاْنُ الْجَسِيْمُ وَالنَّبَاُ

اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی شان اور عظمت بہت وسیع و عریض تھی اور جن کی خبر

الْعَظِيْمُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ خُلِعَتْ عَلَيْهِ مَلَابِسُ

عظیم تھی ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کو پہنائی گئیں خلعتیں

الْاِجْلَالِ وَالتَّعْظِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَتِ

اجلال اور تعظیم کیں ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں آسمانی ستارے

الْكَوَاكِبُ تُؤْنِسُهٗ فِی الظَّلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ

انس مہیا کرتے تھے تاریکیوں میں ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

عَيْنُ اللّٰهِ تَحْرُسُهٗ فِی الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت جن کی حفاظت و نگہداشت کرتی تھی بیداری میں اور نیند میں ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

كَانَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ تَقِفُ صُفُوْفًا تَنْظُرُ فِیْ نُوْرِهٖ وَهُوَ فِیْ ظَهْرِ اٰدَمَ مِنْ قَبْلِ

تھے ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوتے در آنحالیکہ وہ دیکھ رہے ہوتے تھے آپ کے نور کو جبکہ آپ حضرت آدم علیہ السلام کی پشت میں تھے قبل اس

اَنْ تُخْلَقَ الْعَوَالِمُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَنْشَاَهُ اللّٰهُ فِیْ اَشْرَفِ

کے کہ پیدا کئے جاتے سارے جہان ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا شرف اور بزرگی میں بلند تر

بِلَادِهٖ مِنْ عِبَادِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمَّا حَمَلَتْ بِهٖ

شہر میں اپنے (بزرگی والے) بندوں سے۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جب حاملہ ہوئیں ساتھ ان کے

اُمُّهٗ نَطَقَتْ كُلُّ دَآبَّةٍ لِّقُرَيْشٍ بِالْبَيْتِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

ان کی والدہ ماجدہ تو کلام کیا قریش کے ہر جانور نے بیت حرام اور حرم مکہ میں ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ

نِ الَّذِیْ غَرَّسَهُ اللّٰهُ مِنْ اَطْيَبِ الْمَنَاصِبِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

جن کے سرونازکو اگایا اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ ترین محل و مکان میں ۔ اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

نِ الَّذِیْ انْتَخَبَهُ اللّٰهُ مِنْ ظُهُوْرِ النُّجَبَآءِ وَبُطُوْنِ النَّجَآئِبِ وَصَلِّ عَلٰى

کہ جنہیں منتخب فرمایا اللہ تعالیٰ نے عمدہ لوگوں کی پشتوں سے اور شرافت مآب عورتوں کے بطون سے۔ اور صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْغَيَاهِبُ وَالْحَنَادِسُ وَصَلِّ

سیدنا محمد پر کہ جن کے ظہور سے جگمگا اُٹھے ظلمات اور تاریکیاں۔ اور صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَسَاقَطَتْ بِبِعْثَتِهِ الْاَصْنَامُ مِنْ اَعْلَى

سیدنا محمد پر کہ گر پڑے جن کی بعثت سے اصنام و اوثان اپنے بلند

الْمَجَالِسِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ بِظُهُوْرِهِ الْاَرْضُ

مقامات سے (منہ کے بل) اور صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ روشن ہوگئی جن کے ظہور کی بدولت زمین

وَتَرْهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ تَهَدَّمَتْ بِبِعْثَتِهٖ صَوَامِعُ

(اوپر سے بھی) اور اس کا نچلا پانی میں ڈوبا ہوا طبقہ بھی اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ منہدم ہو گئیں جن کی بعثت سے عبادت گاہیں

الْكُهَّانِ وَزَالَ بِنَاءُهَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَخَذَ اللّٰهُ عَلٰى

کاہنوں کی اور نیست و نابود ہو گئیں بنیادیں ان کی۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ لیے اللہ تعالیٰ نے

اٰدَمَ الْمَوَاثِيْقَ وَالْعُهُوْدَ اَنْ لَّا يَدَعَ نُوْرَهٗ اِلَّا فِيْ اَهْلِ الْكَرَمِ وَ

حضرت آدم علیہ السلام سے عہد و پیمان کہ نہ ودیعت کریں ان کے نور کو مگر اہل کرم اور

الْجُوْدِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ لَمْ يَزَلْ نُوْرُهٗ يَنْتَقِلُ

ارباب جود میں۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کا نور اقدس ہمیشہ منتقل ہوتا رہا

مِنْ ظُهُوْرِ الْاَخْيَارِ اِلٰى بُطُوْنِ الْخَيِّرَاتِ وَالْاَحْرَارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پاکیزہ سیرت لوگوں کی پشتوں سے پاکیزہ سیرت اور شریف عورتوں کے ارحام کی طرف اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَوْصَلَ نُوْرَهٗ يَدُ الشَّرَفِ وَالْمَكَارِمِ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ وَ

محمد پر کہ جن کے نور انور کو پہنچایا شرافتوں اور بزرگیوں کے ہاتھ نے حضرت عبداللہ تک اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اُلْبِسَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ ثَوْبَ الْبَهَآءِ

صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن کی بدولت حضرت عبداللہ کو پہنایا گیا حسن و خوبی کا

وَالْمَلَاحَةِ فَنَطَقَ بِالْبَيَانِ وَالْفَصَاحَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

لباس۔ پس انہوں نے کلام کیا واضح اور فصیح (زبان) کے ساتھ۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر

الَّذِيْ نُوْدِيَ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْهِ اَدِّ مَا حَمَلْتَ مِنَ الْوَدِيْعَةِ اِلَى اَحْشَآءِ

کہ حضرت عبداللہ کو ندا دی گئی ان کے متعلق کہ پہنچا دیجئے وہ امانت جو تم نے اٹھا رکھی ہے طرف بلند مرتبت

اٰمِنَةَ الْمَنِيْعَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اُلْقِيَ فِيْ طِيْنَتِهٖ

آمنہ کی انتڑیوں (اور رحم) کے۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ ڈالا گیا ان کی طینت اور خمیر ارضی میں

النُّوْرُ الَّذِيْ سَبَقَ فَخْرُهٗ وَتَقَادَمَ وَصْفُهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

وہ نور جس کی شان فخر و ناز گزر چکی اور پہلے بیان ہو چکا ہے وصف اس کا۔ اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ اُوْدِعَتْ طِيْنَتُهٗ فِيْ ظَهْرِ اَبِيْهِ اٰدَمَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد پر کہ ودیعت کی گئی ان کی طینت ان کے والد گرامی حضرت آدم علیہ السلام کی پشت اقدس میں اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ رَاٰى خُرُوْجَ النُّوْرِ مِنْ اُمِّهٖ حَتّٰى اَضَآءَ لَهَا قُصُوْرَ

محمد پر کہ جنہوں نے دیکھا نور کا برآمد ہونا ان کی والدہ ماجدہ سے حتیٰ کہ روشن کر دیئے اس نور نے ان کیلئے

الشَّامِ وَرَاٰى بَيْنَ عَيْنَيْ اِسْرَافِيْلَ كُلَّ شَيْءٍ اُنْزِلَ عَلَيْهِ قَبْلَ

شام کے محلات اور مشاہدہ فرمایا آپ نے حضرت اسرافیل کی لوح جبین پر ہر اس شئی کو جو نازل کی گئی آپ پر بعد میں

التَّنْزِيْلِ وَزَارَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

قبل اس کے نازل کئے جانے کے اور زیارت کی ان کی ملائکہ نے ان کی ولادت باسعادت کے وقت اور صلوٰۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدِ الَّذِيْ جَآءَتِ الْوُحُوْشُ وَالطُّيُوْرُ لِبَابِهٖ مُنْقَادَةً وَصَلِّ عَلٰى

محمد پر کہ حاضر ہوئے جنگلی جانور اور پرندے ان کے در اقدس پر تابعدار بن کر۔ اور صلوٰۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ نَزَلَتِ النُّجُوْمُ عِنْدَ وِلَادَتِهٖ عَلَى السُّقُوْفِ وَ

سیدنا محمد پر کہ اترے ستارے ان کے وقت ولادت میں مکانوں کی چھتوں پر (ان کے دیدار کے لیے) اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ رَفَعَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ تَدُوْرُ بِهٖ عَلَى الْخَلَآئِقِ

صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہیں اٹھا لیا ملائکہ نے درآنحالیکہ آپ کو پھراتے تھے مخلوقات پر اور

وَتَطُوْفُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ كَانَ اَوْفَى النَّاسِ بِالْعَهْدِ

طواف کراتے تھے (دیدار کرانے کے لیے) اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو سب سے زیادہ پورا کرنے والے تھے عہد کے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ صَامَ رَمَضَانَ فِي الْمَهْدِ وَصَلِّ

اور صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جنہوں نے رمضان المبارک کے روزے رکھے عالم مہد میں۔ اور صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَلِيْسِ الْاَسْلَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ نرم خو اور تابعدار اسلاف والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ ابن عبداللہ بن عبدالمطلب

ابْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

بن ہاشم بن عبد مناف ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر جو آقا کہ لخت جگر ہیں قصی بن کلاب بن مرہ کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ فرزند ارجمند ہیں کعب بن لوی بن غالب کے ۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ نَضْرٍ

صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ نور نظر ہیں فہر بن مالک بن نضر کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ

اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ فرزند دلبند ہیں کنانہ بن

خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ

خزیمہ بن مدرکہ کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جو لخت جگر ہیں الیاس بن

مُضَرَ بْنِ نِزَارٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مضر بن نزار کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ بْنِ اُوَدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جو بیٹے ہیں معد بن عدنان بن اود کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ اُوَدِ بْنِ هَمِيْعِ بْنِ سَلَامَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کی آل امجاد پر جو کہ قابل فخر پسر ہیں اود بن ہمیع بن سلامان کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ حَمْلِ بْنِ قَيْذَارٍ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ لختِ جگر ہیں ثابت بن حمل بن قیذار کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ

اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ نور نظر ہیں حضرت اسماعیل

ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اٰزَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

بن ابراہیم بن آذر کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ بْنِ نَاخُوْرَ بْنِ شَارُوْخَ بْنِ اَرْغُوَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آل پر جو کہ نور چشم ہیں ناخور بن شاروخ بن ارغو کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ فَالِغِ بْنِ غَابِرِ بْنِ اَرْفَخْشَدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ قرۃ العین ہیں فالغ بن غابر بن ارفخشد کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ سَامِ بْنِ نُوْحِ بْنِ لَامِكَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ راحت جان ہیں سام بن نوح بن لامک کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ مُتَوَشْلَحَ

اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سرور قلب ہیں متوشلح

ابْنِ اَخْنُوْحَ بْنِ بِيَارَدَ بْنِ مَهْلَاۤئِيْلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بن اخنوخ بن بیارد بن مہلائیل کے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ قَيْنَانَ بْنِ اَنُوْشَ بْنِ شِيْثِ بْنِ اٰدَمَ

اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ ولد عزیز ہیں قینان بن انوش بن شیث بن آدم کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاۤءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اللہ تعالیٰ درود و صلواۃ بھیجے ہمارے نبی و آقا محمد پر اور آپکے آباء و اجداد میں سے جتنے انبیاء و مرسلین ہیں

مِنْهُمْ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

ان پر صلواۃ بھیجے اور سلام ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِ مَنْ اَيَّدَهُ اللّٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مِنْ عِنْدِهٖ

محمد کی آل پر جو محبوب کہ مخاطب ہیں اس قول کے جن کی تائید فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے ساتھ روح القدس کے

اِنَّاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ كَمَاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ صَلَّى

بے شک ہم نے وحی نازل کی ہے طرف تمہارے جیسے کہ وحی نازل کی ہم نے طرف (حضرت) نوح کے اور ان کے بعد والے انبیاء کے صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ فِیْ اِبْتِدَآئِیْ وَانْتِھَآئِیْ وَ

اللہ علیہ و علیہم وسلم ۔ اے اللہ بے شک میں توسل کرتا ہوں تیری طرف اپنی ابتداء اور اپنی انتہاء میں اور

لَآ اُظْھِرُ لِغَیْرِکَ رَجَآئِیْ یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ وَالسَّرَآئِرِ وَیَا جَامِعَ الشَّتَّاتِ

میں نہیں ظاہر کرتا تیرے غیر پر اپنی امید و رجاء کو اے جاننے والے مخفی امور اور اسرار کے اور اے جمع کرنیوالے مختلف و متفرق امور کے

فِی الْبَصَآئِرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ھُوَ رَافِعٌ لِّلْاِنْسَانِ رَفِیْعُ

عقول و اذہان میں ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ انسانوں کو رفعت بخشنے والے ہیں (اور) خود بلند مرتبت

الشَّانِ بَدِیْعُ الْبُرْھَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخَاطَبِ بِقَوْلِ

ہیں اور انوکھے برہان والے ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ جن سے خطاب کیا گیا

اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْ اُوْحِیَ اِلَیْکَ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ

اللہ علی عظیم کے اس قول کے ساتھ (پس تم تمسک کرو اور چنگل مارو ساتھ اس کے جو وحی کیا گیا ہے تمہاری طرف بیشک تم صراط

مُّسْتَقِیْمٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَا کَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی

مستقیم پر ہو ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر کہ نہیں جھٹلایا ان کے دل نے جو دیکھا ان کی آنکھوں نے

وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی اَعْطِنِیْ لَذَّۃَ النَّظْرِ اِلٰی

اور نہیں کلام کرتے ایسی جو سرزد ہو خواہش نفس سے نہیں ہے وہ (کلام) مگر وحی جو ان کی طرف نازل کی گئی ۔ عطا کر مجھے اپنے چہرۂ اقدس

وَجْھِکَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَآئِکَ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ یَّزِیْدُ وَیُضَاعِفُ بِمَحْضِ

کی طرف نظر کی لذت اور اپنی ملاقات و دیدار کا شوق جو ہر لحۂ و ہر لحظہ بڑھنے اور کئی گنا زائد ہونے والا ہو محض اپنے

فَضْلِکَ وَاِحْسَانِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاَسْنٰی

فضل اور احسان سے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ بہت نورانی اور روشن نبی ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ سِرِّ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ

اے اللہ صلواۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ تیرے اسماء حسنیٰ کا سر نہاں ہیں ۔ اے اللہ بطفیل اپنے اسم اعظم

الْاَعْظَمِ وَبِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِکَ الْکُبْرٰی وَکُتُبِکَ الْعُظْمٰی

کے اور اپنے اسماء حسنیٰ کے اور اپنی تمام عظیم صفات کے اور اپنی تمام عظیم کتابوں کے

وَصُحُفِکَ الْعُلْیَا وَنُعُوْتِ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی اِجْعَلْ ھٰذِہِ الصَّلَوٰتِ

اور بلند مرتبت صحیفوں کے اور بطفیل اپنے نبی مصطفےٰ کی نعوت و صفات کے بنا ان صلوات کو

مُفَرِّحَاتٍ لِّقُلُوْبِنَا مَانِعَاتٍ لِّمُھْلِکَاتِنَا بَاعِثَاتٍ لِّمُنْجِیَاتِنَا مَاحِیَاتٍ

موجب فرحت و سرور کا واسطے ہمارے قلوب کے اور مانع ہماری ہلاکتوں کے اسباب کا اور باعث و محرک ہماری نجات کے عوامل کا

لِّذُنُوْبِنَا مُکَفِّرَاتٍ لِّسَیِّئَاتِنَا سَاتِرَاتٍ لِّعُیُوْبِنَا مُضَاعِفَاتٍ لِّحَسَنَاتِنَا نَاصِرَاتٍ

مٹانے والیاں ہمارے گناہوں کو کفارہ بننے والیاں ہمارے سیئات کیلئے چھپانے والیں ہمارے عیوب کو ۔ دوگنا کرنے والیں ہماری نیکیوں کو، نصرت دینے

عَلٰٓی اَعْدَآئِنَا وَفَاتِحَاتٍ لِّمُھِمَّاتِنَا فِی الدَّارَیْنِ وَمُبَرِّعَاتٍ لِّقُبُوْرِنَا

والیاں ہمیں ہمارے اعداء پر اور حل کرنے والیں ہماری مہمات و مشکلات کو دارین میں ۔ اور روشن کرنے والیں ہماری قبروں کو

وَقَآئِدَاتٍ اِلٰی جِنَانِنَا وَلِقَآئِکَ رَافِعَاتٍ لِّدَرَجَاتِنَا بِغَیْرِ حِسَابٍ

اور رہبر ہماری طرف ہماری جنات کے اور تیری لقاء و دیدار کے ۔ بلند کرنیوالیں ہمارے درجات کو بغیر کسی حساب

وَّعَذَابٍ وَّعِتَابٍ بِمَغْفِرَتِکَ وَرَاْفَتِکَ وَفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ وَ

اور عذاب و عتاب کے صدقے میں تیری مغفرت و رافت اور فضل و احسان اور کرم و

رِضْوَانِکَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۚ

رضا مندی کے، تو ہی کافی ہے مجھے اور اچھا کارساز ہے، اچھا متولی و سرپرست اور بہترین مدد گار ہے

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ۚ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

تیری مغفرت طلب کرتے ہیں اے رب ہمارے اور طرف تیری ہی بازگشت اور رجوع ہے اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّدَدِ السُّوْدِ وَسِرِّ الْوُجُوْدِ عَبْدِ اللّٰہِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ سراپا مدد و اعانت ہیں سرداروں کے لیے اور سر وجود ہیں، اللہ تعالیٰ کے

الْاَمِیْنِ وَحِرْزِ اللّٰہِ الْمَتِیْنِ التَّقِیِّ الْمُرَاقِبِ وَالْکَلِیْمِ الْمُخَاطَبِ

معتمد علیہ عبد ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مضبوط و مستحکم پناہ ہیں ۔ سراپا تقویٰ ہیں اور نگہبان اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے والے اور اسکے

وَالْھَدِیَّۃِ الْمُھْدَاۃِ وَالسَّابِقِ لِلْخَیْرَاتِ وَالْبُرْھَانِ السَّاطِعِ وَالدَّلِیْلِ

مخاطب ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیا ہوا ہدیہ ۔ نیکیوں کی طرف سبقت لے جانے والے اور سراپا غالب برہان اور قطعی دلیل،

الْفَاطِعِ وَالْبَرَكَةِ الشَّامِلَةِ وَالْبَيِّنَةِ الْعَادِلَةِ الْاَوَّلِ فِي الْخَلْقِ وَالْاٰخِرِ

ایسی برکت جو سب کو محیط ہے اور ایسی شہادت جو سراسر عدالت ہے، جو اوّل ہیں تخلیق و ایجاد میں اور آخر ہیں

فِي الْبَعْثِ بِالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

حق کے ساتھ مبعوث ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَمَرِ الدِّيَاجِي وَالشَّهِيْدِ النَّاجِي وَ رَسُوْلِ الرَّأْفَةِ وَ قَثَمِ

کی آل پر جو آقا کہ شبہائے تاریک کے لیے روشن چاند ہیں اور نجات پانیوالے شہید اور احوال اُمت پر مطلع گواہ اور رسول رافت،

التُّحْفَةِ الْمَاحِي شُبَهِ الضَّلَالَةِ وَالصَّادِقِ الْمَقَالَةِ فَاتِحِ سُبُلِ

بہت سخی، اللہ تعالیٰ کا تحفہ و ہدیہ، ضلالت کے شبہات کو مٹانے والے۔ سچی کلام اور گفتگو والے۔ آغاز کرنے والے

الْهُدٰى وَخَاتِمِ سُنَنِ الْاِقْتِدَاءِ وَالْاِهْتِدَاءِ رُوْحِ الْعَوَالِمِ وَخُلَاصَةِ

ہدایت کی راہوں کا۔ اور تکمیل کرنیوالے ہیں قابل اقتداء و اہتداء سنن کی، جو تمام جہانوں کیلئے روح کی مانند ہیں اور جوہر و خلاصہ ہیں

طِيْنَةِ اٰدَمَ مِفْتَاحِ خَزَآئِنِ الْحِكْمَةِ وَسِرِّ خَصَآئِصِ الرَّحْمَةِ وَالْبَرَكَةِ

حضرت آدم علیہ السلام کی طینت و خمیر کا۔ حکمت کے خزائن کی چابی ہیں اور رحمت و برکت کے خصائص کا سرِّ نہاں ہیں

اَلدُّرَّةِ الْفَاخِرَةِ وَطِيْبِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بَابِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ وَصِرَاطِهِ

قابل فخر درۂ یکتا۔ دنیا و آخرت کی پاکیزگی اور خوشبو۔ اللہ تعالیٰ کے حریم ناز کے عظیم دروازے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کا بہت سیدھا

الْاَقْوَمِ ذَخِيْرَةِ الْاَنَامِ وَكَهْفِ الْاَرَامِلِ وَالْاَيْتَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

راستہ مخلوق کے لیے (انعامات خداوندی کا) ذخیرہ اور بیوگان و یتامیٰ کی جائے پناہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَكَمِ الْعَادِلِ وَالْمُفْرِقِ

بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو کہ عادل حاکم ہیں اور تفریق کرنے والے ہیں

بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالنَّجِيِّ الْفَآئِزِ وَالْعَفْوِ الْمُتَجَاوِزِ مُبِيْدِ الْعِدٰى وَ

درمیان حق و باطل کے اور کامیاب ہمراز اور ہمکلام ہیں اور سراپا عفو اور درگزر ہیں، دشمنوں کو ہلاک کرنے والے اور

رَاْسِ التُّقٰى وَالْعُلٰى غَايَةِ الْقُصْوٰى وَعَلَمِهِ شَدِيْدِ الْقُوٰى اَكْرَمِ بَنِيْ

عالی مرتبت لوگوں اور متقیوں کے سردار ہیں۔ بلندیٔ مراتب کی آخری حد ہیں اور ان کو تعلیم دی ہے شدید قوتوں والے نے، تمام نوع انسانی

اٰدَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رُّكْنِ الْمُتَوَاضِعِيْنَ اَللّٰهُمَّ

سے بزرگتر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر جو کہ تواضع اور انکساری کرنے والوں کے سرو سامان عزت اور قوت ہیں اے اللہ

اجْعَلْنِيْ هَيِّمًا اِلَى الْمُشَاهَدَاتِ النَّفْسِيَّةِ عَرْضًا فَعَرْضًا فَاجْعَلْنِيْ

بنا دے مجھے بہت زیادہ مشتاق اور محب مشاہدات نفسیہ کا جو یکے بعد دیگرے پیش آنے والے ہوں پس بنا دے مجھے

بَطْنًا مِّنَ الْمُسْتَوْدَعَاتِ الَّتِيْ اَوْدَعْتَهَا فِيْهَا ثُمَّ اجْعَلْهَا هَنِيْئًا مَّرِيْئًا وَّ

بطن اور ظرف ان ودیعتوں اور امانتوں کا جو تو نے ودیعت کی ہیں نفوس میں پھر بنا دے انہیں میرے لیے خوشگوار اور لذیذ اور

لَا تَجْعَلْنِيْ حَزِيْنًا عِنْدَ رُؤْيَتِهَا وَلَا تَجْعَلْهَا فَانِيَةً بَلِ اجْعَلْنِيْ مُنْتَفِعًا

نہ بنانا مجھے غمگین ان کے دیدار پر اور نہ ان مشاہدات کو فنا پذیر بنانا بلکہ بنانا مجھے نفع اندوز

وَّمُفَرِّحًا بِهَا وَذِيْ عِزٍّ وَّجَاهٍ عِنْدَ وُرُوْدِهَا وَحُصُوْلِهَا وَاَعْرِضْنِيْ عَنِ

اور شاداں و فرحاں ساتھ ان کے اور عزت و مرتبت والا ان کے ورود و حصول کے وقت اور مجھے ہٹا دے اور روگرداں کر دے

الْعَقَبَاتِ الْقَالَبِيَّةِ وَالنَّفْسِيَّةِ الَّتِيْ ظَهَرَتْ مِنَ الْاٰثَارِ الْحِسِّيَّةِ وَ

بدنی اور نفسانی عقبات اور دشوار گھاٹیوں سے جو ظاہر ہوئیں حسی اور ذہنی آثار

الذِّهْنِيَّةِ الْعَادِيَةِ الْفَارِقَةِ بَيْنَ الْحِسِّ وَالنَّفْسِ وَمِنَ الْعَقْلِيَّةِ

عادیہ سے جو فرق کرنے والے ہیں درمیان حس اور نفس کے اور عقلی

وَالْقَلْبِيَّةِ ثُمَّ السِّرِّيَّةِ الْقُدْسِيَّةِ الْفَارِقَةِ بَيْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَآءِ وَ

اور قلبی آثار سے پھر سرّی قدسی آثار سے جو فرق کرنے والے ہیں درمیان خوف و رجاء کے اور

السِّرِّ وَالْجَهْرِ وَالْفَنَآءِ وَالْبَقَآءِ وَالْقَبْضِ وَالْبَسْطِ وَالصَّحْوِ وَالسُّكْرِ وَ

اخفاء و جہر کے اور فناء و بقاء کے اور درمیان طبیعت کے انقباض اور انبساط کے اور درمیان ہوشیاری اور مدہوشی

الْكَوْنِ وَالْعَدَمِ وَالرُّوْحِيَّةِ فَسَلِّطْ عَلَيَّ اَثَرَهُ بَلْ اَسْرِعْنِيْ اِلَى

کے اور وجود و عدم کے اور روحی آثار کے پس مسلط فرما مجھ پر اس کے آثار کو بلکہ مجھے جلدی لے جا طرف

الْمَلَكُوْتِ ثُمَّ اِلَى الْجَبَرُوْتِ ثُمَّ اِلَى الْاِسْتِغْرَاقِ فِيْ قُدْسِكَ وَ

ملکوت اور عالم بالا کے۔ پھر طرف جبروت اور صفات جلال کے پھر طرف استغراق کے اپنی ذات مقدسہ میں اور

مُطَالَعَاتِ شُهُوْدِكَ وَطَهِّرْ قَلْبِيْ وَزَكِّ نَفْسِيْ ثَمَّهُ بِحَيْثُ تَلْتَذُّ

اپنے شہود و حضور کے مطالعات میں اور پاک فرما میرے دل کو اور منزہ فرما میرے نفس کو اس مقام پر اس طرح پر کہ لذت و حلاوت

اِلْتِذَاذًا وَّيَعُنُّ الْمَقَامُ لَهٗ عَنًّا وَّلَا يَعْفُنُ عَفَنًا فَيَضْمَحِلَّ وَتَخْلَخَلَ

محسوس کرے اس مقام میں اور وہ مقام خود اس کو پیش آئے اور اس پر فاسد و تباہ نہ ہو تاکہ سست اور ناکارہ ہو جائے اور اپنے مقام سے ہٹ

عِنْدَ الطَّلَعَاتِ الْجَلَالِيَّةِ وَسَخِّرْ لِيَ النُّفُوْسَ الْعَالِيَةَ الَّتِيْ اَبْدَأْتَهَا

جائے وقت رونما ہونے تجلیات جلالیہ کے اور مسخر فرما میرے لیے نفوس عالیہ کو کہ جنہیں تو نے پیدا فرمایا

اَنْ تَكُوْنَ حَائِلَةً حَاضِرَةً مُّتَحَمِّلَةً لِّتِلْكَ الطَّلَعَاتِ الْعَالِيَةِ لِئَلَّا

کہ ہوں حائل اور رکاوٹ حاضر و موجود (درمیان نفوس انسانیہ ناقصہ اور ان تجلیات کے) جو خود متحمل ہوں ان تجلیات عالیہ کے تاکہ

يَكُوْنَ شَخْصِيْ وَنَفْسِيْ عَتَبًا وَّلَا عَبَثًا وَّلَا مُبَدَّلًا مِّنْ صُوْرَةٍ

نہ ہو میرا شخص اور نہ میرا نفس محل عتاب اور نہ عبث و بے فائدہ اور نہ ہی تبدیل کیا ہوا ہو صورت

اِنْسَانِيَّةٍ وَّنَفْسٍ حَيَوَانِيَّةٍ اِلٰى صُوْرَةٍ اَدْوَنَ مِنْ ذٰلِكَ فَتَسْخَرُوَ

انسانی اور نفس حیوانی سے (بطور مسخ کے) طرف ایسی صورت کے جو اس سے کمتر اور حقیر ہو پس متسخر اور

تَسْتَهْزِئُ بِيَ الْعُلْوِيَّاتُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْجَوَادُ الْبَرُّ الرَّءُوْفُ

ستہزاء کریں ساتھ میرے عالم بالا کے مکین نفوس عالیہ۔ اے اللہ تو ہی بادشاہ ہے جو بہت جود و احسان اور رأفت

الرَّحِيْمُ وَقَدْ صَيَّرْتَ الْعَزَازِيْلَ مَلَكًا مُّعَلِّمًا مَّعَ الْقَدْرِ وَالْفَخَامَةِ

و رحمت والا ہے اور تحقیق بنایا تھا تو نے عزازیل کو فرشتہ جو تعلیم دیتا تھا بڑی قدر و منزلت اور عظمت کے ساتھ موصوف ہوتے

ثُمَّ اَسْرَرْتَ فِيْهِ طُغُوْمَاتِ النَّارِيَّةِ الْاَصْلِيَّةِ فَغَفَلَ عَنِ الْهَيْئَةِ

ہوئے پھر تو نے چھپا دیں اس میں حماقتیں اور کمینگیاں اس کے جوہر ناری کی ۔ پس وہ غافل ہو گیا اپنی گھٹیا اور

الْاُوْلَى الدَّنِيَّةِ الذَّمِيْمِيَّةِ فِي الْهَيْئَةِ الثَّانِيَةِ حَتّٰى طَغٰى فَجُرِّدَ مِنَ

مذموم ہیئت سے دوسری ہیئت ملکیہ میں منہمک ہو کر یہاں تک کہ اس نے سرکشی کی۔ پس وہ ملکی

اللِّبَاسِ وَالْمَقَامِ وَاسْتَحَقَّ اللَّعْنَ وَمِثْلُهُ الْهَارُوْتُ وَالْمَارُوْتُ

لباس سے برہنہ کر دیا گیا اور اس منصب معلمی سے الگ کر دیا گیا اور مستحق ٹھہرا لعنت کا اور اسی کی مانند ہیں ہاروت و ماروت

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَاعِلُ الْمُنَزَّهُ عَنْ كُلِّ الْاٰفَاتِ وَهِيَ مَخْلُوْقَةٌ وَّمُذَلَّلَةٌ

اے اللہ تو ہی مؤثر و موجد ہے جو منزہ و پاکیزہ ہے تمام آفات اور رکاوٹوں سے جبکہ وہ تیری ہی پیدا کردہ ہیں اور تیری قدرت کے

تَحْتَ قُدْرَتِكَ تُسَلِّطُهَا عَلٰى مَنْ اَرَدْتَّ بِهَا عَلٰى حَسَبِ اقْتِضَاءِ

نیچے مغلوب و مقہور ہیں تو مسلط فرماتا ہے انھیں جس پر ارادہ فرمائے ان کے مسلط کرنے کا اپنی الوہیت اور

اُلُوْهِيَّتِكَ وَحِكْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْقَوِيُّ الْوَاجِبُ وَاَنَا عَبْدُكَ

حکمت کاملہ کے تقاضوں کے مطابق ۔ اے اللہ تو ہی غنی اور قوی ہے اور اپنے آپ موجود ہے وجود ذاتی کے ساتھ اور میں تیرا

الْفَقِيْرُ الضَّعِيْفُ الْحَادِثُ وَالْاٰفَاتُ خَلَقْتَهَا قَوِيَّةً وَّضَعِيْفَةً

فقیر و محتاج اور ضعیف و ناتواں بندہ ہوں جو تیری ایجاد سے خلعت وجود پہنے ہوئے ہوں اور آفات کو پیدا کیا تو نے اس حال میں کہ بعض ان کی

بِالنِّسْبَةِ فَلَا اَسْتَطِيْعُ تَحَمُّلَهَا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰى اَنْ

قوی ہیں اور بعض بنسبت ان کے ضعیف پس میں نہیں طاقت رکھتا کسی کے بھی برداشت کرنے کی۔ اے اللہ تو ہی قادر ہے اس پر کہ

تَمْتَعِنِيْ مِنْ اٰفَةٍ مَّرْكُوْزَةٍ فِيْ غِذَآءٍ اَوْ شَرَابٍ اَوْ سَارِيَةٍ مَّعَ

مجھے دور رکھے اس آفت سے جو گڑی ہوئی ہے غذا میں یا مشروب میں یا سرایت کرنے والی ہے ساتھ

نَفْسٍ اِلٰى مِائَةٍ وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً حَتّٰى تَكْمُلَ مَعْرِفَتِيْ حَسْبَ

نفس کے روک رکھے اسے ایک سو بیس سال تک حتی کہ کامل ہو جائے میری معرفت میری طاقت کے

طَاقَتِيْ وَطَهِّرْ وَزَكِّ فِكْرِيْ عَنِ اللَّحْنِ وَلِسَانِيْ عَنِ الْخَطَآءِ فَاَلْقِ

مطابق اور پاکیزہ و منزہ فرما میرے فکر کو غلطی و فساد سے اور میری زبان کو خطا سے پس القاء فرما

فِيْهِ حَقًّا وَّاَخْرِجْ مِنْهُ حَقًّا اَنْتَ الْحَقُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اس میں حق کا اور اس سے ظاہر فرما حق کو تو ہی حق ہے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَبَبِ الْفَوْزِ وَالنَّجَا اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب گرسبب ہیں کامیابی اور نجات و فلاح کا۔ اے اللہ

رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ

جو میرا پروردگار ہے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس دن میں جو کچھ ہے اس کی خیر کا اور اس کے مابعد کی خیر کا اور میں پناہ طلب کرتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ

اس کے شر سے جو اس دن میں ہے اور اس کے بعد کے شر سے ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَ

کا دنیا وآخرت میں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے عفو و عافیت کا اپنے دین میں اور دنیا میں اور

فِیْٓ اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَاَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ

اپنے اہل اور مال میں ۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صحت کا بمع ایمان کے اور ایمان کا بمع حسن

خُلُقٍ وَّنَجَاةً یَّتْبَعُهَا فَلَاحٌ وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِیَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ

خلق کے اور نجات کا جس کے تابع ہو فلاح و کامیابی اور سوال کرتا ہوں تیری رحمت کا اور عافیت کا ۔ اور تیری مغفرت

وَرِضْوَانًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ورضا مندی کا ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدٍ عِمَادِ مَنْ اِلَیْهِ لَجَا وَالْتَجَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا

آل پر جو محبوب کہ سہارا ہیں ہر اس شخص کا جو ان کی پناہ پکڑے اور ان سے التجا کرے ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس خیر اور بھلائی کا جس

سَئَلَكَ بِهٖ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

کا سوال کیا تجھ سے تیرے نیک بندوں نے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الرِّسَالَةِ وَظَاهِرِ الدَّلَالَةِ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب کہ خاتم رسالت ہیں اور (جن کی نبوت کے دلائل) ظاہر ہیں ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تمام تر خیر اور بھلائی کا جو میں اس سے معلوم کر سکا ہوں اور جو میں نہیں معلوم کر سکا ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

اَمَنَةِ اَصْحَابِهٖ وَمَلَاذِ مَنْ لَّاذَ بِجَنَابِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

جو اپنے صحابہ کرام کے لیے امان ہیں اور جائے پناہ ہیں ہر اس شخص کی جو پناہ پکڑے ان کی بارگاہ میں ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

النَّعِیْمَ الْمُقِیْمَ الَّذِیْ لَا یَحُوْلُ وَلَا یَزُوْلُ وَاَسْئَلُكَ الْاَمْنَ یَوْمَ الْخَوْفِ

دائمی نعمتوں کا جو نہ تبدیل ہونے والی ہوں اور نہ زائل ہونے والی اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے امن کا خوف کے دن

وَاَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ

اور سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب موجبہ کا اور تیری مغفرت کے حتمی وسائل کا اور ہر

ذَنْبٍ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْۢبًا

گناہ سے تحفظ اور بچاؤ کا اور ہر نیکی سے غنیمت و منفعت کا اور ہر گناہ سے سلامتی کا نہ چھوڑ تو میرے لیے کوئی گناہ

اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا نَفَّسْتَهٗ وَلَا ضُرًّا اِلَّا

مگر یہ کہ اسے بخش دے ۔ اور نہ غم واندوہ مگر اس کو دور کر دے اور نہ کرب و کلفت مگر اس کو ہٹا دے ۔ اور نہ کوئی ضرر اور نقصان

كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

مگر اس کو دور کر دے ۔ اور نہ کوئی ایسی حاجت جو تجھے پسندیدہ ہے مگر یہ کہ تو اسے پورا فرما دے ۔ اے ارحم الراحمین ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

بِالرَّحْمَةِ الْعُلْیَا لِلْاَنَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

جو بلند مرتبت رحمت ہیں واسطے مخلوق کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمِنَّةِ الْعُظْمٰی عَلٰٓی اَهْلِ الْاِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی آل پر جو محبوب کریم عظیم احسان ہیں (اللہ تعالے کا) اہل اسلام پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثِمَالِ الْیَتَامٰی وَعُرْوَةِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ یتیموں کے فریادرس ہیں اور مضبوط سہارا ہیں

الْاَیَامٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

بے خاوند عورتوں کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ السَّابِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

آل پر جو محبوب کہ سب سے (پیدا کئے جانے والے) نور ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّاسِطَةِ الْخَلْقِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْخَالِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

محمد کی آل پر جو رسول معظم کہ وسیلہ ہیں مخلوق کے درمیان اور خالق جل وعلی کے درمیان۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُرَّةِ عَيْنِ جِبْرَآئِيْلَ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو رمحبوب) جبرئیل علیہ السلام کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ حبیب ہیں۔

اِسْرَافِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ

حضرت اسرافیل اور حضرت میکائیل کے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہدایت وتقویٰ کا۔ اور عفت

وَالْغِنٰى وَاَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِى الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ وَ

واستغناء کا۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ثابت قدمی کا تمام امور میں اور سوال کرتا ہوں محکم اور پائیدار رشد وہدایت کا اور

اَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

سوال کرتا ہوں تیری نعمتوں کے شکر کا اور تیری حسین عبادت (کی توفیق) کا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ

نیک کاموں کی انجام دہی کا اور برے کاموں کے ترک کا اور مساکین کی محبت کا۔ اور میرے لیے مغفرت

لِىْ وَتَرْحَمَنِىْ وَاِذَآ اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِىْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ ط

فرمانے اور رحم کرنے کا۔ اور جب تو ارادہ کرے کسی قوم کو فتنہ اور آزمائش میں ڈالنے کا تو مجھے وفات دے دینا درآنحالیکہ فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ

بچایا ہوا ہوں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ رسول ہیں

الْمَلِكِ الْخَلَّاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

پیدا کرنے والے بادشاہ کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

مُحَمَّدٍ الْمَبْعُوْثِ لِتَتْمِيْمِ مَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کی آل پر جن کو مبعوث فرمایا گیا اعلیٰ اخلاق کی تکمیل وتتمیم کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّفِيْعِ الْجَلَالَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ بلند بزرگی والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُتَحَمِّلِ لِاَعْبَآءِ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ اٹھانے والے ہیں رسالت کے بوجھ

الرِّسَالَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِى الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ

اور اثقال کو۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری خشیت اور خوف کا باطن اور ظاہر میں اور کلمۂ

الْاِخْلَاصِ فِى الرِّضَآءِ وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِى الْفَقْرِ وَالْغِنٰى

اخلاص کا حالت رضا اور غضب میں۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے میانہ روی کا۔ فقر اور غنا میں۔

وَاَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

اور سوال کرتا ہوں ایسی نعمتوں کا جو ختم نہ ہوں اور آنکھوں کی ٹھنڈک کا جو منقطع نہ ہو اور سوال کرتا ہوں تجھ سے تمام تر خیر اور

كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا

بھلائی کا جو جلدی میسر ہو یا دیر سے جو میں نے معلوم کر لی ہے یا میں نے نہیں معلوم کی اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے جنت کا اور

قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ قَضَيْتَهٗ

ایسے قول وعمل کا جو اس کے قریب کرے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ بنا دے ہر قضا کو جو صادر فرمائی ہے تو نے

لِىْ خَيْرًا وَّاَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِىْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا

میرے لیے خیر اور بہتر۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ جس امر کی تو نے میرے لیے قضا صادر فرمائی ہے اس کا انجام رشد و بھلائی بنا دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَسْئَلُكَ عِيْشَةً

اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر خیر اور بھلائی کا جس کے خزانے تیرے دست قدرت میں ہیں۔ اور سوال کرتا ہوں تجھ سے

نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَّلَا فَاضِحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

پاکیزہ گزران کا۔ اور موزوں ومناسب حالت موت کا۔ اور ایسے مرض کا جو مجھے رسوا کرنے والا۔ اور بے آبرو کرنے والا نہ ہو۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّآئِلِ الْمُجَابِ اَللّٰهُمَّ

سلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جن کی التجاء اور دعا مقبول ومستجاب ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَرِّ التَّوَّابِ اَللّٰھُمَّ

صلواۃ و سلام بھیج سیدنا محمد پر۔ اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو آقا محسن ہیں اور معذرتوں کے قبول کرنے والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَبْدِ الْمِسْکِیْنِ

صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو سید خلق کہ (تیری بارگاہِ صمدیت میں) عبد مسکین ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الزَّاجِرِ

اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو آقا کہ (معصیت سے) سختی کے ساتھ روکنے والے

الْمُتَطَوِّلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہیں اور (نیکو کاروں پر) احسان فرمانے والے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام بھیج سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل

مُحَمَّدِنِ الْوَاھِبِ الْمُتَفَضِّلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ مَآ اٰتِیْ وَخَیْرَ

پر جو آقا کہ عطیہ دینے اور فضل واحسان فرمانے والے ہیں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ان امور کی خیر کا جن کو کرتا ہوں۔ اور ان کی خیر

